داہنی کروٹ سے لیٹے اور منہ قبلہ کے جانب کرے اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ پڑھے اور اپنی داہنی ہتھیلی پر دم کر کے وہ ہتھیلی اپنے سر کے نیچے رکھے
اور سو جاوے جمعہ کی رات یا دوشنبہ یعنی پیر کی رات یہ ورد عمل میں لاوے۔ انشاء
اللہ تعالیٰ حضور کی ذات مستجمع کمالات سے مشرف ہووے۔

گویا کہ خدا کے نور موفور سے بھی منوری حاصل کرے صبح اُٹھ کر نہایت خوشی و

شادمانی سے دودھ چاول اور شکر چینی ڈال کر کھیر پکوا کر نیاز کرا دے نمازی
لوگوں اور بچوں کو کھلا دے۔

زیارتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور طریقہ

(۲) زیارت پُراز لطافت

جو محب حضور پُر نور اور اُن کی آل اطہار و اصحاب اخیار و اولیاء نامدار کے دربار پُر
انوار کی زیارت سے مستفیض ہونا چاہے اُس کے لیے بہتر یہ ہے کہ اپنے گھر
سے باہر ایسے مقام پر جاوے کہ جہاں پانی بھرا ہوا ہو مثلاً دریا یا ندی و تالاب اور
یہ بھی نہ ہوں تو کنوئیں کے اوپر پاکیزہ جگہ اپنے بیٹھنے کے لیے تجویز کر کے پہلے وضو
اور غسل کرے اور سر ننگا کر کے دو رکعت شکرانہ وضو ادا کرے اُس کے بعد دو رکعت
نماز ارواح پڑھے جس کی نیت یہ ہے کہ میں نیت کرتا ہوں دو رکعت نفل واسطے
زیارت حضور و تمام بزرگان دین منہ میرا طرف کعبہ شریف اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لے
سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ کے بعد الحمد شریف اور پھر قُلْ ھُوَ اللّٰهُ ۲۱ مرتبہ پڑھے
اور دوسری رکعت میں قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ
۲۱-۲۱ مرتبہ پڑھے پھر سلام پھیر کر سجدہ میں جا دے اور تین مرتبہ یہ دعا بعجز و انکسار
زبان سے کہے اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اس کے بعد سات ہزار مرتبہ
سر اُٹھا کر یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ اَقْوَاهُ بِاللّٰهِ
جب پڑھ چکے تو سر اُٹھا کر آسمان کی طرف دیکھے اور تین قدم اپنے آگے کی طرف چلے
اور پھر تین قدم پیچھے اور تین قدم دائیں اور تین قدم بائیں طرف چلے مگر قبلہ کی طرف سے
اپنا منہ نہ ہٹا دے اور آنکھیں اپنی بند رکھے جبکہ حضور سراپا نور کی زیارت سے
آنکھیں منور ہو جائیں تو اپنی آنکھیں کھول دے تمام درباری محبوب یزدانی نظر آئیں
گے اپنی دلی آرزو حضور اقدس میں پیش کرے اور یہ مناجات پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٰہی آنچہ بد کردم ندانستم خطا کردم بخش بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ انشاءاللہ تعالیٰ جلد فائز المرامی ظہور میں آئے گی ۔ صبح نیاز کرے اور خیرات سے غربا کے پیٹ بھرے ۔

مقبول دعا

(۱۴) زیارت پرُ از لطافت شائقین دیدار محبوب رب العالمین ہمیشہ بعد نماز عشا ہونے کے بعد کپڑے کو پاک صاف اور خوشبودار کریں ایک تسبیح روزانہ پڑھ لیا کریں اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْہِ نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَمَا ھُوَ عِنْدَکَ اٰمِیْن ۝ اے اللہ مجھے مشرف فرما حضور کے منہ شریف کی زیارت پرُ از کرمت سے جیسا کہ تیرے نزدیک ہے قبول فرما ۔

کام کے ہونے یا نہ ہونے بارے میں معلوم کرنا

اہل طریقت کا ارشاد ہے کہ تمام عملیات و اوراد وغیرہ میں جب تک تصور صحیح نہ ہوگا کوئی کام جلد پورا نہ ہوگا حضوری دل اور تصور مطلب کے متعلق مفصل حالات کتاب کاشف الاسرار مصنفہ حضرت شاہ احمد میں درج کئے ہیں جس کا دل تصور کی طرف راغب نہ ہو اور کسی قسم کا شک و شبہ پیدا ہو وہ اس کتاب سے اطمینان قلب حاصل کرے غرضیکہ جس کام کے واسطے زیادہ اہتمام کرنا منظور ہو تو جو وقت قبولیت دعا کے ہیں اس وقت میں شروع کریں طہارت کامل رو بہ قبلہ بحضور قلب حمد و ثنا کر کے اپنے پیر کا توسل لے کر دعا کرنی چاہیے اور لازم ہے کہ اس وقت نہایت عجز و نیاز اور گریہ و زاری جوش و خروش اور سچی طلب اور امید کامل قبولیت کی رکھے تصوری کے ساتھ جو عمل کئے جاتے ہیں تو جلد ان کا حال معلوم ہو جاتا ہے ۔ اکثر اوقات تو خفیف سی غنودگی ہو کر خواب میں معلوم ہو جاتا ہے

اور بعض اوقات نیم خواب سا ہو کر کچھ لفظ زبان پر جاری ہو جاتے ہیں وہ بالکل موافق مطلب کے ہوتے ہیں ۔ یا مخالف اور ویسا ہی وقوع میں آتا ہے ۔ اور بعض اوقات کان میں غیب سے کچھ سنائی دیتا ہے اور کبھی ایک مضمون مع الفاظ کے یک لخت دل میں آ جاتا ہے ۔ اور بعض مرتبہ جس امر میں تردد ہوتا ہے اور اس پر دل جمعی ہوتی جاتی ہے یہ سب صورتیں الہام کی ہیں ۔

نماز استخارہ

اوّل پیشین گوئی نہایت مجرب جو نماز کے پڑھنے میں معلوم ہو جاتی اپنا مطلب دل میں معلوم کر کے اس طرح نیت کرے نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز استخارہ واسطے اللہ تعالیٰ کے منہ طرف کعبہ شریف کے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ہاتھ باندھے اور سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ آخر تک اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ جب اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ پڑھے تو اس کو اتنا پڑھے کہ جب تک داہنی طرف یا بائیں طرف کندھا نہ پھر جائے اگر سیدھی طرف پھرے تو جان لو کہ کام جلد ہو جائے گا اور اگر بائیں طرف کندھا نہ پھر جائے اگر سیدھی طرف پھرے تو جان لو کہ کام جلد ہو جائے گا اور اگر بائیں طرف کندھا پھرنا معلوم ہو تو جان لو کہ کام نہ ہو گا پھر بعد پھر جانے بازو یا کندھوں کے الحمد پوری پڑھ کر کوئی سورت پڑھے اور رکوع اور سجدہ نہ کرے اور دونوں تسبیح رکوع اور سجدہ پڑھ کر اور پھر کھڑی ہو کر اَلْحَمْدُ اور کوئی سورت پڑھ کر نماز پوری ادا کرے ۔ نماز سے پہلے ڈھائی پیسے کی شیرینی یا اور اس سے زیادہ کی منگا کر پہلے نیاز حضرت غوث پاک شیخ عبدالقادر محی الدین جیلانی رضی اللہ عنہ کی دلاوے اس سے بھی دلی ارادوں کی انکشافی ہوتی ہے ۔

خواب میں دلی مقصد معلوم ہو جائے

خواب میں مطلب دلی معلوم ہو جاوے حروف کہیعص

شکل پنج در پنج کی اس طریقہ پر سونے یا چاندی کی انگشتری جو زہری پر مشتری یا زہرہ ستارہ کی ساعت دیکھ کر کندہ کرائیں اور سوتے وقت اپنے سر کے نیچے رکھا کریں خواب میں حال معلوم ہو جاتا ہے۔ پہننے والا ہر بلا سے بچا رہتا ہے۔ عزت اور فراخی سے رزق ملتا ہے نقش کندہ کرانے کے وقت جہاں حروف جیسے لکھے ہیں ویسے ہی لکھے یعنی جہاں کاف ہے پہلے کاف پھر ہ اور پھر ی پھر ع اور پھر ص اس طرح تمام نقش ہر حرف کے مطابق لکھے۔

۷۸٦

ك	ھ	ی	ع	ص
ع	ص	ك	ھ	ی
ھ	ی	ع	ص	ك
ص	ك	ھ	ی	ع
ی	ع	ص	ك	ھ

عشق کی اقسام کا بیان

اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَّیُحِبُّ الْجَمَالَ

حسن و جمال ایک ٹکڑا ہے انوار الٰہی کا جو مخلوقات کو تقسیم ہوا ہے۔ اس پر فدا ہونے والا عاشق اور حسین معشوق کہلاتے ہیں خوبصورت ہے وہ جو دل کو پسند ہو عشق کی تین قسمیں ہیں۔

پہلی قسم ایک عشق حقیقی یعنی عاشقانِ خدا کا عشق جیسے انبیا و اولیا و صلحا و عبادان کے حالات لکھنے کو ایک دفتر درکار ہے۔

دوسری قسم دوسرا عشق مجازی یعنی عِشْقُ الْمَجَازِیْ قَنْطَرَةُ الْحَقِیْقَةِ یعنی عشق مجازی سے حقیقی ہو جاتا ہے جیسے شیریں و فرہاد۔ رانجھا و ہیر لیلیٰ و مجنوں۔ حشر کے روز ایک طرف لیلیٰ کو کھڑا کیا جائے گا اور دوسری

طرف مجنوں کو دونوں کے درمیان دوزخ بھڑکتی ہوگی آگ کے شرارے اُس سے نکلتے ہوں گے اُس کے ایک جانب وہ عاشق کھڑے ہوں گے جو خدا کے عشق میں رنج و بامحنتی عشق کی برداشت نہ کر سکے ہوں گے اُس وقت خداوند جل و علیٰ اپنے جمال کی تجلی آشکارا فرمائیں گے اور عاشقانِ کاذب کو حکم ہوگا کہ اس دوزخ سے ہوتے ہوئے میرے نزدیک آؤ جھوٹے عاشقانِ خدا آگ کے شعلے اور تمازت کو دیکھ کر گھبرائیں گے اور کہیں گے کہ ہم اس آگ سے کیسے گزر سکتے ہیں اُن کے انکار پر مجنوں کو حکم ہوگا کہ تیری معشوق لیلیٰ کھڑی ہے اس دوزخ سے گذر کر اُس کے پاس پہنچ مجنوں اس آواز کے سنتے ہی بیتابانہ دوزخ میں گھس جائے گا پس دوزخ فریاد کرے گی کہ اے بارِ خدا اس تیرے سچے بندے کی آگ سے جو مجنوں کے سینہ میں ہے جلی جاتی ہوں جلد نکال اور لیلیٰ سے ملا دے مجنوں دوزخ سے نکل کر لیلیٰ سے جا ملے گا۔ حق تعالیٰ عاشقانِ کاذب سے فرمائے گا کہ اے جھوٹے عاشقو! دیکھا تم نے کہ مجنوں میری ایک ادنیٰ مخلوق کا سچا عاشق تھا آگ دوزخ کی عبور کر کے اس سے جا ملا تم میرے عشق کا کیسے دعویٰ کرتے تھے کہ دوزخ کی آگ سے گذر کر مجھ تک نہ پہنچ سکے پس لائق دوزخ ہو۔ اگر عشق درمیان عاشق و معشوق کے پاک ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ اس سے خدا کی محبت پیدا ہوتی ہے اور وصل مولیٰ حاصل ہوتا ہے ؎

ہو سکے تجھ سے تو کر عشق خدا — دو جہاں کے غم سے ہوگا جدا
عشق سے قرب الٰہی ہو نصیب — عشق سے قدرت نظر آئے عجیب
عشق بازی عاشقوں کا کام ہے — بوالہوس محروم ہے ناکام ہے
عاشقوں سے پہلے مل اسے — باصفا سیکھ پھر اُن سے طریقہ عشق کا
تا ہو تجھ میں اُن کی محبت کا اثر — آرزو کے نخل میں آئیں ثمر

عرش تک اُڑنے لگے بے بال و پر　　طائر قدسی بنے تو اے بے خبر

عشق الٰہی کے حصول کا پُر اثر وظیفہ

عشق خدا حاصل کرنے کی تمنا ہے تو گیارہ مرتبہ سے شروع کیجیے اور رفتہ رفتہ ایک سو ایک بار بعد نماز عشاء یا تہجد کے بعد یہ دعا پڑھا کیجیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَحْرِقْ عَوَارِضَ قَلْبِيْ بِنَارِ عِشْقِكَ اَللّٰهُمَّ شَوِّقْنَا اِلٰى جَلَالِكَ وَجَمَالِكَ اَللّٰهُمَّ اقْطَعْ حِجَابَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا كَاْسًا مِّنْ شَرَابِكَ وَخَلِّعْ وِصَالِكَ وَشَرِيْفِ لِقَائِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِلٰهِيْ بِحَقِّ نُوْرِكَ ثَبِّتْنَا فِيْ حُضُوْرِكَ يَا هَادِيْ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَارْزُقْنَا بِازْدِيَادِ مُشَاهَدَةِ لِقَائِكَ الْكَرِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

تیسری قسم

تیسرا عشق شہوانی جس کے حالات لکھنا ضروری ہیں کیوں کہ آجکل اس کے گرفتار بے شمار بلکہ خارج از انحصار ہیں اور اس کتاب کے لکھنے کی علت غائی ہی یہ امر ہے کہ عشق شہوانی کی ایسی کثرت ہے ہر ایک نوجوان بازاری عورتوں سے دیدہ بازی اور زناکاری کرتے ہوئے پاکدامن عورتوں پردہ نشینوں کی عصمت دری و آبرو ریزی کے جویاں رہتے ہیں اور اُن کا نصب العین یہ ہوتا ہے کہ کوئی بیچاری خوب صورت سرمایۂ عفت ہے تو اُس کی پاکبازی کے دامن عفیف کو بے حمیتی و کم ظرفی سے ناپاک کریں اور اُن کو بے عصمتی سے داغدار بنائیں ایسے کم ظرف بدبخت و بدطینت اپنی خواری۔ ذلت و رسوائی اور اس عفیفہ کی بدنامی کا خیال نہیں کرتے۔

زنا کے نقصانات

لفظ زنا اسی سے مراد ہے کہ کسی کی کنواری یا بیاہی

بیٹی رشادی شدہ عورت سے بدفعلی کا مرتکب ہوا ایسی زناکاری سے دنیا کی خرابی ظہور میں آتی ہے۔ طبی طریقہ سے تو یُوں خراب ہے کہ اس عاشق کے خیالات معشوق اور اعضائے مخصوص کی طرف متوجہ رہتے ہیں اس سبب سے خون عضو مردمی کی طرف زیادہ راغب ہو جاتا ہے اور تمام اعضائے مخصوص زیادہ تیز ہو جاتے ہیں تو منی بے ارادہ نکل جانے لگتی ہے۔ بیگانی عورت کے آنے میں جو وقت انتظاری میں گذرتا ہے اُس وقت طبیعت جوش اور جماع کی طرف زیادہ خیال رہتا ہے اور سوائے جوش کے کس قدر خوف و خطرہ بھی رہتا ہے بعض وقت اس خوف و خطر کا جوش اس قدر غالب ہوتا ہے کہ وقت پر انتشار بھی نہیں ہوتا۔ عورت کے آنے سے پہلے ہی یا اس کے آ پہنچتے ہی یا چھیڑ چھاڑ کرتے ہی منی خارج ہو جاتی ہے۔ جس سے حسرت دلی دل ہی کے اندر رہ جاتی اور طرف ثانی سے شرمندگی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اور یہ جوہر منی اس طور پر خراب کرنے سے نسل انسانی جس سے بیٹا بیٹی اپنی عورت سے ظہور میں آتے اور دنیا میں خاندان کا نام باقی رہتا مفت میں ضائع ہوتا ہے۔ اور اس میل ملاپ کے ساتھ ہی یہ بھی خیال ہوا کرتا ہے کہ ہمبستری سے تو اپنا دل خوش کریں لیکن حمل نہ ٹھہرے۔ بھلا ایسا کہیں ہوتا ہے کہ دو ملیں اور ایک اور نہ ہو۔ کیوں کہ یہ کام نہایت اشتیاق بھرے دل سے ہوتا ہے۔ ایسی شوقیہ ہمبستری سے ضروری حمل ٹھہر جاتا ہے۔ پھر یہ کمبختی سُوجھتی ہے کہ اس کو گرانے کی فکر کرتے ہیں جس سے اور اپنے اوپر تباہی لیتے ہیں۔ یعنی پولیس میں پٹتے عدالت میں گھسٹتے پھرتے ہیں اور اپنے کئے کی سزا پاتے ہیں۔

زنا کی ممانعت کا حکم

طب کے علاوہ شریعت کی طرف سے نہایت سخت ممانعت ہے۔ زانی مرد اور زانیہ عورت کے واسطے بڑا عذاب ہے۔ اور بڑی سخت سزا ہے زنا کرنے والا گو دنیا میں لذت حاصل

کرتا ہے۔ لیکن آخرت میں بڑی تکلیف اور شدید مصیبت برداشت کرے گا۔ وَلَا
تَقْرَبُوا الزِّنَا اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَاءَ سَبِيْلًا ۝ ترجمہ اور مت کرو
زنا کاری یہ ہے بے حیائی اور بُری راہ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ
مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ
كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ
مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ ترجمہ۔ زنا کرنے والی عورت یا زنا کرنے والا مرد جو ہو اُن میں سے
ہر ایک کو سو سو کوڑے مارو اور تم اللہ کے اس حکم میں اُن پر کچھ ترس نہ کھاؤ۔ اللہ
اور قیامت کے دن پر یقین رکھتے ہو۔ اور چاہیے کہ اس سزا کو مسلمانوں کی ایک
جماعت دیکھے۔ زنا کی آگ ایمان کو جلا دیتی ہے۔ دُنیا ہی میں پھٹکار ہوتی ہے۔
نیک عورتیں ڈرا کرتی ہیں۔

زنا کی بدولت عذاب الٰہی

زنا کی شامت صرف زنا کرنے والے ہی پر عائد
نہیں ہوتی بلکہ زانی کے پڑوس والے بھی عذاب
الٰہی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ جس جگہ یہ فعل بد ہوتا ہے۔ زمین سے آفتیں نکلتی اور آسمان سے
بلائیں نازل ہوتی قحط اور وبا سے ہلاکت ہوتی۔ بدآدمی بھی مرتے ہیں۔ اوتھیلے اشلوک
و،) میں بھی غیر عورتوں کو دیکھنا اور اُن سے ملنا بالکل ناجائز قرار دیا ہے دھرم شاستر کے
ہر اصولوں میں سے ایک اصول یہ بھی ہے کہ زنا ایک جرم قابل سزائے عدالت فوجداری ہے۔

زنا سے بچاؤ کا طریقہ

جوانانِ عالم اپنی عقل سے کام لیں اور اپنے والدین
اور بزرگوں و اُستادوں کی نصائح و پند پر عمل کریں
ورزش کریں ہمیشہ نہائیں اور پوشاک اچھی پہنیں اپنے مذہب کے موافق تعلیم دینی و
دنیوی حاصل کریں خدا کی عبادت میں ذوق و شوق کے ساتھ مائل رہیں ماں باپ۔ بہن۔
بھائی۔ دوست احباب سے سنجیدگی پیش آیا کریں۔ سب سے ہنس مکھ رہیں کوئی رنج و غم

پاس نہ آنے دیں۔ اس عمر کی خدمت گورنمنٹ ملکی میں باعث عزت و وقعت خیال
کی جاتی ہے جوانی کی عبادت مقبول ربُّ العزت اور خلقت میں عبادت صالح کہلاتی ہے
اسی عمر کا جوان مرغوب و محبوب خاطر ہر صغیر و کبیر ہوتا ہے۔ ہر کوئی اس کا دلدادہ اور
وہ ہر کسی کے پسندیدہ رہتا ہے۔ غرضکہ اس عمر کے نوجوانوں کی جس طرح ہر شخص
کے دل میں عزت ہوتی ہے اسی طرح نوجوانوں کو اپنی عمر کی وقعت کرنی چاہیے ؎

در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبریست — وقت پیری گرگ ظالم میشود پرہیزگار

(ترجمہ) جوانی میں توبہ کرنا گویا طریقہ پیغمبروں کا ہے۔ بڑھاپے میں تو بھیڑیا ظالم
بھی پرہیزگار ہو جاتا ہے۔ ایسے آدمیوں کا یہ دیکھا گیا ہے کہ کردنی خویش آمدنی پیش
کا مقولہ اُن کے آگے آتا ہے یعنی جو شخص کسی پاک دامن خوبرو زن کے دامن عفیف
کو اپنی بے حمتی اور کم ظرفی سے آلودہ کرتا اور اُس باحیا کو داغدار بناتا ہے تو اس کی
کسی نہ کسی کو زنا کاری کا داغ و دھبہ ضرور ہی لگ جاتا ہے۔

دل دُکھانے سے نہ جو باز آئے گا — قہر ربانی میں ہو گا مبتلا
ہے دل آزاری شریفوں سے بعید — دل کسی کا کب دُکھاتے ہیں سعید
دل دکھانا ظالموں کا کام ہے — دل دُکھانے کا بُرا انجام ہے
دل نہ دشمن کا بھی تو ہرگز دُکھا — دل دُکھانے سے نہیں راضی خدا
ہے دل آزاری کا ثمرہ بد دعا — اُن سے ناخوش رہتی ہے خلقِ خدا

محبت و الفت اور چاہت عشق اور بیماریوں کے ایک بیماری ہے اور بہت سخت
بیماری ہے۔ اُن لکھی تدبیروں اور نصیحتوں سے چھوٹ نہیں سکتی تو اس کا یہ علاج
کیجئے۔ جو صفحہ ۵۲ مردوں کی غیر عورتوں سے جدائی میں لکھا گیا ہے۔ جن کا نفس اس
ناجائز اور مورد قہر ربِّ اکبر سے باز رہے گا۔ وہ جہاد فی سبیل اللہ کا ثواب پائے گا۔
اگر شادی نہیں ہوئی تو شادی کی جائے جس قدر مادہ شہوانی خارج ہو گا یہ عشق شہوانی

بھی جاتا رہے گا۔

طوائفوں کے جال

شہروں کے بازاروں کوٹھے چھجوں پر طوائفوں رنڈیوں۔ کنجریوں۔ پاتروں نے روپیہ کمانے کے واسطے بے حیائی و بے شرمی کا پیشہ اختیار کر کے چند روزہ خوبصورتی کو فروخت کرتی اور کس کس حیلہ و مکر سے ایسے نوجوانوں کو اشارے و کنارے کر کے بلاتی اور اپنے پھندوں میں پھنساتی ہیں۔ جہاں شام ہوئی کالی ہو یا پیلی۔ جوان ہو یا ادھیڑ اچھی پوشاک پہنتی چہرہ اپنا چاند سا بناتی مانگ پٹی نکالتی۔ کرسیوں پر بیٹھتی۔ گاڑیوں اور موٹروں میں گشت لگاتی شوقین مزاجوں کو لبھاتی اپنا گرویدہ بناتی ہیں اُن کے اندرونی جسم میں آتشک کی گرمی ہو یا سوزاک کی حیض کے خون کی آمد ہو یا اور کوئی خرابی ظاہرا صورت ماہ طلعت بنی ٹھنی رہتی ہیں نوجوان اپنی جوانی کے نشے میں مست و سرشار سیر بازار کو جاتے۔ ظاہرا خوبصورتی پر از خود رفتہ ہو کر اُن کے یہاں جا براجتے ہیں وہ عیارہ مکارہ نوجوان پُر ارمان کو پنچھی سمجھ کر دل لگی اور چھیڑ چھاڑ کرتی ہنسی مذاق کی باتوں میں مشغول رکھتی تاش۔ گنجفہ۔ شطرنج۔ چوسر کے کھیل میں لبھاتی ہیں عاشقانہ گانا سُناتی۔ پان الائچی کھلاتی۔ میٹھی میٹھی باتیں بے حجابانہ کر کے اپنے اوپر فریفتہ کر لیتی ہیں وہ نوخیز ان کی طرب انگیز عیاری و مکاری سے ناواقف ہوتا ہے ان کی چکنی چپڑی باتوں کو یہ سمجھتا ہے کہ مجھ پر عاشق ہو گئی ہے جو کچھ فرمائش ہوتی ہے وہ بشوق پوری کی جاتی ہے۔ لیکن قربت وصال سے پیاسا رکھتی ہے پیسے سے روپیہ سے مال سے دولت سے کپڑے سے اور زیور سے چاہے مکان تک بکجائے آبرو میں فرق آجائے لیکن دلدار ناراض نہ ہو جائے۔ اور اگر کسی طرح ہمبستری ہو گئی تو عشق کی آگ اور بھی بھڑک گئی۔ اپنی ہزاروں روپوں کی جائدادیں رہن کر کے۔ مہاجنوں اور ساہوکاروں

کے گھرے کرتے اور آپ مفلس اور قلاش ہو جاتے ہیں۔ جب کہ وہ عیارہ اپنی فرمائشات میں کمی دیکھتی ہے تو اُن کو بتاتی ہے کسی نے خوب خاکہ کھینچا ہے ؎

دلوں کے لینے پہ آیا وہ یہ ہوئیں جسدم　　کس اشتیاق سے گھر میں بُلا بُلا کے لیے
کچھ ایک طرز نہیں دلربائی کا　　ادا سے ناز سے غمزے سے مسکرا کے لیے
لے چکیں تو لگیں لے وفائیاں کرنے　　قصور ڈھونڈ کے پیدا کئے جفا کے لیے
سبب کسی نے پوچھا تو ہنس کے یہ بولیں　　وہ ابتدا کے لیے تھا یہ انتہا کے لیے

اندھا عشق

۵۔۵۵ سال ہوئے کہ ایک طوائف چڑیا نامی میرٹھ شہر میں رہا کرتی تھی ایک رئیس سادات بارہ اُس کی محبت کے گھائل ہو گئے قصہ اُن کا طویل ہے۔ مختصر یہ ہے کہ وہ مال داروں میں سے تھے۔ بہت شور یہ چیٹ اُن کے ساتھ لگ گئے۔ کچھ فاجرہ کے طرفدار ہو گئے۔ ایک دوسرے کے عاشقی و معشوقی کا ذکر کر کے رئیس صاحب سے ملنے نہ دیا اور ہزاروں روپیہ اُن کا اُڑا دیا۔ آخر اُن سے کہا گیا کہ آپ دہلی چلئے وہاں بڑے بڑے عامل و کامل ہیں اس کو آپ کے پاس جانور بنا کر بلوائیں گے عاشق عشق میں اندھا ہو جایا کرتا ہے۔ اُن کے ورغلانے پر دہلی جا پہنچے ایک عالی شان مکان کرایہ پر لیا۔ عاملوں کے بڑے گھرے ہوئے اور یار لوگوں نے ایک گدھی اُس مکان میں لاکھڑی کی اور دم دبا کر چڑیا کو گدھی بنا کر بلایا ہے۔ احمق الذی جلیبی بازار سے منگا کر اُس کے آگے رکھتے ہیں چول کر جاڑے کی سردی تھی اُس پر دوشالے ڈالے گدھی والے کی جب گدھی نہ ملی تو اس نے پولیس میں رپورٹ لکھوائی اور کسی نے خبر دی کہ تیری گدھی فلاں مکان میں بندھی ہوئی ہے جب وہ لینے گیا تو اس کو نہ دی گئی اُس نے پولیس سے امداد چاہی اور تمام حالات ظاہر کئے تھانیدار صاحب نے جب یہ عجیب و غریب رپورٹ سُنی تو خود معہ اپنے عملے کے آئے جو سُنا تھا وہ دیکھا رئیس صاحب کو نہایت ملامت کی اور گدھی والے کو گدھی دلائی ایسے شخصوں کی نسبت

حکیم ارسطاطالیس اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں۔ اَلْعِشْقُ یَعْلٰی حِسُّ الْعَاشِقِ وَیَعْمَہُ عَنْ اِدْرَاكِ عُیُوْبِ مَعْشُوْقَتِہٖ ۔حکیم نجیب الدین سمرقندی نے اس کو وسوسہ شیطانی لکھا ہے اور تجربہ کاروں کا یہ قول ہے۔ ھُوَ اِلْحَاجُ النَّفْسِ بِصُوْرَۃٍ ذَاتِ صُوْرٍ مُسْتَحْسِنٍ یعنی اچھی صورت کے تصور کے ساتھ نفس الحاج اس کو عشق کہتے ہیں بعض نے محبت زیادہ کو یہ عشق کہا ہے شیخ الرئیس بو علی سینا ابی سہل المسیحی صاحب کامل یوحنا ابن کنرافیون ۔محمد زکریا رازی ۔جالینوس وغیرہ مرض کہتے ہیں۔

عاشق کی علامات

طبیب فاضل روفس نے تو اس کی علامات ظاہر کی ہیں کہ ایسے عاشق کا بدن خشک ہوتا ہے ۔ساکت رہتا ہے۔ کسی کام میں طبیعت نہیں لگاتا ہے ابن تلمیذ نے اس بیماری کی تشخیص کا طریقہ بیان کیا ہے کہ اگر مریض طبیب سے چھپانے اس کی نبض دیکھی جائے۔ سانس کی آمد و رفت سے معلوم کیا جائے ۔

تو حکیم پہچان لے گا کہ یہ کس کے عشق میں مبتلا ہے ۔

حکایت

ملا نفیس اپنی کتاب نفیسی میں لکھتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کو نہایت قوی مرض سخت مرضوں میں سے تھا اور اس کا ضعف اس قدر بڑھ گیا تھا کہ اٹھنے بیٹھنے سے عاجز آگیا تھا جس وقت اس کا معشوق آیا اسی وقت اس کا مرض رفع ہوگیا اور اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے باہر نکل کھڑا ہوا اس حال سے کہ اسے کوئی مرض نہ تھا سبب اس کا یہ ہے کہ ہر ایک بدن اور نفس میں سے ان حالوں سے دوسرے کو عارض ہوتے ہیں منفعل ہوتا ہے لیکن نفس کا انفعال بدن سے مثل اس کے ہے کہ جیسا سودا بدن پر غالب

لہ یعنی عشق اندھا کرتا ہے عاشق کی آنکھ کو اور گونگا کرتا ہے اس کو معلوم کرنے اپنے معشوق کے عیبوں سے۔

ہوتا ہے تو نفس میں خوف اور وحشت و فکر فاسد پیدا ہوتا ہے اور جب خون غالب ہوتا ہے تو نفس میں سرور و فرحت اور خوشی پیدا ہوتی ہے۔ لیکن بدن کا انفعال نفس سے ہے پس مثل اس کے ہے کہ جس وقت افراط سے خوف غالب ہوتا ہے تو دفعتاً مزاج سوداوی ہو جاتا ہے اور جب کہ افراط کا عشق عارض ہوتا ہے تو اس سے افراط کی گرمی و خشکی پیدا ہوتی ہے ۔پس وصال کے بعد مزاج دفعتاً صلاحیت پر آجاتا ہے۔

بوعلی سینا کا قول

بوعلی سینا کہتے ہیں اِنْ لَمْ تَجِدْ عِلَاجًا اِنْ تُدَبِّرَا مَجْمَعَ بَیْنَہُمَا یعنی اگر دوا وغیرہ فائدہ نہ دیں تو بطریق دینی عاشق۔ معشوق کا ازدواج کراکر ہم آغوش کرادینا چاہیے ورنہ عاشق ہمیشہ معشوقہ کا ازدواج کراکر ہم آغوش کرادینا چاہیے ورنہ عاشق ہمیشہ معشوقہ کی صورت و خصائل پر مائل رہتا۔ فکر کرتا مبہوت ہو جاتا ۔جنگل۔ جھاڑی مارا مارا پھرتا کبھی روتا کبھی ہنستا جسم دبلا ہو جاتا ۔لیکن آنکھوں میں ضعف انتظار محبوبہ کے باعث نہیں معلوم ہوتا۔

عشق شہوانی کے شکار لوگ

یہ مرض اوباش طبیعت عورتوں میں زیادہ بیٹھنے والوں کو ہو جاتا ہے حکما و اہل فلاسفہ کا یہ مسئلہ ہے کہ نفس کبھی بیمار نہیں رہتا اگر اس کو کوئی کام نفع دینے والے یعنی تعلیم و دیگر مشغل نہیں ہوتے تو اس طرف راغب ہو جاتے ہیں اور اچھی شکلوں اور خوبصورتوں کو اپنے دل میں جگہ دے لیتے ان کے ملنے کی تمنا میں۔ بیمار ہو جاتے ہیں دن بھر آہ سرد بھرتے ٹھنڈے سانس لیتے غمگین رہتے جنگلوں اور پہاڑوں میں بیچین پھرتے کلیجے پر انگارے جیسے دہکتے نیند کو خیرباد کرتے بلا موت آئے مرنے پر تیار رہتے ہیں۔

بہت سی مستورات کو دیکھا اور سنا ہے کہ اپنی جوانی میں کسی مرد سے آنکھ لگا لیتی

ہیں پھر شادی ہونے پر بھی اپنے خاوند سے خوش نہیں رہتیں آئے دن کچھ نہ کچھ بہانے کر کے اپنے میکے میں چلی جاتی ہیں اپنے خاوند کے گھر ہمیشہ بیماری اور دُکھ درد میں مبتلا رہتی ہیں۔ بھوت چڑیل۔ آسیب سے ڈراتی اور گھر بھر کو پریشان رکھتی ہیں۔ خاص کر وہ عورتیں جن کو اپنے گھروں میں کچھ مشغلہ نہیں ہوتا۔ اور نبی سنوری رہتی۔ مانگ پٹی نکالتی تاکتی جھانکتی رہتی ہیں۔ ہر کسی کو مھیلی بناتی اور ہم جلیسوں سے ہنسی مذاق میں زندگی گذارتی ہیں۔

حکیم جالینوس کی تشخیص

جالینوس نے ایک عورت عاشقہ کا حال بیان کیا ہے کہ وہ اپنے عشق کو بوجہ شرم حیا چھپائے رکھتی تھی اور رات دن اسی فکر میں گھلی جاتی تھی۔ علاج معالجہ سے کس طرح مرض کو افاقہ نہیں ہوتا تھا ایک روز اتفاقاً اُس کی نبض دیکھنے پر اُس کے معشوق کا نام لیا گیا تو سانس اور نبض میں تغیر پیدا ہونے لگا پھر دوسرے روز مرد کا ذکر کیا گیا تو وہ تغیر جاتا رہا اور ویسی ہی حالت ہو گئی پھر مرداوں کے ذکر پر تغیر ہونے لگا تو اُس کے عشق کا حال معلوم ہوا۔ وصال ہونے پر اچھی ہو گئی اسی طرح اس میں بھی عاشق اپنے عشق کا حال معلوم ہوا۔ وصال ہونے پر اچھی ہو گئی اسی طرح اس میں بھی عاشق اپنے عشق کی گرمی جو دل میں پیدا ہو جاتی ہے اس کے جسم میں بھی خشکی آ جاتی ہے۔ سوداوی خلط بڑھ کر مالیخولیا کے بیماروں جیسی حالت ہو جاتی ہے، خون جل کر تن بدن سیاہ اور جلا جیسا ہو جاتا ہے۔

علاج

حکیموں نے اس کا علاج اس طرح بتایا ہے کہ مزاج کی خشکی و گرمی رفع کرنے کے لیے تری پہنچانے والی دوائیں اور غذائیں کھلائیں جسم پر سرد تیل روغن کدو کاہو کی مالش کریں۔ لہو و لعب اور راگ و مزامیر سے دل بھلائیں۔ زاہدوں اور صوفیوں کی مجلس میں بیٹھیں اور اُن کے دست بیع ہو جائیں۔ اُن کے بتائے ہوئے ذکر اذکار سے اپنے دل کی صفائی پیدا کریں۔ ذیل کے مجربات اپنے کام میں لائیں۔ مکارہ عیارہ کی دل آزادی کا مزہ چکھائیں اور اپنا گرویدہ بنائیں

جب اپنے ہاتھ آ جائیں اور ان کو اپنی مرضی کے موافق نہ پائیں تو جیسا انہوں نے حیران و پریشان کیا ہے اُن کی کردار کا مزا چکھائیں۔ اہل تصوف کا فرمانا ہے کہ انسان کی قوتِ جاذبہ میں اگر وہ صفائی دل سے ہو تو اس میں وہ تاثیر ہے کہ آدمی تو آدمی وحشی جانور اور صحرائی درندے بھی محبت کا دم بھرنے لگتے ہیں کیسا ہی ظالم خونخوار جانور یا انسان ہو اپنی قوت جاذبہ سے مسخر اور تابع کر لیتا ہے خدا کا بھی ارشاد ہے۔ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ کسی کی طرف سے ذرا بدگمانی کیجئے یا اپنے دل ہی میں بُرائی رکھے وہ بھی بُرائی ظاہر کرے گا۔ حضرت شیخ سعدی نے فرمایا ہے

بندۂ حلقہ بگوش از ننوازی بردد لطف کن لطف کہ بیگانہ حلقہ بگوش

ایک اور مشہور مقولہ ہے۔ کہ تو مجھے کتنا چاہتا ہے۔ دوسرا کہا کرتا ہے اپنے دل سے پوچھ پس اگر ایک شخص محبت کرے گا تو ضرور ہے کہ دوسرا بھی کرے گا۔

اب وہ عملیات نادرات و دیگر عجائبات صاحبان کشف و کرامات اور دیگر حضرات بندہ عاجز کے مجربات ظاہر کئے جاتے ہیں ان میں سے جس پر یقین کامل ہو اس کو عمل میں لائیے اور وقت عمل مراد براری کی شرائط ضروری۔ ہر ایک دعا کی مستجابی کا لحاظ رکھیے۔ معشوق فریفتہ از دل رفتہ ہو کر تابعداری سے انحرافی نہیں اختیار کرے گی۔ تمام پریشانی و سرگردانی سے شادابی حاصل ہو گی جو عملیات پڑھنے کے ہیں اُن میں اس امر کا ضرور خیال رکھیے کہ عملیات پڑھنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک مرتبہ اور یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پھر یہی درود شریف پڑھ لینا چاہیئے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَحْبُوْبَنَا مَحْبُوْبٌ وَطَالِبَنَا مَطْلُوْبٌ۔

برائے حُب

(۱) اس آیت شریف کو معہ اوّل و آخر درود شریف بارہ بارہ مرتبہ کسی شیرینی یا شکر چینی پر دم کرے اور نام عاشق اور اس کے باپ اور معشوق اور اُس کی ماں کا ہووے۔ شیرینی کھلا دے شکر چینی

کا شربت پلاوے یا اور کسی طرح کھلا دے باہم ایسی دوستی ہووے کہ پھر جدائی درمیان نہ آوے وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۔ نام اس طرح سے لیوے فلاں شخص فلاں کا بیٹا فلانی عورت فلاں کی بیٹی دل سے جاں نثار ہووے۔

برائے حُب

(۲) اسم وَدُودُ کو مع بِسْمِ اللّٰهِ وَدُودُ وَدُودُ شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر اکیس ۲۱ مرتبہ دم کرے نام ضرور لیے جائیں۔ پھر کھلادیں۔

برائے حُب

الحب (۳) جس سے محبت ہو اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر گیارہ مرتبہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یَا شَمْعُیْنَا الَّذِیْ یُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقِ پھر وہ مٹی اس پر ڈال دے۔

پُراثر وظیفہ برائے حُب

(۴) اس دعائے بشمخ کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار ادام اللہ الانوار نے دعوت دی ہے اور یہ دعا حضرت عیسٰی علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی نہایت مجرب ہے جس کام کی انجام دہی کے لیے پڑھا جائے ہر ایک مراد بر آئے۔ ایک سو ایک مرتبہ اس کھانے والی چیز پر پڑھا جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ میوہ۔ انگور۔ بادام۔ کشمش۔ چھوارے وغیرہ پڑھ کر جس کو کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے۔ حضرت شاہ مدار رحمۃ اللہ علیہ کی کرامت ہے کہ آپ کے مزار پُرانوار پر بھی پکا ہوا کھانا نہیں جاتا ہے اس باعث سے اس عمل کی بلا پکے کھانے پر اجازت معلوم ہوتی ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَشْمَخْ وَادْعَامُ شَيْطِيْثُوْنَ اَللّٰهُمَّ پڑھے جو کھائے وہی مسخر ہو جائے۔

حُب کا نہایت مجرب عمل

(۵) ایک بزرگ کا عطا کردہ نہایت مجرب عمل ہے۔ کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کرتی جو بہت میلی کچیلی پُرانی ہو تو روز تک پاک صاف ہو کر بعد نماز عشاء ایک جگہ مقرر کر کے ہر روز اُسی جگہ اس آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھے اور اس پر دم کرے آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس معشوقہ اور اس کی ماں کا لیوے پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا رہے جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ یَاهُوْ یَاهُوَ پڑھ کر اس آگ پر وہ گائے کا گھی چھوڑے اسی طرح نو رات تک پڑھے لوبان جلاوے اور گھی چھڑکے۔ دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتی بناوے ایک بتی آگ پر جلاوے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بیقرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارھویں رات کو تیسری بتی جلاوے معشوقہ عشق میں بیقرار ہو کر آجائے۔

محبوب مطیع ہو

(۶) سات مرتبہ عود (اگر لکڑی) پر پڑھے اور اپنی معشوقہ کے روبرو جلائے تاکہ اس کی خوشبو اس کے دماغ میں پہنچے اُس کی مطیع ہو جائے فَغُلُّوْهُ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝

محبوب بے قرار ہو

(۷) بکری کے شانے کی ہڈی ثابت (جس کے سر کو قصاب لوگ توڑ کر پھینک دیا کرتے ہیں) ابن

واسطے کہ اس پر تعویذات حُب و عداوت لکھے جاتے اور جادو بھی ہوتا ہے وہ نہ لی جائے
لے کر گوشت وغیرہ سے بالکل پاک صاف کرے ایک دو روز اس کو احتیاط سے رکھے
کہ اُس کی تری خشک ہو کر لکھنے کے قابل ہو جائے اُس پر ساعت وغیرہ دیکھ کر یہ
عزیمت لکھے اور گرم تنور میں ڈالے تین روز تک تین ہڈی پر لکھے اور ہر روز جلتے تنور
میں ڈالے محبوب کے دل میں بے قراری پیدا ہو اور عاشق سے بشوق پا اپنی بیکلی دور
کرے لکھتے وقت خوشبو ضرور جلاوے وہ طلسم یہ ہے اھیگا اشراھیگا لد رخ
الجن والانس ابرالذین ۷۱۷۸۱۰۸۷۱۱۱۱۸۱۱۱۹۹۱۱۵۵۱۱ط۷ ۹ط۵اطالوھا
الساعت بغن بعین۔

محبوب خود بخود حاضر ہو جائے

(۸) اس تعویذ کو آدمی کی کھوپڑی پر لکھ کر اپنے نام و باپ اور معشوقہ
اور اس کی ماں کے لکھنے خواب میں معشوق کو عاشق کی شکل نظر آتی رہے گی۔ عاشق کو
چاہیئے کہ جب سوئے اپنے تکیہ کے نیچے اس تعویذ کو رکھے معشوق جب سوئے گی
عاشق کی صورت دیکھے گی کوئی تدبیر ملنے کی نہ ہوگی تو گھر سے نکل بھاگے گی اور عاشق
کے پاس چلی آئے گی اس کے موکل بڑے زبردست یا بدُوحُ نام کے تابعدار ہیں۔
جتنا تکیہ کے نیچے عاشق کے سر سے دبا رہے گا بہت جلد اثر کرے گا لکھنے کے
وقت تمام شرائط بجا لائے جو کہ اول میں
لکھی گئی ہیں بفضلہ تعالیٰ بعد خوشی مقصد
حاصل ہوگا .....

۲	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۱
۴	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۷
۵	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۳

محبوب گرویدہ ہو جائے

(۹) عاشق کا دل دکھاتا
اور جلتا ہوا اور اس کے ہجر میں عاشق کی جان الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں

جان جاتی ہو یہ رباعی حضرت ابو الخیر قدس سرہٗ دو روز تک ہر وقت پڑھے اور ایک
سانس لینے میں سات دفعہ پڑھ جائے۔ تاکہ یہ رباعی اپنے عمل میں آجائے۔ پھر وقت
ضرورت اس کے پاؤں کے نیچے کی خاک لاکر یا منگا کر رکھ لے اور تنہائی کی جگہ میں بیٹھ
کر وضو کرے اور موافق شرائط مذکورہ سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر اُس خاک
پر دم کرے اور کسی کاغذ میں اُس خاک کو رکھے اور جب وہ معشوق کہیں راستہ میں
ملے یا اور کسی جگہ مل جاوے تو اُس کی پشت پر ایسی چھڑک دے کہ اس کو خبر نہ ہو
اور اس سے باتیں کرے وہ خوش مزاجی سے پیش آئے پھر اُس کے پاس سے چلا
جائے اور اپنے پاس آنے کا انتظار کرے۔ اگر وہ نہ آوے تو دوسرے روز
اسی طرح پھر ایک سانس سے سات بار پڑھے اور خاک پر دم کرے اور اس پر
کسی طور سے ڈالے بعنایت خدا اس کے پاس آکر اپنی محبت ظاہر کرے اور مدعائے
دل حاصل ہو۔ یہ ہے

عقرب سر زلف یار و مہ چنبر اوست — شیریں دہنی کہ شہد اور شکر اوست
او حسن و ملاحتے کہ اندر سر اوست — فرماں دہ روزگار فرمان بر اوست

محبوب تابع ہو جائے

(۱۰) اس آیت کو تین کاغذ پر لکھ کر جلاویں اور
اس کی راکھ سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگا کر
معشوق کے سامنے جائیں جس سے محبت کا ارادہ ہو ان شاء اللہ مطیع فرمان ہو (۸۶) يَكَادُ
الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُمْ مَشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ
عَلَيْهِمْ قَامُوا۔

آزمودہ عمل برائے حب

(۱۱) جمعہ کی آدھی رات کو معشوق کے گھر
کی طرف منہ کر کے ایک سو گیارہ مرتبہ
ہر روز چالیس دن تک یہ عمل پڑھے پڑھنے سے پہلے اور آخر میں وہ درود شریف

جو شروع میں لکھا ہے پڑھا کرے پڑھ لینے کے بعد اس طرح دعا مانگے اے خدا حضرت غوث گوالیاری کے طفیل سے میرے معشوق فلاں نام کو میرا تابعدار کرے عمل پڑھنے کا یہ ہے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ حَسْبِيْ عَلٰى فُلَانٍ (یہاں نام معشوق کا لیوے ... اَعْطِفْ قَلْبَهٗ عَلَيْهِ وَظَلِّلْهُمَا فَاِنَّ اللّٰهَ اَلَّفْنَا وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط

محبوب کے دل میں محبت پیدا کرنا

(۱۲) اگر انار کا پھول جس کا رخ آسمان کی طرف ہو اتوار یا منگل کے دن ساعت اور برکھی میں لاوے اور کہے کہ میں تجھ کو اپنے معشوق کے دل میں محبت پیدا ہونے کے واسطے لیے جاتا ہوں پھر اسی رات میں ساعت معشوقہ کے تابعدار ہونے کی دیکھ کر یہ آیت اس پھول پر پڑھ کر ۱۱ مرتبہ پھونکے دن نکلے اپنی معشوقہ کو دے اور اگر اس تک نہ پہنچا سکے تو اس پھول میں اور روئی ملا کر سات بتی بنا لے رات کو تنہائی کی جگہ مٹی کے چراغ میں چمیلی کا تیل ڈال کر ایک بتی اس میں جلائے بتی کی لو معشوق کے گھر کی طرف ہونی چاہیے لوبان کی دھونی اور کچھ شیرینی رکھنی مناسب ہے۔ صبح ہوتے پر شیرینی بچوں کو تقسیم کر دینی انسب ہے۔ شیرینی پر فاتحہ حضرت غوث گوالیاری دی جائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا

يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ فلاں شخص فلاں کا بیٹا فلانی معشوقہ بیٹی فلانی حاضر ہو حاضر ہو بحقِ یا وَدُوْدُ یا وَدُوْدُ۔

محبوب کا دل اپنی طرف پھیرنا

(۱۳) شروع مہینے چاند میں دن تاریخ وقت ساعت دیکھ کر ہر روز پانچ سو بار پڑھا کرے اور دعا مانگے کہ یا الٰہی دل فلاں بنت فلاں کی میری طرف پھیر دے بفضلہ تعالیٰ چار روز میں محبت جانی پیدا ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ اَرْشِدْنِيْ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّ وَالرِّضُ اَمْرِيْ يَا رَبِّ اِلَيْكَ يَا رَبِّ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

چہل کاف برائے حب

(۱۴) اس چہل کاف منقول حضرت غوث پاک کو کاغذ پر کبوتر کے خون سے اپنا اپنا اور اپنے باپ کا اور معشوقہ اور اس کی ماں کا نام لکھ کر معشوقہ کے دروازہ کے نیچے کسی کپڑے میں لپیٹ کر گاڑ دے عاشق کی محبت میں دیوانہ وار ہو جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً
مِنْكَا فُهَا كَكُمِيْنِ كَانَ مَنْ كَمْكَا تَكَرَّ كَرًّا فِيْ كَبَدِيْ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً
كَلَكٌ لَكَ اَلْكَلْكَا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ
يَحْكِيْ يَا كَوْكَبَ الْفَلَكَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَفِيْكَ رَبُّكَ كَمْ
يَكْفِيْكَ فِيْ كَوَاكِفَةٍ كِفْكَا فُهَا كَكُمِيْنِ كَانَ مَنْ كَلَكَ كَفَاكَ
الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبَ الْكَوْنِ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا بِحَقِّ يَا شَيْخَ
عَبْدُ الْقَادِرِ شَيْئًا لِلّٰهِ بِحَقِّ يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ يَا اَللّٰهُ

يَا اللهُ يَا اللهُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قفل کردم دردہن معشوق فلاں لَآ
اِلٰـهَ اِلَّا اللهُ مہر کردم دردہن معشوق فلاں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ يَا حَبِيْبَ
الْفُقَرَآءِ وَيَا اَنِيْسَ الْغُرَبَاءِ وَيَا مُعِيْنَ الضُّعَفَآءِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ
وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَا
سْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ حَسْبِيَ
اللهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللهُ لِمَنْ دَعَا بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عملیات کا جلد اثر کیجئے؟

دین کے عملیات کا اثر نہیں ہوتا اور اگر ہوتا ہے تو دیر میں اس کا کیا سبب ہے جواب اس کا یہ ہے آج کل انسان کی طبیعت لہو لعب اور غیر اعتقادی امورات کی طرف ایسی واقع ہوئی ہے کہ نیک کاموں پر اعتقاد نہیں لاتے اور اگر کسی کے کہنے سننے سے کوئی عمل کرتے ہیں تو شیطان جو ہر ایک ایسے شخص کے مزاج میں زیادہ تر دخل رکھتا ہے اس کے وسوسے اور خطرے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں کہ ان عملیات کو کرتے ہوئے اتنے دن ہو گئے ان کا کوئی اثر ظہور میں نہیں آتا پس یہ خیال اور یہ بد اعتقادی اس عمل سے بدظن کر دیتی ہے اس لیے کامیابی نہیں ہوتی۔ اور جن خدا کے بندوں کا اعتقاد پختہ ہے وہ جلد کامیاب ہوتے اور جو چاہتے ہیں وہ فوراً کر دکھاتے ہیں اور کلمات سفلی اور عملیات شیطانی میں ابلیس کی طرف سے کسی قسم کے خطرے و وسوسے پیدا نہیں ہوتے بلکہ شیطان ایمان خراب کرنے کو اور امداد کرتا ہے کام جلد ہو جاتا ہو توبہ توبہ اور ہزار بار توبہ نقل کفر کفر نباشد شیطانی وساوس اور لا یعنی

خیالات والوں کا قول ہے اور تجربہ ہے کہ کوئی بُرا کام کرنا ہو تو اس طرح کہیں کہ اے شیطان مجھے یہ بد کام کرنا ہے تو میری مدد کر تو بہت جلدی ہو جاتا ہے۔

آزمودہ عمل برائے حب

ایک پیارے دوست کا آزمودہ تجربہ کردہ ہے جس کا دل چاہے آزمائے ممکن نہیں کہ نہ ہو جائے۔ پیر یعنی دوشنبہ کے دن جو ہندو مرے اس کی جلی ہوئی خاک لے کر اور اپنی منی نکال کر اس میں ملا دے اور یہ لفظ اور یا لیت سَوَاہا گیارہ مرتبہ پڑھ کر نام عورت کا لیوے کہ فلاں عورت فلانے مرد کے پاؤں آ پڑے پھر وہ خاک مرد اس کے اوپر خود پھینک دے یا کسی دوسرے سے پھنکوا دے اس کی تابعداری سے انحراف نہ کرے۔

حب کا مجرب عمل

جو مسواک یعنی داتن ہندو لوگ دریا یا ندی یا تالاب کے کنارے اپنے اپنے دانتوں کو صاف کر کے چھوڑ آتے ہیں ان کو لے کر جمع کریں اور اتوار کے دن آفتاب یعنی سورج نکلتے ہی مرگھٹ میں پہنچ کر پیپل کے درخت کے نیچے ننگا ہو کر بیٹھے اور اس جگہ کو گائے کے گوبر سے لیپ کر چولہا مٹی کا بنا دے اور لکڑی پیپل کی اس میں جلاوے اس کی آگ میں تھوڑی تھوڑی گوگل ڈالتا رہے اور اپنے منہ کے سامنے سُرخ دھاگے اور پان اور چاول اور سفید پھول رکھے اور آدمی کی کھوپری اس چولہے پر چڑھاوے اور اس میں اس جانور کا دودھ ڈالے جو کہ دوسری دفعہ کی گیابن (حمل سے) بیانے بچہ دینے کے قریب ہو تھوڑے چاول اور پانی ڈال کر پکا دے جب کہ وہ چاول پک جاویں تو اس کھوپری کو چولہے پر سے اٹھا کر پیپل کے درخت کی جڑ پر اوندھا وے جو چاول درخت کی جڑ پر چپٹے رہ جاویں ان کو اتار کر رکھ لے اور اپنے گھر چلا آوے ان چاولوں میں سے دو تین چاول اپنے معشوق کو کسی شیرینی یا اور کسی کھانے

پینے میں ملا کر کھلاوے محبت میں اس کی دیوانی ہو جاوے اس عمل کو کرتے ہوئے ڈر خوف ہونے کا خیال ہو تو آیۃ الکرسی جو تیسرے پارہ میں لکھی ہے تین دفعہ پڑھ کر داہنے ہاتھ کی انگلی شہادت پر دم کر کے اپنے بیٹھنے کی جگہ پر یا جس قدر دور تک چاہے گول حصار یعنی اپنے چاروں طرف بیٹھنے سے پہلے اُسی انگلی سے لکیر کھینچ لے کچھ دہشت پیدا نہ ہوگی اور نہ کوئی دکھائی دے گا۔

بے نظیر عمل برائے حب

محبت اور الفت پیدا ہونے کے لیے بڑا بے نظیر اور بہت پُر تاثیر ہے اس میں یہ شرط ہے کہ یہ عمل ایسی جگہ کرے کہ جہاں اذان (بانگ) کی آواز اپنے کان میں نہ پہنچے۔ چاولوں کے دھان لے کر کنواری لڑکیوں کے ناخنوں سے چھلوائیں جب چھلکا اُتر جائے تو چاند گہن کے وقت پیپل کے درخت کے نیچے اُس کی لکڑیوں سے آدمی کی کھوپری میں سیاہ رنگ کے جانور کے دودھ میں جو کہ دوسرے مرتبہ کی حاملہ اور اُس کے بچہ دینے کے دن قریب ہوں وہ چاول دھان نکلے ہوئے پکاوے پھر اسی درخت کی جڑ پر اوندھا دے جو چاول درخت کی جڑ پر چمٹے رہ جاویں ان کو لے کر ایسے ہی وقت پر اپنے گھر آجاویں کہ اذان کہیں نہ سُنائی دے اُن میں سے دو تین یا زیادہ چاول لے کر اپنے ہاتھ پاؤں کے بیسوں ناخن اور اپنے بدن کا میل اور اپنی پشم کے بال سب ایسے ملاویں کہ معلوم نہ ہوں وقت ضرورت شرینی یا دودھ بورہ میں معشوقہ کو کھلادیں۔

لاجواب عمل برائے حب

بڑا عمدہ عمل اور نہایت سہل ہے اس کو پنڈت لوگ علم کہانت اور مسلمان غیبی حالت کہتے ہیں اس کے کرنے والے کو چپکے سے کان میں ظاہر کر دیا جاتا ہے اور حسین کو دل چاہتا ہے اسی کو حاضر کرلاتا ہے۔ ہفتہ یعنی سینچر کے دن کوئی ہندنی

عورت پستہ قد (بونی) بُڑھیا مر جاوے تو اس جگہ جہاں کہ اس کے نہلاتے کی ٹھلیا یا گھڑیا یا مٹکا توڑا جاوے گیہوں کے دانے اتنی کہ جتنے میں چار روٹی پک جاویں لے کر شراب میں ملا کر اُن توڑے ہوئے میں کوئی ثابت ٹھلیا یا گھڑیا ہو تو اُس میں اور اگر ایسی نہ ہو تو اور کسی ٹھیکرے میں اُن دانوں کو ڈال دیں تھوڑی دیر میں وہ دانے وہاں سے اٹھا کر انہیں ٹھیکروں میں سے ایک ٹھیکرا لے کر جنگل میں چلا جاوے اور جنگلی ارنے (کنڈے) جلا کر اُس ٹھیکرے میں چار روٹی پکاوے پھر گھر لا کر زمین میں کپڑے کے اندر لپیٹ کر دباوے رات کو وہی مری عورت آ کر عاجزی کرے گی اور دُہائی اور قسم دلاوے گی بڑی عاجزی اور منت سماجت کرے گی اور کہے گی کہ مجھ کو وہ پکی ہوئی روٹی دے دے جب کہ وہ نہایت خوشامد کرے تو آدھی روٹی توڑ کر اُسے دیدے اور آدھی پھر زمین میں دفن کردے نہیں تو وہ ہاتھ سے چھین کرلے جاوے گی وہ عورت ڈراوے گی مگر اس سے ڈرے نہیں ذرا بھی اس کا خوف اور ڈر نہ لاوے اس کو ٹال دے آخر وہ مجبور ہو کر چلی جاوے گی دوسری رات کو پھر آ کر وہ روٹی مانگے گی آدھی روٹی پھر دیدے اور اس سے جو کام لینا ہو اس کا قول و قرار اور قسم دو ہرم عہد و پیمان پختہ وعدہ کام کرنے کا کرے تو پھر وہ روٹی بھی دیدے اُسی وقت اس سے کام ہو تو وہ کام تمہارا کرنے کو تیار ہو جاوے گی اور جو اس سے پوچھو گے کان میں کہدے گی۔

سریع الاثر وعمل برائے حب

محبت و الفت پیدا ہونے کے لیے مجرب ہے اتوار کے دن کُتیا کا دودھ لا کر چینی کے پیالے میں ڈال کر اس میں ساٹھی کے چاول بھگو دیں جب وہ دودھ جذب اور خشک ہو جاوے پھر ان چاولوں کو خون حیض کے کپڑے جو کہ عورتیں ماہواری خون آنے کے وقت رکھا کرتی ہیں وہ خون بھرا کپڑا لے کر اس کپڑے پر چاول ڈال کر پھر اسکو لپیٹ کر کہیں چھپا کر رکھ دیں جب کہ دانے خشک ہو جائیں ان کو نکال کر

رکھ چھوڑیں ایک دو چاول کسی مٹھائی میں ملا کر دے دیوے عاشق زار ہو جائے۔

تعویز برائے حب

صندل سرخ کنویں کے پانی میں رگڑ رگڑ کر اس شکل کا ایک دائرہ کھینچے اور دائرہ کے اندر اس قسم کی تصویر بنائے اور تصویر کی ناف میں نام معشوقہ اور اس کی ماں کا لکھے پھر گلاب میں صندل سفید گھس کر اس تصویر کو اس میں دھوے اور بورا ڈال کر معشوقہ کو پلاوے۔

ہوشربا عمل برائے

اہل نجوم لکھتے ہیں کہ عشق مرض نفسانی ہے اور بہت سخت علاج ہے یہ ایک حالت ہے کہ عارض ہوتی ہے عقل اور نفس اور طبیعت میں اس کے اور زہرہ اور مریخ سے ہوتا ہے کہ ابتدا میں اس کی فعل زہرہ ہے اور آخر فعل مریخ ہے کیوں کہ ابتدائے عشق الفت و محبت ہے اور آخر عشق جلنا خلطوں[1] کا اور فکر و اضطراب ہے۔ پس جس ستارہ کا جو فعل ہوتا ہے وہ دفع نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی ضد کا ستارہ نہ دفع کرے پس زہرہ کا ضد عطارد ہے اور مریخ کا ضد مشتری پس علاج عشق عطارد اور مشتری کی مدد سے ہوتا ہے۔ پس عاشق کو چاہیئے کہ جب اس طلسم کے بنانے کا ارادہ کرے اُس کو چار چیزیں ملحوظ رکھنی چاہئیں۔

پہلے وقت، دوسرے دھونی تیسرے جوہر۔ چوتھے نیت سب سے زیادہ مقدم رکھی ہے جب یہ طلسم بنانا ہو تو یہ مطلب برآری متعلق ستارہ زہرہ ہے کہ یہ ستارہ عشق و

---

[1] نوٹ خلط خون۔ بلغم۔ سودا صفرا کو کہتے ہیں۔

محبت کا ہے اس وقت میں کرے کہ جہاں کہیں ہو دوڑی چلی آوے زہرہ کی ساعت میں ایک نگینہ لاجورد پتھر کا لاوے اور اُس کو دیکھے کہ نگینہ بڑا خوش رنگ ہو اور چھٹیاں اس میں سونے کی چمکتی ہوں اس کی تین قسمیں ہیں۔ سبز جیسی۔ سرمہ جیسی۔ نیلی سرمئی اور نیلی اچھی ہوتی ہے۔ اُن میں سے کوئی سے رنگ ہو جو کو ریوے اور اس پر دو تصویریں خوبصورت عورتوں کی کہ دونوں کی کمر دونوں ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے ہوں اور ہونٹ پر ہونٹ رکھے ہوئے ہوں اس طرح کہ درمیان ہونٹوں کا دکھائی دیوے اور ایک تصویر قمری یا کبوتر کی بنوائے کہ وہ اپنی چونچ سے دونوں کے منہ میں دانا بھرتا ہو جس طرح کہ اپنے بچے کو دانہ بھرایا کرتے ہیں دائیں اور بائیں طرف دونوں تصویروں کے ایک شاخ ریحان کی بنائی جاوے جب اس طلسم کے یہود نے یعنی کندہ کرنے کا ارادہ کرے تو وقت اور ساعت نقش بنانے کا زہرہ ستارہ کا ہو جب تک وہ برج کہ جس میں زہرہ ہے نقش تصویر وغیرہ پورا کرے اگر ایک گھنٹے میں تمام نہ ہو اور کچھ باقی رہے تو نقش اور طلسم بنانا چھوڑ دے جب کہ پھر زہرہ کا دور ہو اس وقت تصویر وغیرہ بنانے سے فارغ ہو جائے پھر چاروں کونوں پر اُس کے چار سوراخ کرے کہ آر پار ہو جائیں پھر چار کیلیں سونے کی ہوں تو بہت اچھا ورنہ تانبے کی کیلیں اُن سوراخوں میں ڈالیں اس طرح کہ نوکیں اُن کیلوں کی طرف سے اونچی نہ رہیں بلکہ برابر اُس نگینہ کے ہوں کہ وہ کیلیں معلوم نہ ہوں۔ پس جب زہرہ اپنے وقت پر رہے تو اس وقت تک ورنہ جب پھر اس کا وقت آوے تو سونا چاندی برابر وزن سے آتنا لیا جاوے کہ جتنے میں ایک انگوٹھی تیار ہو جائے۔ انگوٹھی بنوا کر وہ نگینہ اس میں لگوائے اور انگوٹھی کو جلا دی جائے تا کہ خوب چمک اور صفائی آ جاوے بعد اس کے اس انگشتری کو ایک شیشہ صاف و پاک میں رکھے اور ایک طبق مثل اس کے اس پر رکھیں کہ وہ ڈھک جائے اور سات رات تک روز مرہ زہرہ ستارہ آسمان

کے نیچے رکھے اور ہر رات کو مشک و زعفران اور کافور کی دھونی سُلگایا کرے اور جب وہ ستارہ آسمان پر چھپ جاوے تب اس کو اٹھالے اور چھپا کر رکھ دے ساتویں رات کو یہ عمل پورا ہوگا اور طلسم کامل ملے گا۔

فائدے اس عمل کے یہ ہیں کہ جو شخص اس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے گا وہ محبوب تمام خلقت کی آنکھوں میں ہوگا۔ یہ دو تصویریں خوبصورت ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے نگینہ لاجورد پر بنانا یہ صورت برج جوازکی ہے جیسے کہ جنتریوں کے اوپر والے صفحہ پر ہوتی ہے۔ اگر خود کندہ نہ کر سکے تو کسی کندہ کرنے والے سے ساعت زہرہ کے اندر کندہ کرا دے۔ جس عورت کی نظر پڑے مائل ہو جائے۔

طلسم محبت

اس سے عاشق و معشوق کے درمیان ایسی محبت پیدا ہو کر خود ہی چاہیں تو علیحدگی ہو ورنہ ہرگز جدائی نہ ہو بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے ہوں اس طلسم کے تیار کرنے کو ایک چھوٹی سی کوٹھڑی تنہائی کی سب چیزوں سے خالی کوئی سامان اس میں نہ ہو کوڑا بھی صاف کر دیا جائے پھر اس کو خوشبو سے لبائیں پس ہر مہینہ چاند کی چودھویں تاریخ کو استقبال چاند اور سورج کا ہوتا ہے دن دیکھے کہ کونسا ہے پس اُس دن کی ساعت اور گھڑی نقشہ نے دیکھے اس وقت موم سفید لے کر اُس کے دو پتلے انسانی شکل کے بناوے ان دونوں شخصوں کی شکل و صورت کے موافق جس میں کہ محبت پیدا کرنی ہے ایک پتلے کو کوٹھڑی کے ایک کونہ میں اور دوسرے پتلے کو دوسرے کونے میں آمنے سامنے یعنی ایک دوسرے کے مقابل میں رکھیں اور لوبان سُلگا دیں پس ہر روز جس قدر چاند سورج سے نزدیک ہوتا جائے اسی قدر حساب سے ان دونوں تصویروں کو سرکا کر رکھا جائے یہاں تک کہ اسی حساب سے ہر روز چاند نزدیک ہوتے ہوتے آفتاب سے مل جائے اسی قدر ہر روز دونوں تصویریں ہوتے ہوتے ایک جگہ میں آجائیں سورج

اور چاند ہر مہینے کی اٹھائیسویں تاریخ کو ملتے ہیں جب اس وقت میں چاند سورج ایک درجہ یعنی ایک دقیقہ پر آجاویں اسی تاریخ خاص میں ان دونوں تصویروں کو بھی سینہ بسینہ ملا کر کھڑی رکھیں جہاں کہ وہ دونوں تصویریں آکر ملی ہوں اس میں ذرا فرق نہ رہے۔ پھر ان دونوں تصویریں ملی ہوئی کو ایسی جگہ چھپا کر رکھیں کہ کوئی نہ دیکھ سکے تاثیر اُس کی یہ ہے کہ چودھویں تاریخ سے اٹھائیسویں تک جس قدر کہ یہ تصویریں قریب تر ہوتی جائیں گی وہ دونوں شخص بھی آپس میں نزدیک ہوتے جائیں گے اور جبتک کہ دونوں تصویریں آپس میں ملی رہیں گی یہ دونوں شخص بھی اس میں مل جُل کر رہیں گے۔ اور کسی حال میں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے بڑا آزمایا ہوا طلسم ہے۔

قوت امساک

سفید مرغ کا خون مرد اپنے بدن پر لگائے اور عورت کو ہمبستر بنائے دل و جان سے عاشق زار ہو جائے بالکل ایسے سفید رنگ کا مرغ جس میں ذرا بھی اور کوئی رنگ نہ ہو اس کے خون میں شہد ملا کر نئے برتن مٹی کے میں ڈال کر ہلکی آنچ پر ایک دو جوش دے کر اپنے بدن پر لگا دیں جس سے صحبت کرے صدقہ اور قربان ہو جائے۔

قوت امساک کے زبردست نسخے

(۱) سیاہ کوّے کی بیٹ پیس کر شہد میں ملا کر اپنے عضو پر ملیں ہم صحبت ہونے پر عورت جان نثاری کرنے لگے۔

(۲) ریچھ کا نارہ گلاب کے عطر خالص اول درجے میں گھس کر ذرا ذرا سا کافور اور شہد ملا کر خوب پیسلیں اور اپنے عضو پر ذرا سا لگالیں اور معشوقہ سے صحبت کریں مزے میں ایسی بیقرار ہووے اور ایسی لذت آوے کہ مرد کی عاشق زار بن جائے۔

۳- بندر کا نارو گائے کے گھی میں گھس کر لگائے معشوق اپنی ہو جائے۔

عورت کو راغب کرنا

محبت پیدا ہونے عورت کو اپنی طرف راغب کرنے کا بڑا پُر اثر بڑی تاثیر رکھنے والا عمل معروف من موہنی چورا ہے کی مٹی قبر کی مٹی جس پر مینہ نہ برسا ہو ہندو مردے کی راکھ جو تازہ جلایا گیا ہو اور اس کے پھول نہ چُنے گئے ہوں اور نہ اُس پر مینہ برسا ہو منگل کے دن لا کر مٹی کے کورے آبخورے میں بھر کر رکھیں جس کو فرمانبردار کرنا ہو اُس کا اور اپنا نام لے کر یہ منتر پڑھے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر آبخورے میں پھُونک دے دی اسی طرح سات منگل تک پڑھے اس میں سے ذرا سی خاک معشوقہ کے سر پہ ڈالے مطیع فرماں ہو جاوے منتر ہے گور اندر گور چندر گور شنکر گور شاعر گور بن کون پیران گور و بیمار بال کا بدل پاوے فلانے کا نام نا او دہ بدبستہ بدبدی جاتی پران دُھائی با گنا بدی پکڑنے آوے ہماری لیال دُھائی وا ہدنا تھ کی پکڑ لیا وے پاس بیٹھے کے تورشان کے چاہیے ہماری پگیٹ پر اسیر ماہان دیو ترا با جافری کام ہوئے لہذا ناچیز مؤلف گذارش کرتا ہے کہ حکیم اور ڈاکٹر بیماروں کی صحت وری کے لیے ناجائز اشیاء بھی استعمال کرادیا کرتے ہیں جن سے مریضوں کو صحت ہو جاتی ہے جیسے انسان اور حیوان کا پاخانہ و پیشاب و کھال و کھوپری اور منشی اشیا و بھنگ افیون گانجہ، شراب بیماروں کو استعمال کراتے اور اچھے ہو جاتے ہیں لہذا اس بحث میں عاملوں، کاملوں، حکیموں، جادوگروں، نجومیوں کے مجربات جو ہم پہنچے تحریر میں لائے گئے جو آزمائیں گے اپنے کاموں میں کامیابی دیکھیں گے۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے

خاوند اور بیوی کا انسان کی آسائش اور آرام کے لیے ایک بڑا بھاری ذریعہ ہے لیکن آج کل کے جوان اپنے جوشِ شباب کے باعث اپنے گھر کی بیوی کے علاوہ دوسری عورتوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ بازاری طوائفوں وغیرہ کی چکنی چُپڑی باتوں

اور اُن کے مذاق و دل لگیوں میں اپنی ناآزمودہ کاری کے باعث اپنی عورتوں کو خواہ وہ کیسی ہی خوبصورت ہوں چھوڑ بیٹھتے اور اُن کے تاش و گنجفہ اور شطرنج و چوسر کے مشغلہ اور ڈھول دھپے کو پسند کرتے ہیں۔ پردہ نشین خاتون عفت مآب مستورات اپنے گھروں میں پڑی رہتی ہیں اور اپنی جوانی کی راتیں آہ و نالہ کر کے گذارتی ہیں خاوند اُلّو کا گوشت کھائے جیسے اپنی سرجبینوں کو ٹھکراتے اس کا زیور اُتارے جاتے ہیں اور اُن عیاروں و مکاروں کی فرمائشوں کو نہایت ذوق و شوق سے پورا کرتے ہیں کوئی کتنا ہی سمجھائے کسی ایک کا کہنا نہیں مانتے بلکہ اپنے گھر کا آنا ترک کر دیتے ہیں ایسے ہی گھروں میں حضرت شیخ سعدی کا شعر صادق آتا ہے ؎

تہی پائے رفتن بہ از کفشِ تنگ بلائے سفر بہ کہ در خانہ جنگ

میاں بیوی کی رات دن دانتا کِلکِل بلکہ ہر وقت جھٹم جوٹ رہتی ہے۔ پس خاوند اور بیوی کا تعلق ایک جائز تعلق ہے عورت کی محبت کا دم بھرنے کے لیے عجائب راز اور پوشیدہ اسرار ظاہر کیے جاتے ہیں جن سے مرد عورتوں کے جلد تابع فرمان ہو جاتے ہیں اور عمر بھر مونس جان بنے رہتے ہیں۔

خاوند کو تابع کرنا

عورت اپنے خاوند کو اپنا تابعدار اور اپنی محبت میں سرشار رکھنا چاہے وہ یہ عمل دو کاغذوں پر لکھ کر ایک اپنے پاس رکھے اور دوسرا اپنے خاوند کو کسی شربت یا چائے یا دودھ میں دھو کر پلائے ایک دوسرے میں مرتے وقت تک محبت و اُلفت برقرار رہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَدَمُ عَلَیْکَ بِقُدْرَتِ الفیل وبحرمۃ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم و بحرمۃ موسیٰ کلیم اللہ و بحرمۃ عیسیٰ روح اللہ ط فلاں بن فلاں علی حب فلاں۔

خاوند نفرت نہ کرے

اس آیت شریف کو بارہ دفعہ شکر سفید (چینی بورہ) پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلاوے محبت کا دم بھرنے لگے بلا اپنی بیوی کے دوسری کا نام نہ لے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ٥

خاوند مطیع ہو جائے

یہ تعویذ جو عورت اپنے پاس رکھے خاوند اس کا تابع فرمان رہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بحقِ موسٰی وعیسٰی بحقِ داؤد و محمد رسول اللہ وبحقِ جبرئیل میکائیل واسرافیل وعزرائیل۔

میاں بیوی میں دلی محبت ہو

یہ تعویذ دو پرچے

٧٨٦

٢	٩	٤
٧	٥	٣
٦	١	٨

کاغذ پر لکھ کر ایک اپنے شوہر کو شربت میں دھو کر پلاوے اور ایک اپنے گلے میں باندھ لے دونوں میں دلی محبت پیدا ہووے اور عمر بھر جان و دل سے مہربان رہے۔

خاوند محبت سے نہ پیش آئے

اس آیت کو کاغذ پر لکھے اسے انار کے درخت میں لٹکاوے جس قدر رہے گا خاوند عورت کے پاس آئے گا ۔ ۱۱ ۶ ۲ ۶ ۶ و ہ

بحق توریت موسیٰ وانجیل عیسیٰ وبحق زبور داؤد وبحق فرقان محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اجمعین وبحق ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وبحق عمر فاروق رضی اللہ عنہ وبحق عثمان رضی اللہ عنہ ذی النورین وبحق علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

خاوند کے دل میں محبت پیدا کرنا

اس فلیتہ کو مرد کے پہنے ہوئے پاجامہ یا تہمد جس کو تہ بند بھی کہتے ہیں اس کے کپڑے پر لکھ کر تازہ تیل تلوں کا مٹی کے چراغ میں ڈال کر فلیتہ کو جلاوے عورت سے دلی محبت کرے۔

حقعص ۱۱۹ طھم

محمد ۵۵ ع ۱۱ ط علے ۱۱۹۱۱ ہ طھم ہ ھ ۱۲ الالعم

۸ ۱۱۸ ۲ ۱۲ ۱۱ ۸۱۱۱ ۲۹۸

خاوند محبت میں بیقرار ہو

ایک کاغذ پر لکھ کر بتی بناوے اور مرد کے سر کے بال لپیٹ کر چراغ میں جلاوے مرد کے دل میں گرمی محبت ہو کر عورت کے پاس آئے۔

م ۱۱۱ ع الہم اعتزع ۱۱ ۶۹ ۷۷ ۱۱۹ ۱۱۱۸ لا لا م ۱۱ و ۱ اور

یہ کہتا جاوے کہ فلاں بیٹا فلانے کا فلانی کی سے محبت دلی ہووے۔

خاوند کھنچا چلا آئے

مرد کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور بلا تیل جلاوے اگر سو کوس پر بھی ہوگا تو اپنی عورت کے پاس آوے وہ جان و دل سے محبت جتاوے۔ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَصْحٰبَ السِّحْرِ وَالْوَسْوَاسِ مِنَ الْجُنُوْدِ اِبْلِيْسَ اَجْمَعِيْنَ يَا هَاهُوَ الْمُعَظَّمَةُ نام مرد و عورت معہ ماں باپ کے لکھے۔

محبت زوجین

ہر عورت مرد میں دلی محبت ہو یہ آیت مشک اور زعفران پان میں پیس کر نیا قلم نیا کر دو پرچہ کاغذ پر لکھے ایک تعویذ چاندی میں کر کے باندھے دوسرا تعویذ مرد کو پلاوے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ؕ قَدۡ شَغَفَہَا حُبًّا ط وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ ؕ یُحِبُّوۡنَہُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَ اٰھِیًا اَشۡرَاھِیًا۔ عورت مرد اور ان باپ کا نام لکھے۔

میاں بیوی میں سلوک

اتوار یا بدھ کی رات کو وضو کر کے دو رکعت نفل بعد الحمد پڑھ لینے کے بعد یہ آیت شریف لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ۔ اکیس اکیس بار پڑھے پھر تین بار درود شریف پڑھے پھر سجدہ میں جا کر بیس دفعہ یَا رَحِیۡمُ میری یہ دعا قبول کر کر فلانا شخص فلانے کا بیٹا فلانی عورت فلانے کی بیٹی پر مہربان اور تابعدار ہو جائے بِحَقِّ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ۔

خاوند کبھی ناراض نہ ہو

عورت چاہے کہ خاوند کبھی ناراض نہ ہو تو یہ کرے سیاہ مرغ کا سر کسی نئے پیالے میں رکھ کر اُس چارپائی کے نیچے زمین میں دبا دے جس پر دونوں سوتے ہوں اور مجامعت کرتے ہوں جب تک وہ گڑا رہے گا مرد ہمیشہ اُس کا تابعدار بنا رہے گا۔

خاوند عاشق ہو جائے

پان کتھ چونہ کا بنایا ہوا چھالیہ وغیرہ ڈال کر اُس پر یہ آیۃ پڑھی جاوے جو عورت اپنے خاوند کو کھلا دے وہ ہمیشہ اُس کا عاشق رہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ وَخَلَقۡنٰکُمۡ اَزۡوَاجًا ۙ وَجَعَلۡنَا نَوۡمَکُمۡ سُبَاتًا ۙ وَجَعَلۡنَا الَّیۡلَ لِبَاسًا ۙ وَجَعَلۡنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ۔

خاوند بیوی پر مرمٹے

شوہر اور عورت میں ایسا اخلاص ہو کہ کبھی عورت

سے انحرافی نہ کرے یہ آیت لکھ کر یا اور کسی سے لکھا کر کسی طرح خاوند کو کھلاوے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ رَبَّنَاۤ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوۡمٍ لَّا رَیۡبَ فِیۡہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ ۔ نام عورت اور اس کی ماں کا خاوند اور اس کے باپ کا لیا جاوے اور کہا جاوے کہ اوپر عورت کے مرد جاں نثار رہے۔

خاوند ہر وقت مطیع رہے

عورت چاہے کہ خاوند کو ایسا کر دے کہ وہ اُس کے حق میں کسی کی غیبت یا شکایت نہ سُنے تو عورت کو چاہیئے کہ یہ عمل کسی سرکنڈے کے سبز پتے پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر مرد کو پلاوے۔ اَجِیۡبُوۡا یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الۡاَسۡمَآءِ ۱۱۱ ۶۹۹ ۵ ۱۱۱ ۸ ۵ ح ح ح معط ۱۱ ۵ ۱۱ ۷ ۱۱۱ ع ۵ و ح ح ۱۱۱ ۸ ۲۔

خاوند بدکاری سے باز رہے

مرد کو زنا سے باز رکھے اس طلسم کو کنبر درخت کے چار پتوں پر لکھ کر کہے باندھے میں نے تیرے کان اور آنکھ اور شرمگاہ تیرا اُٹھے تیرا عضو حسرا مکاری پہ مگر حلال عورت پر ۱۱۱ ع ۸ ۸ ۱۱ ۲ ۵ ۵ ۲ ۱۱ ح ۱۱ اَجِیۡبُوۡا یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الۡاَسۡمَآءِ بِعَقۡدِ ذِکۡرِ کَذَا وَکَذَا عَنِ الۡحَرَامِ اور کذا کی جگہ اپنا اور مرد کا نام لیوے۔

بیوی راضی رہے

۱۳۳۷ء میں دہلی اس کتاب کے چھپوانے کو قیام کرنا پڑا قرب وجوار کے مرد عورت اپنی بیماری کے علاج کو آتے تھے۔ بچوں کو بھی لاتے تھے۔ اُن کو نسخے لکھے جاتے اپنے پاس سے دوائیں تیار بھی دی جاتی تھیں۔ جو صاحب پھونک دلانے تعویذ لینے کی خواہش کرتے تھے تو اس سے بھی اُن کے دل خوش کئے جاتے تھے۔

ایک شخص نے شکایت کی کہ آج کل میری بہت عسرت سے گذرتی ہے جو

کام صفائی نگینہ کا مجھے آتا ہے وہ کوئی نہیں کراتا۔ اس وجہ سے میری عورت سب مجھے ناراض رہتی ہے کوئی ایسی تدبیر بتائی جائے کہ وہ مجھے خوش رہے اور جو کام اس کو آتا ہے وہ بھی کیا کرے۔ اس کو یہ دعا کاغذ پر لکھ دی اُس کو اس بہانے سے کھلا دی کہ استقرار حمل کے لیے ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ رَبَّنَا اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ہ خدا نے اس غریب کی ایسی سُنی کہ خوشنودی سے اپنے گھر کے کام کرنے لگ گئی۔

دولہا دلہن میں محبّت

دولہا دولہن کی آپس میں محبت و اُلفت رہے آستر ہ کے اوپر یہ اسمائے پاک لکھے۔ ۸۶، مَمْدُوْدٌ مُّقَعَّرٌ حَجَرٍ وَّ حِیْلَ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَھُوْنَ ۰ کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِھِمْ مِّنْ قَبْلُ اِنَّھُمْ کَانُوْا فِیْ شَکٍّ مُّرِیْبٍ ۰ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ ۰ ثُمَّ اِنَّکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عِنْدَ رَبِّکُمْ تَخْتَصِمُوْنَ پھر اس کے بعد اُس کا نام لکھے اور ایک کچا تا گا اُس پر لپیٹ کر پتھر کے نیچے دبائے رکھے۔

مردوں کا مزاج

چوں کہ مردوں کے مزاج مائل بگرمی اور راغب خشکی ہوتے ہیں اس لیے خواہش مردمی زیادہ ہوتی ہے ایک عورت سے سیری نہیں ہوتی اور یہ ہوس رہتی ہے کہ دوسری تیسری بلکہ چار شادی کر کے لذّت جماعی حاصل کی جاتی رہے۔ دوسری تیسری خاتون جو کی جاتی ہے تو پہلی سے وہ محبت اور چاہت نہیں رہتی نئی کتخدا کی طرف الفت زیادہ ہو جاتی ہے اور اُس کو زیور و پارچہ پوشیدنی سے آراستہ و پیراستہ

رکھا جاتا ہے اور اس کا کہنا ہر طرح مانا جاتا ہے پس پہلی مستوار شک و حسد کرتی اور ہر وقت اور گھر میں رات دن داتا کِلکل رہتی اور مردکی شکل آجاتی ہے کرنے میں لطف و مسرت حاصل کرنے کو اور اُٹھی زندگی دشواری سے گزرتی ہے لہذا دونوں کی خوشنودی موجب افزونی زندگی ہے اور اگر اور بھی دو چار ہوں تو سب میں کٹ چھنی نہیں رہتی ہنسی خوشی سے گھروں میں رہتی اور زیادتی آل اولاد کی ہوتی ہے۔

سوکنوں کی لڑائی نہ ہو

(۱) مردوں کا فرض ہے کہ دونوں سوکنوں کو خوش رکھے تاکہ آپس میں نہ لڑیں تو تھوڑا سا نمک پیا ہوا لے کر کسی برتن چوڑے میں رکھیں اور اس پر یہ آیت ۱۱ مرتبہ پڑھیں پھر نمک کو اوپر نیچے کر کے پھر اسی طرح سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ہر مرتبہ نمک خلط ملط کر کے آٹے کو گوندھیں اور یہ نمک اس میں ملا کر روٹی پکاویں اور دونوں سوکنوں کو کھلاویں دونوں میں محبت میں رہے کوئی نہ لڑے نہ جھگڑا کرے مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰہِ جِبْرَائِیْلُ اَمِیْنُ اللّٰہِ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰہِ عِزْرَائِیْلُ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ط

عمل ۲

عورت کو جو کے آٹے کا وہ غبار جو چکّی پیستے وقت اس پر لگ جاتا ہے بارش کے پانی میں پلایا جاوے تو محبت دونوں سوکنوں میں برابر رہے۔

عمل ۳

کوئی یہ چاہے کہ دونوں سوکن آپس میں ہنسی خوشی زندگی بسر کریں چاہیئے کہ جونسی لڑا کا ہو اس کو یا دونوں کو خرگوش کے سر کا مغز یعنی بھیجا تھوڑی شراب میں ملا کر پلا دیویں عداوت دور ہو جائے۔

عورت بدکاری سے باز آجائے

جوانی ایسی دیوانی ہے کہ اس عمر میں عورت کو مرد میسر نہیں آتا

ہے تو اپنے کو غیر مردوں کو کی طرف راغب کیا جاتا ہے۔ اور اگر وہ باہر چلنے پھرنے لگ گئی ہے باغوں کی سیر پسند کرتی ہوٹلوں کلبوں سینماؤں تھیٹروں کے تماشے شوق سے دیکھتی ہے۔ مردوں سے جلسوں میں شریک ہوتی ہے وہ ضرور خوبصورت مردوں کی عاشق اور اس کے عشق میں گرفتار ہو جاتی ہے اگر روکا جاتا ہے تو والدین کی ناز د نعم کو خیر باد کرکے راہِ فرار اختیار کرتی ہے بزرگوں کے کلنگ کا ٹیکہ لگا جاتی ہے۔

پس جس مستور بے شعور سے ایسے خیالات بد نظر آویں ان کو ان تدبیرات سے باز رکھا جائے۔ اس مقصد کے لیے ایک بڑا سا قفل لیا جائے اور اس پر ایک ہزار اور ایک مرتبہ یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ ہر مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کہتا جائے کہ بستم محل مخصوص (شرمگاہ) فلاں بنت فلاں (نام عورت اور اس کی ماں کا) لیا جائے سب پڑھ لینے کے بعد ایک کاغذ پر یہ عمل لکھنے کے بعد عورت اور اس کی ماں کا نام لکھ کر اس کاغذ کو قفل کے اندر رکھ کر قفل بند کر دیوے اور پھر اس کو تانت سے باندھ کر پانی کے حوض یا کنوئیں میں ڈال دیوے عورت اپنی بدکرداری اور عصمت فروشی سے باز آجائے گی۔

شادی شدہ عورت بدکاری سے باز آجائے

اور اگر کسی خاوند کی عورت نے بے حیائی اختیار کی ہوئی ہو تو یہ دوسرا عمل کام میں لایا جائے یہ اسمائے سریانی مرد اپنے عضو تناسل پر لکھ کر عورت سے صحبت کرے پھر وہ عورت کسی دوسرے مرد سے زنا نہ کرائے۔



عقد تاک یا کذا وکذا عن الزنا الا علی زوجک فلاں بنت فلاں کذا وکذا کی جگہ اپنا اور اپنے باپ کا نام لکھا جاوے۔ اور

فلاں فلاں کی جگہ عورت اور اس کی ماں کا نام لکھنا چاہیے۔

علاوہ ازیں چڑیا کے خون میں سہاگہ پیس کر ملائے اور اپنے بدن پر لگا کر زنا کار عورت سے ہمبستری کی جائے دوسرے سے ہمبستر ہونا پسند نہ آئے۔

ناکام محبت کا علاج

جس شخص کا دل کسی مرد یا عورت سے محبت کرتا ہو اور وہ ہاتھ نہ آوے۔ رنج و غم اس کی محبت سے زیادہ ہووے تو اسے چاہیے کہ ایسی بلاو مصیبت سے بچے اپنے آپ کو کسی دوسرے شغل میں مصروف کرے۔ ملازمت۔ تجارت زراعت۔ سیاحت۔ صنعت۔ حرفت کے کام کرے تاکہ خیال بدل جائے۔ ورنہ ان عملیات میں سے کرے۔

پہلا علاج یہ حروف تین دن تک ہر روز تین مرتبہ صبح دوپہر شام کو کسی پیالے چینی یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کالی سیاہی سے لکھے اور زبان سے چاٹے یکمواش یکمواش جالھموش ویکموش اَللّٰھُمَّ کَمَا تَمْحِیْ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءَ امحُ مُحَبَّۃَ کَذَا وَکَذَا مِنْ قَلْبِ کَذَا وَکَذَا اے اللہ جس طرح چاٹنے سے یہ الفاظ مٹ گئے اسی طرح تو میرے دل سے فلاں کی محبت مٹا وے۔ کذا کذا کی جگہ اپنا نام اور اپنے باپ کا اور عورت کا اور اس کی ماں کا لکھے۔

دوسرا علاج یہ کلمے تھوڑے سے کپڑے کفن پر لکھ کر بکری کے سینگ کو خالی کرکے اس میں رکھ کر موم سے بند کردیں اور اس کو کسی پرانی قبر میں ہفتہ کے روز (شنبہ) سورج نکلتے نکلتے دفن کر دیں کیسا ہی عشق اور محبت ہو محو ہو جاوے تعلفلح ۲ لطلطلم ۲ سلسلم وَقِیْل

اَلْیَوْمَ نَنْسٰکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَاۗءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا کَذٰلِکَ تُنْسٰی کَذَا کَذَا مَنْ کَذَا یَئِسَ مِنْکَ کَمَا یَئِسَ الْکُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۔ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْٓ اَعْمٰی وَقَدْ کُنْتُ بَصِیْرًا ط قَالَ کَذٰلِکَ اَتَتْکَ اٰیٰتُنَا فَنَسِیْتَھَا کَذٰلِکَ الْیَوْمَ تُنْسٰی ط ترجمہ۔ آج تم کو ویسے ہی بھول گئے جیسے تم نے ہماری آج کے دن کی ملاقات کو فراموش کر رکھا تھا۔ اسی طرح فلانا بھول جائے فلاں عورت کو اور اسی طرح وہ مایوس ہو جائے مجھ سے جیسے کافر قبر والوں سے ناامید پھرتے ہیں۔ وہ کہے گا اے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اُٹھایا۔ میں تو دُنیا میں دیکھتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے پاس میری آیات آئیں مگر تو نے اُن کو فراموش کر دیا۔ اسی طرح آج تو فراموش کر دیا گیا ہے۔

محبت ختم کرنا

جو کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہو اور اپنے عشق کے ظاہر ہونے سے فضیحت اور بدنام ہونے کا خیال ہو اور اس امر کی تمنا ہو کہ میرا عشق جاتا رہے تو چاہیے کہ آیت مذکورہ چینی کے برتن میں مشک اور زعفران کو پانی میں گھول کر تین دن لکھ کر مع نام اس عورت کے جس کی محبت کو چاہے کہ چھوٹ جائے رات کو آسمان کے نیچے ستاروں کے سایہ میں رکھے اور صبح کو پی لیا کرے تین دن پینے سے حالت درست ہو جاتی اور محبت جاتی رہتی ہے۔

دونوں میں علیحدگی ہو جائے

دو شخصوں میں علیحدگی کرانی ہو تو بکری یا بکرے کے شانہ کی ہڈی ثابت لیوے وہ نہ لیوے جو قصائی توڑ کر پھینک دیتے ہیں اُس پہ یہ آیت شریف لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ نیچے لکھے کہ فلاں عورت فلانے کی بیٹی سے فلاں مرد فلانے کا بیٹا دونوں میں قیامت تک کے لیے عداوت ہو جائے۔

دونوں میں عداوت ہو جائے

اس آیت کو روٹی پہ لکھ کر کھلا دے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِیَ وَقِیْلَ مَنْ رَاقٍ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ط فلاں بن فلاں اور فلانی بنت فلاں میں عداوت ہو۔

مجرب عمل جدائی

طب فریدی کا آزمودہ و مجرب عمل لوہے کو اس قدر گرم کریں کہ خوب سُرخ ہو جائے پھر اُس کو ٹھنڈے پانی میں بجھا دیں۔ بجھاتے وقت یہ کہا جاوے کہ جیسے یہ لوہا گرم ٹھنڈے پانی میں سرد ہوتا ہے۔ اسی طرح فلانے مرد کا دل فلانی عورت کی طرف سے ٹھنڈا کر دے اسی طرح تین مرتبہ ٹھنڈا کریں اور بجھا دیں پھر اُس پانی سے عاشق کا منہ دھو دیں اور کچھ چھینٹے پانی کے سینے پر ماریں۔ تین دن اس عمل کو روزمرہ اسی طرح کریں۔ عاشق کے دل سے معشوق کی محبت جاتی رہے گی۔

عشق کا بھوت اتر جائے

وہ سنگ مرمر جو کسی مردہ کی قبر پر اس کی وفات کی تاریخ لکھ کر لگایا کرتے ہیں اُس میں سے ایک ٹکڑا لے کر اور اُس کو پانی سے دوسرے پتھر پر گھسیں اور گھستے وقت نیت جدائی عاشق و معشوق کی جاوے اور عاشق کو اُس کی بے خبری میں پلاوے یا کسی چیز میں ملا کر کھلا دے۔ جس کسی سے عشق ہو گا وہ رفع ہو جائے گا۔

محبت نفرت میں بدل جائے

کوری ہانڈی مٹی کی لے کر اس معشوقہ عورت کے سر کے بال جس پہ مرد عاشق ہے لے کر اس ہانڈی میں ایسے جلائیں کہ دھواں باہر نہ جائے۔ پھر اُس ہانڈی میں پانی ڈال کر وہ پانی مرد کو پلائیں۔ عشق اُس عورت کا جاتا رہے۔ بلکہ ایسی نفرت ہو جائے کہ

بھی اس کے دیکھنے کو دل نہ چاہے۔

خاوند بدکاری پر قادر نہ ہو سکے

کوئی عورت یہ چاہے کہ میرا خاوند کسی دوسری عورت سے زنا نہ کر سکے تو اس عورت کے واسطے یہ اسمائے پاک کسی کاغذ پر لکھ کر دیا جاوے وہ تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے ۸۶، عَقَدْتُ سَمْعَكَ وَبَصَرَكَ وَذَكَرَكَ لَا يَقُوْمُ اِلَّا فِي الْحَلَالِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ ۱۱۱۱۶ ۱۵۵۴ ۱۱۷۱۷۱ ح ۷ ع ۱۲۶۸ اجیبوا یا خُدّام هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ لِعَقْدِ ذَكَرِ فُلَانٍ عَنِ الْحَرَامِ۔ اس کا ترجمہ یہ ہے کہ میں نے تیرے کان آنکھ اور ذکر کو باندھ دیا ہے حلال کے سوا کھڑے نہ ہوں گے فلاں کی جگہ نام مرد کا لکھا جاوے۔

زانیوں میں تفرقہ ڈالنا

مرد زانی اور عورت زانیہ میں جدائی ڈالوانی ہو تو ایک سبز درخت کی ٹہنی (شاخ) سات مرتبہ یعنی سات جگہ لفظ بدوح لکھے پھر اُس کو کاٹنا شروع کرے اور کاٹتے وقت یہ الفاظ کہتا رہے۔ قَطَعْتُ قَلْبَ فُلَانٍ عَنْ فُلَانٍ (مرد کا نام مرد کے باپ کا نام لکھا جائے) مُحَبَّةً فلاں بن فلاں عورت کا عورت کی ماں کا نام لیا جاوے) پھر اُس ٹہنی کو کسی پرانی قبر میں دفن کرے اور دفن کرتے وقت یہ آیت پڑھے اَلْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ كَذَالِكَ الْيَوْمَ تَنْسٰى فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ عَنْ مُحَبَّةِ فُلَانَةٍ بِنْتِ فُلَانَةٍ يَمُوْتُ قَلْبُهٗ كَمَا مَاتَ عَلَيْهِمْ صَاحِبُ هٰذَا الْقَبْرِ یہاں بھی نام مرد اور اُس کے باپ کا اور عورت اور اُس کی ماں کا لیا جائے۔

ایک مجرب عمل

اُونٹ کے جسم پر مکھی جیسا جانور جو بیٹھتا ہے اور اس کو کلینی اور کلیلہ کہتے ہیں پکڑ کر عاشق کی آستین پر اس کی بے خبری میں دو چار مل دیا کرے۔ اور کسی بہانہ سے اس کے بازو پر بطور تعویذ

باندھ دیا جائے تو دوسری عورت کی طرف سے اس کا دل پھر جائے مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی نے بھی سپارہ اَلْحَمْدُ کی تفسیر فتح العزیز میں مجرب لکھا ہے۔

ترک عشق کے لیے

پلانا پانی اُس دُھلے ہوئے کپڑے کا جو معشوق کی گردن سے بندھا ہوا ہو یا کرتی وغیرہ پٹی گلے کی ترک عشق کے لیے مفید ہے۔

عمل ۲ :۔ کسی قتل کئے ہوئے شخص کی قبر سے تھوڑی مٹی لے کر پانی میں پیس کر پلائی جائے کیسی ہی معشوق سے محبت ہو چھوٹ جاتی ہے۔

عمل ۳ :۔ قبرستان میں زیادہ بیٹھنے سے بھی عشق جاتا رہتا ہے۔

عمل ۴ :۔ شربت بادرنجبویہ صبح و شام دو تین تولہ پینے سے بھی عشق سے رہائی پاتا ہے۔

عمل ۵ : ان نشہ پیدا کرنے والی دواؤں کے پینے سے نشہ ہوتا ہے تو اس نشہ کی غفلت سے بھی عشق نہیں رہتا۔ افیون۔ بھنگ۔ اجوائن خراسانی بیخ لفاخ۔

عشق کا نشہ اتارنا

جو عاشق اپنا عشق دور کرنا چاہے اُس کو مناسب ہے کہ جس جگہ خچر اپنا خچری لوٹتے ہوں یہ بھی لوٹ جائے عشق اُس کا رفع ہو جائے۔ اگر مرد یا لڑکے پر عاشق ہے نر خچر کے لوٹنے کی جگہ لوٹے اور اگر عورت پر عاشق ہے تو مادہ خچر کی جگہ لوٹے کیسا ہی عاشق زار ہو عشق کا ذوق شوق محو ہو جائے گا۔

شہوت کا خیال غلبہ نہ کرے!

جس کو شہوت بہت ستاتی ہو اور اُس کی زیادتی سے ہر ایک عورت کی

طرف دل رغبت کرتا ہو تو وہ ان اسماء کو ۱۰۱ بار کسی وقت پڑھ لیا کرے تو اس کی شہوت کی خواہش زائل ہو جائے گی یَا حَلِیْمُ یَا وَهَّابُ یَا رَءُوْفُ یَا مَنَّانُ۔

دوسرا عمل یہ دوا بنا کر اپنے عضو مخصوص پہ لگائیں اور اگر کوئی دوسرے مرد یا عورت چاہیں کہ مرد کی قوت مجامعت جاتی رہے اور کبھی ہمبستری نہ کرے گلاب کے سبز پتوں کا عرق نکالیں اور اس میں کافور گھوٹ کر ہفتہ میں ایک روز عضو مخصوص پہ لگائے خواہش جماع کی جاتی رہتی ہے۔

قوت جماع کیئے جانے کی تین اقسام

ایک تو یہ ہے کہ جنوں کی طرف سے اکثر جوان حسین وجمیل مردوں پر جناتی عورتیں عاشق ہو جایا کرتی ہیں۔ اور اسی طرح جناتی مرد انسانی عورتوں کے شیدائی ہو جاتے ہیں اور پھر اس عورت مرد کی شادی ہو جاتی ہے تو اس مرد کو نامرد بنا دیتے ہیں کہ جہاں اس عورت کے پاس گیا کہ جانے سے پہلے ہی انتشاری وقوت تیزی پہلے جو بہت ہوا کرتی تھی وہ نہیں ہوتی مفصل حالات اُن کے جن اور بھوتوں کی تکلیف دہی میں پڑھیئے دوسری یہ ہے کہ بعض عورت کسی مرد پر عاشق ہو جاتی ہے تو اس مرد پر چاہا کرتی ہے میاں اپنی ہی عورت ہوتی ہے تو وہ بھی یہ چاہتی ہے کہ یہ مرد کسی دوسری عورت کے پاس نہ جاوے تو اس کی منی کو باندھ دیتی ہے جس کی ترکیب دوسرے حصہ میں لکھی ہے۔ اور وہ مرد ایسا ہو جاتا ہے کہ سوائے اس عورت کے کسی دوسری عورت سے صحبت نہیں کر سکتا۔ اور اگر اس کے پاس جائے بھی تو کچھ نہ کچھ تکلیف ہو جاتی ہے یا اعضائے مخصوص میں سستی آ جاتی ہے۔

تیسری قسم یہ ہے کہ کوئی دشمن از راہ عداوت یا جادو یا سحر سے مرد کی قوت باہ کو زائل کر دیا کرتے ہیں اور اُن کی یہ حالت ہوا کرتی ہے کہ

بدن پر چینٹیاں سی چلتی جسم کے اندر سوئیاں سی چبھتی رہا کرتی ہیں۔ سوتے میں بدخوابی ہوا کرتی بڑی شکلیں نظر آتی اور خوفناک تصویریں دکھائی دیا کرتی ہیں۔ عورتوں کے ساتھ بھی ایسے واقعات پیش آتے ہیں اور اُن کو بھی سوائے اپنے دوسروں سے نفرت پیدا کر دیتے ہیں۔

علاج ایسے شخصوں کا علاج یہ ہے۔ پہلا علاج چینی کے برتن میں پندرہ جگہ سورۃ انا انزلنا مع بسم اللہ کے لکھے اور پانی سے دھو کر پیوے آرام ہو جاوے۔

دوسرا علاج ایک بڑے برتن میں سورہ بقر جو الم کے سپارے سے امن الرسول تک ہے لکھے۔ پھر اس کو تھوڑے پانی سے دھوئے اور زیادہ پانی ملا کر کسی اچھی جگہ بیٹھ کر نہا دے اچھا ہو جاوے۔ لیکن وہ پانی گندگی میں نہ جاوے گڑھا کھود کر دفن کر دیوے۔

تیسرا علاج کسی پیالہ میں لکھ کر پانی سے دھو کر پی لیں نیز ان کا تعویذ لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں۔ سورہ فاتحہ سورہ اخلاص۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ اور آیت وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ صَفْصَفًا تک اور اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا سے یُؤْمِنُوْنَ تک وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۔ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا سے قَدِیْرًا تک وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا۔ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اس پر مرد و عورت کا نام بھی لکھیں۔ پھر لکھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْمَعَ بَیْنَ فُلَانٍ وَّفُلَانَةٍ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

شَیْءٍ قَدِیْرٌ کسی حافظ قرآن سے معلوم کرکے کام میں لاوے۔

چوتھا علاج سیاہ مرغی لے کر محفوظ رکھیں جب وہ انڈے دینے لگے تو چھری یا تلوار کے کنارے پر اسمائے ذیل لکھ کر انڈے کے دو حصے کریں آدھی زردی مرد کو کھلائیں اور آدھی عورت کو اسما یہ ہیں۔ ما لا عہ ما لا لا لا ۲ عا عا

پانچواں علاج مریض کی ناف کے نیچے آیت ذیل لکھ کر رکھیں آیت یہ ہے اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَرَسُوْلَہٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ۔

چھٹا علاج صنوبر کی چھال جلا کر شہد میں ملا کر چاٹنا بھی شہوت بستہ کھول دیتا ہے۔

ساتواں علاج مرغ کے سر کے دائیں طرف کا بھیجا مصطگی میں پیس کر شہوت بستہ کے کام میں لاوے تو بھی مفید ہے۔

آٹھواں علاج کتے کے ذکر کے بال کی دھونی دینا بھی اس باب میں فائدہ کمال رکھتا ہے۔

نواں علاج سورۂ واقعہ لکھ کر عورت اور مرد کو پانی میں حل کر کے پلانا بھی نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

دسواں علاج معقود کے زانوں پر یہ تعویذ لکھیں فوراً کھل جائے۔ تعویذ یہ ہے



گیارہواں علاج یہ کلمات چودہ کھجوروں پہ لکھ کر سات مرد کو اور سات عورت کو کھلائے جائیں کلمات یہ ہیں نقعہ نخمت

تو اس مصیبت سے نجات ملے۔

بارہواں علاج چمگادڑ کی بیٹ کا ذکر پر لیپ کریں اسی وقت کھل جائے۔

تیرہواں علاج مرد عورت دونوں کو مفید ہے۔ اگر ہدہد کا دل خشک کر کے قند سفید کے ساتھ کھایا جاوے تو بستہ شہوت کھل جائے۔

چودہواں علاج ہدہد کا گوشت بھون کر دو تولہ گیارہ ماشہ کالے دانے کے ساتھ نوش فرمایا جاوے تو بستہ شہوت کھل جائے اور

اگر اعضائے مردی کی کمزوری یا مجلوقی وغیرہ کے باعث قوت باہ کی کمی یا جریان وغیرہ کی شکایت ہو تو کتاب تحفہ جہاں المعروف بہ کیمیائے عشرت سے تشخیص کیا جائے اس میں تمام اسباب کہ کس طرح بیماری پیدا ہوئی یعنی کس غلطی سے ظہور میں آئی ان کی علامتیں اور علاج معالجے کی تفصیل اور پہچان ایسی بتائی ہے کہ ہر شخص بآسانی اپنا علاج خود کر سکتا ہے۔ اور اگر کسی دوسرے علاج کرنے والے کو بتائے تو وہ بھی جلد تندرست بنا سکتا ہے۔

محبوب کو حاضر کرنے کے طلسمات

طلسم اوّل:۔ جس کسی کو بلانا منظور ہو تو چاہیئے کہ اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اور ایک بوسیدہ یعنی پرانی ہڈی کو پیس لو۔ پھر دونوں کو ملا کر اپنے تھوک سے گوندھ لو اور ایک چوکور ٹکیا بنا کر انگور کی بیل اس میں بنا کر اور سبدوح کا نقش لکھو اور اس مطلوب و معشوق کا پھٹا ہوا کپڑا لے کر اس میں لپیٹ لو۔ اور ایک کاغذ پر مطلوب کی شکل یعنی تصویر بنا کر بدوح کا نقش اور عزیمت اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام اس کے اندر لکھو اور ہوا میں لٹکا دو فوراً بے قرار ہو کر آ جائے۔ بدوح کا نقش طلسم دویم سے لکھو۔

طلسم دوم۔ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر مشک زعفران گلاب کے عرق میں حل کر

کے اگر کی لکڑی کا قلم اُسی وقت بنا دے اور بدھ کے روز پہلی ساعت میں نقشِ بدوح لکھے اور بعد میں اس قسم کبیر کو پڑھ کر اُس کے اوپر پھونکے اور کسی خوشبودار چیز جیسے مشک یا عنبر یا لوبان کی دھونی دے اور ہاتھ اپنا بند کر لیوے جس کے سامنے جا کر ہاتھ کھولے اور اس کو دکھا دے ساتھ چلا آوے اور کچھ نہ کہے اور نہ اس کی طرف مڑ کے دیکھے وہ ہی پیچھے پیچھے ہوئے مرد ہو یا عورت طلسم یہ ہے یَا نُوْرُ لَا یَبْلُ بِحَقِّ رِدَاهُ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَ ھُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِہٖ

بُدُوح کا نقش یہ ہے ۔

ب	د	و	ح
و	ح	ب	و
ح	و	و	ب
و	ب	ح	د

نام مطلوب اور اس کی ماں کا نام بیان لکھے ۔

اور قسم کبیر یہ ہے بِسْمِ اللهِ الْقُدُّوْسِ الطَّاهِرُ ۔

تیسرا طلسم ۔ طلبی کی جو ساعتیں لکھی گئی ہیں اُس وقت زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لے کر ایک وو ٹکڑے پیسے پر جو رانگ کی قسم کا ہوتا ہے پانی ڈال کر دونوں کو گھسے اور کاغذ پر سات جگہ یَا اللهُ اور سات ہی جگہ یَا رَحْمٰنُ لکھ کر یہ عبارت لکھے لَیِّنْ قَلْبَ فُلَانَ بْنَ فُلَانَۃٍ وَاجْعَلْ لِیْ عِنْدَہٗ الرَّاْفَۃَ وَالرَّحْمَۃَ وَالْحَنَانَ وَالْقَبُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاھِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ ط قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْھُنَّ اِلَیْکَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُنَّ جُزْءً ثُمَّ ادْعُھُنَّ یَاْتِیْنَکَ سَعْیًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ کَذٰلِکَ یَاْتِیْ فُلَانُ ابْنُ فُلَانَۃٍ خَاضِعًا ذَلِیْلًا فَکَشَفْنَا

عَنْکَ غِطَاءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ پھر جس کو مطیع کرنا ہو اُس کے سر پر سات بار پھیرے سوتے ہیں یا جاگتے ہیں اور اگر وہ ایسا شخص ہے کہ جس کے پاس جانا ممکن نہیں تب دور ہی سے اس طرح کہ شخص یعنی طالب اپنے مطلوب کو دیکھتا ہو اور وہ اُس کو نہ دیکھتا ہو تو سات مرتبہ اس کو پھرا دے اور ہر مرتبہ سات ہی مرتبہ اَللهُ اَکْبَرُ کہے اور پھر وہ کاغذ اپنے پاس رکھے مطلوب پیچھے پیچھے آ دے اور اس عمل کو جمعرات کے دن آفتاب کے نکلتے ہی لکھنا چاہیے۔

حل المشکلات اعمال

دینی و دنیوی ضرورت کے لیے بعض موقع ایسے پیش آجاتے ہیں کہ جن میں انسان نہایت حیران اور پریشان رہا کرتا ہے اور دن رات یہ ہی جستجو رہتی ہے کہ کسی طرح مشکلات کی مشکل کشائی ہو جائے اور مقاصد دلی جلد بر آئے۔ فقیروں اور درویشوں سے حاجت روائی کا طالب ہوتا ہے۔ لیکن وہاں اظہار حال کرنا شرماتا ہے۔ اور اپنا دلی راز بیان نہیں کر سکتا اس لیے یہ خاکسار اُن حل مشکلات کو ظاہر کرتا ہے جن سے قلبی تمنائیں جلد بر آتی اور کیسی ہی مشکلات ہوں وہ درگاہ خداوندی سے جلد حل ہو جاتی ہیں۔ سب سے عمدہ عمل اور نہایت مجرب جو صاحب تہجد کی نماز ادا کرتے ہوں۔ وہ اس عمل کو بجا لائیں۔ دلی مطالب جلد بر آئیں اور جو شخص تہجد کی نماز سے غافل ہوں اُن کو چاہیے کہ اس کے عامل ہو جائیں۔

دلی مراد کا حصول

طریقہ نماز تہجد کا چار رکعت سے بارہ رکعت ہے اول چاند رات سے شروع کرے۔ یعنی اس طریقہ سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کی سورت کے ایک مرتبہ قل ہو اللہ دوسری رکعت میں دو مرتبہ تیسری میں تین مرتبہ چوتھی میں چار بارہ غرضیکہ اسی طرح ہر رکعت

میں ایک ایک مرتبہ یہاں تک کہ بارھویں رکعت میں بارہ مرتبہ قل ہو اللہ شریف کی سورت پڑھے۔ اور جب چاند کا زوال ہو۔ یعنی چاند گھٹنے لگے سولہویں رات سے ایک مرتبہ قل ہو اللہ ہر ایک رات گھٹاتا جاوے جیسے ایک ایک سورت ہر رات جیسے چاند کی راتیں بڑھتی رہیں ہر ایک رات سورت بڑھا کر پڑھی تھی۔ اسی طرح گھٹا کر پڑھے۔ یہاں تک کہ آخر مہینے میں ایک مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے۔ دلی مطلب بر آوے فکر و غم مبدل ہو جاوے تہجد کی نماز کا عادی ہو گیا ہے۔ تو اسی طرح ہمیشہ پڑھا کرے کچھ عرصہ بعد دیکھے گا کہ دینی و دنیوی حاجتیں پوری ہوتی اور مدارج کی ترقی نظر آتی ہے۔ بعد نماز تہجد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اوّل و آخر پڑھے۔ اور ران کے درمیان پانچ سو مرتبہ یہ اسم پاک پڑھے بہت جلدی مطلب دلی کی برآری ہوتی ہے معہ بسم اللہ درود شریف یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ ۵۰۰ بار یہ اسم پاک پڑھو یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ۔

حاجت روائی کے لیے

کفایت مہمات و قضاء حاجات کے لیے مجرب ہے۔ اور حضرت سید میر جلال بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر ایک رات میں عمل کرنے والے کی حاجت پوری نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ لہٰذا اسی طریقہ سے پڑھے پھر دیکھے کیسے حاجت خدائے برتر سے پوری نہ ہووے۔ عشاء کی نماز پڑھ لینے کے بعد پھر دوبارہ وضو کرے اور علیحدہ کسی گوشے میں بیٹھے کسی بات چیت نہ کرے۔ پہلے اَعُوْذُ اور بِسْمِ اللّٰہ پڑھ کر سو دفعہ استغفار پڑھے اور پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر دو ہزار مرتبہ یہ اسم مبارک معہ بسم اللہ پڑھ دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَسْتَهِلُّ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ۔

پریشانی دور ہو

حضرت شیخ مغربی نے فرمایا ہے اور ہزاروں بزرگوں نے آزمایا ہے کہ کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو اور وہ بہت پریشان حال ہو تو کوئی درود شریف گیارہ گیارہ بار اول و آخر پڑھ کر سورہ قل ہو اللہ ایک ہزار مرتبہ ایک رات میں پڑھے اسی دن رات میں اس کا مطلب بر آئے۔

مشکل آسان ہو جائے

کے لیے حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ فرمایا حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہ جو کوئی سورۂ عنکبوت اور سورۂ روم کو ۲۰ و ۲۱ رمضان شریف رات کے وقت پڑھتے ہیں حل مشکلات دینی و دنیوی میں فائز المرام ہوتے ہیں۔

مقصد میں کامیابی

جو شخص سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ شروع ماہ سے آخر مہینہ تک روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھا کرے تمام مشکلیں حل ہوتی ہیں اور مقاصد بر آتے ہیں۔

خوشحالی کا حصول

دین و دنیا کی حاجتیں پوری ہوتی ہیں اور درویشی و فقیری نہیں رہتی امیری ہو جاتی ہے دس مرتبہ بعد نماز صبح پڑھ لیا کرے یہ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

ہر کام میں کامیابی

دعائے چہل کاف حضرت غوث اعظم قطب عالم محی الدین ابو محمد سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

سے منقول ہے کہ جو شخص اس کو بانیت خالص وبہ خشوع وخضوع پڑھے اس کی تمام دینی و دنیوی حاجتیں اور ضروریاتیں پوری ہوتی ہیں ممکن نہیں کہ نہ بر آئیں جس کام کی نیت کرکے پڑھے گا۔ وہ ضرور بر آئے گا۔ شروع کرنے سے پہلے گیارہ پیسے یا گیارہ آنے کی شیرینی پاک جگہ کی منگا کر اس پر نیاز کرے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اُن کی آل اور اصحاب اور حضرت غوث پاک کی نذر کرکے بچوں کو تقسیم کرے گیارہ مرتبہ معہ بسم اللہ یہ درود شریف اوّل وآخر پڑھے (یہ چہل کاف پہلے سے صحیح یاد کرلی جائیں تاکہ پڑھتے وقت غلطی نہ ہووے اور پڑھنے میں دیر بھی نہ لگے پڑھنے کے لیے جمعرات کا دن اور جمعہ کی رات ہو اور بعد نماز عشاء شروع چاند کے مہینے سے پڑھنا شروع کرے شروع کتاب میں جو نقشہ ساعت وغیرہ کا دیا ہے اس سے دن یا رات کی ساعت معلوم کرکے پڑھے دوسرے دن سے چالیس دن تک پڑھنے میں ان ساعت کی قید نہیں ہے اور اپنی حاضری حضور غوث پاک میں جانتے وہ مشکل کام جلدی سے ہو جاتا ہے تبرک کسی مسلمان حلوائی کا میسر نہ آوے تو مغز بادام کشمش پستہ شکر سفید روہ یا سوجی مینڈہ گھی کا حلوا کسی پاک مرد یا عورت سے بنوائے اور گلاب یا کیوڑہ اس پر چھڑک کر اگر کی بتی یا لوبان کی دھونی دیوے چہل کاف مردوں کی مراد دلی میں شرح لکھا گیا ہے وہاں دیکھ لیا جاوے۔ ان چہل کاف کے اور فائدے اور خاصیتیں دیکھنی ہوں تو اس کتاب سے علیحدہ کتاب چہل کاف نام کی طلب فرمایئے جس میں علاوہ چہل کاف پڑھنے اور اس کے نقش وتعویذ نہایت مفید و مجرب لکھے ہیں اور وہ سب آزمائے ہوئے ہیں قیمت ۸ر

مصیبت دور ہو — تمام مہمات و آفات دور ہوتی ہیں۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دو سو مرتبہ آیت الکرسی بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔

ہر حاجت پوری ہو — کے لیے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ معروف بغدادی صاحب ۵۵ سال ہوئے کہ اس وقت دہلی میں مقیم حضرت سلطان جی تھے فرماتے تھے کہ بعد نماز صبح و مغرب معہ بسم اللہ اس کو پڑھے اس کی کل حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

مشکل کا حل — کے واسطے یہ بھی مجرب ہے اور ارشاد حضرت موف الصدر ہے ستر مرتبہ یہ درود اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور گیارہ مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ معہ بسم اللہ پڑھے اور تین دفعہ اس دعا کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیِقُدْرَتِہٖ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ بِعِزَّتِہٖ۔

مراد بر آئے — پکھراج کا نگینہ چاندی کی انگوٹھی میں نصب کرا کر انگلی میں پہنے اس کی حاجتیں حل ہوتی رہیں۔

بہت جلد اچھا رشتہ مل جائے — یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِہٖ اکیس روز تک بعد نماز عشاء سات ہزار مرتبہ پڑھا کرے۔ لڑکی کو لائق دولہا ملے۔

حکمرانی کے آداب

خدا نے دنیا میں حکمرانوں اور فرماں رواؤں کو اپنی مخلوق کے سر پر اپنا سایہ یعنی ظل اللہ کے خطاب مستطاب سے فائز المرام فرمایا ہے تاکہ اُس کی مخلوق ہر طرح چین و آرام سے زندگی بسر کرے اور کسی کو کسی سے تکلیف نہ پہنچے اگر وہ عادل

ہے تو خدا کا خلیفہ اور ظالم ہے تو شیطان کا نائب ہے فرمانروا کو ہر کسی کے ساتھ عدل سے پیش آنا اور وقت ضرورت رعایا برایا کے دلوں میں اپنی ہیبت قائم کرنے کے لیے دشمنوں کو قتل کرنا پھانسی دینا جیل بھیجنا ملک اور رعایا میں امن اور دلوں میں اطمینان پیدا کرتا ہے۔ مخلوق جانتی ہے کہ ہم کو کوئی تکلیف پہنچاوے گا تو ایسے ہی اپنے کئے کی سزا پائے گا والی ملک و والی ریاست اس سرزمین میں اسی لیے خدا کا سایہ ہے کہ ہر مظلوم اپنی دادرسی کے واسطے اس کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور وہ مفسدوں کے قتل و غارت کرنے اور طرح طرح کی تکلیف پہنچانے والوں کو سزا دیتا ہے کیوں کہ قاتل کے ہونے سے اور کوئی شخص دوسرے کو قتل نہیں کرے گا۔ اور تکلیف پہنچانے والا ایذا دینے سے باز رہے گا۔ ایک حکمراں سے انتظام دنیا اور رعایا برایا نہیں ہوسکتا ہے اس لیے بہت سے حکام مقرر فرمائے وہ منصف اور عادل ہوں جزا و سزا دینے میں کسی کی رعایت نہ کریں۔ سفارش نہ مانیں اور رشوت لے کر حق کو ناحق نہ کریں۔ حاکم اور آفیسر صاحبان انصاف نہ کریں گے تو حکمراں کا ظلم شہرت پائے گا اور ہر شخص بددل ہو جائے گا جو ظلم کو روا رکھے گا اور کسی کا دل دکھلائے گا وہ ہمیشہ کردنی خویش آمدنی پیش کے مصداق کسی نہ کسی بے چینی میں مبتلا رہے گا۔ خدا کا حکم بھی ہے کہ مظلوم کی بددعا سے ڈرو جس کا میرے سوا کوئی مددگار نہیں اگر میں ظالم سے بدلہ نہ لوں تو خود ظالم کہلاؤں کسی صادق القول کا شعر ہے ؎

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگامِ دعا کردن ٭ اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید

حکاموں اور آفیسروں کا یہی فرض ہے کہ اپنے عہدہ جلیلہ کی سرفرازی پر خدا کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس نے اپنی مخلوقات کے انتظام فرمانے کے لیے ایسا عالی رتبہ مرحمت فرمایا اپنے مذہبی نکتہ نظر سے ہر چارہ جو کے ساتھ اپنے عدل و انصاف سے شہرت حاصل کریں اور مظلومین پشتہا پشت تک ناموری کے ساتھ یاد رکھیں۔

دنیا چند روزہ ہے اول تو ناانصافی کا یہاں ہی کسی نہ کسی طرح بدلہ مل جائے گا ورنہ روز جزا ضرور بدی کا بدلہ برا ہی ملے گا ؎

نوشیرواں نہ مُرد کہ نامِ نکو گذاشت

اہل کاروں اور ماتحتوں کو اپنے افسروں کے حکم کی اطاعت کا خیال رکھنا اور اپنا فرض منصبی دیانت و امانت سے ادا کرنا چاہیے ہر ایک ماتحت کو اپنے حکمران احکام کے عدل و انصاف کی ہمیشہ تعریف کرنی چاہیے حاکم کی خواہش کسی شے پر ہو بخوشی نذر کرے جو حکم ملے اس کو بغور سنے محلِ حکام میں کانا پھوسی نہ کرے ایسا نہ ہو اپنے شکوے شکایت کا شک گزرے۔ اور حاسدوں کو برائی کا موقع ملے حاکم کسی اور سے بات چیت کرتے ہوں یا کچھ دریافت کرنا چاہیں تو آپ پیش قدمی نہ کرے ایک دوسرے کے درمیان میں بولنا اپنی عزت گھٹانا ہے اگر حاکم نے کہہ دیا کہ میں تجھ سے نہیں پوچھتا تو اس وقت سوائے شرمندگی کے کیا جواب دیا جائے گا جس چیز کو حاکم ظاہر نہ کرے اُس کو آپ بھی نہ پوچھے حاکم کچھ دیوے قبول کرے یہ نقل مشہور ہے کہ حاکم کا تیل پتوں میں جھیل۔ امانت داری اختیار کرے کہ آدمی ذلیل و خوار کو عزیز کرتی ہے اور خیانت و رشوت سے نیچ کم آدمی نامور کو بدنام کرتی ہے آفیسر کی عدم موجودگی میں بھی تعریف کرنی چاہیے دوسرا کوئی برا کہے تو نرمی سے اُس کو منع کرے غرض یہ ہے کہ اپنا حاکم کسی نیچ ذات کا ہی ہو اس کو اپنا بالادست جانے اور اس کی دل جوئی و رضامندی مقدم سمجھے وہ بھی ایسے خیرخواہ سے درگزر نہیں کرے گا اور ہمیشہ ایسے اہلکار کی ترقی اور امداد فرمائی سے مدد کرتا رہے گا۔ اگر مدارات اور خاطر تواضع سے بھی حکام چین بر جبیں اور مار آستین بنے رہیں تو ان کو مفصل ذیل عملیات سے اپنا بنائیں اور اپنی ملازمت اور کارکردگی کا اُن سے صلہ پائیں رعایا کو بھی واجب ہے کہ اپنے حکمران کو مظہر

سلطنت الٰہی جانے اور اپنے سر پر خدا کا سایہ سمجھے اور اس کے قوانین کی پابندی سے انحراف نہ کرے اگر عادل ہے دعا گو رہے۔ ظلم کرتا ہے تو صبر کرے کوئی ضرورت پیش آئے خدا سے دُعا مانگیں اور ان تحریرات سے اپنے بادشاہ وقت اور حکمران خواہ کسی قوم اور کسی مذہب سے ہوں اپنی طرف مائل کریں اور جو چاہیں اُن سے کام لیں۔ ایک نکتہ اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے اگر تم اپنے ماتحتوں کو خوش رکھنے کی کوشش کرو گے تو تمہارے افسر بھی خوش رہیں گے اگر تم اپنے زیرِ نظروں پر جبر اور ظلم و زیادتی روا رکھو گے تو تمہارا حاکم تم پر ضرور زیادتی کرے گا۔

حکام کی نگاہوں میں عزیز ہونا

حاکم کو مطیع کرنا

کسی کو بادشاہوں راجہ نوابوں اور حکاموں و بدمزاج افسروں کے پاس جانا ہو تو پہلے جمعرات کو روزہ رکھے اور کھجور سے روزہ افطار کرے اور مغرب کی نماز پڑھ لینے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم گِن کر پڑھے پھر بے گنتی پڑھے جائے یہاں تک کہ پڑھنے والے کو نیند نہ آ جائے اور اسی جگہ سو رہے پھر صبح اُٹھ کر صبح کی نماز پڑھے بعد نماز پھر ایک سو ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھے اور مشک و زعفران اور گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو ایک جگہ لکھے اور عود وغیرہ بھی مل سکے تو اس کی دھونی لکھتے وقت جلاوے قسم ہے خدا پاک کی جو شخص اس عمل کو کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام دنیا کے بادشاہوں اور لوگوں کی نگاہوں میں ایسا عزیز رہے گا جیسے چودھویں کا چاند ہر ایک اس کی عزت اور اطاعت کرے گا اور اس کی ہیبت سب کے دلوں میں رہے گی جس کی اس پر نگاہ پڑے گی وہی اس سے محبت کرے گا جو کام اس کا ہوگا بعد عاجزی بجا لائے گا کاغذ پر اس طرح لکھے۔ ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ا ن

ا ل ر ح ی م۔

حاکم اچھا سلوک کرے

سورۃ الحمد شریف سونے کے برتن پر جمعہ کے دن صبح کے وقت مُشک اور زعفران اور کافور گلاب میں حل کر کے اس سے لکھے اور پھر گلاب سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر رکھ لے اور جب کسی کے پاس کسی مطلب بر آری کے لیے جاوے تو اس میں سے تھوڑا سا لے کر اپنے منہ پر مل لیوے جو صورت دیکھے گا تعظیم سے پیش آئے گا۔ اور اس سے مطلب بر آئے گا۔

حاکم کے شر سے بچا رہے

جب تو کسی حکام یا حاکم سے خوف زدہ ہو تو پانچ کنکریاں زمین سے اُٹھا کر پہلی رات اور دوسری پر ھ اور تیسری پر ی اور چوتھی پر ع اور پانچویں پر ص پڑھے اور پہلی کنکری کو اپنی داہنے طرف پھینک دی اور کہے قُوَّتُہٗ اور دوسری کو بائیں طرف ڈالے اور کہے اَلْحَقُّ اور تیسری کو پیچھے ڈالے اور کہے وَکَذٰ اور چوتھی کو سامنے ڈالے اور کہے اَلْمُلْکُ اور پانچویں کو اپنے سر پر رکھ لے اور کہے کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَمْسِکْ عَلَیْکَ لِسَانَکَ یا فلاں بن فلاں جس سے خوف ہو یہاں اس کے اور اس کے باپ کا نام لے) بِحَقِّ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الشَّرِیْفَۃِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ اس کی زبان اُس کے حق میں بند ہو جائے گی اور کچھ نہ کر سکے گا۔

حاکم ناراض نہ ہو

جس کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ و ادنیٰ مجھ پر ناراض نہ ہو اور ہمیشہ اس کی زبان میری طرف رطب اللسان رہے پس کیسا ہی حاکم جابر و قاہر ہو مہربانی سے پیش آئے اس دُعا کو بہت چھوٹے

ے پرچہ کاغذ پر لکھ کر اوپر سے ذرا سا موم لپیٹے تاکہ کاغذ منہ کے تھوک سے گھل نہ جائے جب حاکم وغیرہ کے پاس جائے زبان کے نیچے رکھ لیا کرے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ یَا غَنِیُّ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ۔

حاکم کی ناراضگی دور ہو جائے

ناراضگی حکام وغیرہ کی دور ہوتی اور حاکم سے مطلب برآری جلدی ظہور میں آتی ہے تین روز تک سات مرتبہ یہ دعا شیرینی پر پڑھ کر جس طرح ممکن ہو حاکم کھلائی جائے مَیِّتٌ سَمِیۡتٌ لَیۡتٌ۔

حاکم مطیع ہو جائے

جس کسی حاکم یا رئیس امیر کبیر کو اپنا بنانا منظور ہو تو وہ مہربان ہو جو مقصد برآری چاہے وہ ہی برآئے اس نقش معظم کو سات روز لکھے اور بہت احتیاط سے چراغ میں ہر رات کو جلائے منہ چراغ کا اس کی طرف رکھا جائے جس کو مہربان کرنا ہو نیچے چراغ کے اگر کی لکڑی جلا دے اور لوبان سلگا دے۔

یا میکائیل ع — یا جبرائیل ع

۱۳	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۶	۱۲	۲
۴	۱	۸	۱۱

بحکم الٰہی یا جبرائیل ع یا دردائیل ع بار قنمائیل ع
یا تنکفیل بحق یا اجل یا بدوح اسم فلاں علی حب فلاں

حاکم مہربان ہو جائے

وظیفہ فرمودہ حضرت غوث پاک قدس اللہ سرہ العزیز:- مہربانی و مطیع حکمراں و حکام انگریزی و ہندوستانی

بسیار مجرب است بعد نماز صبح دو سو مرتبہ هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ اور بعد نماز ظہر هُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ اور بعد نماز عصر هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ۔ اور بعد نماز مغرب هُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ اور بعد نماز عشاء هُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ۔ پڑھا کرے۔

حاکم نقصان نہ پہنچا سکے

کسی حاکم یا امیر سے اپنے واسطے دکھ تکلیف اور نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو یہ عمل کام میں لاوے بحکم خدا عقل اس کی جاتی رہے اور اپنے عہدہ سے معزول ہو جائے۔



حاکم خفا نہ ہو

جو شخص حکاموں سے ڈرتا ہو یا حاکم اس سے کبیدہ خاطر رہتا ہو وہ روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ان کو جا کر سلام کیا کرے کبھی ناراضگی ظاہر نہ ہووے۔ اَغِثۡنِیۡ وَ اَمۡدِدۡنِیۡ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ۔

ہر مشکل حل ہو جائے

تمام حلال مشکلات کے لیے اکسیر اعظم یہ سورہ معظم ہے جس کے صدہا خواص ہیں منجملہ ان کے چند ظاہر کیے جاتے ہیں جس کسی کی یہ خواہش ہو کہ فرشتوں کا ہمنشین ہو جاؤں اور دین و دنیا کا مالک بن جاؤں شروع ماہ رجب کہ اول شب جمعہ کی ہووے اس رات سات مرتبہ درود شریف اول و آخر پڑھے اور پھر سورہ قُلۡ هُوَ اللّٰہُ ایک سو مرتبہ تین جمعہ تک پڑھے۔

صلوٰۃ الاسرار

بعد نماز صبح ۵۰ مرتبہ پڑھے چالیس روز تک ہر روز غسل کر کے دو رکعت نماز پہلے پڑھے نیت اس طرح کرے۔ نَوَیۡتُ اَنۡ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکۡعَتَیۡنِ صَلوٰۃَ الۡاَسۡرَارِ مِنَ الۡجِہَتِ الۡکَعۡبَۃِ الشَّرِیۡفَۃِ اَللّٰہُ اَکۡبَر

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَبِسْمِ اللّٰہ پڑھ کر اَلْحَمْدُ اور سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے دونوں رکعت ہیں۔

فراخی رزق کے لیے

مشکل آسان ہوتی ہے اور کوئی حاجت ہو بر آتی ہے رزق کی کشائش از دست غیب ملتی ہے یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اللّٰہُ الصَّمَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا حَافِظُ یَا رَزَّاقُ ایک سو مرتبہ بعد نماز صبح آسمان کے نیچے پڑھے یعنی کسی چھت یا درخت وغیرہ کے نیچے نہ پڑھے اول و آخر میں یہ درود شریف پڑھا کرے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتُ۔

حاکم پر رعب پڑ جائے

جو کوئی اس اسم کو ہزار مرتبہ ہر روز پڑھے اس کی ہیبت و عظمت ہر حاکم و افسر کے دل میں پیدا ہووے مع بِسْمِ اللّٰہِ یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْلُغْ فِیْ اَسْمَائُھَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِہٖ۔

حاکم حسبِ منشاء کام کرے

اس اسم کو اُس چاندی کی انگوٹھی میں جو مربع شکل میں ہو اُس شکل پر رکھدوا کر اپنے پاس رکھے اُس وقت کندہ کراوے جب کہ مہتاب برج شرف میں ہو اور خوشبو اُس پر لگا دے۔ جب کسی اہل حکومت کے سامنے دربار میں جانا منظور ہو داہنے ہاتھ کی اُنگلی میں پہن کر جائیں۔ ایسے ہی حسب عدالت یا کچہری میں بیٹھیں تو بھی پہنے رہیں۔ واپس آنے پر نکال کر الگ رکھ دیا کرو گندگی میں ہرگز نہ لے جاؤ۔ نقش کے نیچے حق یا شیخ عبدُالقادر جیلَانِی لکھا جائے۔

ع	ز	ی	ز
ز	ی	ز	ع
ی	ز	ع	ز
ز	یا	ز	ی

حاکم یا افسر مہربانی سے پیش آئے

اَمِیْرُنَا رَسُوْلُ اَوْ نَبِیُّ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نَا مِیْرُ

بِحَقِّ یَا شیخ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِی کَلِیْمُ اللّٰہِ گیارہ بار پڑھے اور لوبان پر دم کرے۔ اور اُس لوبان سے ذرا اپنی پیشانی پر مس کر کے کسی امیر یا حاکم کے نزدیک جاوے تو عزت سے پیش آوے اور حاجت اُس کی پوری کرے۔ جب افسر کے پاس جاؤ اسے پوڑیہ میں لے جاؤ۔ ایک انگلی بھر کر اپنے ماتھے پر مل لیا کرو۔ نہایت مہربانی سے پیش آوے اور خاطر کرے۔

حاکم کی زبان بندی

برائے مہربانی حکام اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ چھوٹا سا بنا کر موم میں لپیٹ کر اپنی زبان کے نیچے رکھے جس کام سے لیے جاوے اس کی زبان بند ہو جاوے

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	فلاں ۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

کوئی بُرائی نہ کرے بلکہ جو مقصد ہو وہ بر آوے فلاں جو نقش میں لکھا ہے۔ اس جگہ اس حکام یا رئیس یا افسر جس سے مطلب نکلتا ہے اس کا نام لکھے۔

ظالم حاکم مہربان ہو

حکمران یا حاکم جبار و قہار ہو۔ ہُدہُد پرند جانور کی زبان کو تلوں کے تیل میں تر کر کے اپنی زبان کے نیچے رکھے اور جب کسی کے پاس جائے۔ وہ کیسا ہی ناراض رہتا ہو۔ مہربانی سے پیش آئے۔ اور سوال پورا کرے۔

چشم خلائق میں معزز

الّو جانور کی داہنی آنکھ مشک میں حل کر کے رکھنا حکاموں اور مخلوق خلائق میں واسطے اعزاز و اکرام کے مجرب ہے۔

حاکم محبت سے پیش آئے

حجر مقناطیس وہ پتھر ہے جو کہ لوہے کی سوئی وغیرہ کھینچ لے اس کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ جس حکمران و حاکم اور مرد و عورت کے پاس جائیں۔ اور نظر سے نظر ملائیں۔ محبت سے پیش آئیں اس کے کام کو شوق سے بجا لائیں یہ پتھر کہیں نہ ملے تو ہمارے دواخانہ سے منگا لیجئے۔

حکام کی محبت

کو جانور کو جو شخص اپنے پاس رکھے۔ حکام اس سے محبت کریں۔

حاکم کی رضامندی

یہ دعا بھی افسر و حاکم کے غصہ کم اور عتاب دور کرنے مہربانی سے پیش آنے اور بلائے ناگہانی سے محفوظ رہنے کے واسطے بعد نماز عشاء یا بعد نماز صبح سات مرتبہ پڑھا کرے اور جب کسی حکام وغیرہ کے پاس جانے لگے تو ایک سانس میں اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے۔ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ط

حاکم مطیع ہو جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ نَبِيُّ الْخَافِقِيْنِ قَاسِمُ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ تین مرتبہ پڑھ کر تھوک اپنا ماتھے پر بلکہ جاوے۔

عزت و مرتبہ کا حصول

چشم خلائق میں معزز ہو جائے

جس کسی کی یہ تمنا ہو کہ جہاں کہیں اور جس کسی کے پاس جاؤں میری آبرو اور عزت بڑھے تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز صبح کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۱۰ مرتبہ اور بعد نماز ظہر ۲۰ مرتبہ اور بعد نماز عصر ۳۰ مرتبہ بعد نماز مغرب ۴۰ مرتبہ بعد

نماز عشا ۵۰ مرتبہ اور بعد نماز وتر ۶۰ مرتبہ پڑھتا ہے اور جمعرات کے دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نیاز کیا کرے آبرو عزت ہونے کے علاوہ موت کے وقت بھی فرشتہ موت آسانی سے روح قبض کرتے بہشت کی حور و غلمان بھی خدمت بجا لاتے ہیں اور مثل چاند کے منہ روشن ہوتا ہے۔

ہر کوئی عزت کرے

برائے حصول عزت و بزرگی۔ جمعرات کو روزہ رکھے اور کشمش یا چھوارے یا منقی سے روزہ افطار کرے اور مغرب کی نماز پڑھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۸۰ مرتبہ پڑھتے پڑھتے نیند آ جائے بروز جمعہ صبح کی نماز پڑھے اور پھر ۸۶، مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے پڑھ چکنے کے بعد کاغذ پر بسم اللہ کو سیاہی سے ایسے لکھے کہ نیچے مفرد حروف بنائے جاتے ہیں اور اپنے پاس رکھے قسم ہے اس خدا کی کہ جس نے یہ بسم اللہ بھیجی ہے وہ پاس رکھنے والا شخص تمام دنیا کی نظروں میں عزیز رہے گا۔ اور جو کچھ کہے گا اس کا کہا اہل دنیا دل سے مانیں گے۔ اور بطیب خاطر اس کی خاطر و مدارت سے پیش آیا کریں گے۔ تعویذ لکھنے کے حروف یہ ہیں۔ ب۔ س، م۔ ال۔ ہ۔ ر ح م ان ال ر ح ی م۔

حجر جمست۔ ایک پتھر کی قسم ہے جو بمقام ارض صفرا مدینہ طیبہ سے تین روز کے سفر پر ہے وہاں ملتا ہے۔ اور یہ تین قسم کا ہوتا ہے ان میں سے جو سرخ رنگ کا ہو اس کا نگینہ بنوا کر چاندی کی انگوٹھی میں نصب کرکے داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنے۔ جس سے ملے وہ اس کی عزت زیادہ کرے۔

عزت و مرتبہ میں زیادتی

نماز صبح کے بعد گیارہ مرتبہ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ پڑھا کرے آبرو اور عزت زیادہ بڑھے۔

عزت میں اضافہ

بِسْمِ اللّٰہِ بَابُنَا تَبَارَکَ حِیطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۱۰۱ مرتبہ روز شروع ماہ سے پڑھے ۱۲ دن کے بعد سے روز بروز آبرو کی زیادہ ترقی ہو گی۔

توبہ واستغفار

چونکہ آج کل گناہ زیادہ سرزد ہو رہے ہیں اس لیے تمام خرابیاں ہم میں موجود ہیں۔ اگر برادرانِ دین کم از کم سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ اور ایک ہی مرتبہ یہ استغفار پڑھ لیا کریں تو ہماری حالتیں پہلی جیسی ہو جائیں نیک کاموں میں ہماری طبیعتیں لگنے لگیں تو بیشک خدا ہمیں معصوم صفت بنا دیوے جو کچھ نیکیاں ہمارے پہلوں سے ہوا کرتی تھیں وہ ہم سے بھی ہونے لگیں یہ استغفار سلسلہ عالیہ ابراہیم الرشید مکی المکرمی کے نام لیوا حضرت محمد الازہری سے ۱۳۲۴ھ میں تشریف فرمائی ہندوستان ہوئی تھی تو اُس وقت عطا فرمائی تھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارَ الذُّنُوْبِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنْ جَمِیْعِ الْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ وَمِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً ظَاھِرًا اَوْ بَاطِنًا قَوْلًا وَفِعْلًا فِیْ جَمِیْعِ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ وَخَطَرَاتِیْ وَالْغَاسِیْ کُلِّھَا دَآئِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا مِّنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِہِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاہُ الْکِتٰبُ وَخَطَّہُ الْقَلَمُ وَعَدَدَ مَا اَوْجَدَتْہُ الْقُدْرَۃُ وَخَصَّصَتْہُ الْاِرَادَۃُ وَمِدَادَ کَلِمَاتِ اللّٰہِ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْہِ رَبِّنَا وَجَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ وَکَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن میں دو آیتیں ہیں جو کوئی گناہ کر کے ان دونوں آیتوں کو پڑھ کر اَسْتَغْفَارْ کرے اور اُس کا گناہ بخش دیا جاتا ہے وہ دو آیتیں یہ ہیں وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ یعنی وہ لوگ جب کرتے ہیں برا کام یا ظلم کرتے ہیں اپنی جانوں پر پھر یاد کرتے ہیں اللہ کو اور بخشش چاہتے ہیں اپنے گناہوں کی اور کون بخشتا ہے گناہوں کو مگر اللہ اور نہیں ہٹ کرتے اُس پر جو انہوں نے کیا اور وہ جانتے ہیں۔ دوسری آیت یہ ہے۔ وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَہٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝ یعنی جس نے کام کیا بُرا یا ظلم کیا اپنی ذات پر پھر مغفرت چاہی اللہ سے پائے گا اللہ کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا اور حق تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرمایا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ پس تسبیح کو تو ساتھ پروردگار اپنے کے۔ حضور اکثر فرمایا کرتے تھے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔ پاک ہے تو اے اللہ اور تعریف کرتا ہوں میں تیری اے اللہ بخش دے تو مجھے بے شک تو توبہ قبول کرنے والا ہے استغفار پڑھنے سے دُنیا اور آخرت کی تمام ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔

اہل قبور کو پڑھ کر بخشے اور دعا مانگے تو وہ آمین کہتے ہیں آمین کہنے سے تمام دعائیں قبولیت کو پہنچتی ہیں۔

عہدہ میں ترقی

ملازمان درجہ اعلیٰ و ادنیٰ کو مناسب ہے کہ وہ اپنی ملازمتوں میں ترقی اور اپنی بہبودی چاہتے ہوں تو ان

کو چاہیے کہ اپنے کارِ متعلقہ کو مستعدی و جفاکشی سے انجام دیتے رہیں دیانت و امانت جلد بار آور ہوتی ہے محنت و مشقت ایک نہ ایک دن ضرور ترقی پر پہنچا دیتی ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ جو کام دل سے کیا جاتا ہے اس کا نتیجہ جلد بر آتا ہے۔ انگریز اپنی ملازمت کے فرائض کو اچھی طرح ادا کرتے ہیں اپنے افسر کے حکم کو بسر و چشم مانتے ہیں ان کا خیال افسر یا مالک کی موجودگی و غیر موجودگی میں یکساں رہتا ہے یہ کبھی نہیں کرتے کہ مالک یا افسر موجود ہے تو اپنے متعلقہ کام کو اچھی طرح کریں اور جب وہ کہیں چلا جائے تو ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے رہیں یا اور کوئی کام کرنے لگ جائیں۔ جو ایمانداری سے اپنا فرض ادا کرتے ہیں وہ ضرور جلد ترقی پاتے ہیں اکثر نوکری پیشوں کو یہ شکایت کرتے سنا ہے کہ اتنے دنوں سے تو ہم نوکری کرتے ہیں مگر اب تک ہماری ترقی نہیں ہوتی بعض لوگ اپنے افسر یا مالک کا قصور ٹھہراتے ہیں بعض اپنی تقدیر کو بُرا کہتے ہیں غرض کہ اپنی ترقی کے بارے میں ایسی ہی انواع و اقسام کی شکایتیں کرتے پائے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ بیشتر مانع ترقی کا سبب یا اسباب فرض نوکری کی انجام دہی کا قصور ہوا کرتا ہے اور شاذ و نادر افسر یا مالک کی نا قدر دانی ہو سکتی ہے ایسی نظیر دُنیا میں بکثرت ملے گی کہ جو اپنی نوکری کے فرض یا فرائض کو نہ ادا کرنے کے باعث محروم ترقی رہتے ہیں اور ایسی نظیر بہت کم پائے گا کہ کوئی ملازم باوصف اس کے کہ اپنے فرائض کو بحُسن و خُوبی انجام دیتا ہو۔ اور وہ ترقی سے محروم رہے۔

ملازمت میں کامیابی کے گُر

نوکری کے پانچ اشد ضروری فرائض اور خاص کر اُن کی انجام دہی یا ان فرائض کے بخوبی ادا کرنے سے ہر ایک نوکری پیشہ شخص نوکری کی اصلی غرض اور فائدہ سے کبھی محروم و ناکام نہیں رہ سکتا۔

(۱) اپنے افسر یا مالک کو خوشنود و رضا مند رکھنا (۲) اپنا کام متعلقہ محنت و

مشقت سے کرنا (۳) اپنا کام خوشی کے ساتھ دل و جان سے انجام دینا (۴) دیانتداری و ایمانداری کو ضروری جاننا (۵) اعلیٰ حکام کے حاضر و غائب پر کام مقررہ وقت تک کیا جانا۔

اول ہر ایک نوکری پیشہ شخص کو اپنے افسر یا مالک کی ہر وقت خوشنودی و رضا مندی کا خیال رکھنا واجب ہے۔ افسر یا مالک کی ہر وقت خوشنودی و رضا مندی ملحوظ خاطر رکھنے سے سچی محبت حقیقی اطاعت اور خوف واجب آپ سے آپ اپنے افسر یا مالک کا دل میں پیدا ہو جاتا ہے جن تجربہ کار ملازمت پیشہ کو مالک یا افسر کی رضامندی و خوشنودی کا لُطف یا مزہ مِل چکا ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ یہی ادائیگی ملازمت یا نوکری کی ملازم کے لیے ایک بہترین نقد صلہ ہے اور جو لوگ دُنیا میں اپنے افسر یا مالک کو راضی و خوشنود رکھنے کا مادہ نہیں رکھتے وہ نادیدہ اپنے خدا کو کیسے راضی و خوشنود رکھ سکتے ہیں کیوں افسر یا مالک کی خوشنودی مزاج کی عادت سے اس کی محبت اس کی محبت اس کی اطاعت اور اس کا خوف دل میں از خود پیدا ہو جاتا ہے چوں کہ انسان کی طبیعت پر عادت کو بہت بڑا دخل و اختیار ہے بلکہ حکمائے یونان نے تو عادات کو طبیعت ثانی بن کر اپنے حقیقی مالک یعنی خداوند عالم کی رضامندی و خوشنودی محبت اطاعت اور خوف کا اصلی باعث ہو جاتی ہے۔ کوئی بھی کام ہو۔ بلا محنت و مشقت کے پورا نہیں ہوتا جس کام میں جس قدر سرگرمی اختیار کی جاتی ہے۔ اسی قدر ترقی ہوتی ہے۔ خواہ اپنے ذاتی کام تجارت۔ زراعت، صنعت و حرفت اور ملازمت کے ہوں، یا کسی کی ماتحتی کے۔

اگر افسر یا مالک نا قدر کے ساتھ سابقہ ہے تو زیادہ احتیاط و ہوشیاری شرط ہے اور اگر باوجود کمال احتیاط کے بھی مفر کی صورت نہ دکھائی دے اور احتمال نقصان و ضرر کا ہو تو کنارہ کشی بہتر ہے یا ایسے حاکم کو ان عملیات و تعویذات سے اپنا بنا کر ترقی وغیرہ حاصل کرے رشوت نہ لی جائے۔ خدا ناخوش رسول ناراض

جس کے ملازم اس کو معلوم ہو جائے تو روزگار سے جائے ؎

کیا کرے رشوت جو کرے خلقت کو تنگ   حق و باطل سے نہ رکھے کچھ و رنگ
کیوں نہ ہو وہ ملعون بنے گا خیرہ سر   دوزخی جس کو کہیں خیر البشر

اَلرَّاشِی وَالْمُرْتَشِی کِلَاھُمَا فِی النَّارِ

یعنی رشوت لینے والا روزنا حق رشوت دینے والا دونوں دوزخی ہیں۔

تنخواہ میں اضافہ کے لیے

جو کوئی روزمرہ بعد نماز صبح و یا بعد نماز عشاء ایک مرتبہ دَرُوْدِ مُسْتَغَاث پڑھ لیا کرے چالیس روز میں بضایت خدا بطفیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نوکری کی ترقی اور تنخواہ کی بڑھوتری ہو جائے رفتہ رفتہ اعلیٰ عہدہ پر پہنچے اور افسر صاحبان خاطر تواضع سے پیش آتے رہیں۔ خدا رسول کی رضامندی۔

حاکم راضی ہو جائے

اگر کوئی حاکم۔ قاہر و جابر ہو۔ اور محکوم کی طرف التفات نہ کرتا ہو۔ تو ضرورت مند اس اسم پاک کو نیک ساعت میں باریک سفید کاغذ پر مشک اور زعفران پانی میں حل کر کے لکھے یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَہٖ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ اس کے بعد پہلے اپنا نام اور بعد میں اس حاکم یا افسر کا نام لکھے اور جس مکان میں وہ افسر رہتا ہو۔ تو اس کی دیوار میں پاک جگہ پر رکھ دے اس کا قہر و جبر جاتا رہے اور اس کی ترقی ملازمت کا دل سے خواہاں ہوگا۔

رزق میں اضافہ

دنیا کے طلب گار اس اسم کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں ملازمت کی ترقی دولت کی زیادتی دیکھیں۔

یَا عَجِیْبُ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسِنُ بِکُلِّ الْاٰیٰتِ وَنَعْمَائِہٖ وَثَنَائِہٖ ط

عہدہ پر بحالی

جو شخص اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو وہ اس نقش کو چاندی کی تختی پر معہ موکل کے نام کے کندہ کر کے اپنے پاس رکھے وہ یہ ہے۔

۷۸۶

د	جی	م	ال
۳۱	۳۰	۱	۱۶
۲۹	۴۳	۱۵	۲
۱۴	۳	۲۲	۳۹

(۲) ایک سو ایک مرتبہ بعد نماز عشاء اس ذکر شریف کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَجِیْدُ ذُوالشَّرَفِ الْوَاسِعِ الْجَلِیْلِ الْمُفِیْضُ عَلَی الْعِبَادِ بِالْمَجْدِ وَالْعَطَا یَا الْمُتَزَائِدِ تَبَارَکَتْ شَرَفُ ذَاتِکَ لِحُسْنِ فِعْلِکَ وَفَضْلِکَ الْعَمِیْلَ فِیْ وُدِّکَ بِمَقَامِ الْاَسْلَامِ وَقَدْ مُجِدَّکَ کُلِّ طَوْرٍ مِّنَ الْمَلَاءِ عَلَی اَسْئَلُکَ بِشَرَفِ مَجْدِکَ یَا مَاجِدُ عَلٰی اَھْلِ الْمَعَاجِدِ بِعُلُوْ جَلَالِہٖ یَا مَاجِدُ عَلٰی اَھْلِ الْمَجْدِ بِاَوْحَدِیَّتِہٖ کَلَامِکَ الْقَدِیْمِ الْمُوَاجِبُ الْوَاحِدِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَلَاحِظَنِیْ بِشَرَفِ مَجْدِکَ الْجَلِیْلِ وَقَدِیْمِ عَلَیَّ اِحْسَانِکَ بِفِعْلِکَ الْجَلِیْلِ وَاجْعَلْنِیْ بِحُسْنِ الطَّاعَۃِ وَالْاِقْبَالِ مَجِیْدًا اَوْ مَعَ اَحْبَابِکَ مَشْھُوْدًا اَوْ بِاَوْلِیَائِکَ وَرُسُلِکَ شَھِیْدًا اَوْ بِتَحْقِیْقِ فَرْدَانِیَّتِکَ وَحِیْدًا اَبَا اللّٰہُ یَا مَجِیْدُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ عَبْدًا لَّکَ رَطِیَاءِ یْلَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

معزول کی بحالی

کوئی شخص خواہ بادشاہ ہو یا بزرگ عہدہ دار ہو اپنے تخت و بخت سے معزول ہو گیا ہو۔ یا کوئی ملازم اپنی

ملازمت سے علیحدہ ہوگیا ہو تو اُس کو چاہیے کہ اس اسم کی اس طرح دعوت کرے اور سات روز روزہ رکھے اور کسی جانور کا گوشت نہ کھائے اور ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسم بعد نماز عشاء ہر روز تک پڑھے یَا اَللّٰہُ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَہْدِی الْعُقُوْلُ لِعَظْمَتِہٖ تاج و تخت پھر سے ملے بے روزگار کا روزگار ہو جاوے قرضے سے سُبکدوشی ہووے چند روز میں دولت میسر آئے پھر چاہیے کہ عدل کرے ظلم سے پرہیز کرے اور غریبوں کا کام دے کرے۔ اور اپنا حال کسی پر ظاہر نہ کرے۔

مقدمات میں کامیابی

زمانہ حال میں مقدمات کی بڑی کثرت ہے۔ کوئی شخص ایسا دیکھنے میں نہیں آتا جو کسی نہ کسی مقدمہ میں مدعی یا مدعا علیہ نہ ہو۔ یا اور کسی بلائے ناگہانی کے باعث مقدمہ کے مصائب میں گرفتار نہ ہوا ہو پھر اُن کو پریشانی اس درجہ کی ہوتی ہے کہ زندگی وبال جان نظر آتی ہے انفصال مقدمہ کے لیے کہیں جھوٹے گواہ بنائے جاتے ہیں کہیں رشوت دینے کے لیے گھر کا سامان بیچتے ہیں زیور اور مکان رہن رکھتے ہیں اور حکاموں اور گواہوں کی نظر کرتے ہیں اور پھر بھی اسی فکر میں۔ کہیں فقیروں کی خوشامد کرتے علماء سے وظیفے دریافت کرتے تعویذ مہربانی حکام لیتے ہیں لہٰذا یہ خاکسار اہل مقدمات کے فکر و غم دور کرنے اور مقدمات ان کے موافق طے پانے کے مجرّب عملیات وغیرہ درج کرتا ہے جو صاحب بموجب اپنے عمل میں لائیں وہ انشاء اللہ المستعان جلد کامیاب ہو جائیں۔

حسب منشاء فیصلہ ہو

اس دعا کو بلا تعداد و بلا قید جہاں چاہیں چلتے پھرتے کچہری وغیرہ میں پڑھا کریں لیکن اتنی احتیاط

ضرور کرنی چاہیے کہ باوضو پڑھتے رہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ لَا حَاجَۃَ لِیْ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ط اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

مقدمہ جیت جانا

مقدمہ کی فتح یابی اور کامیابی حاصل کرنا منظور ہو تو ثُمَّ تَرَقّٰی بِہٖ دُرَجَ الْعُلٰی ط اپنے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر کسی دوسرے سے لکھا کر جس حاکم کے روبرو جائے وہ طرف داری سے پیش آئے اور اسی اسم کو کاغذ پر لکھ کر موم لپیٹ کر زبان کے نیچے رکھ لے جس کے سامنے جائے ہر ایک بدگو کی زبان بند ہو جائے۔

مقدمہ میں فتح ہو

جس روز پیشی کسی مقدمہ کی ہو۔ اس کی رات کو بلا کھانا کھائے کسی مسجد میں جب کہ سب نمازی نماز پڑھ کر چلے جائیں۔ یا کسی پاک اور خالی مکان میں باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر نہایت صفائی دل سے ان حرفوں کی طرف متوجہ ہووے۔ اور خیال سے ایک ایک لفظ پڑھے اور معنوں پر غور کرے پہلے سے ان کو زبانی یاد کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ[1] اِلَیْکَ قَصَدْتُ وَبِبَابِکَ وَقَفْتُ وَاِلٰی جَنَابِکَ الْتِجَاتُ وَلَکَ

---

[1] اے خدا میں نے تیری ہی طرف قصد کیا ہے اور میں تیرے ہی دروازہ پر کھڑا ہوں۔ اور میں نے تیری ہی جانب التجا کی ہے اور میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں۔ اور میں نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وسیلہ گردانا ہے اور میں نے تیرے اولیاء و اصفیا کو شفیع مانا ہے بس اے رب میرے میری حاجت پوری کر اور میری سختی کو دور کر (یہاں اپنی حاجت کا نام لیا وے)

سَاَلُكَ وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِلَیْکَ تَوَسَّلْتُ وَبِاَوْلِیَآئِكَ وَاَصْفِیَآئِكَ قَدِ اسْتَشْفَعْتُ فَاقْضِ اَللّٰھُمَّ حَاجَتِیْ وَنَفِّسْ كُرْبَتِیْ یہاں اپنی حاجت کا نام لیا جاوے پھر اُس کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کی جائے پہلی رکعت میں بعد الحمد، قل یا اَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اور دوسری رکعت میں قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے نماز کے آخر سجدہ میں یہ کلمات پڑھے۔ وَاَیُّوْبَ[1] اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ فَکَشَفْنَا مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَیْنٰہُ اَھْلَہٗ وَمِثْلَھُمْ مَّعَھُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِکْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر پوری اَلتَّحِیَّاتُ وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرے اور قبلہ رو ہو کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ[2] عِلْمُكَ اَغْنَانِیْ عَنِ السُّؤَالِ اِلٰھِیْ اِنَّ الْعَرَبَ وَالْعَجَمَ اِذَا اسْتَجَارَ بِھَا مُسْتَجِیْرٌ اَجَارُوْہُ وَاَنْتَ اِلٰہُ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَقَدِ اسْتَجَرْتُ بِكَ فَاَجِرْنِیْ وَلَا تَرُدَّنِیْ خَائِبًا وَّاَطْمَعْتُ مِنْكَ الْاِجَابَةَ فَاَجِبْنِیْ وَاقْضِ

---

[1] اور حضرت ایوب نے جب التجا کی اپنے رب سے کہ بے شک پہنچا ہے مجھ کو ضرر اور تو ہے بڑا رحم کرنے والا ہے۔ پس قبول کی ہم نے اس کی دعا اور کھول دیا ہم نے اس سے جو ضرر اُس کو تھا۔ اور دیے ہم نے اس کو اہل اُس کی دوگنی اس سے ساتھ اس کے اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عابدوں کے ۱۲۔

[2] اے اللہ تیرے علم نے مجھ کو سوال کرنے کی ضرورت نہ رکھی۔ بے شک عرب اور عجم سے جب کوئی پناہ مانگتا ہے تو وہ اُس کو پناہ دیتے ہیں۔ اور تو عرب و عجم کا خدا ہے۔ میں نے تجھ سے پناہ مانگی ہے۔ پس مجھ کو پناہ دے۔ اور مجھ کو ناکامیاب مت پھیر۔ مجکو تجھ سے قبولیت کی امید ہے۔ پس قبول کر اور میری حاجت پوری کر اور میری تمنا مجھ کو دے۔ اور جو میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اپنی رحمت سے عطا فرما۔ اے رحم کرنے والے سب رحم کرنے والوں میں سے۔

حَاجَتِیْ وَاَعْطِنِیْ اُمْنِیَّتِیْ وَمَا اَطْلُبُہٗ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

اور پھر خدا سے اپنی حاجت مانگے۔ ضرور پوری ہووے۔

فوجداری مقدمہ میں کامیابی

کوئی مقدمہ فوجداری ہو جس میں آبرو و عزت جانے کا اندیشہ ہو۔ یا اور کوئی بہت ہی سختی پیش آئی ہو۔ تو اس سے بچنے اور مراد براری و کامیابی حاصل ہونے کی بے حد تمنا ہو تو اپنے دل میں اس طرح کہہ لے کہ یا حضرت شاہ عبدالحق ردولوی رحمۃ اللہ علیہ میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاؤں گا تو آپ کے نام کا توشہ بنوا کر اور اس پر نیاز دلا کر لوگوں کو کھلاؤں گا۔ پس آپ مقبول بندے خدا کے ہیں۔ آپ میری حاجت براری کے لیے خدا سے دعا کیجئے بفضلہٖ تعالیٰ بالضرور اس کا مطلب دلی بر آوے۔ پس اس حاجت بر آنے کے بعد توشہ اس طرح سے بنوائے گیہوں کا آٹا یا میدہ یا سوجی ہووے کی سوا سیر لے کر اس کی روٹی کسی نمازی سے پکوائی جائے اور اُس کا بہت باریک میدہ بنوائے۔ پھر اُس میں سوا پاؤ گھی اور سوا پاؤ بورہ چینی ملا کر نمازی آدمیوں کو ایسی احتیاط سے کھلاوے کہ زمین پر گرنے نہ پاوے بے نمازی کو ہرگز نہ کھلاوے۔

ایک مجرب عمل

ایسے ہی سہ منی حضرت بو علی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کی نہایت مجربات سے ہے ہزاروں حاجتمند دلوں نے آزمایا ہے اور ہر کسی کا بھلا ہوا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ میدہ گیہوں کا ایک من اور گوشت بغیر ہڈی کا ایک من اور دہی ایک من ان سب کو ملا کر نمازی آدمی پکا دیں۔ پکانے کے بعد دو رکعت نماز نفل کی نیت کر کے پہلی رکعت میں الحمد پڑھ لینے کے بعد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ پچاس مرتبہ پڑھے اسی طرح دوسری رکعت میں بعد اَلْحَمْدُ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ ۴۰ بار پڑھے۔ نماز کے بعد پہلے یہ نام لیے جاویں۔

شاہ شرف بوعلی شاہ قلندر۔ شاہ شرف یحییٰ منیری۔ شاہ احمد خاں۔ شاہ مبارک خاں مولانا شاہ شہباز محمد پھر دس دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھے۔ پھر دس مرتبہ الحمد پڑھے۔ اور دس مرتبہ الم نشرح اور دس مرتبہ آیت الکرسی اور دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰه پڑھے اور ان بزرگوں کی روح کو ثواب بخشے اور یہ تمام کھانا صوفی لوگوں اور باخدا مردوں کو کھلاوے۔ کھانا دوسرے روز بچا کر نہ رکھے۔ عزیز و اقارب کو نہ دیوے۔

ختم خواجگان ختم خواجگان بھی بزرگان دین کے مجربات سے ہے۔ ایک آدمی بہت دیر میں پڑھ سکتا ہے اور زیادہ دیر پڑھنے میں دل گھبرا جاتا ہے اس لیے چند آدمی پابند نماز محبت والے بعد نماز صبح یا بعد نماز عصر اس ترتیب سے پڑھیں پہلے مع بِسْمِ اللّٰه سات مرتبہ سورہ الحمد پڑھیں پھر سو دفعہ درود شریف پھر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ ۹۰ مرتبہ مع بسم اللہ پھر سورہ قُلْ هُوَ اللّٰه مع بِسْمِ اللّٰه ایک ہزار ایک مرتبہ پھر سورۂ الحمد مع بسم اللہ سات مرتبہ پھر درود سو مرتبہ پھر یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ط وَیَا كَافِیَ الْمُهِمَّاتِ ط وَیَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ط وَیَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ ط وَیَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ ط وَیَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ ط وَیَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ط وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط سو سو مرتبہ پڑھ کر یہ نام خواجگان چشت لے جاویں خواجہ یُوْسُفْ هَمْدَانِیْ خواجہ عَبْدُ الْخَالِقْ عَجْدُوَانِیْ خواجہ عَلِیْ رَامِیْتَنِیْ خواجہ مُحَمَّدْ بَابَا سَمَّاسِیْ خواجہ سَیِّدْ جَلَالْ خواجہ بَهَاءُ الدِّیْنْ نَقْشْبَنْدْ خواجہ عَبْدُ اللّٰهِ اَحْرَارْ خواجہ مُعِیْنُ الدِّیْنْ حَسَنْ سَنْجَرِیْ ان تمام خواجگان کا نام لے کر ثواب اس ختم شریف کا انہیں حضرات کی روحوں کو نذر کر کے عرض کرے کہ یا حضرات میری فلاں حاجت برآوری کے لیے خدا سے دعا کیجئے اور میری امداد فرمایئے اس حاجت

کے علاوہ میرے اور بھی مطالب دینی و دنیوی و مقصد ظاہری و باطنی حاصل ہو دیں پڑھنے سے پہلے ایک ہزار ایک بادام یا گٹھلی چھوارے یا گولی ریٹھوں کی اور تو دانے علیحدہ رکھے جاویں تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔

حاکم راضی ہو جائے یاقوت بہت خوش رنگ سُرخ اصلی لے کر چاندی کی انگوٹھی میں وقت اور ساعت نقشہ سے دیکھ کر اُس میں لگوادے اور پھر اُسی ساعت کے اندر داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنے حاکم سامنے جائے مقصد بر آئے۔

غربت دور نہ ہونے کے اسباب

آج کل عام طور سے ایسے کام زیادہ تر ہو رہے ہیں کہ جن کی ناواقفی سے مفلسی اور ناداری بڑھتی ہے رزق میں کمی ہوتی ہے اور عمر بھی گھٹتی ہے۔ مفلس اور غریب آدمی کیسا ہی شریف زادہ پڑھا لکھا ہو ہر کوئی اس کو حقیر اور ذلیل سمجھتا ہے ہو جسے افلاس بڑھتا ہے وہ یہ کام ہیں ان کو چھوڑ دیوے چند روز میں مال دار ہو جاوے عورت سے ہمبستری کر کے بلا نہائے یا بغیر وضو کئے کچھ کھا لینا ننگے ہو کر پیشاب کرنا۔ رات کو گھروں میں جھاڑو دینا۔ خاص کر کپڑے یا رومال سے جھاڑنا۔ دانت سے ناخن کاٹنا پاجامے یا تہبند یا دھوتی یا دامن سے منہ اور ہاتھ و بدن پونچھنا۔ فقیروں سے روٹی خرید کر کھانا کھڑے ہو کر پاجامہ پہننا کنگھی یا کنگھا بالوں میں کرنا ماں باپ کا نام لینا یا بے ادبی سے پکارنا۔ بزرگوں کے آگے چلنا۔ ناف کے بال نہ لینا۔ قینچی سے پیڑو کے بال کترنا۔ لہسن پیاز کے چھلکے جلانا لکڑی کے جالے گھروں سے دور نہ کرنا۔ جوں کا زندہ چھوڑ دینا پھٹے ہوئے کپڑے کو بدن پر پہنے ہوئے سینا۔ صبح کے وقت سوتے رہنا۔ دن چڑھے اٹھنا بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا۔ ہر وقت بال بچوں اور گھر والوں سے لڑنا۔ جنازہ

کے پاس بیٹھ کر کھانا کھانا۔ خلال کرتے وقت دانتوں سے کچھ نکلے اُسے کھا جانا چراغ کو پھونک سے بجھانا۔ اوندھے جوتہ کو سیدھا نہ کرنا۔ ہر کسی کو کوسنا۔ اولاد کو بُرا کہنا۔ فقیر اور سائل کو جھڑکی دینا۔ بایاں پاؤں پاجامے میں پہلے ڈالنا۔ قبرستان میں ہنسنا۔ دل لگی کرنا مذاق اُڑانا۔ کوڑا کرکٹ جھڑا ہوا گھر میں جمع رکھنا۔ مغرب اور عشا کی نماز کے درمیان میں سو جانا۔ احتلام اور عورت سے ہمبستری ہونے پر حجامت بنوانا۔ اندھیرے میں کھانا کھانا بے وضو قرآن شریف کو ہاتھ لگانا۔ چہارشنبہ (بدھ) اور یکشنبہ (اتوار) کی رات کو عورت سے ہمبستری کرنا اس رات حمل رہے تو بچہ بدنصیب پیدا ہووے اور ہمیشہ مفلس رہے اور راستہ میں یا کسی سایہ دار و پھل دار درخت کے نیچے پیشاب کرنا ننگے سر پاخانے جانا سر ننگے کھانا کھانا اور بازار میں پھرنا کسی دوسرے کی کنگھی یا کنگھا کرنا۔ کھڑے ہو کر یا چلتے پھرتے کنگھا کرنا۔ آفتاب نکلتے اور چھپتے وقت کنگھا یا کنگھی کرنا۔ حوض یا تالاب اور دریا میں یا مکھ پر یا قبلہ کی طرف منہ کر کے یا نہانے اور وضو کی جگہ پر پیشاب کرنا۔ چوہے کا جھوٹا کھانا سوتے وقت پاجامہ یا کنگھی و تہمد اور ڈوپٹہ سر کا نیچے سر کے رکھنا بستر کے پاس سیلابچی پیشاب کے واسطے رکھنا۔ مسجد میں دُنیا کی باتیں کرنا۔ مٹی یا چینی کے ٹوٹے برتن میں کچھ شے رکھنا اور اس میں کھانا کھانا۔ ٹوٹے یا گرہ دار قلم سے لکھنا قلم تراشتے وقت جو کچھ گرے اس کو پاؤں کے نیچے لانا۔ ٹوٹے گلاس یا ٹوٹی صراحی سے پانی پینا مہمان کے آنے سے ناخوش ہونا پاخانے میں جا کر یا استنجا کرتے وقت باتیں کرنا۔ چارپائی یا فرش پر بیٹھ کر بغیر دستر خوان بچھائے کھانا کھانا۔ کھاتے وقت دانتوں سے روٹی کترنا۔ کپڑے سے دانتوں کو ملنا جیسے اُنگلی یا مسواک سے دانت صاف کیا کرتے ہیں جس برتن میں کھانا کھایا ہے اسی میں ہاتھ دھونا گھڑے سے منہ لگا کر پانی پینا۔ اپنے پڑوسی کو تکلیف دینا دہلیز یعنی دوباری کے دروازہ میں بیٹھنا۔ چوکھٹ پر سر رکھ کر سونا۔

جو شخص دولت مند ہونا چاہے وہ ان ممنوعات کو چھوڑ دے اور یہ کام اختیار کرے۔

غربت کا خاتمہ

آفتاب کے نکلتے ہی اس کی طرف منہ کر کے تین سو دفعہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَغْنِنَا یَا رَسُوْلَ الثَّقَلَیْنِ اَنْتَ حَقٌّ حَبِیْبُ اللّٰہِ ط۔ پڑھتے وقت یہ خیال ذہن نشین رکھے کہ حضور کے روضۂ مبارک پر حاضر ہو کر خدا سے روزی طلب کر رہا ہوں۔

دولت مند ہو جائے

یہ طریقہ گیارھویں شریف کا ایسا مجرب ہے کہ جو کوئی ہر مہینہ کی گیارھویں تاریخ کو اس طریقہ کے مطابق نیاز دلایا کرے دولت مند دینوی سے مالا مال ہو جاوے اور حضرت پیران پیر غوث اعظم محی الدین ابو محمد سید عبد القادر جیلانی کا فرمانا ہے کہ جس کی جو حاجت ہو وہ پوری نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ بڑے بڑے بزرگوں اور اس خاکسار کی تجربہ کردہ ہے جس کسی نے اس کو ادا کیا ہے وہ دولت دنیا سے مالا مال ہو گیا ہے۔

طریقہ یہ ہے جس جگہ نیاز کی جائے وہ پاک اور صاف ہو اس جگہ ایک چھوٹی سی چوکی یا اور کوئی چیز بچھائی جاوے اور اُس پر پاک صاف کپڑا سفید بچھایا جائے اور اُس پر گیارہ پیالے مٹی یا چینی یا تانبے کے رکھے جائیں ان میں اپنی حیثیت کے موافق تبرک کسی مسلمان حلوائی سے لیا جائے یا اپنے گھر میں حلوا بنوایا جائے یا اور کھانا پلاؤ زردہ وغیرہ بھرا جائے۔ تبرک کم از کم گیارہ کوڑی یا گیارہ پیسے یا گیارہ آنے یا گیارہ روپیہ کا ہو زیادہ تبرک میسر نہ ہو تو پہلے تھوڑا ہو اور پھر رفتہ رفتہ یعنی خدائے پاک جس قدر وسعت دیتا جائے بڑھاتا رہے۔ خوشبو عطر رکھے، در لوبان یا بتی اگر سلگائے۔ شمال (اُتر) اور مغرب (جدھر آفتاب چھپتا ہے) اُن دونوں

رُخوں کے درمیان میں جو گوشہ ہے کہ ادھر مزارِ پُرانوار حضرت غوث پاک ہے منہ کرکے چوکی سے نیچے بیٹھے اور اپنے آگے چوکی اور تبرک رکھے اور دل کے اندر یہ خیال رہے کہ میں حضور میں حاضر ہو کر یہ نذر پیش کر رہا ہوں اور خدا میرا ہدیہ جناب مقدس مآب میں پہنچا رہا ہے پہلے پڑھے بِرُوحِ پَاكِ قُطْبُ الْعَالَمِيْنَ سُلْطَانُ الْمَخْلُوْقِيْنَ غَوْثِ اَعْظَمُ مُحِيُّ الدِّيْنَ ۔ اَبُوْ مُحَمَّدْ سَيِّدِنَا عَبْدُ الْقَادِرْ جِيْلَانِيْ بَادْشَاهِ بَاذْنُ اللّٰهِ پھر یہ گیارہ نام لیے جاویں سَيِّدْ مُحِيِّ الدِّيْنَ ۔ شَيْخِ مُحِيِّ الدِّيْنِ ۔ وَلِيْ مُحِيُّ الدِّيْنِ ۔ بَادْشَاهِ مُحِيِّ الدِّيْنِ مَخْدُوْمُ مُحِيُّ الدِّيْنَ مَوْلٰنَا مُحِيُّ الدِّيْنُ خَوَاجَهْ مُحِيِّ الدِّيْنَ سُلْطَانُ مُحِيُّ الدِّيْنِ ۔ دَرْوِيْش مُحِيِّ الدِّيْنِ ۔ فَقِيْرِ مُحِيِّ الدِّيْنَ غَرِيْبِ مُحِيُّ الدِّيْنُ پھر آٹھ مرتبہ مَعَ بِسْمِ اللّٰهِ سُوْرَةُ الْحَمْدُ اور پھر گیارہ مرتبہ مَعَ بِسْمِ اللّٰهِ سُوْرَہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ پڑھے پھر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ۔ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بعد میں حضور اقدس کی نذر کرے اور اپنی حاجت کا نام لیا جائے اور بعد میں یہ پڑھے اَلْغِيَاثُ يَا غَوْثَ الْاَعْظَمُ اَلْغِيَاثُ ۔ اَلْغِيَاثُ يَا سَيِّدْ عَبْدُ الْقَادِرِ اَلْغِيَاثُ ۔ پھر وہ تبرک معصوم بچوں کو یا نمازی آدمیوں کو تقسیم کر دیا جائے دوسرے دن کو بچا کر نہ رکھے عامل دیکھے گا چند ماہ میں کیسی ترقی ہوتی ہے کسی ضروریات کے باعث اس تاریخ کو نیاز نہ دلائی جا سکے تو اور کسی تاریخ میں دلائی جائے یا دوسری تاریخ پر دو مرتبہ کر کے دلائی جائے۔ چند ماہ میں دیکھے کیسی خوشحالی اور فارغ البالی ہوتی ہے۔

غیب سے روزی ملے

کوئی شخص روزی سے اس قدر پریشان ہو کر روٹی بھی میسر نہ آتی ہو تو مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد مع بسم اللہ الحمد ایک مرتبہ اور سورۂ الم نشرح تین مرتبہ اور سورۂ انا انزلنا اکتالیس مرتبہ اور سورۂ واقعہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے خداوند کریم اُس کے لیے غیب سے روزی عطا فرمائے جس کسی نے ۴۰ دن پڑھا ہے مالا مال ہو گیا ہے۔

فراخیٔ رزق کے لیے

بعد نماز صبح سورۂ مزمل مع بسم اللہ ایک مرتبہ روزمرہ پڑھا کرے اور اس سورۃ پڑھنے میں جب رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے اسی طرح تین ۳ مرتبہ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ پڑھے اور تیسری مرتبہ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ تین مرتبہ پڑھے اور چوتھی مرتبہ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۔ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ تین مرتبہ پڑھے علاوہ روزی ملنے کے اور جو کوئی حاجت ہو وہ بھی حاصل ہوئے۔

رزق میں اضافہ

دعا حضرت امام حسن علیہ السلام کو حضور رسول مفتخر صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی تھی جو کوئی کسی سے روپیہ پیسہ ملنے کی حاجت رکھتا ہو اور وہ نہ دیتا ہو تو اس دُعا کو ۴۰ روز ۱۱ مرتبہ روزانہ مع بسم اللہ اور تین مرتبہ اول و آخر کوئی سا درود شریف پڑھ کر بعد نماز عشا پڑھا کرے۔ ۴۰ روز سے پہلے ہی دعا قبول ہو گی۔ اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِيْ قَلْبِيْ رَجَاءَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِيْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰى لَآ اَرْجُوْا غَيْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِيْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِيْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَيْهِ رَغْبَتِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْئَلَتِيْ وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى لِسَانِيْ مِمَّا اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مِنَ الْيَقِيْنِ فَخُصَّنِيْ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ وَيَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔

حضرت معاویہؓ نے حضرات امامین کی نذر کے لیے کچھ درماہ مقرر کیا ہوا تھا کسی وجہ سے نہ پہنچ سکا۔ حضرت امام منتظر رہتے تھے حضور علیہ السلام نے یہ دعا تعلیم فرمائی آپ نے پڑھی کہ نذرانہ بعد عجز وانکساری آپ کی خدمت میں بھیجا گیا۔ اس وقت تک بہت سے حاجتمندوں کی ایسی حاجتیں پوری ہوئی ہیں۔

فراخی رزق کا وظیفہ

یَا رَزَّاقُ ہر نماز کے بعد تین سو انیس مرتبہ کہ ان حروف کے اعداد ہیں ان کے برابر بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء پڑھا کرے تو خدا کی طرف رزق کے دروازہ کھل جاتے ہیں۔ نان شبینہ کی محتاجگی دور ہو جاتی ہے۔

رزق میں اضافہ کا عمل

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص عسرت اور تنگ دستی سے زندگی بسر کرتا ہو اور وہ مال دار و تونگر ہونا چاہتا ہو تو جمعرات کے دن بعد نماز عصر آفتاب کے زرد ہونے سے پہلے اپنے ناخن ترشوایا کرے خدا جلدی سے غنی کر دیتا ہے۔

دنوں میں امیر ہونا

درود مستغاث

درود مستغاث بعد نماز صبح اس طریقہ سے پڑھے کہ آفتاب نکلتے ہی تمام پڑھ لیا جاوے پھر دعا مانگے قبولیت کا شرف حاصل ہو اور خدا پڑھنے والے کو ایسی جگہ سے دولتِ دنیا عطا فرما دے کہ ایک سال نہ گزرنے پاوے امیر کبیر ہو جائے کسی ضرورت شدید سے وقت گزر جائے تو اس کا خیال نہ کرے کہ اب وقت نہیں رہا نہ پڑھے اور کسی وقت پڑھ لیا کرے۔ ضرور پڑھے۔

بسم اللہ کی برکت

صرف بسم اللہ کی ب کو اکیس جگہ کاغذ کے پرچوں پر

لکھ کر روپوں کی تھیلی میں رکھے اس تھیلی کا روپیہ بڑھتا رہے لیکن کسی سے حال ظاہر نہ کرے۔

دولت مند بننے کا تعویز

چاند کے شروع مہینے میں جمعرات کے دن آفتاب نکلتے ہی ایک ہزار مرتبہ سورہ والضحیٰ مع بسم اللہ اور یہ دعا آخر میں ایک دفعہ پڑھے اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ عَلَی الْیُسْرِ الَّذِیْ یَسَّرْتَہٗ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ اور اسی طرح مغرب کی نماز پڑھتے ہی پڑھے اور اسی سورت کو ایک کاغذ پر لکھ کر ایک پاک کپڑے کی تھیلی میں چالیس روپے بھر کر اس تعویذ کو رکھ دے جب خرچ کرنا چاہیے تو جس قدر روپوں کے خرچ کرنے کا ارادہ ہو تو اسی قدر سورۂ والضحیٰ پڑھے اور روپیہ لے خرچ کرے کبھی روپے کم نہ ہوں گے جس قدر دل چاہے خرچ کرتا رہے۔

کبھی رقم ختم نہ ہو

سات دانے جو کے لیکر اور وضو کر کے ان دانوں پر یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ان دانوں کو اپنے خرچ کی تھیلی میں ڈال دیں اور منہ اس کا بند کر دیں اور جتنا چاہیں بغیر گنتی کے اس میں سے خرچ کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ اس تھیلی کا روپیہ ختم نہ ہو گا اور جب تھیلی کھولیں تو وضو کر کے کھولیں اور اس روپیہ کو ناجائز اور گناہ کے کاموں میں خرچ نہ کریں ورنہ ہلاک ہوں گے اور نہ کسی سے یہ ظاہر کریں ورنہ خیر و برکت جاتی رہے گی۔

مال و دولت کی فراوانی

یہ اسمائے پاک ماہ رجب کی پہلی تاریخ یا رمضان کی ستائیسویں تاریخ کو کاغذ پر لکھ کر کسی کوزہ یا چھوٹی سی صراحی تنگ منہ میں وہ کاغذ ڈال کر موم یا آٹے سے منہ بند کر کے مٹکوں یا

کوٹھیوں میں اناج کے اندر دبا دیں۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ
مِّائَةُ حَبَّةٍ ط وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ہ وَاٰيَةً
مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ہ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ
وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ ہ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا
وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ہ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ
عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ط جَنّٰتُ عَدْنٍ
مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ط اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ط اِنَّ
اللّٰهِ بِنْ سَلَامٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زُبَيْرٍ
اُوَيْسٌ قَرَنِيْ اَلرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ هَرَمُ بْنُ حَيَّانَ مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ
عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ مَسْعُوْدُ بْنُ اَسْلَمَ الْخَوْلَانِيُّ اَلْحَسَنُ
الْبَصْرِيُّ اَبُوْبَكْرٍ عُمَرُ عُثْمَانُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ۔

کبھی غلہ ختم نہ ہو

عید الضحیٰ کے روز ذبح کی ہوئی بکری کا بایاں شانہ لے کر اور اس کو گوشت وغیرہ سے صاف کر کے جب اس کی تری جاتی رہے وہ لکھنے کے قابل ہو جائے تو اس پر یہ اسم پاک لکھے اور اناج کے ڈھیر میں دبا دیں غلہ میں بہت برکت ہوتی ہے تَبٰرَكَ اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ
الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا تَبٰرَكَ
الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تمليخ تمليخ تملاها
تمليخ لخليلى له بنوفش الطوس ۔ طيطوس وكلبهم قطمير۔

کھانے میں زیادتی

یہ دعا چالیس مرتبہ نمک پڑھ کر دم کریں پھر اس میں

سے تھوڑا سا نمک کھانے وغیرہ میں ڈال دیا کریں تو کھانا بہت زیادہ ہو جائے لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْغَنِيُّ الْهَادِيْ الرَّازِقُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْكَرِيْمُ الْوَاسِعُ
الْوَهَّابُ ذِي الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الْجَوَادُ الْمُتَفَضِّلُ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا۔

مجرب عمل

پچیس دانے گیہوں کے لے کر ہر ایک دانہ پر مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ
رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ
وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ
فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ
فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا
عَظِيْمًا ہ

سونے کا درخت

یہ عمل شجر زر کے نام سے موسوم ہے اور حضرت غوث گوالیاری کو موکلات سے ہاتھ آیا تھا اور حضرت شیخ پیر محمد سلونی رحمۃ اللہ علیہ بلاناغہ ہر مہینے میں تین رات مہینے کی بیسویں رات سے شروع کیا کرتے تھے یہ کمیاب اور نایاب عمل ہے آج تک بوجہ بخل عاملین وکاملین نے مخفی رکھا ہر کسی کو اس کے اظہار سے اس لیے پوشیدہ کیا کہ اہل دنیا برے کاموں اور لایعنی ضرورتوں میں صرف کرتے ہیں اور اگر عمل پورے طور سے نہیں ہوتا تو ٹوٹا کہتے ہیں۔ بس یہ خاکسار اپنے مسلمان بھائیوں کی خدمت میں پیش کرتا ہے کہ آج کل ان کی حالت عام طور سے افلاس میں گذر رہی ہے کیا عجب ہے کہ کوئی شخص محنت کر کے فائدہ حاصل کرے اور دولت بے غایت پاوے امیرانہ زندگی بسر کرنے

کے لیے بے بہا دولت ہے۔ ترکیب اس کی اس طرح پر ہے کہ ایک تانبے کا چراغ کسی نیک ساعت میں بنوائے جو ساعت کہ نقشے میں لکھی ہیں۔ پھر اس پر رانگ کی قلعی کرادے پھر اور کسی نیک ساعت شروع مہینے میں دن کے وقت چار مربع موٹے کاغذ (یعنی اتنا بڑا کاغذ ہو جتنے پر یہ تعویذ آجاوے اور وہ کاغذ چوکھونٹا ہو) پر نیچے لکھا ہوا تعویذ روز مرہ ۴۰ دن تک لکھے اور ان کی روزانہ چار بتی بنادے اور رات کو نیک ساعت میں کسی علیحدہ مکان کے اندر اس چراغ میں گھی اور شہد ملا کر ڈالے اور وہ چاروں بتی ایک کے بعد ایک اُس میں ڈال کر جلاوے اور بتیوں کے جلتے وقت یہ اسماء اَجَبُ یَا غَقْصَدِ یَلُ بِحَقِّ یَا غَنِیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا صَمَدُ یَا دَائِمُ ایک ہزار ایک سو چورانوے مرتبہ ۴۰ رات تک پڑھے اور جب تک پڑھے بتی جلتی رہیں جبکہ چالیس دن پورے ہو جاویں تو پھر اسی تعویذ کو مع موکلوں کے نام جیسے کہ لکھے ہیں شمس یا مشتری کی ساعت میں آفتاب نکل آنے کے وقت شروع ماہ میں نہا دھو کر وضو کر کے اس تانبے کے کٹورے پر وہی تعویذ جو نیچے لکھا جاتا ہے اور کاغذ پر جس کی بتی بنائے جانے کو لکھا ہے کندہ کرے یہ عدد تعویذ اور نام موکل اور اسمائے پاک خود کھودے یا کسی دوسرے سے کھدوا دے کندہ کرنے والا نمازی اور نیک آدمی ہو جب اس سے مقصد حاصل کرنا ہو تو اسی چراغ میں گھی اور شہد ڈالے اور اسی طرح چار تعویذ پر نیک ساعت میں ۱۲ عدد لکھے ہوئے تین رات آخر مہینے کی بیس ۲۰ اکیس ۲۱ کو روشن

یا غنی اجب یا غقصد یل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم

٣٠١	٢٩٨	٢٩١	٣٠٤
٢٩٢	٣٠٣	٣٠٢	٢٩٧
٣٠٦	٢٩٣	٢٩٦	٢٩٩
٢٩٥	٣٠٠	٣٠٥	٢٩٤

یا غنی اجب یا غقصد یل بحق یا غنی یا قیوم یا صمد یا دائم

کرے۔ اور جب تک یہ جیسے جلتے وہیں یہ موکلوں کے نام بلا تعداد پڑھتا رہے یَا کَلْکَائِیْلُ یَا جَیُوْشُ بِحَقِّ یَا عَلُوُ وَائِیْلُ اَجِیْبُوْا دُعَائِیْ یَا عَزِیْزُ یَا مَلِیْکُ جب ختم کر چکے تو اُس وقت ایک موکل آوے گا اور کہے گا کہ کیا چاہتے ہو تو اس وقت کہے کہ مجھے اپنے صرف کرنے کو روپیہ کی ضرورت ہے وہ اقرار کرے گا کہ نیک کام میں اور اپنے بال بچوں میں خرچ کیا کرنا پس وہ اتنا لائے گا کہ تم امیر کبیر ہو جاؤ گے بڑے کام میں خرچ کرو گے اور کسی سے کہہ دو گے تو لانا بند کر دے گا ضرورت مند ضرور اس عمل کو کرے اگرچہ محنت ہے۔ خیال کرو تو کوئی کام بغیر تکلیف اٹھائے نہیں ہوتا۔

رقم کبھی کم نہ ہو

برائے فتوح و دفع فقر و فاقہ اور حاصل ہونے روپیہ و اشرفی تجربہ کیا ہوا ہے حضرت شیخ بہاء الدین ذکریا قدس اللہ سرہ ان اسمائے مبارک کو ایک روپیہ پر دم کر کے رکھے خدا روپیہ زیادہ بڑھاتا رہے اور کسی طرح سے کم نہ ہوئے بشرطیکہ ناجائز اور شریعت کے خلاف کاموں میں صرف نہ کرے۔ ترکیب یہ ہے کہ جمعہ کی رات کو آدھی رات گذرنے پہ وضو کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھے پھر دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت کی پڑھے ہر رکعت میں الحمد کے بعد آیۃ الکرسی عظیم تک ایک مرتبہ اور سورہ قُلْ هُوَ اللہ گیارہ مرتبہ بعد سلام درود شریف ایک مرتبہ اور پھر سورہ الحمد اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ اور سورہ قُلْ هُوَ اللہ گیارہ مرتبہ اور پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور حضرت غوث الاعظم محی الدین ابو محمد سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پاک کو ثواب نذر کرے اور پھر یہ اسم اغنی والا جو نیچے لکھا جاتا ہے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر ایک روپیہ پر دم کرے اور ہمیشہ جمعہ کی رات کو ایک سو ایک مرتبہ یہ غنی والا عمل پڑھتا رہے اور اس روپیہ کو ناپاک عورت حیض و نفاس والی سے

بچاکر رکھتے انشاء اللہ روپیہ کی کمی نہ ہوگی اور روز بروز دولت کی زیادتی ہوتی رہے گی جس کا دل چاہے محنت کرے اور آزمائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰہُ کَافِیْ قَصَدْتُّ الْکَافِیْ وَوَجَدْتُّ الْکَافِیْ کَفَانِیْ بِکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ یَاحَضْرَتِ شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ یَا شَیْخَانِ یَا سَیِّدَانِ یَا اَغِثْنِیْ یَا اَغِثْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ط

پردہ غیب سے دولت کا حصول

بہت سے مردمان کو اس کا متلاشی پایا اور یہ کہتے سنا کہ اُس کا عمل وغیرہ کچھ نہیں ہے دنیا جھوٹ بولتی ہے۔ دراصل بات یہ ہے کہ یہ عمل ہے تو ضرور لیکن اس کے نہ بتانے کے کئی وجوہ ہیں منجملہ اِن کے ایک تو سب سے بڑا بھاری نقص یہ ہے کہ جس کو یہ عمل آتا ہے وہ اگر کسی کو بتاوے یا ظاہر کرے تو اُس کے عمل کا اثر جاتا رہتا ہے۔ اور اُس کی آمدنی بند ہوجاتی ہے۔ دوسرے اس کے حاصل کرنے میں محنت بہت زیادہ ہوتی ہے ہر کوئی اس کی انجام دہی سے عاری ہوتے ہیں اس لیے عام طور سے نہیں بتایا جاتا لہٰذا یہ خاکسار اس خیال کو مدنظر رکھ کر بہت سے مردمان اس کے متمنی ہیں کہ کیسی ہی مشقت ہو اس کی انجام دہی کے لیے تیار ہیں۔ پس ان نایاب اور کمیاب عملیات کا مفصل طور سے اظہار کرتا ہے کہ کوئی خوش قسمت محنت کرے اور وہ بعنایت خداوند کریم کامیابی حاصل کرکے دولت دنیا سے پابندی اختیار کرے (۱) پہلے تو اپنا عقیدہ درست رکھے اور یہ سمجھ لے کہ میں اس میں ضرور کامیاب ہوجاؤں گا (۲) تقویٰ یعنی پرہیزگاری اختیار کرے (۳) کمائی نیک سے غذا بہم پہنچائے (۴) کپڑے بھی ریاض کی کمائی سے ہوں۔ (۵) روزہ

رکھے اور روزہ رکھنے میں اس امر کا لحاظ رہے کہ ہر کسی کی غیبت کرتے۔ فحش باتوں سے زبان کو بچاوے (۶) آنکھوں سے کسی نامحرم اور ناجائز شے کو نہ دیکھے (۷) بدن کو ہر وقت پاک رکھے (۸) نہانے دھونے وضو کرنے کو پانی بھی اپنے ہاتھ سے لادے یا کسی نمازی آدمی سے منگاوے (۹) مکان ایسا ہو کہ جہاں کسی کی آواز نہ آتی ہو اور اندھیرا ہو (۱۰) موم بتی روشن کرے یا گھی کا چراغ جلاوے۔ (۱۱) حقہ پینے والے حقہ پینا چھوڑ دیں (۱۲) خوشبو جلانے اور دھونی کرنے کے لیے عود (اگر) کی لکڑی یا بتی اگر کی اور عطر و مشک و عنبر وغیرہ جو کچھ میسر آجائے بہم پہنچا رکھے۔ پڑھتے وقت دھونی جلائے (۱۵) عمل شروع کرنے سے پہلے سات دن تک روزہ رکھے، کشمش اور سرکہ سے روزہ کھولے (۱۶) کھانے کو جَو کی روٹی کھاوے (۱۷) جو کچھ خواب و خیال نظر آویں یا موکل دکھائی دیویں اُن سے کسی قسم کا خوف نہ کرے۔ دست غیب کے موکل ملائکہ مومنین ہیں کسی طرح سے اذیت نہیں پہنچاتے اور نہ کسی طور سے ڈراتے ہیں (۱۸) دن کو سو رہے تاکہ رات کو پڑھتے میں نیند غالب نہ ہووے رات کو نیند بہت آوے تو سو رہے آنکھ کھلتے ہی فوراً وضو کرلیا جاوے (۱۹) جو عملیات لکھے ہیں۔ ان کا ترجمہ اردو بھی یاد کرے تاکہ عربی عبارت پر دل لگا رہے (۲۰) فقیروں اور غریبوں کو کچھ خیرات بھی تقسیم کرتا رہے۔

خزانہ حاصل کرنے کا عمل

شروع ماہ چاند میں جو جمعرات آتی ہے اُس کی رات کو بعد نماز عشا اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسین اور بعد ختم یہ دعا بھی اکتالیس مرتبہ پڑھتا رہے اور اُسی جگہ سو رہا کرے صبح اُٹھ کر صبح کی نماز پڑھے بعد نماز کچھ درود یا وظائف یا قرآن شریف یا درود شریف پڑھا کرے جب آفتاب نکل آوے تو نماز اشراق کی چار رکعت پڑھ کر خدا سے دعا مانگے کہ الٰہی تو عالم الغیب ہے پس اپنے خزانۂ غیب سے مجھے دست غیب عطا

فرما۔ دعا مانگ کر اپنے کاروبار میں معروف ہو وے چالیس روز تک اسی ترکیب سے پڑھا کرے۔ بعد چالیس روز چلہ ختم ہو جانے پر روزمرہ عشاء کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ یٰس اور ایک مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پاک کپڑے پہنے ہوئے پاک بستر اور چارپائی پر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ جس قدر روپیہ ملنے کی نیت کیا کرے گا تکیہ کے نیچے سے صبح اپنا نفقہ یعنی خرچ پایا کرے گا۔ روزانہ پڑھنے کی حتی المقدور نہ کرے کسی سخت بیماری کے باعث قضا ہو جاوے تو صحت پانے کے بعد پھر ایک ورد روزانہ ایک ایک بار پڑھا کرے سورہ یٰس حفظ یاد نہ ہو تو قرآن شریف سے دیکھ کر پڑھی جاوے، اور وہ دعا یہاں لکھی جاتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ[1] اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْبَحْرِ فَاَطْلِعْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ قَلِيْلًا فَكَثِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَهَوِّنْهُ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا غَدَقًا سَحًّا

---

[1] ترجمہ اے میرے پروردگار اگر رزق میرا آسمان میں ہے تو تو اس کو نازل کر اور اگر رزق میرا زمین کے اندر ہے تو اس کو نکال دے اور اگر وہ دریا میں ہے تو تو مجھے اس سے مطلع کر اور اگر وہ دور ہے تو اس کو قریب کر اور اگر وہ قریب ہے تو تو اس کو آسان کر اور اگر وہ کم ہے تو اس کو زیادہ کر اور اگر وہ بہت ہے تو اس کو آسان کر اور میرے لیے اس میں برکت دے اور مجھے رزق دے۔ جہاں سے میرا گمان ہے اور جہاں سے میرا گمان نہیں ہے اور رزق حلال و پاکیزہ وافر مثل بارش موفورہ طبق تہ بتہ اور آمیز برکت ہو یہاں تک کہ اسکے حصول کیلئے تیری خلق میں سے کسی کا مجھ پر احسان نہ ہو اور میرے ہاتھوں کو از برائے عطا بلند کر اور میرے ہاتھوں کو برائے طلب قبول عطا پست نہ کر کہ تو ہر شے پر قادر ہے۔

طَبَقًا مُبَادَكًا فِيْهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ فِيْهِ مِنَّةٌ وَاجْعَلْ يَدَيَّ عُلْيَا بِالْاِعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ يَدَيَّ سُفْلٰى بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؕ

روزانہ رقم ملے

یہ اسمائے مکرم ایک ہفتہ تک پڑھنے سے دست غیب حاصل ہوتا ہے روپوں کی خواہش ہو روپیہ طلب کرے اور اگر روزانہ اشرفی کا تمنائی ہو تو خدا سے اشرفی مانگے جو مانگے وہی ملا کرے پڑھنے کی ترکیب اس طرح پر ہے کہ جو شرائط اوپر ظاہر کی ہیں اس کا پابند ہو کر مکان ایسا مقرر کرے جہاں کسی کی آواز نہ پہنچے اور عطر وغیرہ اس میں رکھے اور روزمرہ سات روز تک روزہ رکھے اور روزہ جو کی روٹی گھی سے چپڑی ہوئی یا کشمش اور سرکہ سے افطار کرے چاند نظر آنے کے بعد جو اتوار پہلے آوے اسی روز بعد نماز صبح پہلے اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر اکیس مرتبہ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے اور پھر تین مرتبہ اس قسم کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا شَمْخُ شَمَاخُ الْعَالِيْ عَلٰى كُلِّ بَرَاخٍ نَادِيْكَ يَا جِبْرَائِيْلُ تَاْمُرُ مُنَادِيًا مِّنَ السَّمَآءِ يُنَادِيْ مِنْ قِبَلِكَ يَا سَمَاعُ شَنُوْتُ شَنُوْتُ مَا سَمِعَكَ عَبْدُكَ اِلَّا خَشِعَ وَخَضَعَ وَلَا جَبَّارٌ اِلَّا تَزَعْزَعَ وَلَا مَلِكٌ اِلَّا خَضَعَ بِالَّذِيْ زَيَّنَ الشَّمْسَ فِيْ اُفُقِ السَّمَآءِ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ اَجِبِ الدَّاعِيَ يَا مَيْمُوْنُ بِحَقِّ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ؕ

ترجمہ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے شمخ شماخ العالی علی کل براخ پکارتا ہوں تجھ کو اے جبرئیل حکم کر تو ایک منادی کو جو ندا کرے تیری طرف سے یا سماد شنوت شنوت نہیں سنا کسی بندے نے حکم تیرا مگر کہ ذلیل ہوا اور نہ کسی جبار نے مگر کہ پریشان اور ذلیل ہوا اور نہ کسی بادشاہ نے مگر ذلیل ہوا قسم ہے اس ذات کی جس نے زینت

دی سورج کو آفتی آسمان میں اور بے شک یہ قسم اگر تم جانو تو بہت بڑی ہے بلانے والے
کی آواز کو قبول کرو اے میمون بے شک جو لوگ تیرے رب کے پاس ہیں وہ اپنے رب کی
عبادت سے تکبر نہیں کرتے ہیں اور تسبیح کرتے ہیں اُس کی اور اُس کو سجدہ کرتے ہیں۔

یہ قسم پڑھ کر یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ۔ دن بھر اور رات بھر بیٹھا ہوا پڑھے جاوے
نماز کے وقت نماز پانچوں وقت کی پڑھ لیا کرے پھر جب جمعہ کی رات آوے تو دو رکعت
نماز نفل کی نیت کرکے پڑھے بعد نماز ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر دو ہزار مرتبہ
یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ پڑھے پھر ایک ہزار بار درود شریف پڑھے وہ یہ ہے اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ اَلصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلَ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پھر تین مرتبہ اوپر لکھی ہوئی قسم پڑھے اور جب اس
اسم مبارک پر پہنچے وَلَہٗ یَسْجُدُوْنَ تو نہایت الحاج زاری اور خالص نیت
سے اور نہایت ذوق و شوق سے سجدہ کرے اور سجدہ میں یہ دعا اکتالیس بار پڑھے
اور اس کو پہلے حفظ یاد کر لیا جاوے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَوَّلِ اَوَّلِیَّتِکَ الَّتِیْ لَا ابْتِدَاءَ لَھَا وَاٰخِرِ
اٰخِرِیَّتِکَ الَّتِیْ لَا اِنْتِھَاءَ لَھَا یَا کَرِیْمُ یَا ذَالْکَرَمِ الْجَمِّ الَّذِیْ لَا انْقِطَاعَ
لَہٗ اَبَدًا یَا ذَالرَّحْمَۃِ الْوَاسِعَۃِ الَّتِیْ لَا تَکَیَّفُ یَا مُتَطَلِّعًا عَلَی الضَّمَائِرِ
وَالْھَوَاجِرِ وَالْخَوَاطِرِ لَا یَعْزُبُ عَنْکَ شَیْءٌ بَصِیْرٌ یُبْصِرُ اَھْلَ الْبَصَائِرِ
وَیَدُلُّھُمْ عَلٰی عَظَمَتِہٖ وَاسْتَعْمَلَھُمْ وَاَلْھَمَھُمْ لِذِکْرِہٖ وَوَفَّقَھُمْ
وَعَلَّمَھُمْ عِلْمَ اِسْمِہِ الْکَرِیْمِ وَفَتَحَ لَھُمْ بَابَ الرَّحْمَۃِ
تَنَادَوْا یَا رَحِیْمُ فَاسْتَقَامُوْا عَلَی اسْتِقَامَۃِ الْمُنَاجَاۃِ فَھَتَفَ بِھِمْ
ھَاتِفُ الْاِجَابَۃِ اِذْ تَسْتَغِیْثُوْنَ رَبَّکُمْ فَاسْتَجَابَ لَکُمْ اِلٰھِیْ
وَسَیِّدِیْ وَمُرَادِیْ اَکْشِفْ عَنْ قُلُوْبِنَا حِجَابَ الْغَفْلَۃِ وَعَنْ اَبْصَارِنَا

مَا حَجَبَھَا عَنِ الْعِبْرَۃِ حَتّٰی نَعْلَمَ مِنْ عِلْمِکَ مَا عَلَّمْتَنَا وَنَتَصَرَّفَ بِہٖ
تَصَرُّفَ الرُّوْحَانِیِّیْنَ بِسِرِّ اِسْمِکَ یَا مَنْ خَلَقْتَ النِّیْرَانَ لِاَھْلِ
طَاعَتِکَ تَوَسَّلْتُ اِلَیْکَ یَا اَسْمَاءُ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی وَبِکَلِمَاتِکَ
التَّامَّاتِ الْعُلْیَا اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خَادِمَ ھٰذَیْنِ
الْاِسْمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ الْکَرِیْمَیْنِ الْعَظِیْمَیْنِ اَنْ یَّاتِیَنِیْ کُلَّ یَوْمٍ
بِدِیْنَارٍ ذَھَبٍ مِّنْ خَبَایَا الْاَرْضِ اَحَدٌ تَحْتَ رَاْسِیْ فَاسْتَعِیْنُ بِہٖ عَلٰی
قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَمَصَالِحِیْ اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ احْفَظْنَا
اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الذَّاتِ الْکَرِیْمَۃِ وَالْاَسْمَاءِ الْعَظِیْمَۃِ اَسْئَلُکَ رِزْقًا
غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ طَالِبًا غَیْرَ مَطْلُوْبٍ ط اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی
السَّمَاءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا
فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ مَعْدُوْمًا فَاَوْجِدْہُ
وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْہُ وَبَارِکِ اللّٰھُمَّ لِیْ فِیْہِ وَاٰتِنِیْ بِہٖ
مِنْ عِنْدِکَ وَکُوْلِیْ اَنْتَ اَمْرِیْ فِیْہِ وَاجْعَلْ یَدِیْ عَالِیَۃً بِالْاِعْطَاءِ
وَلَا تَجْعَلْھَا سَافِلَۃً بِالْاِسْتِعْطَاءِ بِرَحْمَتِکَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا
عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ اَجِبْ دُعَائِیْ بِفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط وَبِعِبَادِکَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ط وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ؕ

ترجمہ دعا یا خدا میں تجھے تیری اوّل اولیّت کے ساتھ دعا کرتا ہوں۔ جس کی
ابتدا نہیں ہے اے کریم بڑے کرم والے جو کبھی منقطع نہیں ہوتا اے وسیع رحمت والے
جو متکیف نہیں ہوتی ہے۔ اے واقف دلوں کے راز اور خطروں کے نہیں غائب ہوتی

ہے تجھے کوئی چیز بصیر ہے دیکھتا ہے۔ اہل بصائر کو اور راہ بتاتا ہے اُن کو اپنی عظمت کی اور کام کرایا ہے اُن سے اور الہام کیا اُن کو علم اپنے اسم کریم کا اور کھولا واسطے ان کے دروازہ رحمت کا پس آواز دی اُنہوں نے اے رحیم۔ پس قائم ہوئے وہ اوپر استقامت مناجات کے پس آواز دی ان کو قبولیت کی آواز دینے والے نے جب تم فریاد مانگتے تھے اپنے رب سے پس قبول کی اس نے تمہاری فریاد یا اللہ میرے سردار میرے مولا میرے کھول میرے دل سے حجاب غفلت کا اور آنکھوں سے کھول اس چیز کو جس نے روک دیا ہے اس کو عبرت سے یہاں تک کہ ہم کو تیرے علم سے معلومات ہو جو سکھائے تو ہم کو اور تصرف کریں ہم ساتھ اس کے تصرف روحانیوں کا ساتھ سر اسم تیرے کے اے وہ ذات پاک جس نے آگ کو اہل معصیت کے واسطے پیدا کیا اور آراستہ کیا ہے جنت کو اہل طاعت کے واسطے توسل کرتا ہوں طرف تیرے یا خدا ساتھ اسمائے حسنیٰ کے اور کلمات تامات بلند کے یہ کہ پوری کر حاجت میری اور مسخر کر میرے لیے خادم ان دونوں اسماء شریفہ کے یہ کہ لائیں میرے پاس ہر روز ایک اشرفی سونے کی زمین کے دفینوں میں سے پاؤں میں سرہانے اور مدد حاصل کروں میں ساتھ اس کے قضائے حاجات پر اور ضرورتوں پر اے اللہ اے رب اے رحمٰن اے رحیم حفاظت کر ہماری اے اللہ اے ذات کریمہ والے اور اسمائے عظیمہ والے سوال کرتا ہوں تجھے رزق غالب غیر مغلوب طالب غیر مطلوب کا اے اللہ اگر میرا رزق آسمان میں ہو تو اس کو نازل کر اور اگر زمین میں ہے تو اس کو نکال اور اگر دور ہے تو اُس کو قریب کر اگر قریب ہے تو آسان کر۔ اگر معدوم ہے تو پیدا کر۔ اگر ممنوع ہے تو ثابت کر۔ اور اگر تھوڑا ہے تو بہت کر اور برکت دے۔ اے اللہ میرے واسطے بیچ اُس کے اور لا اُس کو میرے پاس اپنے پاس سے اور متولی ہو تو میرے حکم کا بیچ اُس کے اور کر میرے ہاتھ کو بلند ساتھ دینے کے اور مت کر اس کو نیچا ساتھ لینے کے اپنی رحمت سے اے رزاق

اے فتاح اے علیم اے کریم قبول کر میری دعا کو اپنے فضل سے اور کرم سے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور اپنے بندوں کے ساتھ مہربان خبردار جب اور نہیں ہے حول نہ قوت مگر خدائے بزرگ و برتر ہیں اور درود بھیج اللہ ہمارے حضور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل و اصحاب پر اور اسلام بھیج ۱۲۔

اور ہر شب آدھی رات کو یہ قسم اسی طرح پڑھا کرے۔ ایک ہفتہ پڑھتے پڑھتے ہو جائے اور پھر اتوار کی رات آوے تو سوتے یا جاگتے میں دو موکل آویں گے۔ جن کے یہ نام ہوں گے۔ عبدالکریم و عبدالرحیم وہ کہیں گے اے اللہ کے بندے تو کیا چاہتا ہے تو اس وقت اُن سے یہ کہے کہ میں خدائے پاک اور تمہارا فضل چاہتا ہوں اور تم سے ایک اشرفی روزانہ ملنے کی تمنا رکھتا ہوں وہ کہیں گے کہ بہت اچھا ہم کو منظور ہے لیکن تم کو یہ کرنا ہوگا۔ کہ ہر جمعہ کو مسلمانوں کے قبرستانوں میں جایا کرو اور فقیروں اور عاجزوں کو صدقہ دیا کرو۔ اور پانچوں وقت کی نماز کے بعد یا کریمُ ۲۸۰ مرتبہ اور یا رحیمُ ۲۶۹ مرتبہ پڑھا کرو اور کسی سے ذکر نہ کرو پس ان کا شکریہ ادا کرکے ان کو رخصت کرو اور آپ اس اقرار کے پابند رہو اسی رات سے اپنے سرہانے ایک اشرفی لے لیا کرو گے۔ جب کسی سے ظاہر کرو گے ملنا بند ہو جائے گا اور یہ موکلات ملائکہ مومنین ہیں اُن سے نہ ڈرو یہ کسی طرح سے خوف نہ دلائیں گے۔

اے شائقین اس کی قدر کرو اور جس طرح ہو سکے اس کو اپنے کام میں لاؤ دیکھو گے جو کچھ کہ لکھا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

موکلات کی حاضری کا بیان

جو شخص موکلات سے اپنا کام لینا چاہے اُس کو چاہئے کہ اپنے آپکو برائیوں سے

باز رکھے یعنی جھوٹ نہ بولے حسد اور غیبت نہ کرے۔ حرام کی غذا نہ کھائے زنا اور چوری سے باز رہے ہمیشہ سچ بولے پرہیزگار اور عابد بن جائے۔ نماز روزہ سے کام رکھے۔ نیک آدمیوں سے ملے اپنی خدمت کے واسطے ایک آدمی نمازی اور پرہیزگار مقرر کرے کہ وہ روٹی جو کی پکا کر نمک سے کھانے کو دے اور پانی لا دیا کرے۔ مکان اچھا عمدہ پاک اور صاف تجویز کرے ایک ہزار دانوں کی تسبیح لا دے۔ تسبیح میں دس دانے شمار کے رکھے وہاں کسی کو نہ آنے دے دریا کے کنارے ہو تو بہت اچھا ہے۔ چاند دیکھ کر جو جمعرات آوے اس کو توحیدی کہتے ہیں اس رات سے خلوت اختیار کرے عطر کی خوشبو پاس رکھے اگر کی بتی یا لوبان کی دھونی کرنے کو رکھی جائے بدھ کی رات کو سحری کھا کر جمعرات کے دن سے روزہ رکھے پندرہ دن تک جو کی روٹی نمک سے کھاوے پانچوں وقت کی ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ اور آدھی رات میں بھی ایک ہزار مرتبہ پڑھے چودہ روز تک کل چوراسی ہزار مرتبہ ہو گی اور جو باقی وقت دن رات میں گزرے ان خالی وقتوں میں درود شریف یا دلائل الخیرات پڑھے پندرھویں دن جمعرات کی رات کو سولہ ہزار مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھ کر یہ دعا پڑھے، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا وَاحِدُ يَا فَرْدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَنِیْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ اَنْ يُّجِيْبُوْنِیْ اِلٰى مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَقْسَمْتُ يَا خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ مَا تَعْتَقِدُوْنَهٗ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمْ بِالْاِجَابَةِ۔ اے خدا میں تجھے سوال کرتا ہوں اے واحد اے فرد اے احد اے صمد اے وہ ذات نہ جس نے بیوی بنائی نہ بیٹا پیدا ہوا

نہ اس کا کوئی شریک ہے نہ اس کا کوئی قبیلہ ہے۔ میں تجھے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے لیے اس سورۂ شریف کے موکل کو تابع کر دے جو چاہوں میں ان سے کام لوں اور خوشی سے اطاعت کریں بے شک تو چاہے کرنے والا ہے قسم دیتا ہوں میں تم کو اے خدام اس سورۃ کے اس چیز کی جس کا تم اعتقاد رکھتے ہو۔ مگر یہ کہ جلدی قبول کرو ۱۲۔

ختم ہونے پر تین موکل آویں گے منہ ان کے ایسے چمکدار ہوں گے جیسے چودھویں رات کا چاند اور وہ آتے ہی السلام علیکم اے عبدِ صالح ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہیں گے۔ اور سوال کریں گے کہ ہم کو کیوں بلایا ہے تو پھر ان سے کہا جاوے تم کون ہو وہ جواب دیں گے کہ ہم اس سورۂ شریف کے تابع ہیں جو کچھ حکم وہ رہ بجالائیں۔ لیکن کوئی کام خلاف شریعت نہ ہو اور آج سے کوئی گناہ نہ کرنا جھوٹ نہ بولنا، لہسن، پیاز، اور مچھلی نہ کھانا اور ہر جمعہ کو ضروری غسل کیا کرنا ناپاک ہرگز نہ رہنا دس ہزار مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھ کے مسلمان مُردوں کی روح کو ثواب بخشنا ہر ہفتہ کو قبرستان میں جا کر گیارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھ کر وہاں کے مُردوں کو ثواب پہنچایا کرنا ہر جمعہ رات کو روزہ رکھنا جو جمعرات عید کے دن آئے اُس روز روزہ نہ رکھنا عامل ان شرطوں کو قبول کرے موکل مصافحہ کر کے رُخصت ہوتے وقت کہیں گے کہ آج سے تم ہمارے بھائی ہو۔ اسی وقت عامل کو کہنا چاہئے کہ تم میں سے ہر کوئی اپنی نشانی آنے کی بتلاؤ جس سے میں آپ صاحبوں کو اپنی ضرورت رفع کرنے کے لیے طلب کیا کروں۔ ان میں سے ایک اپنا نام عبدالواحد بتلائے گا۔ اور کہے گا کہ جب تم تنہائی میں بیٹھ کر اور سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھ کر کہو گے یا عبدالواحد میں فوراً آ جاؤں گا اور مکہ شریف ایک آن میں لے جایا کروں گا دوسرا کہے گا میرا نام عبدالصمد ہے سورت پڑھ کر میرا نام لو گے میں فوراً آ جاؤں گا اور کھانے پینے کی چیز یا سونا چاندی تم کو لا دوں گا۔ تیسرا کہے گا میرا نام عبدالرحمٰن ہے میں بھی سورت پڑھتے ہی آؤں گا تم کو مردوں کی آنکھوں سے

پوشیدہ رکھوں گا۔ اور خزانے زمین کے نکال دوں گا۔ جب وہ یہ عہد کرکے چلے جاویں پس اس نعمت بے بہا کے حاصل ہونے پر خدا کا شکر ادا کرو اور کسی سے یہ حال کبھی نہ کہو۔

تسخیر مؤکلات

پہلے کے موافق انتظام کرکے پہلے اس قسم کو صبح کی نماز اور چاشت یعنی ۹-۱۰ بجے دن کے جو پڑھی جاتی ہے اور مغرب کی نماز کے بعد ایک ایک دفعہ ضرور پڑھا کرے۔ اور ایک تسبیح ۴۰۰ دانوں کی اپنے پاس رکھے اور ہر روز عشاء کی نماز کے بعد تسبیح ہر ایک دانہ پر سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۴۰۰ مرتبہ پڑھے جب بیس روز ہو جاویں گے تو ایک موکل یعنی فرشتہ جو اس آیت شریف کے تابع ہے آکر کہے گا کہ اے شخص تجھ کو بیس روز ایسی محنت و مشقت کرتے ہو گئے اب تو اپنی جان کو آرام دے اور بہت سا مال مجھ سے لے۔ پس کہنے پر بالکل توجہ نہ کرے اور اس کا کہنا قطعی نہ سنے اور اپنے پڑھنے میں مشغول رہے جب کہ چالیس دن پورے ہو جائیں گے تو وہ خلوت خانہ یعنی جس جگہ پڑھ رہا ہے نور اور روشنی سے معمور ہو جائے گا ہر طرف چمک دمک مثل بجلی کے دکھائی دے گی اور ہر در و دیوار پر یہ آیت لکھی نظر آئے گی پڑھتے میں اچھے خیال نظر آئیں گے اور سوتے میں بہت بھلے خواب دکھائی دیں گے نورانی شکلیں اور بزرگ صورتیں سوتے جاگتے دکھتی رہیں گی چالیسویں رات ایک گھوڑے پر سوار کی صورت ایسی شکیل و جمیل کہ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ دکھائی دے گی اور اس کے ارد گرد بہت سی شکلیں نظر آئیں گی وہ خوب صورت شکل بادشاہ موکلات کی ہے وہ آکر اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہیں گے عامل کو چاہیئے کہ ان کو دیکھ کر تعظیم کے لیے کھڑا ہو جائے اور سلام کا جواب وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ سے دیا جائے اور ان کی تشریف آوری کا شکریہ بجا لائے اور عرض کیا جائے کہ جناب اقدس نے اس خاکسار کو بہت ہی ممنون و مشکور فرمایا اور اس خلوت خانے کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے شرف اندوز بخشا۔ بندہ مسکین خدا کا ایک عاجز غلام ہے دنیوی ضروریات بہت رکھتا ہے

اس لیے آپ سے ایک ایسی نشانی کا اُمیدوار ہے کہ جس وقت اس ناچیز کو کوئی ضرورت پیش آوے بہ تصدق حبیب خداوند اشرف انبیاء امداد فرمائی جاوے ایسے عاجزانہ الفاظ عرض کرنے سے وہ بہت خوش ہوں گے اور کوئی نشانی دیں گے اور بتا دیں گے کہ اسی طرح جب ہم کو یاد کرو گے فوراً تمہاری حاجت پوری کریں گے۔ لیکن ہمارے بھی کچھ شرائط ہیں اُن کی تم کو پابندی کرنی ہوگی۔ اور وہ یہ ہیں کہ شریعت کی تابعداری سے ہرگز انحراف نہ کرنا نماز روزہ کئے جانا ہر ایک بُرے کام سے باز رہنا۔ عامل ان کا اقرار کرے۔ پھر وہ رخصت ہو کر چلے جائیں گے۔ لہٰذا عامل کو اس کی قدر کرنی چاہیئے۔ یہ عمل سب سے زیادہ موثر اور نیک ہے کسی قسم کا ڈر دہشت نہیں ہے موکلات کی تسخیر سب سے بڑھ کر ہے جو تمہاری حاجت دینی اور دنیوی ہوگی اور وہ ان سے عرض کی جائے گی سب کے پورے ہونے کی ہر طرح امداد دیں گے قسم جو اوپر پڑھنے کو لکھی ہے وہ یہ ہے اَللّٰهُمَّ فِي السَّمٰوٰتِ ذَرَّاتٌ وَلَا فِي الْاَرْضِ غَمَرَاتٌ وَلَا فِي الْجِبَالِ مَدَرَاتٌ وَلَا فِي الْبِحَارِ قَطَرَاتٌ وَلَا فِي الْعُيُوْنِ خَطَرَاتٌ وَلَا فِي النُّفُوْسِ خَطَرَاتٌ اِلَّا وَهِيَ بِكَ دَالَّاتٌ وَلَكَ شَاهِدَاتٌ وَفِي مُلْكِكَ مُتَحَيِّرَاتٌ اَسْاَلُكَ بِتَسْخِيْرِكَ بِكُلِّ شَيْءٍ اَنْ تُوَفِّقَنِيْ لِمَا يُرْضِيْكَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝

مؤکل کو حاضر کرنے کا عمل

اندرونی و بیرونی صفائی پیدا کرکے علیحدہ تنہائی کے مکان میں مغرب یا عشاء کی نماز پڑھ کر یہ عمل پڑھنے کو بیٹھے اور خوشبو جلائے اور پھول چنبیلی کے تازہ روزمرہ اپنے پاس رکھے اور اس آیت کو اکیس ۲۱ روز تک حضوری قلب بہ خشوع و خضوع ایک سو اکیس

مرتبہ مع بسم اللہ کے پڑھے آخروالی رات کو ایک موکل آکر سلام کرے گا ۔ اس کو جواب دے کروہ ایک پھول پیش کردہ حکم بجالائے گا ۔ وہ آیت شریف یہ ہے ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ط وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسۡبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ۝

آزمودہ عمل شروع مہینے چاندیں جمعرات کے روز نہا دھو کر اس روز روزہ رکھے ہوئے اچھے کپڑے پہنے اور عطر لگائے آدھی رات کے بعد گو یا جمعہ کی رات کو جاگے اور وضو کر کے کسی تنہائی کی جگہ میں اکیس ۲۱ سو مرتبہ یَا قَہَّارُ الۡعَدُوِّ یَا وَالِیَ الۡوَلِیِّ یَا مَظۡہَرَ الۡعَجَائِبِ یَا رَبِّ مُرۡتَضٰی عَلِیّ اسی طرح پچھلی رات کو ہر شب اسی وقت پر پڑھا کرے ساڑھے چار مہینے تک برابر پڑھے کسی طرح ناغہ نہ کرے اور جگہ کی پابندی رکھے اور کوئی پابندی ترک حیوانات کی نہیں ہے البتہ گوشت گائے ہرگز نہ کھائے بیس روز کے اندر اندر موکل اس عمل کا شیر ببر کی صورت میں آتا ہے ۔ سید یٰسین علی صاحب مرحوم خواہر زادہ حضرت نظام المشائخ محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں نے اس عمل کو کیا تھا اور موکل بشکل خود شیر کی صورت ہوا میں معلق آتے ہوئے دیکھا اور پھر وہ اڑتا ہوا میرے سامنے آیا اور زمین سے ایک گز کے اوپر میرے سامنے کھڑا ہو گیا اور منہ کو پھاڑ کر اس نے مجھ کو ڈرانا چاہا مگر بفضل الٰہی مجھے ذرا بھی اس سے کسی قسم کا ڈر یا خوف نہیں معلوم ہوا بلکہ اپنے عمل کی صحت کا یقین ہونے سے دل کو بہت خوشی حاصل ہوئی جب مجھ کو ڈیڑھ مہینہ اسی طرح سے گذر گیا تو پھر میں سخت بیمار ہو گیا بعد مجبوری عمل میں تاخیر ہوئی جس شخص کی تقدیر یاور ہو اور وہ اس عمل کو ساڑھے چار مہینے تک برابر پڑھتا رہے تو یہی شیر اس کا تابعدار ہو جاتا ہے ۔ جو چیز اس سے منگائی جائے لا دیتا ہے اور جس جا

چاہے وہ اپنی پیٹھ پر سوار کر کے ایک آن واحد میں لے جاتا ہے اور پھر لے آتا ہے نیز جو کچھ خدمت لے جائے بسر و چشم بجا لاتا ہے ۔

ہمزاد پر قابو پانا

ناواقف کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہمزاد کو قابو میں لانے کو اہل شرع منع کرتے ہیں یہ کہنا ان کا سراسر لغو ہے اہل شریعت ان عملیات کو منع کرتے ہیں کہ جس میں لونا چماری اور شیطانی سے مدد چاہی جاتی ہے اگرچہ دنیا والوں کی ان سے بھی کاربرآری ہوتی ہے، اور عملیات خدا کے نام پاک سے کئے جاتے ہیں۔ یا ان سے موکلوں یا جنوں و ہمزادوں کو تابعدار کرتے ہیں وہ منع نہیں ہیں خاص لوگوں کو ایسے واہیات توہمات سے بدظن کرتے ہیں بہت سے آدمی کہہ دیتے ہیں کہ ہمزاد شیطان ہے جب آدمی دنیا میں پیدا ہوتا ہے تو وہ بھی ساتھ آتا ہے یہ بات سنی سنائی ہے ۔

ہمزاد کیا ہے دراصل ہمزاد وہ شکل ہے جو انسان کے خیال میں گزرتی ہے اور یہ انسان کا سایہ ہے جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور جب انسان مرتا ہے تو یہ بھی فنا ہو جاتا ہے ہمزاد کے لغوی معنے ساتھ پیدا ہونے کے ہیں یہ سایہ آدمی کی شکل بن کر قوت مصورہ جوہر کے اندر ہے اس سے باہر نکل کر انسان کو اپنے روبرو دکھائی دینے لگتا ہے ترکیبوں اور عملیاتوں کے ذریعہ سے پھر یہ شکل نوکر چاکر جیسی خدمت گاری کیا کرتے ہیں ملازموں سے زیادہ رفیق ہو جاتے ہیں انہیں پرہیزگاری اور پاکی وغیرہ اور اسمائے الٰہی کے پڑھنے اور عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوا کرتی اور ہمزاد کو کلام خدا کے ذریعہ مسخر کیا جاتا ہے اور عمر بھر جدائی پسند نہیں کرتا عبادت کرنے والے بمقابلہ بے نمازی کے جلد اس کام کو کر لیتے ہیں کیوں کہ عابد اہل عرفان کا دھیان اور خیال یکسوئی کی طرف زیادہ تر ہوا کرتا ہے

نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہی سجدہ کی جگہ نگاہ قائم رکھنے اور تلاوت قرآن کے واسطے خشوع وخضوع اور ہر ایک آیات ورکن کی ادائے گی کا حکم ہے اس واسطے نمازیوں کی اس عبادت سے ہمزاد کی تسخیر جلد ہو جاتی ہے اور اس عمل کا عامل اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تمام دُنیا کی خبریں بیان کر سکتا ہے۔ اور ہر ایک بات کے نشیب و فراز سے بخوبی واقف ہو جاتا ہے جو کام اس سے لینا ہو وہ فی الفور کر دیتا ہے ہر ایک سوال کیسا ہی مشکل ہو فوراً جواب بتا دیتا ہے۔ بہت سے علوم وفنون کیمیا وسیمیا ریمیا ولیمیا سکھا دیتا ہے جس بیمار کے لیے دوا اور علاج دریافت کر دیتا ہے، اور مریض اچھا ہو جاتا ہے ہر ایک چیز جو منگا دُ لاکر موجود کو دیتا ہے۔ منگوانے والے کو خدا کا خوف بھی چاہیے کسی کے قبضہ میں کوئی چیز ہو وہ نہ منگائے۔ جیسے کسی کی بہو بیٹی اور روپیہ پیسہ وغیرہ۔ یہ کہہ دیا جائے کہ فلاں وقت مجھے جگا دینا مثلاً نماز تہجد پڑھنے یا کہیں جانے یا سحری کھانے کے وقت اُٹھنا ہو اُٹھا دیتا ہے ہر حال میں نگہبان رہتا ہے کوئی دشمن دشمنی کرے تو اس سے بچاتا اور آگاہ کر دیتا ہے۔ گم ہوئی چیزوں کو بتا دیتا کسی غریب محتاج کی امداد کرنی ہو تو اس کی بھی مدد کر دیتا ہے بڑے کام ہو گے تو کر دے گا۔ لیکن پھر دشمن ہو جائے گا اس لیے یہ ہی بہتر ہے کہ اچھے کام لیوے تاکہ وہ عامل سے ہمیشہ خورسند رہے۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات

عامل کو سب سے پہلے اس بات کا معلوم کرنا ضروری ہے کہ کوئی عمل بغیر حضوری کے نہیں ہوتا۔ اور دلی خیال سے جو وظیفہ یا دعا انسان پڑھے گا اس میں بہت جلد کامیاب ہو جائے گا۔ عمل کے پورا ہونے کا یقین رکھے شیطان بہت سے خطرے ملیں ایسے پیدا کر دیتا ہے کہ انسان گھبرا کر کچھ دنوں کی محنت کی کرائی چھوڑ دیتا ہے۔ عامل کو عمل شروع کرنے سے پہلے ان شرائط کا پابند رہنا ضروری ہے۔ شروع کرنے سے

کچھ دنوں پہلے عورت سے ہمبستری نہ کرے کہ اس سے دماغ بہت ضعیف ہوتا ہے اس کام کے لیے دماغی طاقت کی بہت ضرورت ہے اپنی تندرستی کا خاص طور سے خیال رکھے۔ ایسا نہ ہو عمل کرنے میں بیمار ہو جائے لوگوں کے مجمع میں نہ جائے کہ وہاں فضول قصے بیان ہونے اور لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ غصہ نہ کرے۔ کتابیں پڑھنے پڑھانے میں مصروف نہ رہے اچھی غذا کھاتا رہے جو جلدی سے ہضم ہو جائے۔ گوشت انڈا کھانے کا پرہیز نہیں ہے۔ جاڑہ ہو سر میں روغن بادام کی مالش کرے۔ گرمیوں کے موسم میں روغن کدو ملے تاکہ عمل کی گرمی سے درد سر نہ ہو۔ نہانا دھونا کپڑے بدلتا رہے۔ وقت جو اول روز مقرر کیا ہے۔ اس کا سخت پابند رہے اس میں کمی زیادتی نہ ہو اور مکان تنہائی جو اختیار کیا ہے وہ ایسا ہو جہاں کسی کی آواز نہ آوے اور نہ کوئی جا سکے مکان ہر طرح سے اچھا ہوا نچا نیچا نہ ہو زیادہ بھوک میں اور کھانا کھاتے ہی نہ کرے رات کو نیند غالب ہو تو دن کو سو رہا کرے۔ سونے اونگھ آنے سے عمل باطل ہو جاتا ہے عمل کے وقت کوئی شک وشبہ پیدا نہ ہو اور اگر کسی قسم کا شک آوے تو اسے دور کرے اور عمل کرنے میں لگا رہے اور ختم کر کے چھوڑے۔ جبکہ ہمزاد قابو میں آجاوے تو اس سے بڑے کام نہ لے اور اس کے ذریعہ کسی پر ظلم نہ کرے بلکہ جہاں تک ہو سکے مخلوق الٰہی کی حاجت برآری اور مشکل کشائی میں کوشاں رہے۔ عمل کے وقت کُرتا پاجامہ اوتار کر ایک چُست جانگیا پہن لیا کرے تاکہ ستر ڈھک جائے اور سایہ بدن کا موزوں رہے اور ٹانگوں کی صورت درست نظر آئے۔ ڈھیلے ڈھالے کپڑوں سے سایہ اچھی طرح نظر نہیں آتا سایہ میں نظر کرنا شروع عمل سے آخر تک کسی روز ناغہ نہ کرے۔

ہمزاد کو قابو کرنے کا عمل

یہ طریقہ نہایت اچھا اور سہل ہے اس کو اچھی طرح سمجھ کر شروع کرے رات کو ایک لیمپ تیز روشنی کا روشن کر کے دیوار میں لگائے یا کسی طاق میں رکھے

اور خود اُنگی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو تاکہ بدن کا تمام سایہ سامنے سے نظر آوے پھر اپنے اس سایہ پر نظر جمائے رکھے ذرا ادھر اُدھر نظر نہ ہونے دے اور یہ اسم مکرّم یا لطیفُ دو ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے ایک چھوٹی سی تسبیح ہاتھ میں رکھ کر گنتی گنے جب دو سو مرتبہ پڑھ چکے تو اپنی نظر اوپر اُٹھا کر اپنے سر سے چار پانچ گز کے فاصلہ پر آسمان اور زمین کے درمیان نظر رکھے ایک اپنے جسم کے برابر مثل ابر کے دکھائی دے گا۔

اس کو صورت غباری کہتے ہیں اس کو نہایت غور سے دیکھتا رہے اور جب تک وہ نظر کے سامنے سے نہ ہٹے اور غائب نہ ہو نظر کو اس پر سے نہ ہٹائے پھر دوبارہ اسم مذکور دو سو مرتبہ پڑھے اور پھر اسی طرح نظر اوپر کرے اور اس صورت کو دیکھتا رہے اور ویسے ہی دو دو سو مرتبہ پڑھ کر سایہ پر نظر جاتا رہے اور اگر عامل دو دو سو بار سے پڑھنے سے زیادہ دیر تک اپنی نظر جمائے گا تو سایہ کے کناروں ایک روشنی پیدا ہوئی دکھائی دے گی اور وہ روشنی ہلتی جلتی معلوم ہوا کرے گی یہ حرکت جب عامل کو دو چار مرتبہ مشق کرتے ہو جائیں گے تب وہ روشنی پھیل کر مثل ابر اور بادل کے تمام سایہ سر سے اور پاؤں تک گول حلقے کئے ہوئے نظر آیا کرے گی اور جب تک عامل کی پلک نہ جھپکے گی روشنی نظر سے غائب نہ ہوگی پھر جب عامل نگاہ جمائے گا روشنی اور پھیلتی نظر آتی رہے گی پھر جب اوپر نظر کرے گا۔ تو بھی آسمان اور زمین کے درمیان معلّق دکھائی دے گی اور سایہ کی طرح سے ہاتھ پاؤں سب اُس میں ہوں گے مگر چہرہ بالکل صاف ہو گا جیسے کہ عامل کے سایہ کا چہرہ صاف نہیں ہوتا یعنی آنکھیں مُنہ بھویں پلکیں کچھ نہ دکھائی دیں گی اور جس قدر عرصہ تک سایہ پر نگاہ قائم رہتی ہے اُسی کے انداز سے صورت غباری بھی سامنے آتی ہے اس سبب سے بار بار تاکید کی جاتی ہے کہ جس قدر عاملِ اپنی آنکھ کو نہ جھپکائے گا اُسی قدر جلدی سے ہمزاد تابعدار ہو جائے گا۔

غرض یہ ہے کہ جب صورت غباری یعنی وہ صورت جو سر کے اوپر آسمان و زمین

کے درمیان میں معلق نظر آتی ہے نظر کے سامنے پختہ طور سے جم جائے اور بے تکلف سامنے آنے لگے تو یقین سے جان لے کہ آٹھ دس روز کی مشق میں یہ حالت پیدا ہو جائے گی۔ تب عامل کو چاہیئے کہ باہر کا چلنا پھرنا لوگوں سے ملنا جلنا بہت ہی کم کر دے اور اگر بالکل چھوڑ دے ایک دو چلّہ تک کسی سے نہ ملے تو نہایت بہتری ہے اور یہ کوشش اپنے خیال سے کرے کہ بغیر سایہ پر نظر جمائے بھی وہ صورت غباری عامل کو دکھائی دے مگر پہلے پہلے یہ بات ذرا مشکل اور زیادہ مشق سے ہوتی ہے اور اگر عامل کا سوچ بچار اور ذہن و خیال اچھا ہے تو وہ صورت بغیر سایہ پہ نظر جمانے کے جلد سامنے آنے لگتی ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو یہ سمجھے کہ اور دس بارہ دن بعد یہ قوت مجھ میں پیدا ہو جائے گی بلا روشنی لیمپ وغیرہ بھی سایہ پر نظر جمانی اور اس کے ساتھ ہی صورت غباری کو دیکھنا نہ چھوڑے کیونکہ جڑ اس ہمزاد کے مطیع ہونے کی یہی ہے کہ جب یہ بات پیدا ہونے لگے تو پھر اسی دن کے بعد یا پندرہ دن کے بعد بغیر سایہ پر نظر کئے وہ صورت عامل کے سامنے آنے لگتی ہے یعنی رات کے وقت اگر یہ خیال کرے تو اُسی وقت سامنے آنے لگتی ہے۔ یعنی رات کے وقت اگر یہ خیال کرے تو اُسی وقت سامنے آجائے اور اگر دن کو خیال اور اوپر کو دیکھے تب فوراً دکھائی دی جائے اس وقت عامل کو اس صورت پر مثل عاشقوں کے محبت کرنی چاہیئے اور یہ کوشش کی جائے کہ کسی وقت یہ صورت میری نظر سے اوجھل نہ ہو پہلے پہلے یہ صورت بجلی کی طرح سے چمکتی اور ادھر اُدھر سے نکل جاتی ہوئی معلوم دے گی۔ اور پھر زیادہ دن مشق کرنے سے یہ بجلی کی سی چمک جاتی رہے گی اور ٹھہرنے لگے گی ایک چلّہ یعنی چالیس روز کے اندر یہ قدرت پیدا ہو جائے گی کہ وہ ہر وقت اس صورت کو اپنے آگے دیکھنے گا بلکہ سوتے میں بھی نظر آیا کرے گی اور سچے خواب نظر آیا کریں گے تعبیر بھی اُن کی جلد مل جایا کرے گی اور اپنے سچے خوابوں سے متعجب ہوا کرے گا بعض دفعہ ایسا ہوا

کرتا ہے کہ خواب دیکھے اور صبح وہ یاد نہ رہے پھر جب وہ سامنے آئی تو خواب بھی یاد آگیا کہ یہ واقعہ تو خواب میں دیکھ چکا ہوں بعض دفعہ ایسے خواب نظر آتے ہیں کہ ہمارے فلاں دوست ملنے آئے اور اُن سے یہ یہ باتیں ہوئیں رات کو تو خواب دیکھا صبح جو گھر سے باہر نکلے تو دیکھا وہی دوست آ رہے ہیں اور ان سے باتیں ہوئیں ایسے ہی کسی کے مرنے جینے کے حالات دیکھے اور اُن کا ظہور ہوا۔ جب یہ حالتیں ظاہر ہونے لگیں تو پھر اس صورت غباری میں اپنے دماغ کی قوت اور خیال مصورہ سے آنکھ ناک منہ کو خیال کرے اور ہاتھ پیروں کی انگلیاں اور ناخن اور سب اعضا کو غور سے خیال کرے دس پندرہ روز ان اعضا کا خیال کرنے سے یہ صورت غباری متشکل بہ شکل انسانی یعنی بالکل آدمی جیسا نظر آنے لگے گا۔ ایسی شکل جب نظر آنے لگے تو اس کا بہت خیال رکھے اور ایک گھڑی بھی نظر سے دور نہ ہونے دے اپنے خیال اور نظر سے یہ کوشش کرے کہ یہ صورت مجھ سے باتیں کرے آپ اس سے باتیں نہ کرے۔ جب تک وہ نہ بولے اور جس وقت وہ گفتگو کرے تو جان لے کہ اب میرا عمل پورا ہو گیا۔ اور اب یہ ہمزاد میری زندگی تک میرا مطیع ہو گیا خدا کا شکر ادا کرے اور اس عمل بتانے والے کے لیے دعائے خیر کرے۔ فالحمد للہ رب العالمین ۝

کشف الارواح و کشف القبور

اس وقت کے تعلیم یافتہ اس میں بھی چوں و چرا کرتے ہیں کہ نیک روحیں آتی۔ اپنے عزیز اقارب کی امداد کرتی، حالات آئندہ بتلا جاتی۔ ملتی جلتی سیر کو جاتی ہیں۔ دوسرا قوموں کو جانے دیجئے مسلمانوں کو تو قرآن شریف اور اُس کی تفاسیر اور حضور نبوی ﷺ فداہ ابی و امی کے فرمودہ دیگر حضرات کی تجربہ فرمائی کی تعمیل سے تو انحرافی نہیں

کرنی چاہیئے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے وقت رحلت پس ماندوں سے وصیت فرمائی تھی کہ جب میں مر جاؤں تو جنازہ میرا روضۂ رسول سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضر کر دو کواڑ خود بخود کھل جائیں تو اندر دفن کر دینا۔ چنانچہ بعد وصال جنازہ روضۂ مطہرہ پر لے گئے کواڑ خود بخود کھل گئے اور شانہ مبارک صاحب لولاک کے برابر میں مدفون کیا گیا۔ (راز دلائل)

طی الفراسخ الی منازل البرازخ

یہ کتاب شرح صدور علامہ سیوطیؒ نے علامہ قرطبی اور کتاب الروح حافظ ابن قیمؒ اور دیگر کتب معتبرہ سے حالات برزخ میں جمع کیا ہے۔ اور اس کا ترجمہ مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی نے کیا ہے۔ اُس میں سے چند روایات مع صفحات بدظنوں کی بدگمانی رفع کئے جانے کو معرض بیان میں لائی جاتی ہیں۔

حکایت

صفحہ ۱۸ راشد بن سعدؓ کہتے ہیں۔ کہ ایک شخص کی بی بی مر گئی۔ اس نے کئی عورتوں کو خواب میں دیکھا۔ اور اپنی بی بی کو ان کے ساتھ نہ دیکھا۔ اس نے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ تم نے اس کے کفن میں خست کی اس لئے وہ شرماتی ہے۔ کہ ہمارے ساتھ نکلے۔ وہ آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا۔ اور آپ کو اُس کی خبر دی۔ آپ نے فرمایا انظر الی ثقۃ من سبیل۔ پھر وہ ایک انصاری کے پاس آیا وہ قریب المرگ تھا اس نے کہا کہ تھوڑا کفن لیتے جاؤ میری عورت کو دے دینا اُس نے جواب دیا کہ اگر کوئی مردوں کو پہنچاتا ہوگا تو میں بھی پہنچا دوں گا۔ پھر وہ انصاری مر گیا۔ یہ شخص دو کپڑے زعفران کے رنگے ہوئے لایا اور ان کو انصاری کے کفن میں رکھ دیا۔ جب رات ہوئی۔ تو اس نے ان عورتوں کو دیکھا۔ اور ان کے ساتھ اس کی عورت بھی تھی اور اس کے اوپر دو زرد کپڑے

تھے۔ اخرجہ ابن ابی الدنیا فی کتاب المنامات۔

حکایت صفحہ (۱۸۱) حکایت محمد بن یوسفؒ کہتے ہیں قبار یہ میں ایک عورت تھی۔ وہ مر گئی اسے اُس کی بیٹی نے خواب میں دیکھا۔ اُس نے کہا اے بیٹی تم نے مجھے تنگ کفن میں کفنایا۔ اور میں درمیان اپنے ساتھ والی عورتوں سے اس سے شرماتی ہوں۔ فلاں عورت فلاں دن ہمارے پاس آئے گی۔ اور فلاں جگہ میں میری چار اشرفیاں رکھی ہیں۔ سو تم ان کا کفن خریدو۔ اور اُس عورت کے ساتھ مجھے بھیج دو وہ لڑکی کہتی ہے۔ کہ میں نہیں جانتی تھی کہ جو جگہ اس نے بتائی اُس میں اشرفیاں ہیں وہ کہتے ہیں۔ کہ بیٹی نے دیکھا۔ تو اشرفیاں نکلیں۔ اور جس عورت کا اُس نے ذکر کیا تھا وہ تندرست تھی۔ اس کے بعد وہ بیمار ہو گئی۔ محمد کہتے ہیں۔ کہ میرے پاس لوگ آئے۔ اور کہا۔ او بندے اللہ کے تو کیا کہتا ہے۔ اور مجھے قصہ بیان کیا۔ میں نے وہ حدیث یاد کی جس میں وارد ہوا ہے۔ کہ مردے اپنے کفنوں میں ایک دوسرے کی زیارت (ملاقات) کرتے ہیں میں نے کہا تم اس کے لیے کفن خریدو۔ لڑکی اس عورت کے پاس گئی اور کہا کہ اگر موت کا حادثہ ہو تو میں اپنی ماں کی طرف کچھ بھیجوں گی۔ تو اُس کو پہنچا دینا۔ پھر وہ عورت اُس دن مر گئی۔ جو کہ اس نے بتایا تھا۔ اور کفن کو اُس کے ساتھ اس کے کفن میں رکھ دیا پھر بیٹی نے اپنی ماں کو خواب میں دیکھا تو کہا بیٹی فلاں عورت ہمارے پاس آ گئی۔ اور کفن مجھ کو پہنچ گیا۔ کیا اچھا کفن ہے۔ اللہ تجھ کو جزائے خیر دے۔ اخرجہ ابن الجوزی فی کتاب عیون الحکایات۔

حکایت صفحہ ۱۹۲۔ طویل روایت ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ کہ جنازہ عمر ابن عبدالعزیز میں شہدا کا حاضر ہونا۔ اور اپنے زندہ دوست کو وطن میں دم بھر میں پہنچا دینا مذکور ہے اخرجہ ابن عساکر۔

حکایت صفحہ ۱۹۲ حاضر ہونا شہدا کا اپنے بھائی کے نکاح میں یہاں

بھی ایک طویل واقعہ مذکور ہے اخرجہ ابن الجوزی فی کتاب عیون الحکایات"

حکایت صفحہ ۱۹۵۔ ابو عبداللہ شامی سے روایت ہے ایک لڑائی میں دشمن مغلوب ہو گئے۔ تو ان کا رفیق جو مردہ پڑا تھا۔ اُٹھا۔ اور دُشمن سے نجات دلائی اور دُشمن سے قتل میں ان کی امداد کی۔ اور تھوڑی دو دو باتیں کرتا ساتھ چلا۔ پھر بیٹھ گیا۔ اور پہلے کی طرح مردہ ہو گیا اخرجہ ابن ابی الدنیا۔

حکایت ۱۹۶ ملک شام میں ایک میاں بی بی اپنے کھلیان پر کھڑے تھے اور ان کا بیٹا پہلے کبھی کا شہید ہو چکا تھا۔ وہ گھوڑے پر سوار آتا ہوا نظر آیا قریب آ کر بات چیت کے جواب میں کہا کہ حضرت عبدالعزیزؒ کی نماز جنازہ کی اجازت چاہی۔ اس کے بعد با جازت تم سے ملاقات کو چلا آیا۔ اس کے بعد والدین کیلئے دعا کر کے چلا گیا امام سیوطی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آثار مستند ہیں آئمہ حدیث نے با اسانید خود اپنی کتب میں ان کی تشریح کی ہے۔

حکایت صفحہ ۱۹۸ ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے بشیر بن منصور سے روایت کی ہے۔ کہ شام کو قبرستان کے دروازہ پر مُردوں کے لیے دعا کرتا تھا۔ ایک رات وہ سیدھا اپنے گھر کو چلا گیا خواب میں دیکھا۔ کہ ایک خلق اس کے پاس آئی ہے۔ جواب میں کہا۔ کہ ہم قبرستان والے ہیں۔ اور تیرے ہدیہ دعا کے عادی ہو گئے ہیں تو آج کیوں نہیں آیا۔ اس کے بعد میں ہمیشہ گیا۔

حکایت (۸) صفحہ ۱۹۹ ملفوظات حضرت شیخ سعدی قدس سرہٗ حضرت جد امجد فرماتے ہیں کہ اکبر آباد میں ایک تنگ کوچہ سے میں جا رہا تھا۔ یہ تین مرثیہ یاد آئے۔

جز یاد دوست ہر چہ کنی ضائع است — جز سر عشق ہر چہ بخوانی بطالت است

سعدی بشوئے لوح دل از نقش غیر حق

چوتھا مصرع یاد نہیں آتا تھا کہ ایک ادھیڑ عمر کے بزرگ دائیں طرف یہ کہتے نکلے۔

علمے کہ رہ بحق نہ نماید جہالت است ؎

پھر وہ آگے نکل گئے۔ نام پوچھا تو فرمایا سعدی ہمیں فقیر است (یہ بالکل خلاصہ لکھا ہے)"

حکایت صفحہ ۲۰۰ فرماتے ہیں (غالباً شاہ وجیہہ الدینؒ) ایک قبرستان میں مجھ کو خیال آیا۔ کہ یہاں میرے سوا کوئی یاد الٰہی نہیں کرتا اتنے میں ایک ادھیڑ مردہ نکلا۔ اور پنجابی میں کچھ گاتا تھا۔ اور کہا تم سمجھتے ہو۔ کہ تمہارے سوا اور کوئی یاد خدا نہیں کرتا اور غائب ہو گیا۔

حکایت صفحہ ۲۰۰ فرماتے ہیں کہ میں حضرت خواجہ قطب الدین قدس سرہ کے مزار پر گیا روح مبارک ظاہر ہوئی۔ پھر ایک تخت پر خواجہ نقش بند کی روح قدس ظاہر ہوئی پھر ایک تخت پر خواجہ نقشبندؒ کی روح مبارک کو چار فرشتے آسمان سے لائے دونوں بزرگوں نے آپس میں راز کی باتیں کیں الخ

حکایت صفحہ ۲۰۰ فرماتے ہیں۔ کہ دوسری بار حضرت قطب صاحبؒ کے مرقد پر حاضر ہوا۔ اُن کی روح ظاہر ہوتی۔ فرمایا۔ تیرے لڑکا پیدا ہوگا۔ اس کا نام قطب الدین احمد رکھنا جب فقیر پیدا ہوا۔ تو بھول کر ولی اللہ نام رکھ دیا پھر جب یاد آیا۔ تو قطب الدین احمد نام رکھا یہ ذکر حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اپنے والد شاہ وجیہہ الدین شہیدؒ کا لکھا ہے۔

حکایت صفحہ ۲۰۰ فرماتے ہیں۔ کہ میرے والد شاہ وجیہہ الدین شہید ہو گئے۔ مگر پھر بھی وقتاً فوقتاً میرے لیے مجسم ہو جاتے تھے اور حال اور استقبال کی خبریں دے جایا کرتے تھے۔ اور عیادت کو بھی آتے تھے۔

حکایت امام شعرانی فرماتے ہیں۔ کہ ایک انعام الٰہی مجھ پر یہ ہے کہ خواب میں

بکثرت اموات سے ملا۔ اور ان کا حال دریافت کیا۔ کہ وہ قبور میں کس کیفیت میں ہیں، اور یہ انعامات اس کثرت سے ہوئے۔ کہ گویا بمنزلہ بیداری کے تھے۔ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف شریف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت علی کرم وجہہ سے بالمشافہ قدمبوسی حاصل کرنا اور دریافت طلب اُمورات سے مطمئن کیا جانا۔ فتویٰ عزیزی میں بالتفصیل مرقوم ہے حضرت غوث پاک کے مزار پُرانوار پر حضرت خواجہ نقشبند کی تشریف بری پر دستِ رحمت قبر سے باہر آنا اور حضرت خواجہ علیہ الرحمہ کے اشعار سُناتے پر فارسی جواب دینا کتب سیر میں مرقوم ہے اُن میں سے ایک مصرعہ اس وقت یاد آ رہا ہے ؎

نقشِ چناں بہ بند کو گویند نقشبند

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ سے بھی بہت حضرات نے بعد ممات فیوضات ظاہری و باطنی حاصل کئے ہیں۔ حضرت امام حسن و حضرت امام حسین کی زیارت باسعادت سے مشرف ہونے والے اس وقت بھی موجود ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ الباری کے خاندانی سلاسل کے مسلمانوں پر شریعت و طریقت کے انوار و اسرار اور ترجمے قرآن شریف کے احسانات بے شمار ہیں اُن میں یہ فیصلہ بھی شافی و کافی ہے اپنی کتاب حجۃ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے۔

فَاِذَا مَاتَ انْقَطَعَت التعلقات ورجع الی مزاجہ فَیَلْحَق بِالملائکۃ وصار منھم والھم بالھامھم و یسعٰی فیما یسعون وربما اشتغل ھولاء باعلاء کلمۃ اللہ و نصر حزب اللہ وربما کَانَ لھم لمۃ خیر بابن اٰدم وربما اشتاق بَعْضُھُمْ الی ھور جسدیۃ اشتھاء شدیدا انا شیامن اصل جبیتہ فقرع ذلک

بابابن العثال واختلطت به قوة منه بالنسمة الهوايه وصار كالجسد النوراني وربما اشتاق بعضهم الى مطعوم ونجوه فامله فيما اشتهى قضاء بشوقه۔

ترجمہ مرنے کے بعد آدمی کے علاقے ٹوٹ جاتے ہیں اور رجوع کرتا ہے اپنے مزاج کی طرف اور مل جاتا ہے وہ فرشتوں سے اور ہو جاتا ہے انہیں میں سے اور اس پر الہام ہوتا ہے جیسے فرشتوں پر اور جس کام میں فرشتے سعی کرتے ہیں وہ سعی کرتا ہے اور کبھی مشغول ہوتے ہیں یہ لوگ اللہ تعالیٰ کلمہ بلند کرنے اور خداوند کریم کے گروہ کی مدد کرنے میں اور کبھی خبر پہنچاتے ہیں آدمیوں کو اور کبھی کوئی بت جاتا ہے صورت جسمیہ پکڑنے کو بلحاظ اصل خلقت کے جس سے اوس کا تمثال ہوتا ہے اور ملتی ہے ایک قوت اس سے روح ہوائی میں اور جسم نورانی ہو جاتا ہے اور کوئی مشتاق ہو جاتا ہے کھانے کا تو اُس کو دیا جاتا ہے۔

اللہ اللہ کرنے والوں کو روحوں سے ملنے کی قوت حاصل ہو جاتی ہے اس سے ان تمام ارواح کو بلا سکتے ہیں جن پر وہ غالب آسکتے ہیں اور جن پر غلبہ نہیں ہے انہیں بلا نہیں سکتے۔ مثلاً کسی بزرگ کی روح جو کہ مرتبہ میں اعلیٰ واشرف ہے انہیں تکلیف نہیں دے سکتے البتہ بغیر بلائے جو کچھ چاہیں پوچھ سکتے ہیں اور ان ارواح طیبہ سے وہ اپنے امدادی کام لے سکتے ہیں۔ جو حضرات اس جہاں سے تشریف لے گئے ہیں اُن سے نیاز حاصل ہونے اور قدمبوسی کئے جانے کے تین طریقے ہیں (۱) سوتے میں نظر آویں (۲) اپنی شکل منور یعنی اپنی صورت اصلی کا مشاہدہ کرائیں (۳) قبر پر جا کر کشف القبور سے جانے سے قبر کے باہر اپنی تشریف فرمائی سے بہرہ اندوز فرمائیں چوں کہ اولیاء اللہ کے قلوب صاف ہوتے تھے اور وہ سینہ بے کینہ رکھتے تھے جب وہ کسی عالی

جلد از جلد کامیاب اور ان کے خصوصیات سے فیض یاب ہو جایا کرتے تھے۔ جو اُمور دریافت طلب ہوتا تھا اُسے اُن سے معلوم کر کے اطمینان کر لیا کرتے تھے چنانچہ یہ روایت مشہور ہے کہ صاحب کتاب مشارق الانوار کو جس حدیث شریف کی صحت میں شک یا شبہ ہوا کرتا تھا تو خواب میں حضور سرور کائنات علیہ التحیات والتسلیمات سے دریافت کر لیا کرتے تھے۔ درود شریف کثرت سے پڑھنے والے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار پُر انوار سے مشرف ہوتے ہیں۔ قلبی صفائی اور محبت دلی ہونی ضروری ہے۔

عامل کے لیے ہدایات

لہٰذا جو صاحب اس امر کے طالب ہوں اُن کو چاہیے کہ تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کریں اور طہارت وغیرہ سے پاک وصاف رہیں اپنے دل کو بُرے خیالات اور شرک و بدعات کے توہمات سے دور رکھ کر اس نیک کام کو شروع کریں اور جو قاعدے بتائے جاتے ہیں ان کے عامل بنیں عامل اپنے عمل کرنے سے بددل نہ ہووے کیوں کہ عمل کا ظہور عامل کی لیاقت کے موافق ہوا کرتا ہے۔ اگر دیر لگے تو جانے کہ مجھ میں کچھ قصور ہے لہٰذا اس کو نہ چھوڑے اور سچے دل سے دومرتبہ یا تیسری مرتبہ کرے ضرور فیضیاب ہووے۔

مشکل کشائی

کوئی شخص اپنے کسی کام میں حیران و پریشان ہو اور کسی طرح وہ مشکل حل نہ ہوتی ہو تو عالم ارواح سے امداد چاہے جمعرات کو آدھی رات کے بعد نہاوے نماز کی ادائیگی کے لیے نیت دو رکعت کشف الارواح اس طرح کرے نویت اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ کَشْفِ الْاَرْوَاحِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ اور اَعُوْذُ والْحَمْدُ شریف پڑھ لینے کے بعد دونوں رکعت میں سو سو مرتبہ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھ کر یَا رَبِّ دُلَّنِیْ عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی
یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَرِّفُنِیْ طَرِیْقَ الْوُصُوْلِ اِلَیْکَ ط

ترجمہ۔ اے خدا اپنے مقرب بندوں میں سے اب کوئی بندہ مجھ کو بتلا تیری طرف ہدایت کرے اور تیرے پاس پہنچنے کا راستہ بتلائے یہ پڑھ کر اسی جگہ سو رہے خواب میں کسی بزرگ کی روح سے ملاقات ہوگی اور وہ چارہ سازی فرمائیں گے۔

روح سے گفتگو کرنا

کسی خاص روح سے باتیں کرنی ہوں یا اپنے باپ اور ماں سے ملنے اور گفتگو کرنے کی خواہش ہوں اور ان کے حالات معلوم کرنے ہوں تو عشا کی نماز کے بعد کسی خالی اور پاک مکان میں دوبارہ وضو کر کے اچھے کپڑے پہنے اور عطر لگا دے پہلے کی طرح کر کے بعد الحمد کے سورہ والشمس اور سورہ وَالشَّمْسِ مع بِسْمِ اللّٰهِ اور سورہ وَالَّیْلِ اور سورہ قل ھو اللہ ہر ایک سورۃ کو سات مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ رُوْحَ فُلَانٍ ط فلاں کی جگہ اُس شخص کا نام لے جس کی روح سے ملاقات کرنی ہے پھر کہے وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ پہلی ہی رات میں ورنہ دوسری تیسری رات میں غرضکہ ساتویں شب تک ضرور ملاقات ہوتی ہے اللہ کے نیک بندے عابد زاہد پہلی ہی رات میں اُن کی زیارت سے مشرف ہو جاتے ہیں۔

كَشْفُ الْقُبُوْرِ کی قوت اولیائے کاملین کو حاصل ہوتی ہے۔ اس سے قبر شق ہو جاتی ہے اور مردہ باہر نکل کر باتیں کرتا ہے چونکہ اس سے مُردے کو تکلیف ہوتی ہے اس لئے وہ طریقہ نہیں بتایا جاتا ہے۔ اس کی سخت ممانعت ہے جس سے مُردے کو تکلیف نہیں ہوتی بلکہ تفریح ہوتی ہے اس پر اولیائے کاملین کا عمل ہے اہل کے ذریعہ سے وہ بزرگوں کے مزار پر جا کر جو کچھ اُن سے پوچھنا ہوتا ہے

وہ دریافت کر لیتے ہیں اور فائدہ حاصل کرتے ہیں منجملہ ان کے ایک یہ ہے۔

کشف القبور عمل برائے

اس عمل کے ذریعہ سے روح قبر پر عامل کے سامنے آجاتی ہے اور اس سے باتیں کر کے نیک و بد حالات معلوم کر سکتا ہے۔ نوچندی جمعرات کو نہا دھو کر اچھے پاکیزہ کپڑے پہنے اور عطر لگائے پھر رات کو تہجد کے وقت جس روح سے ملاقات کرنی ہو اس کی قبر کے سرہانے جا کر عامل اور قبر کے درمیان کوئی پردہ یا اور کوئی قبر وغیرہ نہ ہو۔ دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھے پھر سلام پھیر کر سو بار درود شریف پڑھے اور نہایت سچے دل سے خدا کے آگے اس روح کے حاضر ہونے کی دعا کرے پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین ہزار مرتبہ سورہ یٰس پڑھے اور جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط پر پہنچے تو سات مرتبہ اسی آیت کو قبر کی طرف نظر اُٹھا کر اور مخاطب ہو کر پڑھے بفضلہ تعالیٰ روح سامنے دکھائی دے گی سورت تمام کر کے سو بار درود پڑھے اور روح سے باتیں کرے سلام کا جواب دے روح سے باتیں کرنے کے لیے روحانی اخلاق اپنے میں بھی پیدا کرنے چاہئیں کیونکہ بدکار اور بُرے اعمال والے سے زندہ انسان ناخوش ہوتے ہیں تو پاک روحیں زیادہ نفرت کرتی ہیں اور اس کے ملنے سے خدا کی پناہ مانگتی ہیں یہ عمل نہایت مجرب ہے ایک دفعہ نہ ہو تو اپنے اخلاق درست کر کے دو تین مرتبہ کر کے دیکھیں ضرور کامیابی ہوتی ہے۔

کشف الروح حضرت غوث پاک

اگر کوئی یہ چاہے حضرت اقدس فیض القدس پیران پیر غوث الاعظم محی الدین ابو محمد سید عبدالقادر جیلانی کی روح پاک کی زیارت سے فیض یاب ہو آدھی رات گزرتے ہی غسل کرے بعد میں دو رکعت نماز سر ننگا کر کے نیت کشف الروح

کرے ہر رکعت میں الحمد کے بعد تین تین مرتبہ سورہ قُلْ یَا اور تین تین مرتبہ سورہ قُلْ ھُوَ اللہ پڑھے بعد سلام منہ اپنا شمال اور مغرب کے گوشہ کی طرف کرکے اپنی توجہ جناب فضیلت مآب کرے اور اُسی مصلے پر کھڑے ہوکر دو سو مرتبہ یہ دعا پڑھے یا حضرت میر محی الدین اَحْضُرُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ جاگتے میں ہوگی اور اگر پڑھنے کے بعد تک نہ ہو تو سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ شرف نیاز سے بہرہ اندوز فرمائیں گے۔

زیارت کے لیے

زیارۃ حضرت امام حسین صلوٰۃ اللہ فی الکونین منقول از حضرت امام جعفر صادق ناطق بالصدق محرم کی پہلی رات سے بارھویں تک یا چھٹی اور ساتویں کے درمیان جو رات آتی ہے اُس شب سے دسویں کی رات تک بعد نماز عشاء غسل اور وضو کرکے کسی مکان کی چھت پر پاک صاف ہو دور تک کپڑا سفید پھیلایا جائے اُس پر اپنا مُصلّٰی بھی نیا اور صاف شفاف بچھائے۔ اپنے کپڑے بھی نئے پہنے۔ عطر گلاب یا کیوڑہ سے تمام کپڑوں کو بساوے پھول گلاب چنبیلی۔ موگرا وغیرہ جو میسر آئیں تمام پاک جگہوں میں بکھیرے۔ ایک تسبیح بھی اپنے پاس رکھے پھر اُسی طریقے سے دوگانہ کی نیت کرے لیکن یہاں زبان سے یہ ادا کرے کَشْفُ الْاَرْوَاح کی جگہ کَشْفُ الرُّوْح حضرت امام ہمام حسین علیہ السلام کہہ کر مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَتِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ کہہ کر سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ وغیرہ پڑھ کر بعد الحمد قُلْ ھُوَ اللہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے اگر اس قدر ہمت کھڑے رہنے کی نہ ہو تو کم از کم ۱۰۱ - ۱۰۱ مرتبہ دو نو رکعت میں پڑھے بعد سلام شمالی اور مغرب کے گوشہ (کونے) کی طرف منہ کرکے دو زانو بیٹھے اور اپنے سامنے حضرت فیض معرفت کو تشریف فرما جانتے ہوئے اپنا ہدیہ دو رکعت نماز پیش کرے۔ بعد میں ایک سو ایک مرتبہ السلام علیک ورحمۃ اللہ۔ السلام علیک یا ابا عبداللہ۔ السلام علیک ابن

رسول اللہ سَیِّدِنَا امام حُسَیْن صلوٰۃ اللہِ فی الْکَوْنَیْن نذر گزرانے۔ اور اپنی آنکھیں تشریف آوری کے انتظار میں کشادہ رکھے کبھی آسمان اور کبھی اُس رُخ جدھر کہ مزار پُر انوار کا گوشہ بتایا ہے بغور دیکھا کرے۔ انشاء اللہ المستعان جلوہ افروزی سے آنکھیں منور ہوں گی۔ اگر محب صادق اور عقیدہ راسخ ہے اُسی شب ورنہ دوسری کو ضرور ظاہری آنکھیں نورانی نہ ہوں گی تو خواب میں ضرور فیضیاب ہوگا۔

حضرت شبلی کی دو رکعت نماز جن میں ۱۵ - ۱۵ مرتبہ قُلْ ھُوَ اللہ پڑھی جاتی ہے حضرت ممدوح حضرات جامع البرکات حسنین علیہما السلام کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں اور صاحبان ذیشان کو یہ نذر پیش کرنے سے اُن کی فیض رسانی ہوتی رہی ہے۔

تسخیر خلائق

مخلوق کی تسخیر اور حاکم و افسروں راجہ مہاراجوں نواب و بادشاہوں اور آج کل صاحبانِ فرنگ کو اپنا مسخر کرنے کا ہر کوئی تمنائی ہے کہیں فقیروں کی خوشامد کرتے ہیں کہ ہم کو ایسا ایسا تعویذ دو یا کوئی وظیفہ بتاؤ کہ فلاں رئیس ہماری طرف راغب ہو جائے کہیں جوگیوں اور سناسیوں کی خاطر کرتے ہیں کہ اُن سے کوئی تسخیر کا عمل یا جادو ان صاحبوں کو کیا غرض پڑی کہ بلا کسی لالچ یا بھرپری خدمت کرنے کے عوض اپنی عمر بھر کی کمائی سے ان کو مالا مال کر دیا جائے۔ غرضکہ یہ لوگ عام لوگوں کی کار برآری نہیں کرتے خود مخلوق کی تسخیری اور والیان ملک کی مسخری سے فائدہ اُٹھاتے ہیں اس خاکسار نے جیسے اور علم فن کے خزانے لٹا دیئے ایسے ہی ان خزائن معلومات سے آگاہ کرتا ہے اور اس کے طریقے بھی باقاعدہ بتاتا ہے۔ مشہور ہے کہ جو کام باقاعدہ کرتا ہے وہ ضرور بہرہ ور ہوتا ہے جس کسی کو مسخر کرنا ہو تو پہلے اُس کو کم سے کم دو چار مرتبہ یا ایک دو دفعہ خوب اچھی طرح دیکھ لیوے تاکہ اس کی صورت و شکل اور جسم کا تصور ہو سکے

جس قدر زیادہ تصور کرے گا اُسی قدر جلدی سے مسخر ہو جائے گا۔ خواہ کوئی ہو۔

مجرب عمل

برائے تالیف قلوب سلاطین زمان و اُمرائے جہاں واکلہ ردوران و تسخیرِ خلائقِ خالقِ کون ومکان شروع ماہ میں روز جمعرات و یا جمعہ یا دوشنبہ یعنی پیر کو صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز پڑھ کر اس طریقہ سے یہ وظیفہ پڑھے یہ سترہ اسم ہیں ہر ایک اسم کو دس دس مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا رَؤُفُ یَا عَطُوْفُ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ یَا عَلَّامُ السَّرَآئِرِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ یَا سَرِیْعُ یَا قَرِیْبُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ۔ یَا حَکِیْمُ یَا عَلِیْمُ۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اٰمِیْنَ ۝ یَا قَھَّارُ یَا عَزِیْزُ۔ پھر آخر میں دس مرتبہ درود شریف پڑھے جو اوپر لکھا ہے۔ چالیس روز پڑھے اور اپنے مطلب کا دھیان رکھے ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ بہ طفیل حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم دعا درگاہِ خدا میں مستجاب ہو کر تسخیر ہونے لگے گی۔

مخلوق خدا مطیع ہو جائے

اس عمل پڑھنے سے تسخیر خلائق اور خلقت کی رجوعات ایسی ہوتی ہے کہ دُنیا کسی وقت پیچھا نہیں چھوڑتی۔ شروع مہینے میں جمعرات کے دن یا جمعہ کو صبح کی نماز پڑھ کر شروع کرے۔ پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ایک ایک سانس میں یہ ایک ایک اسم ایک ایک مرتبہ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبَّاہُ یَا اَللّٰہُ ۝ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحِیْمُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ پڑھے پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد باون مرتبہ سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ مع بسم اللّٰہ پڑھے اور پھر

تین بار ہاتھ اُٹھا کر یہ دُعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ الْکَرِیْمَۃِ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ نَصْرُھَا وَنُوْرُھَا وَبَرَکَاتُھَا وَھُدَایَتُھَا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا قَبْلَھَا وَمَا بَعْدَھَا ۝ پھر تین مرتبہ وہی درود شریف پڑھ کر وہ سات اسم ایک ایک سانس میں پڑھ کر پھر تین بار درود شریف پڑھے اور پھر ہاتھ اُٹھا کر تین مرتبہ دعا پڑھے۔ اور خدا سے اپنا مطلب عرض کرے اسی طرح چالیس روز ورد کر کے چھوڑ دے اور اگر پڑھے جائے تو بہت اچھا ہے۔

چشم خلائق میں مقبول

جو شخص یہ دو نقش جمعہ کی پہلی ساعت میں زیادتی چاندنی میں یعنی ۷، ۹، ۱۱ تاریخوں میں جس تاریخ کو جمعہ آوے چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا دے اور اپنی داہنی اُنگلی چھوٹی میں پہنے جہاں جائے مخلوق تعظیم سے پیش آوے اور ہمیشہ اس کی گرویدہ رہے دو نقش ایک انگوٹھی پر کندہ نہ ہو سکیں تو دو انگوٹھی بنوا کر دونوں نقش کھدوائے اور اگر نکسیر والا پہنے تو نکسیر کا خون ناک سے آنا بند ہو جائے۔

یہ نقش کٓھٰیٰعٓصٓ (ے)

۷۸۶

ک	ھ	ی	ع	ص
ھ	ی	ع	ص	ک
ی	ع	ص	ک	ھ
ع	ص	ک	ھ	ی
ص	ک	ھ	ی	ع

یہ نقش حٰمٓعٓسٓقٓ ہے

۷۸۶

ح	م	ع	س	ق
م	ع	س	ق	ح
ع	س	ق	ح	م
س	ق	ح	م	ع
ق	ح	م	ع	س

عزت کا حصول

کل جل عجیب وغریب ہفتہ کو شروع مہینے میں عصر کی نماز کے بعد کاغذ کے اوپر نیچے والا نقش لکھے اور اس کے

اور پاک صاف روئی کا گالا لپیٹ کر بتی بنا دے اور چراغ کے اوپر جو بوری چینی کا جل اُتارنے کو رکھی جاتی ہے اس چینی کے اندر نیچے لکھی آیت سیاہی سے لکھے اور اس ہفتہ والی رات کو جو کہ اتوار کی رات ہوگی عشا کی نماز کے بعد تھوڑی شیرینی پہلے سے منگا کر فاتحہ دیوے اور ثواب اس کا مولانا السید حسین علی شاہ و سید خیرات علی شاہ رحمہا اللہ تعالیٰ کو پہنچا دے اور صرف ایک تہہ بند نیچے کے بدن پر باندھے اور اوپر کا بدن کھلا رہے اس فلیتہ بنے ہوئے کو چراغ میں دو تولہ گھی ڈال کر جلا وے اور وہ لکھی چینی اوپر رکھے تاکہ چراغ کی بتی سے کاجل اُڑ کر اس چینی پر لگے جب کہ تمام بتی جل جاوے تو اسی طرح چھوڑ کر وہاں سے چلا آوے اور صبح اُٹھ کے فجر کی نماز پڑھ کر کاجل اس چینی سے اُتار کے کسی شیشی وغیرہ میں رکھے۔ ضرورت کے وقت دونوں آنکھوں میں لگاوے جن کی آنکھ آنکھ سے ملے گی عزت و احترام سے پیش آئے گا اور ہمیشہ اس کا گرویدہ رہے گا۔

کاغذ پر یہ نقش لکھے۔

۷۸۶

یُحِبُّوْنَهُمْ	كَحُبِّ اللّٰهِ
وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اَشَدُّ	حُبًّا لِلّٰهِ

چینی پر یہ آیت گول حلقہ کی طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط

مطلب برآری کے لیے

برائے تسخیر یا طات۔ حاجت مند کو قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا کرے اور اس کے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ اسم یا طاطوت لکھے اور مٹھی بند کرا دے اور کہہ دے کو راستہ میں کسی سے بات نہ کرے جس شخص کے پاس جانا ہے اسی کے پاس پہنچ کر سلام اور کلام کرے وہ مسخر ہو جائے گا۔ جو اس سے کام لینا ہے نہایت خوشی سے پیش

آئے گا اور فوراً انجام دے گا۔ اور اگر خود اپنے آپ کو ضرورت ہو تو اپنے بائیں ہاتھ سے اپنی داہنی ہتھیلی پر لکھے اور جاوے۔ مقصد بر آوے۔

دشمن مہربان ہو

زمرد پتھر جو کہ اچھا سبز خوش رنگ ہو اور اس کو پنا بھی کہتے ہیں اس کا نگینہ لیوے یا تیار کیا ہوا خرید ے اور سونا چاندی دونوں برابر وزن سے لے کر ان کی انگوٹھی بنوائے اور وہ نگینہ مشتری کی ساعت شروع ماہ میں نصب کرا کر اپنی انگلی میں پہنے جہاں کہیں جاوے تسخیر خلائق ہووے۔ اور ہر کوئی خاطر تواضع سے پیش آئے اگر سانپ بھی دیکھ لے تو اندھا ہو جائے۔

خوف جاتا رہے

حجر القمر کہ ہندی میں چندر کانت کہتے ہیں اس کو نیلے کپڑے میں باندھ کر اپنے سر کے دوپٹہ یا ٹوپی میں رکھے یا گلے میں لٹکا دے ہر کوئی محبت کرے اور کہیں جائے ڈر خوف نہ معلوم ہووے۔

تسخیر خلائق

تسخیر خلائق کے لیے بجو جانور کے سر کا مغز جس کو بھیجا بھی کہتے ہیں جو شخص اپنی آنکھوں کی بھوں پر ملے اور لوگوں سے ملے جلے سب اس سے محبت کریں۔

مجرب عمل

بجو کا دایاں ہاتھ جو شخص اپنے پاس رکھے بادشاہوں وزیروں راجہ نوابوں اور انگریزوں سے جو حاجت رکھتا ہو۔ وہ پوری کریں اور رضا مندی سے پیش آئیں۔

آزمودہ عمل

جو عورت مادہ بجو کی شرمگاہ اور ناف کے نیچے کی کھال اپنے پاس رکھے جس قدر مرد اس پر نگاہ ڈالیں فریفتہ ہو جائیں۔

حاکم مطیع ہو

شیر کے ماتھے کی چربی پگھلا کر گلاب کے تیل میں ملا کر جو شخص اپنے چہرہ پر ملے بادشاہ اور تمام دنیا اس کی مطیع ہو جائے اور

اس سے خوف کریں۔

حاجت پوری ہو

سنگ مقناطیس سیاہ مائل بسرخی جو کہ لوہے کو اپنے میں جذب کرے اور سوئی وغیرہ کو اپنی طرف کھینچ لے اس کے ٹکڑے کو سفید باریک کپڑے میں لپیٹ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اس کی ہر کوئی تعظیم و توقیر کرے اور جس کے پاس جو حاجت لے کر جاوے وہ پوری کرے۔ (جس کو نہ ملے وہ دواخانہ شفاء الامراض تجارہ سے طلب فرمائیں۔

وظیفہ برائے تسخیر حاکم

ہر کسی کو یہ تمنا ہوتی ہے کہ ہر ایک امیر راجہ مہاراجہ اور ادنیٰ و اعلیٰ ہماری خدمت میں بے بلائے چلا آئے اور اپنی دولت و ثروت ہماری نظر کرتا رہے اس کے لیے ہر کوئی عمل اور وظائف پڑھتا چلا کھینچتا ہے۔ لیکن شرائط چلہ کشی دشوار تر کام ہے اس لیے اس عمل کو پورے طور سے ادا نہیں کر سکتے۔ لہٰذا یہ خاکسار مفصل طور سے اسم یا وَهَّابُ کے وظیفہ کو ظاہر کرتا ہے۔ تاکہ ہر کوئی بآسانی اُس کے فوائد حاصل کر سکے۔ صبح کا وقت نزولِ رحمتِ الٰہی کا ہے۔ اُس وقت میں خشوع و خضوع سے جو کچھ پڑھ کر دعا کی جاوے وہی قبول ہوتی ہے۔ لہٰذا صبح کا وقت پڑھنے کا اختیار کرے شروع مہینہ چاند جمعرات کا دن ہووے۔ روزانہ نہا کر کپڑے اس وظیفہ پڑھنے کے علیحدہ رکھے۔ تنہائی میں حجرہ کے اندر پڑھے۔ کھانے کو جو کی روٹی کھائے۔ نیک کمائی سے غذا بہم پہنچائے۔ اپنے ہاتھ سے پکا دے۔ یا کسی نمازی سے پکوائے روزہ شروع دن پڑھنے کے ضرور رکھے۔ جس طرح ممکن ہو ناغہ نہ کرے خوشبو لوبان یا بتی اگر کی جلاتا رہے۔ کپڑوں میں خوشبو عطر دیسی کی لگا دے۔ لیمپ وغیرہ مٹی کے تیل کا نہ جلا دے موم بتی یا گھی کا چراغ روشن کرے۔ بری باتیں زبان سے نہ نکالے۔ خلاف شرع کام نہ کرے یعنی جھوٹ نہ بولے غیبت نہ کرے پڑھنے سے پہلے اُعُوْذُ اور

بِسْمِ اللهِ پڑھ کر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بعد میں یَا وَهَّابُ ایک ہزار ایک مرتبہ صبح کی نماز سے پہلے پڑھے بعد ختم ہوں گے پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا مانگے۔ چالیس دن تک اسی پابندی سے پڑھے۔ بعد میں ایک سو مرتبہ ہر روز پڑھا کرے ناغہ نہ ہونے دے۔ اگر کسی وجہ سے ہو جاوے تو اور کسی وقت پڑھ لیا کرے۔

جنات کو قابو کرنا

خدا نے اٹھارہ ہزار مخلوق کو پیدا کر کے انسان کو اشرف المخلوقات کا مرتبہ عنایت فرمایا اور ۱۸ ہزار مخلوق پیدا کی۔ جو انسان کی نظروں سے پوشیدہ ہے جیسے ملائک اور جنات فرشتے خدائے پاک کے حکم بجا لاتے ہیں۔ اور سر سوا انحراف نہیں کرتے اسی طرح انسان اور جنات کو بھی یہ حکم ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ط ترجمہ۔ (اور پیدا کیا ہم نے جن و انسان کو عبادت کے واسطے) لیکن یہ اپنی عقل کے آگے دوسرے کو پسند نہیں کرتے اور یہ جانتے ہیں کہ ہم سے زیادہ کوئی عاقل نہیں ہے۔ اس لیے اس کی اطاعت سے منحرف بھی ہو جاتے ہیں۔ اور کوئی کسی مذہب کا پیرو اور کوئی کسی مذہب کا پابند ہے ایسے ہی جنات میں مرد بھی ہیں اور عورتیں بھی جن کو۔ جن دیو۔ بھوت۔ پریت۔ پری۔ چڑیل۔ چھلپا سبھی کہتے ہیں۔ اور ان میں بھی مسلمان اور کافر ہوتے ہیں۔ اور اُن کی بھی ایسی ہی کثرت ہے۔ جیسے آدمیوں اور جانوروں کی ان کی اصلیت اور پوری حقیقت جن بھوتوں کی تکلیف وہی سے معلوم کیجئے لیکن خدائے پاک نے ان کو انسان سے پوشیدہ رکھنا اس لیے پسند کیا ہے کہ ہر وقت نظر آئے رہیں گے۔ تو اُن سے ڈر ڈر کر انسان ہمیشہ پریشان رہا کریں گے۔ اور ان کو

چلنا پھرنا دُنیا کے کاروبار کرنا دشوار ہو جائیں گے۔ اگر خدا انسان کی آنکھ سے پردہ اُٹھا دے تو انسان جناتوں کو اور اُن کی ریچ ریچ کو ٹڈیوں کی طرح اُڑتا اور پھیلا ہوا دیکھے۔ انسان جب گذرتا ہے تو اس کے واسطے راستہ چھوڑ دیتے ہیں اور جو شریر یا النفس ہوتے ہیں۔ وہ انسان سے ہنسی مذاق کرتے اور دُکھ تکلیف پہنچاتے ہیں۔ خدا کی حفاظت انسان کے ساتھ نہ ہو۔ تو جنات کبھی اُس کو زندہ نہ چھوڑیں۔ خدا نے اپنے کلام پاک میں فرمایا ہے لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ ترجمہ اس کے پہرے والے ہیں۔ بندے کے آگے سے اور پیچھے سے اس کو بچاتے ہیں۔ اللہ کے حکم سے ۱۲۔

عامل کے لیے ہدایات

بہت سے دنیا دار اس خواہشمند ہیں کہ جنات و موکلات کو اپنے قبضہ میں لا کر دنیا کی تمام حاجتیں ان سے پوری کرائی جائیں۔ اور آپ بلا کمائے دھجائے مزے اُڑائیں۔ اس لالچ میں بے ترکیبی کر بیٹھتے ہیں۔ جس سے بجائے فائدہ نقصان اُٹھاتے بلکہ سخت تکلیفیں پاتے ہیں۔ ترکیب اور تدبیر سے جو کام کیا جاتا ہے وہ ضرور پورا ہوتا ہے اور جو چاہا جاتا ہے وہ پورا ہو کر رہتا ہے جنوں وموکلوں کو اپنا مطیع بنانے اور اپنے قابو میں لانے کے لیے جو عامل ان اُمورات کا لحاظ رکھے اور ان کے نیچے لکھے طریقوں کا پابند ہو کر محنت و مشقت کرے اس کی دلی مراد پوری ہووے۔ اور زندگی اپنی عیش و عشرت سے بسر کرے یہ عمل بڑے بڑے انبیاء اور اولیاء اللہ کی تجربات سے ہے اور اگر عامل بلا طریقہ معلوم کئے اُن کو اپنا تابعدار بنانا چاہے گا۔ تو وہ تو کیا قابو میں آسکتے ہیں۔ بلکہ عامل ہی اپنے آپ کو ہلاک کر دے گا۔ ایسے بہت سے واقعات ہیں کہ جن سے لوگ نقصان اُٹھا چکے ہیں۔ صرف دو قصوں سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ جو اس فن سے واقف نہ تھے اور سُنے سُنائے کے نہ جاننے والے سے تعریف مطیع جنات

سُن کر عمل شروع کیا اور ایک جن بطخ کی شکل میں دکھائی دیا۔ اور پھر وہ بڑھنے لگا اور اتنا اونچا ہوا جیسے بھینس میں اس عامل پر ایسا خوف غالب ہوا کہ وہ پڑھنا پڑھانا سب بھول گیا اور کانپنے لگا۔ اس جن نے ایک تھپڑ اس زور سے مارا کہ آدھا بدن اس کا فالج والوں جیسا ہو گیا۔ ایک اور شخص کا ذکر ہے کہ اس نے ایک جن کو اپنا فرمان بردار بنانے کے لیے عمل پڑھا۔ اور جن حاضر ہوا۔ اور دریافت کیا کہ اے شخص تیرا کیا سوال ہے اُس نے کہا کہ فلاں عورت کو بلانا چاہتا ہوں جن کو یہ حال سُنتے ہی ایسا غصہ آیا۔ کہ اس کا کام تمام کر دیا۔ اور قصہ شیخ سدّو کا زبان زد خلائق ہے کہ وہ بڑا زبردست عامل تھا جنات کو مطیع کر لیا تھا لیکن شیطان نے اس کو ایسا دھوکہ دیا کہ وہ جنوں سے خوبصورت عورت اور بڑے بڑے آدمیوں کی بہو بیٹیاں بلواتا۔ اور ان سے زنا کاری کیا کرتا تھا۔ ایسے بُرے کاموں سے انسان ہی نہیں بلکہ جن بھی ناراض ہوتے ہیں۔ ایک روز ان جنوں کو جو موقعہ ملا۔ تو اُس کے غسل کرنے کا پانی پھینک دیا۔ جس سے وہ جلدی نہ نہا سکا۔ اور ناپاکی حالت میں اس کو موقعہ نہ ملا کہ جنوں کو اس عمل سے کہ جس کے ذریعہ تابع فرمان ہوئے تھے۔ پڑھ سکے کہ اُس کو مار ڈالا۔ اور قبر اسکی امروہہ ضلع مراد آباد میں ہے بعد مرنے کے بھی ناپاک عورتوں خاص کر جاؤں اور ہندنی عورتوں اور بے نماز مسلمان عورتوں کو ستاتا ہے۔ اور ان کے سر آتا ہے اور ان کو بیہوش اور باؤلا بنا دیتا ہے پکارتی ہیں کہ اس نے ہماری یہ بے ادبی کی اور کڑاہی نہیں دی جب ڈھول بجایا جاتا ہے اور اس کے پہلے جو اس کے نام سے گیت بنائے ہوئے ہیں ڈومنیاں ڈھول بجاتی اور اس کے اوصاف گائے جاتے ہیں وہ عورت خوب کھیلتی اور بولتی ہیں کہ میرے نام کا بکرا دو یا مُرغ ذبح کر دیا کڑاہی میں گلگلے پکاؤ تب میں اس کے سر سے علیحدہ ہوں گا۔ کوئی سا نذرانہ اپنا لے لیتا ہے تب جاتا ہے منگل کے دن اُمروہہ میں ہزاروں کا مجمع ہوتا ہے۔ اور

اس کے گنبد پر کوڑیاں پھینکی جاتی ہیں جو عورتیں اس کی نذر کردہ ہوتی وہ کسی بزرگ کی مرید ہو جاتی ہیں نماز پڑھتی روزہ رکھتی اور درود شریف کا ورد کرتی ہیں اُن کے سر نہیں آتا۔ اور اگر کوئی نمازی آدمی اس عورت کے پاس آتا ہے۔ اور کچھ کلمہ یا کلام خدا پڑھتا ہے تو فوراً اس کا اثر جاتا رہتا ہے۔

غرض یہ ہے کہ ایسے عمل پڑھنے کا جس کسی کو شوق ہو تو کچھ دنوں پہلے سے اسمائے الٰہی کا ذکر اذکار شروع کر دے اور حفاظتِ جان کے لیے وہ وظائف پڑھے جن سے جنات کی نظروں میں اور ان کے دلوں کے اندر عامل کی عظمت اور ہیبت اثر کر جائے۔ اور یہ خود حواس باختہ نہ ہو جائے اور اُن کا رعب عامل پر نہ چھائے جب کہ عامل کو احتیاط اور ہدایتوں کا پابند ہو کر عمل کو شروع کرتا ہے تو جناتوں کے قبیلوں میں سے ایک جن پکارتا ہے کہ فلاں انسان تم کو اپنے قابو میں لانا چاہتا ہے۔ اے جنا تو تم کو اُس کی تابعداری کرنی چاہیے کیوں کہ تم اُس مخالفت کی تاب نہ لا سکو گے جب کہ عامل متقی اور پرہیزگار ہوتا ہے۔ اور ان عملیات مسخرات کو نفاست اور بہ طہارت کرتا ہے تو جنات اس کے پاس آتے اور نہایت عاجزی سے جو کام لینا چاہتا ہے کر دیتے ہیں اور ہر وقت اس کی خدمت میں حاضر رہتے ہیں۔ جنات عابدوں اور پرہیزگاروں سے خوش رہتے ہیں نماز اور قرآن پڑھنے والوں کو بہت دوست رکھتے ہیں۔ جو شخص نہایت خوش الحانی سے قرآن شریف پڑھتے ہیں۔ اُس کے پڑھنے کو بہت پسند کرتے اور سُننے کے لیے آیا کرتے ہیں۔ خاص کر سورۂ الرحمٰن میں جا بجا جو فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اس کو نہایت ادب سے سُنتے ہیں جب کسی کا ارادہ اس عمل کے شروع کرنے کا ہو تو پہلے کوئی ایسا مکان تجویز کیا جانے کہ جہاں کسی کی آواز نہ آتی ہو۔ اور وہ اتنا بڑا ہو کہ جس میں اچھی طرح بیٹھ سکے اور چل پھر سکے۔ اور تمام اشیا اچھی طرح رکھی جا سکیں۔ اس مکان کو پانی سے دھووے اور کچھ

دنوں پہلے سے روز مرہ ان عملیات کی خوب مشق کر لیتا کہ پڑھتے وقت میں غلطی نہ ہو جاوے۔

عمل کرنے کے لوازمات

اس مکان میں روشنی کے واسطے موم بتی بہت سی لا کر رکھے۔ موم بتی نہ ہوں تو مٹی کا چراغ اور گھی روئی کی بتی بنوا کر اور لوبان یا اگر کی بتی زیادہ خوشبو والی، دن رات جلانے کو رکھی جاویں۔ حنا یا مشک وغیرہ کا عطر کپڑوں پر لگانے کو لا دیں مسہل سے پیٹ صاف کر دیا جاوے تاکہ پیٹ میں جو موم غلیظ ہے۔ وہ خارج ہو جائے۔ پڑھتے وقت ریاح وغیرہ کا زور نہ ہو اور نیند اور اونگھ نہ آوے۔ پڑھنے میں دل نہ لگے۔ دن کو سو رہے اور رات کو جاگنے کی عادت ڈالے ایک تسبیح ۳۳۴ دانوں کی یا ۳۳۴ بادام گنتی کے لیے رکھے۔ کالی سیاہی کی دوات، قلم اور چاقو بھی لاوے۔ سفید کاغذ کے ایک دو تختے اور ایک خالی تعویذ تانبہ کا اور سبز کاغذ یا سبز ریشمی کپڑا بھی پاس رکھا جائے بار بار استنجے وغیرہ کو نہ جانا پڑے کھانے کو جو کا آٹا منگائے۔ اور جب بہت بھوک لگے تو اس کی روٹی کسی نمازی سے پکوا کر شہد یا نمک سے کھاوے۔ زیادہ تر روزہ رکھے۔ افطاری کے وقت کشمش یا چھواروں سے روزہ کھولے ایک مُصلا پڑھنے کو سفید کپڑے دیسی گاڑھے یا لٹھے کا بنایا جاوے کُرتا اور تہمد بھی نیا ہو۔ یا صرف ایک چادر اوڑھنے اور باندھنے کے لیے جس کو احرام کہتے ہیں رکھا جاوے چاند نظر آنے پر جو دن منگل یعنی سہ شنبہ کا آوے اسی رات کو نہا دھو کر روزہ کی نیت کر کے سحری کھاوے اور صبح بدھ یعنی چہار شنبہ کے دن پڑھنے کی تیاری کرے شام کو روزہ کشمش یا چھوارے سے افطار کرے۔

جنات کو تابع کرنے کا عمل

اور نماز عشاء کی پڑھ کر پہلے اعوذ اور بسم اللہ پوری پڑھے پھر تین مرتبہ

آیۃ الکرسی پڑھے اور وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کو ہر مرتبہ تین تین بار پڑھے اور سو رہے پھر صبح اُٹھے اور فجر کی نماز پڑھے یہ دن جمعرات کا ہوگا۔ آفتاب نکلتے ہی چاقو سے اسی وقت قلم بناوے اور سبز کاغذ یا ریشمی سبز کپڑے پر دعا اور تعویذ لکھ کر تعویذ کر موم جامہ میں لپیٹ کر تانبہ کے تعویذ میں رکھے اور منہ اس کا بند کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے اور سفید کاغذ پر آیۃ الکرسی اور دوسرے کاغذ پر سورہ الحمد جیسے کہ دائرہ کی شکل میں علیحدہ علیحدہ حروف میں بتائی ہے اسی شکل سے نقل کر کے جانماز کے اوپر رکھے نماز جماعت کی پڑھنے کے لیئے مسجد میں جاوے اور فرض پڑھ کر چلا آوے سُنت اور نفل اپنے اسی مکان میں پڑھے مسجد دور ہو اور شہرت کا خیال ہو تو فرض نماز بھی اسی جگہ پڑھ لیا کرے۔ جمعرات کا دن گذر کر جب رات آوے روزہ افطار کر کے مغرب کی نماز پڑھ کر عشاء کے وقت عمل پڑھنے کے لیے بالکل تیار ہو جاوے نماز عشاء پڑھ کر مُصلے پر بیٹھے اور اعوذ اور بِسْمِ اللہ پڑھ کر تین تین مرتبہ آیۃ الکرسی اُسی طریقے سے جیسے کہ اوپر لکھی ہے پڑھے اور اپنے دائیں اور بائیں آگے اور پیچھے اور اوپر نیچے پھُونک لیوے اور پھر سورہ جن با موکل نہایت خوش الحانی سے آہستہ آہستہ تین سو تینتیس ۳۳۳ مرتبہ پڑھے اور دل کے اندر اپنی حاجت کا خیال رکھے اور ان دعاؤں اور سورہٗ جن کے موکلوں کو اپنا مددگار جانے ذرا بھی ڈر اور خوف کا خیال بھی نہ آنے دے یہ ۳۳۳ کی تعداد خواہ رات بھر میں ختم ہو کر دن نکل آوے پڑھے جائے۔ نماز کا وقت آنے پر نماز پڑھے اور پھر اپنے عمل میں مشغول ہو جاوے۔ دوسری رات بھی بعد نماز عشاء دعا اور آیۃ الکرسی پڑھ کر ۳۳۳ مرتبہ پڑھے اور تیسری رات کو ۳۳۳ مرتبہ پڑھے اور آدھی رات کے بعد ختم کرے اگر یہ جانے کہ تیسری رات کو آدھی رات کے بعد ختم نہ ہو سکے گا تو سویرے سے پڑھے گویا کہ تین رات دن میں ایک ہزار مرتبہ کی

ہاتھ ہی سامنے سے آکر اسلام علیکم کرے گا اور پاس آکر بیٹھ جائے گا اور تین جن اس کے پیچھے کھڑے ہوں گے یہ مسلمان جنوں کا بادشاہ ہے۔ اس وقت عامل کو چاہئیے کہ اُن سے نہ ڈرے اور دل اپنا مضبوط رکھے اگرچہ خلقت اُس کی نئی ہونے سے خوف ضرور ہوتا ہے لیکن یہ کسی قسم کی تکلیف نہیں دیتا اور نہ ڈراتا ہے بلکہ عامل کے عمل کا خادم بن کر آتا ہے نہایت خندہ پیشانی اور جوانمردی سے جواب وعلیکم السلام دیوے۔ عاجزی ہرگز نہ کرے۔ جب وہ پوچھے مجھے کیوں بلایا ہے تو اس وقت کہے کہ میں امت حضور پُر نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوں دنیا کی ضروریات نے مجھ کو مجبور کیا ہے اور وہ مجھ سے حل نہیں ہوتیں اس لیے آپ کو تکلیف دی ہے کہ میرے ہر ایک دُکھ درد اور ضروریات دینوی کی امداد کیا کرو اور میری اس وقت یہ خواہش ہے لہذا پوری کی جائے پس جو حاجت ہو وہ بتائی جائے اپنے کسی ساتھی کو حکم دے کر اسی وقت پوری کرائی جاوے گی۔ پھر وہ جانے کی اجازت چاہیں گے تو پھر ان سے کہو کہ مجھے وہ نشانی دی جائے کہ جب میں اپنی ضرورت کے وقت یاد کروں اسی وقت میرا کام ہو جایا کرے پس جو وہ ترکیب بتلادیں اُس کو یاد رکھے اور عامل سے جو شرط کریں اس کی پابندی کا اقرار کرے اپنی سخت حاجت کے پیش آنے پر اُن کو بلاوے اور اپنا کام لیوے پھر ان کو رُخصت کرے وہ سلام کر کے چلے جاویں گے۔ پس عامل کو چاہیئے کہ شکریہ کی دو رکعت نماز پڑھ کر خلوت خانہ سے باہر آوے اور کسی سے یہ راز ظاہر نہ کرے خواہ کیسا ہی دوست ہو۔ اپنی بیوی بچوں سے بھی نہ کہے اگر دریافت کریں وظیفے وظائف کا پڑھنا بتا دیا کرے۔ کیونکہ جنات اس بات سے بہت ناراض ہوتے ہیں بلکہ ان کو موقعہ ملنے پر وہ بدلہ لیتے ہیں جیسا کہ یہ قصہ مشہور ہے کہ ایک شخص ہمیشہ بادشاہ جنات کو بلا کر باتیں کیا کرتا تھا اور وہ شخص اپنے یار دوستوں سے کہہ دیتا تھا۔ ایک مرتبہ لوگوں نے دیکھا کہ اس

کی لاش کوڑی پر پڑی ہوئی ہے اور اس کے گلے میں ایک کاغذ بندھا ہوا ہے کھول کر دیکھا تو اس میں یہ لکھا تھا کہ یہ اس شخص کی سزا ہے جو بادشاہوں کے راز ظاہر کرتا ہے ایسے ہی انسانی بادشاہوں کا حال ہے کہ وہ کسی کو قابل پاتے ہیں تو اپنے دلی حالات کہہ دیا کرتے ہیں اور اگر وہ بادشاہی راز کی باتیں کسی اور سے کہہ دیتے ہیں تو بادشاہی عتاب ہوجاتا ہے اور سزا پاتے ہیں۔

دائرہ آیۃ الکرسی جو عمل پڑھتے وقت اسی شکل سے لکھ کر مصلّے کے اوپر رکھے



دائرہ سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف جو عمل پڑھتے وقت اسی شکل سے لکھ کر مصلّے کے اوپر رکھے



دعا و تعویذ برائے حفاظت

دعا اور تعویذ یہ ہے ہر ایک شر سے محفوظ رکھتی ہے۔ صبح و شام تین مرتبہ پڑھ لیا کرے اور کاغذ پر لکھ کر موم جامہ میں لپیٹے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْقَوِيِّ الْمَتِيْنِ ذِي الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ الْمُتَكَبِّرِ الْقَهَّارِ الشَّدِيْدِ الْبَطْشِ الْمَانِعِ الْبَاقِيْ مُعِزِّ عَبْدِهٖ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَمُذِلِّ مَنْ عَادَاهُ بِجَبَرُوْتِهٖ وَكِبْرِيَآئِهٖ هُوَ الَّذِيْ لَا يُدْرَكُ بِوَهْمٍ وَّلَا يُتَخَيَّلُ فِيْ عَقْلٍ وَّلَا يَتَمَثَّلُ فِيْ نَفْسٍ

وَلَا تُصَوَّرُ فِي ذِهْنٍ لَهُ الْعِزَّةُ الشَّامِخَةُ وَالْكَنَفُ الْحَافِظُ وَالْحِصْنُ
الْمَانِعُ وَالسِّتْرُ الْحَصِينُ وَالْحِرْزُ الْمَنِيعُ نَسْأَلُهُ بِمَا وَرَاءَهُ سُرَادِ
قَاتِ عَرْشِهِ الْمَجِيدِ أَنْ يَقِيَنِي بِعِزَّتِهِ وَيُدْخِلَنِي فِي كَنَفِهِ وَ
يُحَصِّنَنِي بِحِصْنِهِ وَيُذِيلَ سِتْرَهُ الْحَصِينَ مَحْرُوزٌ بِحِرْزِهِ
الْمَنِيعِ مِنْ شَرِّ خَلْقِهِ وَمِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْهَوَامِّ بِأَلْفِ أَلْفِ
لَا حَوْلَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ شَخْ أَلْهًا رَبًّا
وَلَا يَلْخِ أَهْيَا تَقَدَّمُوْنَ يَا كُوْ بَيْخَ آمِيْنًا بِيْخَ أَمِيْرًا بِيْخ
بِنُوْلِ أَبْرَمُوْا شَرَاهِيَا أَهْيَا قُدُّوْسٌ صَمَدٌ لَيْسَ كَحَشْكَمْ شَمَّ وَهُوَ
السَّمِيعُ الْبَصِيرُ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ اَللّٰهُمَّ احْجُبْنِي عَنْ جَمِيعِ أَصْنَافِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَأَنْوَا
عِهَا وَأَجْنَاسِهَا وَمِنْ جَمِيعِ الْمَرَدَةِ وَالشَّيَاطِينِ أَجْمَعِينَ بِحَقِّ كَلِمَاتِكَ
التَّامَّاتِ وَبِحَقِّ اسْمِكَ الْعَظِيمِ الْأَعْظَمِ الْمُعَظَّمِ الْمُتَجَلِّ الْمُكَرَّمِ
حِجَابًا مَانِعًا سَقْفُهُ مَدَرٌ نُوْرُ اسْمِكَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ حِيطَانُهُ سَلَامٌ
نُوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ دَائِرَتُهُ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ
خَلْفِهِ يَحْفَظُوْنَهُ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ تَعَالَى وَاللّٰهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ ط
بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ ط احْتَجَبْتُ بِنُوْرِ اللّٰهِ الْقَدِيْمِ
الْكَامِلِ وَتَحَصَّنْتُ بِسُوْرِهِ الْمَتِيْنِ الشَّامِلِ وَتَحَصَّنْتُ بِالْحَيِّ الْقَيُّوْمِ
الَّذِي لَا يَمُوْتُ أَبَدًا تَحَصَّنْتُ بِاللّٰهِ وَتَحَصَّنْتُ بِجِوَارِ اللّٰهِ وَأَصْبَحْتُ
فِي جِوَارِ اللّٰهِ وَأَمْسَيْتُ فِي جِوَارِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يُضَامُ وَفِي ذِمَامِ اللّٰهِ الَّذِي
لَا يُرَامُ وَلَا يُخْطِئُ وَجَارُ اللّٰهِ مَحْفُوْظٌ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ
يُؤْذِيْنَا وَاحْرُسْنَا بِعَيْنِكَ الَّتِي لَا تَنَامُ وَاحْجُبْنِي مِنْ شَرِّ شَيَاطِيْنِ

الْإِنْسِ وَالْجَانِّ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ
جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ حِجَابًا مَسْتُوْرًا
وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ط
وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْآنِ وَحْدَهُ وَلَّوْا عَلَى أَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا
فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيمِ بِسْمِ اللّٰهِ عَلَى يَمِيْنِي بِسْمِ اللّٰهِ عَلَى يَسَارِي بِسْمِ اللّٰهِ
عَلَى قَفَائِي بِسْمِ اللّٰهِ أَمَامِي بِسْمِ اللّٰهِ فَوْقِي بِسْمِ اللّٰهِ أَكْنُفُ وَفِي
حِرْزِهِ الْحَصِيْنِ دَخَلْتُهُ وَبِأَسْمَائِهِ الْحُسْنَى تَسَرْبَلْتُ وَبِسِرِّ أَنْوَارِ
اسْمِهِ الْجَلِيْلِ تَرَدَّيْتُ وَبِقُوَّةِ إِمْدَادِ سِرِّ اسْمِهِ الْقَوِيِّ الْقَاهِرِ
عَلَوْتُ وَغَلَبْتُ أَعْدَائِي مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَسَائِرِ الْمَخْلُوْقِ وَقَهَرْتُ
وَانْتَصَرْتُ وَبِجَلَالِ بَهَاءِ ثَنَاءِ اسْمِ الْأَعْظَمِ الْأَكْبَرِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ
ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ تَدَرَّعْتُ وَبِبَوَارِقِ أَنْوَارِ أَسْرَارِ كَلَامِهِ
الْعَظِيمِ احْتَجَبْتُ وَتَمَسَّكْتُ وَبِخَفِيِّ لُطْفِهِ الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ تَعَلَّقْتُ وَ
بِرُكْنِهِ الْقَوِيِّ الْتَجَأْتُ وَاسْتَنَدْتُ سُبْحَانَهُ وَبِحَمْدِهِ لَيْسَ كَمِثْلِهِ
شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِهِ
وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ ط

ترجمہ: شروع ہے خدا کے نام سے جو قوت اور غلبہ اور ہر طرح کی قدرت
اور حقیقی بڑائی اور بزرگی اور قہر والا سخت گیر باز رکھنے والا ہمیشہ رہنے والا اپنے بندہ
کو اپنے اسمائے اور صفات کے ساتھ عزت دینے والا ہے اور اپنے جبروت
اور بڑے قہر کے ساتھ اپنے دشمن کو ذلیل کرنے والا ہے پس وہ ذات پاک
ہے جو نہ وہم سے اور ادراک میں آئے نہ عقل سے خیال میں آسکے نہ نفس میں متمثل ہو

نزدیں ہیں منصور ہو اس کے واسطے بلند عزت اور کنف حفاظت ہے اور اس کا قلعہ زبردست اور پردہ محفوظ اور حرز منع ہے اس سے ہم اس چیز کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں پردہ ہائے عرش کے پرلی طرف ہے یہ کہ ہم کو اپنی عزت کے ساتھ محفوظ رکھ کر اپنے کنف حفاظت اور قلعہ حمایت میں داخل کرے اور اپنا دامن حمایت و حفاظت ہم پر ڈال دے اس کی کامل حفاظت کے ساتھ ہم اس کی تمام مخلوق اور جن وانس اور کل موذیات کے شر سے محفوظ ہیں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کے پاک ہے بے نیاز ہے اس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے میں نے خدا پر بھروسہ کیا ہے۔ خدا مجھ کو کافی ہے نیکی اور بدی کی قدرت خدائے برتر و بزرگ ہی کو ہے۔ اے خدا مجھ کو تمام اقسام و انواع جنات اور سب سرکشی شیاطین سے محفوظ رکھ بحق اپنے کلمات تامات اور بطفیل اپنے اسم اعظم و معظم و مکرم کے ایسا حجاب جس کی چھت تیرے اسم حی و قیوم کے نور کی مدد سے ہے اور دیواریں اس کی سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ اور دائرہ اس کا لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ قُلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ اِحْتَجَبْتُ ہے خدائے قدیم کے نور کامل کے ساتھ میں نے حجاب کیا ہے۔ اور اس کے نور رفیع و شامل کو اپنا قلعہ بنایا ہے اور اس حیّ و قیوم کے ساتھ حفاظت کا طالب ہوا ہوں۔ جو کبھی نہیں مرتا۔ خدا کے پڑوسی کے ساتھ میں نے حفاظت کی ہے اور خدا کے پڑوس میں صبح شام کی ہے جس کے اندر ظلم نہیں کیا جا سکتا ہے خدا کا پڑوس محفوظ ہے ابجد ہم کو ہر ایک بری چیز سے جو ہم کو تکلیف دے محفوظ رکھ اللہ نبی اس آنکھ کے ساتھ جو نہیں سوتی ہے ہماری پاسبانی کر اور کل

شیاطین جن وانس کے شر سے ہم کو محفوظ رکھ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور جب تم قرآن پڑھتے ہو۔ ہم تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں۔ ایک ڈھانکنے والا پردہ ڈال دیتے ہیں پس اگر وہ پھر جائیں تو کہہ دو کہ مجھ کو خدا کافی ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور عرش عظیم کا مالک ہے۔ بسم اللہ میری دائیں طرف ہے اور بسم اللہ میری بائیں طرف ہے۔ بسم اللہ میرے آگے ہے اور بسم اللہ میرے پیچھے ہے بسم اللہ میرے اوپر ہے بسم اللہ کی حمایت اور اس کے محفوظ قلعہ میں میں داخل ہو گیا ہوں اور اسمائے حسنیٰ کا لباس میں نے پہن لیا ہے اور اس کے اسم جلیل کے انوار کے اسرار کی چادر میں نے اوڑھ لی ہے اور اس کے اسم قوی قاہر کی قوت امداد کے ساتھ میں غالب ہو گیا۔ اپنے کل دشمنوں پر جن وانس اور تمام مخلوق سے اور غالب اور فتح یاب ہو گیا ہوں اور اسم اعظم اکبر حی و قیوم ذی الجلال کی ذرہ میں نے پہن لی ہے اور اس کے کلام عظیم کے انوار و اسرار کی چمک کے ساتھ میں محفوظ ہو گیا اور اس کے حُسنِ جمیل کے ساتھ میں متعلق ہوا۔ اور اس کے رکن قوی کے ساتھ میں نے پناہ لی اور اس پر بھروسہ کیا۔ پاک ہے وہ اور اسی کو حمد ہے اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے اور خدائے کریم ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آن کی آل و اصحاب پر درود سلام نازل فرمائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

کہہ دو اے رسولؐ وحی کی گئی ہے میری طرف اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

یَا مُنَزِّلَ الْوَحْیِ مِنْ فَوْقِ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

اے نازل کرنے والے آسمانوں کے اوپر سے

اَنْ تُیَسِّرَ لِیْ مَا اَنَا قَاصِدُهٗ وَطَالِبُهٗ

یہ کہ تو میرے واسطے آسان کر اس چیز کو جس کا میں قصد کرنیوالا ہوں اور طالب ہوں

وَتُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذِهِ السُّوْرَةِ

اور مسخر کر میرے لئے خدام اس سورت مبارکہ

الْمُبَارَکَةِ یُطِیْعُوْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ مَا اُرِیْدُهٗ

کہ اطاعت کریں میری ہر کام میں جس کا میں ارادہ کرتا ہوں

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اَللّٰھُمَّ

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ!

یَا مَنْ اِلَیْهِ یَھْرَبُ الْھَارِبُوْنَ

اے وہ ذات! جس کی طرف بھاگتے ہیں بھاگنے والے۔

وَیَا مَنْ فِیْ عَفْوِهٖ یَطْمَعُ الطَّامِعُوْنَ

اور اے وہ ذات جس کی معافی کی طمع کرتے ہیں طمع کرنے والے۔

اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ

بیشک سنا ایک گروہ نے جنوں سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مَنْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں۔ اے وہ ذات

یَسْمَعُ وَیَرٰی وَ ھُوَ

جو سنتا ہے اور دیکھتا ہے اور وہ نہیں دیکھا جاتا

بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی۔ فَقَالُوْا

ہے اور وہ منظر اعلیٰ ہیں۔ پس کہا انھوں نے

اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا

بیشک ہم نے سنا ہے ایک قرآن تعجب میں ڈالنے والا

یَّھْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا

ہدایت کرتا ہے طرف سیدھی راہ کی۔ پس ایمان لائے ہم اسی

بِهٖ ط وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَا

کے ساتھ۔ اور ہرگز نہ شریک کریں گے ہم اپنے رب کے ساتھ

اَحَدًا ۝

کسی کو بھی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَنْ اٰمَنَ بِكَ مِنَ

اپنے رب کے ساتھ کسی کو۔ اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بحق اس کے جو ایمان لایا میرے ساتھ

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنْبِيَآءِهِمْ وَنَبِيِّكَ وَبِكَ

مومنوں میں سے اپنے نبیوں اور تیرے نبی کے ساتھ اور سوال کرنے والوں

بِالسَّآئِلِيْنَ اَنْ تُسَخِّرَ لِىْ خَادِمَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ

کے ساتھ یہ کہ مسخر کر میرے واسطے خادم اس سورت کے

يَكُوْنُ لِىْ عَوْنًا عَلٰى مَا اُرِيْدُهٗ وَاَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ

ہوں میرے لئے مددگار اوپر اس کے جس کا میں ارادہ کرتا ہوں۔ اور بیشک بلند ہے

رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

مرتبہ ہمارے رب کا نہیں بنائی ہے اس نے بیوی اور نہ بیٹا۔ اے اللہ! میں

اَسْئَلُكَ يَا مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

تجھ سے مانگتا ہوں اے وہ ذات جس نے بیوی بنائی ہے اور نہ بیٹا

اَنْ تَنْطِقَ قَلْبِىْ بِالْحِكْمَةِ وَلِسَانِىْ بِالْمَعْرِفَةِ

یہ کہ بلاتے میرے دل کو حکمت کے ساتھ اور میری زبان کو معرفت کے ساتھ

اَنْ تَكُوْنَ عَوْنًا لِّىْ وَمُعِيْنًا وَّاَنْ تُسَخِّرَ لِىْ

اور ہو تو میرا مددگار اور معین۔ اور مسخر کر میرے واسطے

قُلُوْبَ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ وَاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ

دل اپنی تمام مخلوق کے۔ اور بیشک تھے چند لوگ انسانوں

الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ

میں سے جو پناہ مانگتے تھے چند لوگوں کے ساتھ جنوں میں سے پس زیادہ کیا ان کو

رَهَقًا وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ

سرکشی میں اور بیشک انھوں نے گمان کیا جیسا کہ گمان کیا تھا تم نے یہ کہ نہ اٹھائے گا

اللّٰهُ اَحَدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ يَا رَافِعَ السَّمٰوٰتِ

اللہ کسی کو۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے بلند کرنے والے آسمانوں کے

وَيَا خَالِقَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَيَا مُكَوِّنَ الْاَكْوَانِ

اور اے پیدا کرنے والے مخلوقات کے۔ اے بنانے والے عالموں کے۔

وَيَا مُدَبِّرَ الزَّمَانِ وَيَا مُنَزِّلَ التَّوْرٰىةِ وَ

اور اے مدبر زمانہ کے۔ اور اے نازل کرنے والے توریت اور

الْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ وَيَا مُفَضِّلَ

انجیل اور زبور اور قرآن کے اور اے فضیلت دینے

بَنِىْ اٰدَمَ عَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ يَا حَىُّ يَا

والے انسان کے کل مخلوق پر۔ اے زندہ اے

قَيُّوْمُ يَا مَنْ لَّا يَنَامُ يَا مَنْ سَخَّرَ الْجِنَّ وَ

قائم اے وہ جو کہ نہیں سوتا ہے۔ اے وہ جس نے مسخر کیا جن اور

الْاِنْسَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَسْئَلُكَ

لہسن۔ ہلدی۔ پشم بکری۔ ان تینوں کو تھوڑا تھوڑا لے کر ملا وے اور یہ عزیمت نو بار پڑھ کر آسیب زدہ پر دھونی دے اسی وقت آسیب آ جاوے اور سر بھاری اور جسم میں لرزہ جیسا ہو جاوے تو جانو جسم کے اندر بیماری ہے وہ عزیمت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ابْرَهْتُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ اَسْتَفْتِحُ اَسْتَفْتِحُ فَهُوْشٍ فَهُوْشٍ قَرَهْ نَتْ هَرْبَا هَرْبَا بَرِیًّا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا یَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّیٰطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ وَمِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

آسیب بھاگ جائے

حضرت پیر و مرشد محمد سلام اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی آخری عمر ۸۵ سال وصال تک ان کے اور ان کے مرشدوں فقیروں کا آزمودہ جس مکان میں اثر اسرار ہو اور اس کے رہنے والے خائف ہوں تو پانچ کیل لوہے کی باریک لے کر ان ہر ایک کیلوں پر سات سات مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَهْیًا اَشَرَاهِیًا پڑھ کر مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں اور ایک دروازے کے باہر گاڑیں انشاء اللہ ہر بد اثر سے محفوظ رہیں۔

ایک مجرّب عمل

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت سید جلال الدین بخاری نے فرمایا کہ جس عورت اور بچے پر آسیب جن اور شیخ سدو کا اثر اسرار ہو اُس کے دونوں کانوں میں یہ نام لیے جائیں فوراً اثر جاتا رہے اور تمام بزرگوں کا تجربہ کیا ہوا ہے۔ حضرت قطب عالم محی الحق والدین سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

خوف سے نجات

کسی مکان میں اسرار کا خوف ہو یا خالی مکان میں رہنے سے ڈر معلوم ہو یا اکیلے رہنے کی ہمت نہ ہو تو آیت الکرسی مع بسم اللہ تین دفعہ پڑھے اور ہر مرتبہ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔ تین مرتبہ یا سات مرتبہ پڑھے۔

تیسرے حصے میں اُن کی تکلیف دہی کی اور علامتیں اور شناختیں لکھی ہیں انہیں پڑھ کر معلوم کیجیے کہ بیماری جسمی اخلاط کی زیادتی و کمی سے ہیں۔ یا اثر اسرار سے تکلیف ہو رہی ہے جو دوائیں حکیموں۔ ڈاکٹروں کی فائدہ نہیں دیتیں۔

امراض کا علاج

ہر بیماری سے بچاؤ

جو شخص یہ چاہے کہ مجھے کوئی بیماری نہ ہووے تو یہ کلمات طیبات کاغذ پر لکھے اور اپنے پاس رکھے تمام آفات ارضی و سماوی اور ہر ایک بیماری سے محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا جَمِيْعَ النِّيْلِكَ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَرْيَاحِ وَالْاَوْجَاعِ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِعَظَمَةِ اللّٰهِ وَبِجَلَالِ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ اللّٰهِ وَبِسُلْطَانِ سُلْطَانِ اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا۔

بیماری سے شفا

کسی دوا سے آرام نہ ہوتا ہو تو یہ درود شفا گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے سردی کی بیماری ہو تو ذرا سا شہد ڈال لے۔ اور گرم کرکے پلا دیا جائے گرمی کے موسم میں بیماری ہو تو صرف ٹھنڈے پانی پر دم کرکے پلا دیا جاوے اور بیمار کے اوپر بھی تین دفعہ پھونک دیا جائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبِعَدَدِ كُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

آزمودہ عمل

جب کہ حضرات حسنین علیہما السلام کا مزاج وہاج علالت سے مضمحل ہوا تو حضور علیہ السلام بہت متفکر ہوئے۔ تب اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ سورۂ الحمد شریف ۴۰ مرتبہ پانی پر دم کرکے اس پانی سے اُن کے منہ اور ہاتھوں کو دھو دیا جائے اس علاج سے دونوں حضرات صحت یاب ہوئے۔ پس جب بیماری کے لیے یہ علاج کیا جائے بعنایتِ خدا صحت پاوے۔ بزرگان دین نے بھی آزمایا ہے۔

حافظہ ٹھیک ہو جائے

سورۂ الحمد کو چینی کی رکابی پر لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور مریض کے منہ اور ہاتھوں پر ملا جائے۔ اور اس پانی کو تین مرتبہ دن بھر میں پلایا جائے اور پلاتے وقت خود مریض پڑھے یا اُس کے تیماردار یہ دعا پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ وَالْكَافِيْ اَنْتَ الْكَافِيْ عَافِ اَنْتَ الْعَافِيْ سوائے موت کے ہر بیماری سے شفا پائے۔ خفقان اور ہول دلی والا اس پانی کو پیوے تو اچھا ہو جاوے۔ کند ذہن روز پیوے ذہین ہو جائے اور مشک کے ساتھ چینی کی رکابی پر لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور پھر سرمہ اصفہانی حل کرے اور آنکھوں میں لگا دے

آنکھوں سے کم دیکھنا موقوف ہو کر اچھا دکھائی دے۔ اور اگر اس سرمہ میں سفید مرغ کا پتہ مع پانی اور سیاہ مرغی کا پتہ ملا کر آنکھ میں لگایا کرے۔ تو روحانی اشخاص دکھائی دیا کریں۔ اور اُن سے باتیں کریں۔

مجرب دُعا

ہر ایک بیماری رفع ہونے اور لاعلاج مریض کے شفا پانے کی مجرب دعا ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہ پڑھ کر اَلشَّافِیُ ۲۲۴ مرتبہ پڑھے پھر سورہ الحمد سات مرتبہ اور ۱۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُکَ یَا اللّٰہُ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سُقْمًا وَّلَا اَلَمًا (ترجمہ) اے اللہ تو شفا کرنے والا ہے نہیں ہے شفا مگر تیری شفا اے رب ایسی شفا فرما جو کچھ درد دکھ نہ رہے۔

سر درد کا خاتمہ

درد سر کا دفعیہ فوراً ہوتا ہے دائیں انگلی سے بائیں کنپٹی اور انگوٹھے سے دائیں کنپٹی کو پکڑیں پھر یہ رکوع سورہ حشر کا پڑھیں لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ پھر یہ پڑھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ

نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ اِرْتَفِعْ اَيُّهَا الْوَجَعُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

سر درد کا علاج

درد سر کے مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ اِسْمُہٗ وَشِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

درد شقیقہ کا علاج

درد شقیقہ یعنی جس کے آدھے سر میں درد ہو اس کو فائدہ پہنچا دے، سات مرتبہ پڑھے اور دم کرے۔ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۔

ہر درد کا علاج

یہ دعا پڑھو ہر ایک بیماری سے محفوظ رہو اور کبھی کسی طبیب کی حاجت نہیں ہو۔ خاص کر درد سر۔ دانتوں کے درد جگر کے۔ درد پیچش کی مروڑ ناف اور نلوں کے درد کو آرام دیتی ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ سَکَنَ لَہٗ مَا فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَھْرِہٖ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوْرٍ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ الرَّحِيْمٌ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ط وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ط وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کردیا جائے۔

بینائی تیز ہوجائے

آنکھوں سے کم نظر آنے والے اپنی آنکھوں کی روشنی پڑھنے کو ہاتھ کے دونوں انگوٹھوں کی پشت پر یہ آیت سات مرتبہ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ پڑھ کر پھونکے اور یہ درود شریف بھی آخر میں اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھے۔ سوتے وقت روزانہ عادت کرلے جائے تو کبھی بھی بینائی میں کمی نہ آئے۔ اور دُکھتی آنکھوں کا درد رفع ہوجائے۔

بینائی کم نہ ہو

یہ عمل بھی نہایت مجرب ہے جو اس کا ورد رکھے بڑھاپے میں بھی نوجوانوں جیسا دکھائی دیتا رہے۔ مؤذن جس وقت اذان دیوے اور اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہہ کر بعد میں کہے مَرْحَبًا بِحَبِيْبِيْ وَقُرَّةِ عَيْنِيْ بِكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور اپنے دونوں انگوٹھوں کے ناخونوں پر دم کرکے آنکھوں کے اندر ناخونوں کو پھیر لیا کرے۔

آشوب چشم

آنکھیں دُکھنے والا یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ بلا تعداد کثرت سے پڑھا کرے

آنکھوں کی سرخی اور درد و کھٹک وغیرہ کو جلدی ہی آرام ہوجاتا ہے خان بہادر محمد بہرام خان صاحب پنشنر انسپکٹر پولیس گورنمنٹ برطانیہ متوکلن لودھیانہ جب کہ اور ہی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور سیشن جج کے عہدے پر مامور تھے احقر کی آنکھیں آشوب کر آنے پر بتایا تھا پچیس تیس سال ہوگئے پھر آنکھ دُکھنے نہیں آتی۔

آنکھوں کی روشنی تیز ہو

جنوری ۱۹۴۴ء میں خداوند عالم نے احقر الکونین کو حرمین الشریفین حاضر ہونے کا شرف عطا فرمایا۔ اس وقت عمر ۶۶ سال تھی وہاں کے تمام ارکان بخیر وخوبی انجام دیئے۔ واپس آنے کے بعد آنکھوں نے ایسا معذور کردیا کہ لکھنے پڑھنے سے بالکل مجبور ہوگیا۔

چاہیئے تو یہی تھا کہ متبرک مقامات اور حضرت سرور کائنات کے روضہ اقدس کی زیارت ...... پر از سعادت کے بعد مجھے دوسری اشیاء کا دیکھنا عبث تھا لیکن یہ دنیا جہان ایسی جگہ ہے کہ اس میں کسی طرح چین نہیں۔ معذوری نے اس قدر مجبور کیا کہ بعد نماز عصر مغرب سے قبل تک ایک ہزار مرتبہ قل ہو اللہ کا ورد ہوتا رہا۔ حضرت واحد علی شاہ چشتی القادری نے اول و آخر درود شریف تین مرتبہ کے درمیان یَا بَصِیْرُ بَصِّرْنِیْ ۔ پڑھنے کے لیے فرمایا۔ اور نمبر ۱ والا عمل پڑھنے لگا۔

قدرت ایزدی یہ ذہن نشین ہوا کہ اپنے مکان دہلی میں مقیم رہ کر ڈاکٹر شرف صاحب کو آنکھیں دکھائی جائیں۔ وہاں جانے پر اُن کے ہسپتال میں ڈاکٹر مترسین صاحب نے آنکھیں دیکھ کر رائے دی کہ بن جائیں گی۔

چنانچہ تین دن آنکھوں میں دوا ڈالی جاتی رہی اسہال آور دوا کھلائی چوتھے روز بعد دوپہر احقر کے علاوہ ۳۹ مرد عورت کی دو دو سکنڈ کے اندر ایک ایک آنکھ بنادی گئی۔ دس روز دوا پڑتی رہی گیارھویں روز دوسرے ڈاکٹر صاحبان اور خود ڈاکٹر شرف صاحب نے دیکھی اور کہا آل رائٹ۔ تین روپیہ میں چشمہ دیا اور آنکھ میں

دوا ڈالنے کو دی وہ لے کر مکان آگیا ایک مہینے پڑا رہا۔ بعد ایک ماہ شوال ۱۲۵۵ھ سے بحمد للہ اپنے تمام کاروبار کرنے لگ گیا شفاخانے میں سینکڑوں کو دیکھا جس سے معلوم ہوا کہ دنیا اندھی ہے پس جس صاحب کی تمنا روشنی چشم ہو یہ عمل کرے اور آنکھ بنوائے۔

دانت درد

ڈاڑھ کا درد رفع ہو جائے اور دانت ہمیشہ مضبوط رہیں ۲ دس کما دیں بتیس ۳۲ کھاویں ہم تم مل ساتھ ہی جاویں۔ دو ہائی شاہ محبوب عالم کی ایک کو چھوڑ ایک بجاویں چاہیئے کہ کھانا کھا لینے کے بعد بلا ہاتھ منہ دھوئے اور کلی غرارہ کئے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے پر دم کر کے اُس انگوٹھے کو منہ میں لے کر چوسے۔ جب تک زندہ رہے کبھی دانت میں درد نہ ہوئے اور نہ کوئی دانت ہلے۔ بشرطیکہ اس سے پہلے کوئی دانت گرا نہ ہو یا ٹوٹا نہ ہو۔

سینے کا درد

جس کے آدھے سینے یعنی ایک طرف درد ہو اس درد معظم کو کاغذ پر لکھ کر گلے میں باندھے تو مریض شفا پاوے خَاتِمُ الْاَنْبِیَاءِ رَسُوْلُ مَاحِیَ الْکُفْرِ وَالْبِدْعَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدُ بْنِ عَبْدُ اللہِ۔

بخار کا علاج

جس کان سے چاندی نکلتی ہے اُس کان میں جو پتھر ہوتا ہے اُس کا ذرا سا ٹکڑا بخار والا اپنے منہ میں رکھے بخار اُس کو نہ چڑھے۔ چاندی کے برتن میں بخار والا پانی پیوے۔ بخار جاتا رہے۔

بخار سے نجات

بخار اور تپ والے بیمار کو بطور تعویذ کے ایک لکھ کر گلے میں ڈالے۔ اور تین لکھ کر تین دن تک پانی میں گھول کر پلاوے بطفیل اس اسم پاک شفا پاوے۔ اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ وَالْمُؤْمِنِیْنَ وَزِیْنَةُ الْاَنْبِیَاءِ رَسُوْلُ خَادِمُ الْفُقَرَآءِ حِجَازِیٌّ نَذِیْرُ اللہِ۔ بچوں کے لیے خصوصیت سے لکھنا۔

نیند خوب آئے

کسی بیمار کو نیند نہ آتی ہو تو یہ عمل لکھ کر بیمار کے تکیہ کے نیچے رکھے خوب نیند آئے گی اور جب تک نہ نکالا جاوے گا آنکھ نہیں کھلے گی۔ بچہ کے سرہانے رکھا جاوے تو اُسے بھی نیند آجائے۔ ۷۸۶
وَلَبِثُوْا فِیْ کَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ط وَتَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ط هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِکْزًا ۰

جاڑہ بخار کا رفیعہ

پان سالم جس کو قینچی وغیرہ سے نہ کترا ہو اَلْحَمْدُ کی سورت اُس پر لکھ کر بخار جاڑہ چڑھنے سے پہلے مریض کو دیکھا کرے۔ بخار نہ چڑھے۔

بخار اتر جائے

تیسرے دن کے بخار والے کو مجربات سے ہے ایک پھویہ روئی دُھنی کا لے کر اُس پر سات مرتبہ سورۃ الحمد شریف پڑھے اور تین گھڑی پہلے بخار سے داہنے کان میں رکھے اور دوسرے پھویہ پر چھ مرتبہ پڑھ کر بائیں کان میں رکھے۔

چوتھیا بخار

چوتھیا بخار آتا ہو۔ تو پیپل کے پاک صاف تین پتوں پر یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ لکھے اور مریض اس کے دیکھنے میں مشغول رہے۔ ایک گھڑی کے بعد اُس کو چاٹے اور پتے ایسی جگہ نہ ڈالے جہاں بے ادبی ہو یا کسی کا پاؤں پڑے۔ اسی طرح اور پتے دیکھے اور چاٹے۔ انشاءاللہ ہرگز بخار نہ چڑھے۔

تجاری بخار

تجاری بخار کے رفیعہ کو یہ آیت کاغذ پر لکھے اور پانی میں دھو کر پلایا کرے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَکًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ط سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط

تلّی کا دفیعہ

نہایت مفید تجربہ کپڑا سفید نیا ایک گز لے کر پانی سے تر کرکے نچوڑ لیویں اور اُس کی آٹھ تہ کریں اور فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ پہلے ایک پرچہ کاغذ پر لکھ کر اور ایک کورے پیالے میں رکھ کر اوپر اُس کے تھوڑی آگ ڈالیں اور وہ کپڑا بھیگا ہوا بیمار کو چت لٹا کر تلّی کے اوپر ڈالیں۔ پھر وہ پیالہ کپڑے کے اوپر رکھیں اور یہ تعویذ لکھ کر اُس پر جلاویں اور سات مرتبہ سورۃ الحمد پڑھیں اور پیالے کو خوب دابے رہیں۔ ایک گھڑی کے بعد وہ پیالہ ہٹا دیں اُس جگہ آبلہ اُٹھ آوے گا۔ اور جب آبلہ پھوٹ جائے تو یہ دوا اُس پر لگاویں۔ کتھ سفید۔ مصطگی۔ باریک پیس کر دھلے گھی میں ملا کر رکھیں۔ جب تک وہ اچھا نہ ہو لگاتے رہیں اور ان دواؤں کی گولی بنا کر کھلاتے رہیں پتے جھاؤ۔ الائچی خورد۔ ہڑ ۱ تولہ۔ بھیرہ ۱ تولہ۔ آنولہ ۱ تولہ ان تینوں کے چھلکے لئے جاویں۔ گٹھلی نکال کر پھینک دیں لونگ ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۲ تولہ۔ جواکھار ۱ تولہ۔ پیپلا مول ۶ ماشہ۔ بیخ چیتہ ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولی بنائیں ایک گولی عرق سونف کے ساتھ روزمرّہ پندرہ دن تک دیتے رہیں۔



قصیدہ بُردہ شریف

بیماروں کی صحتوری کے لیے قصیدہ بردہ نہایت ذوق وشوق اور بصد تضرع والحاح پڑھا جانا مجربات سے ہے حضور انور محبوب رب اکبر پڑھنے والے کے قریب تشریف فرما ہوئے اور شفاء کلی حاصل ہونے کی امداد فرماتے ہیں۔ خصوصاً کوڑھی اور جذامی اچھے ہو جاتے ہیں۔

شیر خوار بچوں کے امراض کی شناخت

بیماری بچوں کی تشخیص بہت مشکل ہے۔ یہ معصوم بچّے خود تو اپنا حال کہہ نہیں سکتے۔ سوائے اس کے کہ تکلیف کے وقت رونے لگیں۔ والدین غفلت کریں تو مہلک امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اطباء نامدار تجربہ کار ان کی تکلیفی حرکتوں اور دوسری علامتوں سے اُن کے امراض کی علامتیں معلوم کرکے بتائی ہیں وہ درج ذیل ہیں اُن سے شناخت کرکے علاج کیا جائے۔ ہر کوئی بچہ صحت پائے اور درازی عمر کو پہنچے۔

تندرست بچے ہنستے کھلکھلاتے۔ ہنس مکھ رہتے ہیں۔ چہرہ پر سُرخی۔ اور صورت چمکتی دمکتی دکھائی دیتی ہر طرح سے خوشی و خورمی پائی جایا کرتی ہے۔ چین سے سویا رہنا۔ آنکھ کھلنے پر بلا روئے اُٹھ بیٹھنا۔ پاخانہ نرم اور پیشاب مقررہ وقت پر کرنا۔ جاگتے رہنے کی حالت پر سانس ایک منٹ میں ۲۵ مرتبہ لیا کرتا ہے۔ سوتے میں جاگنے کی بہ نسبت تندرست بچہ سانس کم لیتا ہے صحتور بچہ کا سانس پیٹ سے آیا کرتا ہے۔ بچے کی ذرا سی بھی طبیعت خراب ہو جاتی ہے تو ان اور پکھی حالتوں میں ترق اُبھلتا ہے۔ اسی کتاب میں بتلایا ہے کہ امراض کی صحتوری کے لیے دعا کی مقبولیں دُعاؤں کی قبولیت کا ذکر کیا ہے بس دُعا اور دوا نہایت مجربات سے ہیں۔ لہٰذا دعاؤں سے دواؤں سے علاج کرتا ہوں تو کتاب تحفۂ جہاں کی تندرستی اور بیماری کی نشانی دیکھ کر علاج کیجیے۔ اور دُعائیں یہاں جو لکھیں ہیں اُن میں سے جس کی ضرورت ہو عمل فرمائیے۔

بچوں کی اُم الصبیان

بچّوں کی اُم الصبیان کے دفیعہ کے واسطے بہت مجرّب صاج ہے۔ اور اگر بچے کو قے اور دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ

قوی الجثہ ہو جاتا ہے۔ کچی گھانی کا پاؤ سیر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر وہ تیل سر پر اور بچے کے بدن پر اکیس دن تک مالش کیا کریں اور یہی دعائیں تین مرتبہ دونوں کانوں میں پڑھتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عِیْسٰی صَفِیًّا وَّمُوْسٰی نَجِیًّا وَّمُحَمَّدٌ نَبِیًّا اِرْتَفِعْ اَیُّھَا الْبَلُ بِالَّذِیْ رَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا وَبِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِئْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَ لَنَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

سورہ مزمل سے علاج

ام الصبیان کے واسطے اکیس اونٹ کے دم کے بالوں کا گنڈہ بنا وے اور اس پر اکتا لیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر بچے کے گلے میں ڈالے فوراً مرض سے صحت پا وے۔

مرگی کا علاج

مرگی بچوں اور بڑوں کے رفیعہ کو بے حد مجرب ہے۔ ہزاروں کو آرام ہوا ہے بالکل سفید یا سیاہ رنگ کے مرغ کو ذبح کر کے اس کے خون سے یہ آیت فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ کاغذ پر لکھ کر گلے میں لٹکا وے اور اس مرغ گوشت پکا کر حضرت غوث الاعظم سید محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی کی فاتحہ دے کر صالح لوگوں پرہیزگار نمازیوں کو تقسیم کرے یا کھلا وے۔

ڈبہ کی صحت یابی

یہ جھاڑا نہایت مجرب ہے ہفتہ یا اتوار اور منگل کے دن تین روز تک روزانہ بچے کو لٹا کر تین مرتبہ پڑھے اور بچے کے منہ پر دم کرے۔ اور تین ہی مرتبہ ایک کپڑا یا رومال بچے کے تمام جسم پر پھیر کر ہاتھ سے جھٹکا دیوے۔ عالم چند بلبیا منہ ہاتھے تھرائے۔ ڈبہ ڈبی کاٹے

سر بھری چنگا کرے خدائے۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

بچہ کی پسلی چلے

بچہ کی پسلی چلے۔ اور پیٹ میں پسلی کے نیچے گڈھا پڑھے۔ سانس جلدی جلدی آوے نو سر کنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل ماپ لیا جاوے اور پسلی کی طرف سے نیچے کو جھاڑے اور جھاڑتے وقت یہ جھاڑا سات مرتبہ پڑھے پڑھنے کے بعد سر کنڈہ کو ناپے جتنا بڑھ گیا ہو چاقو سے کاٹے پھر پڑھے۔ اور جھاڑے اور پھر ناپے غرضیکہ جب تک بڑھے کاٹتا رہے۔ خدا کے فضل سے آرام ہو جائے جھاڑہ یہ ہے۔ نو انگل کا سر کنڈہ کاٹوں دس انگل ہو جائے۔ ڈبہ جھاڑوں پانی پت کو جائے دہائی حضرت شاہ نور قطب عالم کی۔

چیچک نہ نکلے

چیچک نہیں نکلتی گیہوں کے اکیس دانوں پر سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ایک ایک مرتبہ ہر ایک دانہ پر پڑھے اور بچے کو ایک دانہ روزانہ کھلا وے۔ بہت چھوٹا سا بچہ دودھ پیتا ہو باجرے کے دانوں پر پڑھے بعنایت خدا چیچک ہرگز نہ نکلے۔

چیچک سے بچاؤ

چیچک نکلنے کے دنوں میں پہلے سے یہ عمل کرے چیچک نہ نکلے۔ اور اگر نکلے تو بہت ہی کم بچہ صحیح و سالم اور کھیلتا کودتا رہے۔ گیہوں کا آٹا سوا سیر شکر چینی سوا پاؤ گھی بھی سوا پاؤ لے کر میٹھی روٹی پکا کر نذر اللہ و نیاز رسول کرکے ثواب اس کا روح پر فتوح حضرت خواجہ مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ کی نذر کرکے کان میں بچے کے کہے کہ توشہ حضرت شیخ مودود دادم بیابد کہ شما گذر بگنید و بیروید۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ صحیح و سالم رہے پھر یہ توشہ ایک دو نمازی آدمیوں کو کھلا دیا جائے۔

چیچک کا علاج

کوئی بچہ چیچک میں زیادہ بیمار ہو تو چاہیے کہ موم کا ایک پتلہ

بنایا جاوے اور سورہ بُروج یعنی وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ کاغذ پر لکھ کر پتلہ اور کاغذ کو پُرانی قبر کے اندر دفن کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تندرست ہو جائے۔

چیچک سے شفاء

کسی بچے کے چیچک نکل کر چھپ جاوے تو گدھے کی لید کو جلا کر پھر اسے پانی میں بُجھا کر اور چھان کر ماشہ دو ماشہ بچے کو پلاویں اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ اور وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کو ہر مرتبہ تین تین مرتبہ پڑھیں پھر سے چیچک نکلے اور بچہ تندرست ہو جائے۔

بڑی چیچک کے بچے کو خوب کلاں یعنی خاکسی پانی میں پیس کر کُرتا کپڑے اُس میں رنگ کر بچے کو پہنائیں۔

بچہ بلا وجہ نہ روئے

بچے زیادہ روتے ہوں یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ میں کر کے گلے میں ڈالے یوں کہ بچے بہت غلیظ رہتے ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ عَیْ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ اَیُّوْبَ وَیُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَیْمٰنَ وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا بِحَقِّ طٰهٰ وَیٰسٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا۔

بچہ رونا بند کردے

سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر بچے پر پھُونکے رونا موقوف ہووے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ۝ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی وَاِنِّیْ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بچہ خوش رہے

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور کرنے کے دور ہونے کو لوہے کی چھری پر

لکھے اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ پانی بجھا ہوا بچے کو پلا دیں نہایت مجرب ہے حَقٌّ جِنِّیْ بَارٌّ حَبِیْبٌ حَکِیْمٌ مُعِیْدٌ حَفِیْظٌ حَلِیْمٌ قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا۔

بچہ کی صحت یابی

بچہ چلوا اس سے ایک گھڑی خاموش رہو ہے۔ یہ حروف کاغذ پر لکھ کر کے گلے میں ڈالے۔ بفضل تعالیٰ صحت پا کر سب طرح سے اچھا رہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

بچہ دودھ کی رغبت کرے

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں اُن کے لیے مجرب علاج۔ یہ تعویذ روزانہ سات دن تک کاغذ پر لکھ کر پھر اُس کے حروف پانی سے دھو کر ذرا سا بچے کو اور اُس کی ماں کو پلایا جائے۔ تھوڑے پانی سے چھاتی ماں کی دھو دیا کریں پانی دھونے کا اس میں نہ گرے انشاء اللہ بچہ جلد دودھ پینے لگے۔

۷۸۶

معرفت	عطا
ضامن	لوع
یاحی	یا قیوم

کمزوری کا علاج

جو لڑکا لڑکی دُبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹے تازے ہونے کو چالیس دن تک مکھن بدن پر ایسا ملے کر کوئی جگہ باقی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر

کپڑے پہنا دیا کریں جاڑے کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلا دیں۔ روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

مکھن (مسکہ) گائے کی چھاچ کا نکلا ہوا آدھ پاؤ لیکر کانسی کی تھالی میں ڈالے اور ایک سو ایک مرتبہ اِذَا زُلْزِلَتْ کی پوری سورت پڑھ پڑھ کر پانی ڈالے اور ہاتھ سے پانی اور مکھن چلاوے پھر اس میں سے پانی نتھار دیوے اسی طرح اوپر لکھی تعداد سے مکھن کو پانی سے دھو کر کسی برتن میں رکھے۔

لاغر پن کا علاج

لاغری بچے کے لیے یہ بھی مجربات سے ہے اکیس پتے درخت بیری کے لاکر پہلے درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھر سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ۔ لِاِيْلٰفِ۔ اِنَّا اَعْطَيْنَا ایک ایک مرتبہ اور چاروں قل تین تین مرتبہ الحمد ایک مرتبہ اور آیت الکرسی ایک بار پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ آخر میں درود شریف پڑھے۔ اور ان پتوں پر دم کرے پتے اگر سبز ہوں تو ان کو پیس کر چالیس گولی بنا کر رکھ چھوڑیں اور اگر پتے خشک ہوگئے ہوں تو ذرا سا پانی ملا کر گولی بنالی جائیں۔ پھر ایک کورا گھڑا مٹی کا نیا لے کر اس میں کنویں سے پانی لادیں اور چولہے پر رکھ کر وہ لایا پانی گرم کریں اور اس میں ایک گولی پتوں کی ڈال کر ملا دیویں بچہ کی ماں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اس پانی سے دونوں غسل کریں۔ ہر روز ۴۰ دن تک اسی طرح پانی کنویں سے منگا کر گرم کیا جائے اور اسی پانی میں گولی حل کرکے ماں اور بچہ نہایا کریں۔

اور اگر وہ اوپر والا گھی اس پانی سے نہلا دینے کے بعد ملا جایا کرے تو بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ یہ گھی مل دینے کے بعد سادہ پانی سے نہلایا کریں۔

نظر بد کا بیان

بعض آدمیوں کی نظر میں ایسی بڑی تاثیر ہوتی ہے کہ اس کے دیکھتے ہی اس کا بد اثر پیدا ہو جاتا ہے اور جن کی نیک ہوتی ہے اس کا اثر ہنسی خوشی رہنے کے باعث معلوم نہیں ہوتا ہے اچھی اور بری نظر اپنا اثر ضرور کرتی ہے جیسے کہ مسمریزم جس کو علم قوت جاذبہ بھی کہتے ہیں۔ بعض کی نظر ایسا برا اثر پیدا کرتی ہے جیسے کہ سانپ اور بچھو کا زہر کہ ادھر کاٹا ادھر ہلاک ہوا ایسے ہی انسان کی نظر ہے کہ ذرا بری نگاہ سے دیکھا کہ ضرور ہی کسی نہ کسی بیماری کا بہانہ معلوم ہو کر مر جاتا ہے۔ نظر کا لگ جانا ایسی بری چیز ہے جس کو لگ جاتی ہے علاج نہ ہو تو ہلاکی ہوتی ہے۔ دوسرے بیمار کو یہ خبر نہیں ہوتی کہ مجھے بیماری ہے یا کسی کی نظر لگی ہے۔ علاج ہوتا ہے بیماری کا اور اس سے لگی ہوتی ہے نظر بس وہ کیوں کر اچھا ہو سکتا ہے ذرا سی دیر سے۔ لہذا ہر بیمار کو پہلے یہ معلوم کر لینا چاہیے کہ بیماری ہے یا نظر لہذا جو تحقیق ہو جائے اس کا علاج کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت پائے۔ کیوں کہ نظر کا لگنا اور اس سے بیمار ہونا احادیث رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہے۔

اَلْعَيْنُ حَقٌّ۔ یعنی نظر لگنا حق ہے اور نظر انسان ہی کو نہیں لگتی بلکہ جانور تک ہلاک ہو جاتے اور پہاڑ پھٹ جاتے مکان گر پڑتے ہیں۔ اور جس کھانے پر لگتی ہے اس کھانے سے نفرت ہو جاتی ہے اور اگر ذائقہ دار جان کر کھا لیا تو فوراً تکلیف نظر آتی ہے حضور سراپا نور کا ارشاد ہے اَلْعَيْنُ تُدْخِلُ الرَّجُلَ الْقَبْرَ وَالْجَمَلَ الْقِدْرَ ترجمہ۔ اس کا یہ ہے کہ نظر بد داخل کرتی ہے آدمی کو قبر میں یعنی مار ڈالتی ہے۔ اور اونٹ کو دیگ میں ڈالتی ہے۔ یعنی نظر لگنے سے اونٹ کے ذبح ہونے اور دیگ میں پکنے کی نوبت آتی ہے۔

نظرِ بد کی شناخت

علاج اور پہچان لینا آیا مریض کو نظر لگی ہے یا کوئی بیماری پیدا ہوئی ہے ۔ ایک انڈا مرغی کا لے کر اس پر کلمہ سات جگہ لکھیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ تَسْلِیْمًا مَلَخَ قَرَعَ اور انڈے کو اپنی ہتھیلی پر لے کر اس کے نیچے سبز دھنیہ کا سر خشک کئے ہوئے کی دھونی آگ پر جلا کر دیویں اور دھونی دیتے وقت قُلْ ھُوَ اللّٰہُ کی پوری سورت پڑھتے رہیں جب تک کہ وہ انڈا ہتھیلی پر خود بخود نہ کھڑا ہو جائے پھر اُس انڈے کو توڑیں اُس کے اندر سے خون کے سُرخ نقطے نظر آویں تو جان لیویں کہ نظر لگی ہے اُسے انڈے کی زردی وغیرہ میں سے تھوڑی سے لے کر نظر لگے ہوئے کے ماتھے پر مالش کریں اسی وقت اچھا ہو جائے ۔

نظرِ بد کی پہچان

دوسری شناخت نظر لگی ہے یا نہیں ۔ ایک پاکیزہ کپڑے کی چندی یا پاک ڈورا تین ہاتھ یعنی ڈیڑھ گز ناپ کر لیویں اور کوئی شخص با وضو ہو کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰہِ پھر تین مرتبہ اَلْحَمْدُ کی سورت پڑھے پھر تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھے ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکَ اَیَّتُھَا الْعَیْنُ الَّتِیْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ فلاں کی جگہ مریض کا اور مریض کی ماں کا نام لیا جائے ۔ بِعِزِّ اللّٰہِ وَبِنُوْرِ عَظَمَۃِ وَجْہِ اللّٰہِ وَبِمَا جَرٰی بِہِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ اِلٰی اٰخِرِ خَلْقِ اللّٰہِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ عَزَمْتُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الْعَیْنُ الَّتِیْ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ (فلاں کی جگہ مریض کا اور مریض کی ماں کا نام لیا جائے) بِحَقِّ شَرَاھِیَا بَرَاھِیَا اَدُوْ نَایْ اَجَاوُتُ اِلِ شَدَّایْ عَزَمْتُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الْعَیْنُ الَّتِیْ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ (فلاں کی جگہ مریض کا اور مریض کی ماں کا نام لیا جائے) بِحَقِّ شَرَاھِیَا بَرَاھِیَا اَدُوْنَایْ

اَجَاوُتُ اِلِ شَدَّایْ عَزَمْتُ عَلَیْکِ اَیَّتُھَا الْعَیْنُ الَّتِیْ فِیْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ (نام بیمار اور ماں) بِحَقِّ شَھْتِ اَشْھَتٍ بِاَقْطَاءِ النَّجَا الَّذِیْ لَا یَقْوٰی عَلَیْہِ الْاَرْضُ وَلَا السَّمَاءُ اُخْرُجِیْ یَا نَظْرَتَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ (نام بیمار اور ماں) کَمَا خَرَجَ یُوْسُفُ مِنَ الْجُبِّ وَجَعَلَ لِمُوْسٰی فِی الْبَحْرِ طَرِیْقًا وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِیْئَۃٌ مِنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ بَرِیٌّ مِنْکِ اُخْرُجِیْ وَالنَّفْسُ السُّوْءِ مِنَ الْفُلَانِ ابْنِ فُلَانَۃَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ط فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۔ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ بِحَمْدِ اللّٰہِ وَحُسْنِ عَوْنِہٖ ۝

دعا ختم ہونے پر پھر ناپیں اگر ناپ میں پہلے سے کم یا زیادہ بڑھ جائے تو جان لیجئے نظر لگی ہے پھر تین دفعہ اسی طرح پڑھ پڑھ کر ہر مرتبہ ناپتے جائیں تیسری بار پڑھنے میں کپڑا اُسی ناپ پر آ جائے گا اثر جاتا رہے گا ۔ اور اگر تین دفعہ پڑھنے سے کپڑا کم یا زیادہ نہ ہو تو سمجھ لیجئے کہ نظر نہیں لگی کوئی بیماری ہے اُس کی تشخیص کرا کے علاج کیا جائے آرام ہو جائے گا ۔

نظرِ بد کا آسان علاج

اور اگر بلا ان تدبیر پہچاننے کے معلوم ہو جائے کہ نظر لگی ہے تو اس شخص کو جس کی نظر لگی ہے خواہ عورت ہو یا مرد اُس کا نام لے کر پکارا جائے تو اثر نظر لگنے کا جاتا رہے ۔

نظرِ بد سے نجات

سورۃ وَالْعَصْرِ اور لِاِیْلٰفِ اور تیسری سورت قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ کاغذ پر لکھ کر نظر لگے ہوئے

انسان یا جانور وغیرہ کے سر پر باندھنے سے نظر کا اثر نہیں رہتا۔

کھانے پر نظر بد کا علاج

جس کھانے پر نظر لگی ہو اور وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہو یا اُس کے کھانے کو دل نہ چاہے تو یہ پڑھ کر اس کھانے پر دم کرے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

نظر بد سے بچاؤ

شاہ سلام اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے قلمی تحریر فارسی زبان میں مرحمت فرمائی کہ اس کو پڑھا کرو کسی نظر نہیں لگے گی کوئی کھانے میں کھلاوے اثر نہیں ہوگا جس کا ترجمہ اور دعا ظاہر کی جاتی ہے جو نظر بد کے دفعیہ میں نہایت مجرب ہے۔

روایت

(ترجمہ) روایت ہے حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے آنحضور صحابہ کرام سے فرماتے تھے کہ نظر بد سے پرہیز کیا جانے اور پناہ مانگی جاوے کیوں کہ نظر لگنے سے انسان خون ڈالنے لگتا ہے اور خانما اس کا برباد ہو جاتا ہے بہت سے نیک اور خوشرو جوان کو زیر کرتی ہے۔ اور قصہ حضور پُر نور محبوب ربّ غفور اس طرح پر ہے کہ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں ایک شخص علقمہ نامی تھا اور آنکھیں اُس کی نیلی تھیں اگر وہ نظر اپنی پہاڑ پر ڈالتا تو جڑ سے اُکھڑ جاتا نقل ہے کہ قریش کی قوم نے جب دیکھا کہ آنکھ عبدالعزیز علقمہ کی نظر لگانے میں نہایت کارگر ہے۔ تو اس کو بلایا اور اس سے کہا کہ تو اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اپنی نظر لگا دے تو ہم تجھ کو بہت سا مال و زر دیویں اور دولتمند کر دیویں اُس نے وعدہ کیا دوسرے روز وہ حضور علیہ السلام کے راستہ مسجد پر آبیٹھا اور حضور مسجد سے اپنے گھر تشریف لے جا رہے تھے کہ یکا یک اُس کی آنکھ حضور پُر نور پر پڑی اور کہنے لگا کہ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کیا اچھے ہیں کہ آ رہے ہیں یکا یک مجھے بخار آیا اور سترہ دن تک بیمار رہا جب کہ قوم قریش نے دیکھا کہ علقمہ کی آنکھ کارگر ہو گئی تو پھر اُس کو بلایا اور کہا اے علقمہ کام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا تمام کر تا کہ ہم اپنا وعدہ پورا کریں اُس نے پھر اقرار کیا اور حجرۂ مطہرہ حضور علیہ السلام پر حاضر ہوا اور زور سے آواز دی کہ اے اصحاب رسول میں ایک اعرابی ہوں اور حضور علیہ السلام کے دیدار کو آیا ہوں اُسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور عرض کیا کہ یا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) وہی علقمہ آیا ہے اور چاہتا ہے کہ آپ کو پھر اپنی نظر لگا دے کہ آپ اس دعا کو پڑھیئے اور اُس کی طرف دم کیجئے اور قدرت ہماری دیکھیئے۔ بعد ازاں حضور ص نے سلمان رض سے فرمایا کہ اندر بلا لو حضور ص نے دُعا پڑھنی شروع کی جب کہ وہ نزدیک آیا اُس پر پھونک دی کہ ایک بارگی دونوں آنکھیں اُس کی چشم خانہ سے باہر نکل پڑیں اور دونوں ہاتھ پاؤں اُس کے شل ہو کر رہ گئے جب اُس نے اپنے حال کو ایسا پایا فریاد کرنے لگا اور الغیاث الغیاث پکارتا تھا اور عرض کیا کہ میں مسلمان ہوتا ہوں کلمہ پڑھا اور مسلمان ہوا کہ دفعتًا دم نکل گیا بعدہٗ فرمایا حضور ص نے کہ تمام مہاجرین اس پر پانی ڈالیں اور کل انصار اُس کو نہلائیں اور کفن دیں صحابہ کرام وغیرہم نے نماز پڑھی اور دفن کیا اور حضور بھی اچھے ہو گئے۔ جو کوئی اس دعا کو اپنے پاس تعویذ کے طور پر رکھتے تو کسی کی نظر نہ لگے اور سانپ بچھو اور دیوانہ کتا بھی نہ کاٹے اور کل بیماریوں سے حق تعالیٰ کی امان میں رہے اور وہ دعائے مبارکہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا عَفُوُّ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

نظر بد سے محفوظ رہے

کسی کو یہ خیال ہو کہ ایسا نہ ہو ہمارے مال و دولت و اولاد یا مویشی وغیرہ کو کسی کی نظر لگ جائے تو اس کو بد نظری سے بچنے کے لیے سورۂ نون کی یہ آیت وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ پڑھنی چاہیے۔

بچّے کی حفاظت

حضرت عثمانؓ نے ایک خوبصورت بچہ دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ اس کی ٹھوڑی پر سیاہی کا ٹیکہ لگا دیا کرو تاکہ اس کو کسی کی نظر نہ لگے۔

ہر بلا سے بچاؤ

بچے کے گلے میں اس حرز کو لکھ کر ڈالے نظر نہ لگے اور ہر بلا سے محفوظ رہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

جانور کی نظر بد اتارنا

کسی جانور پر نظر کا اثر ہو تو چار مرتبہ داہنی طرف کے ناک کے سوراخ میں اور تین مرتبہ بائیں طرف کے ناک کے سوراخ میں پھونکے اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا کہہ کر پھر کہے۔ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ یہ پھونک کر پھر کہے لَا بَأْسَ اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

مریض اور معالج

آج کل مریضوں کو دیکھو تو علاج کرنے والوں کو شافی سمجھتے ہیں اور علاج کرنے

والے اپنے آپ کو مسیح وقت جانتے ہیں۔ ان کی خدمت میں ادنیٰ درجہ کا بیمار آتا ہے اُس سے بھی معقول فیس و قیمت دوا و پچکاری اور آپریشن وغیرہ کی لے جاتی ہے۔ چاہیے یہ تھا کہ جب مریض کے مرض کی تشخیص میں یہ علاج مفید سمجھا گیا تھا تو مریض کو بالکل آرام ہو جاتا۔ زیادہ تعداد مریضوں کی ایسی دیکھی گئی کہ مریض کے جسم میں دوا پہنچائی گئی اور معالج صاحبان فیس لے کر تشریف لے گئے۔ مریض بیچارے جان بحق ہو گئے۔ ایسا بھی سنا گیا کہ بعد موت مریض ان کے اقرباء سے فیس لی گئی۔ اپنا ۵۰ سالہ تجربہ تو مذہب اسلامیہ کی پیروی سے مرض کی تشخیص بخوبی ہو جانے پر دوبارہ زندگی میسر آتی ہے معالج صاحبان خدا اور رسول کے فرمودہ پر عمل کریں گے اُن کی چٹکی خاک اور ایک نظر دیکھنے سے اچھے ہو جائیں گے۔

پہلے معالجوں سے جو تذکرے چلے آتے ہیں کہ بادشاہوں کی خاتونوں کا بلا نبض دکھلائے اور بلا دوا استعمال کرائے کرتے تھے اسی طرح بادشاہوں کے علاج ہوتے تھے حکیم علوی خان کو شہنشاہ ایران اپنی ہمراہ لے گئے راستہ میں شہنشاہ ممدوح بیمار ہو گئے اور بلا دوا استعمال کرائے اچھا ہونا چاہا۔ حکیم صاحب نے فرمایا کہ پنکھے کی ہوا تو کھائی جائے گی ارشاد ہوا کہ اس کا مضائقہ نہیں چنانچہ ان کو صحت ہو گئی۔ سمجھے یہ کیا بات تھی ان کا عمل تھا خدا کے ارشاد پر وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۵ اور وہ قائل تھے فرمودہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَاِذَا اُصِیْبَ بُرِءَ بِاِذْنِ اللّٰهِ اور لَا یَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا بِالدُّعَاءِ۔

تمام علاج کرنے والے حضرات سے عاجزانہ التجا ہے کہ وہ ان ارشادات کی پابندی اختیار فرماویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر ایک بیمار ان کے علاج سے اچھے ہو جائیں۔

سریع التاثیر عمل

یہ ایک نہایت سریع التاثیر عمل ہے معالج صاحبان

اس کے عامل ہو جائیں ایسا بیمار ان کے پاس نہ آئے کہ جس کی موت آگئی ہو یا حلیم کے بحساب ابجد ۹۸ عدد ہوتے ہیں عشا اور صبح کی نماز کے بعد اسی قدر تعداد سے پڑھتے رہیں منجانب شافی مطلق دست شفا کا اعزاز واکرام حاصل ہو۔

امراض سلب کرنا

یہ ایک ایسا عجیب روحانی علاج ہے جیسے کہ انبیائے کرام کا معجزہ اور اولیاء اللہ کی کرامات کہ ایک چھو کرتے اور نظر بھر کر دیکھنے سے بیمار اچھے ہو جاتے تھے اور دوسری دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بتائی ہے جس سے مردہ زندہ ہوتے اور کوڑھی صحت پاتے تھے۔ یاد الٰہی سے سب کام دینی و دنیوی آسان ہوتے ہیں لہٰذا۔ اللہ اللہ کرنے والوں میں امراض سلب کرنے کی بھی ایسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ کوئی کیسا ہی لاعلاج بیمار ہو اس کی بیماری کو ہاتھ پھیرنے اور دم کرنے سے بعنایت خدا اچھا کر دیتے ہیں لیکن استخارہ مسنونہ کے ذریعہ پہلے معلوم کر لیا کرتے ہیں کہ اس کو آرام ہو جائے گا یا نہیں ہوگا پس جس کو آرام ہونے کی امید ہو اس کی بیماری کو سلب کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو ایسے بیمار کے علاج میں کچھ نہ لے بعد صحت کوئی نذر کرے وہ خوشی سے لیوے امیروں سے صدقہ کرا دے اور غریبوں کو خیرات دلا دے۔

امراض سلب کرنے کا طریقہ

یہ ہے کہ بیمار کو کسی ڈاکٹر یا حکیم کی دوا نہ دی جائے اور مریض ہندو ہو یا مسلمان سب کا علاج کرے غریب ہو یا امیر کوئی بیمار ہوں تو پہلے جو آوے علاج میں دل لگا دے بیمار کو مردے کی طرح خاموش چت لٹا دیا جائے اور دونوں ہاتھوں کے بیچ میں گاؤ تکیہ رکھ کر اول انگوٹھے کو پکڑ کر چہرے پر ٹکٹکی باندھ کر دس پندرہ زیادہ سے زیادہ بیس منٹ تک جس قدر ہو سکے دیکھے جائے اس کو اہل تصوف کے یہاں نور بھرنا کہتے ہیں دس منٹ سے کم نہ دیکھے اتنی دیر کے بعد انگوٹھے چھوڑ

کر دو چار یا پانچ منٹ دونوں ہاتھوں کو سر پر رکھے پھر ہاتھوں کو ایک دو منٹ کندھوں پر رکھ کر ایک منٹ میں ہاتھوں کو پھیرتا ہوا بیمار کی انگلی ہاتھوں تک پہنچائے پھر اسی طرح پیٹ پر رکھ کر چوتڑوں تک پھر ایک منٹ سینہ پر رکھ کر آدھے منٹ میں ناف تک پھر دو تین منٹ پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے تمام جسم میں نور بھر جائے گا۔ اگر بیمار کے درد اٹھے تو وہ علامت بیماری سے اچھے ہونے کی ہے۔ اس سے ڈرنا نہ چاہیے یہ حالت دیر تک نہیں رہے گی۔ پھر بیمار کو با ہاتھ لگائے ایسا کرے کہ ہاتھ سے پاؤں کی انگلیوں تک اپنی انگلی بدن اور جسم کے ذرا اوپر یعنی آدھے انچ کے فاصلے سے ادھر رکھ کر پھیرتا لا دے جب گھٹنوں کے اوپر ہاتھ کی انگلی آدیں تو یہاں اپنے ہاتھوں کو سلامی کرتا ہوا انگوٹھوں سے بیماری کو پندرہ بیس مرتبہ نکالے اور ہر مرتبہ انگلیاں زمین پر جھاڑے یعنی جھٹکا دے بعض نازک مزاج بیمار کو ہاتھ نہیں لگاتے۔ اس طریقہ کو رومال سے کیا کرتے ہیں۔ اس کے بعد بیمار کو خمار اور غفلت سی باقی رہ جاتی ہے تو اس کے دور کرنے کے واسطے گھٹنوں سے پیروں کی انگلیوں تک ایسے ہی اوپر سے نیچے کو ہاتھ یا رومال لاوے اور جھٹکا دیوے۔ یہاں تک کہ بیہوشی اور غفلت بھی دور ہو جائے۔ چونکہ بخار کے بیماروں کو پانچویں۔ ساتویں۔ نویں۔ گیارہویں اور ایسے ہی بیمار ہونے سے طاق دنوں میں بحران جید پڑا کرتا ہے یعنی بخار کی حالت میں ایک سخت تغیر ہوا کرتا ہے پس اس ترکیب سے وہ بھی نہیں ہوتا اور جلد اچھا ہو جاتا ہے ایسا معالج عابد و زاہد ہے۔ نو اسی دورا اور اگر جو فتنہ نمازی ہے تو کوئی دن میں پاتا اور اگر کسی خاص عضو میں بیماری ہے تو اول چہرے پر نور بھرے یعنی ٹکٹکی باندھ کر دیکھے بعد اس کے بیماری کی جگہ پر نور بھرے پہلے جیسے کندھوں اور پیٹ و پیٹھ پر نور بھرتا ہے بھرے اور اگر ہاتھ پاؤں میں بیماری ہے تو صرف بیماری کی جگہ سے بغیر ہاتھ لگائے جسم کے ہاتھوں یا پاؤں کی انگلیوں سے انگوٹھا پکڑ کر بیماری نکال کر ہاتھ جھاڑے اگر ہاتھوں یا پیروں کے سوا اور کسی جگہ بیماری ہے تو پہلے

چہرے پر نور بھرے بعد اُس کے بیماری کی جگہ پر نور بھر کر چہرے سے پاؤں تک انگوٹھا پکڑ کر بذریعہ پاس طویل بیماری نکالے (انگلی جسم سے اُوپر رہیں) آرام ہوجانے کے بعد بھی احتیاطاً پندرہ بیس دن دم شدہ پانی پلاویں کہ پھر بیمار نہ ہوجاوے پانی کو مقدار کے بموجب یعنی جس قدر دن بھر میں پی سکے دس پندرہ بیس منٹ یا ایک گھنٹہ تک انگلیوں سے اور آنکھوں سے دم کرے یعنی نور بھرے اور منہ سے بھی پھونک دیوے اور یہ خیال کرے کہ میرا دم شفا اس پانی میں جاتا ہے اور اگر کوئی آیت پڑھ کر دم کرے تو اور اچھا ہے۔ جن۔ بھوت۔ چڑیل وغیرہ کے واسطے سورۂ جن اور قبض کے واسطے یَا بَاسِطُ اور بیماریوں کے لیے آیات شفا (آیات شفا سات آیت ہیں جو کہ بڑے نکوڑوں کی قرآن میں لکھی ہیں وہاں دیکھئے) پڑھ کر پھونک دی جائے۔ جو بیمار کروٹ تک نہیں لے سکتے جس طرح ہوسکے اُسی طرح توجہ دیوے خواہ ہاتھ سے پکڑ کر یا نہ پکڑ کر یا صرف رومال سے۔ بچے جب سو جاویں تب توجہ دیوے۔ ہر بیمار پر ڈیڑھ گھنٹے سے زیادہ محنت نہ کرنی چاہیئے اور جن کی عمر ستر برس سے زیادہ ہو اُن کو پندرہ منٹ سے زیادہ توجہ نہ دینی چاہیئے کیونکہ کمزوری آتی ہے۔ غریبوں کا مفت علاج کرے اور اگر امیر دیوے تو قبول کرے اور اُن سے صدقہ بھی کرایا جا دے کہ صدقہ دیا رد بلا ہوتا ہے۔ سر میں اگر درد ہو تو دم شدہ پانی سنگھانا یعنی پانی کی ناس لینا اگر کوئی گنجہ ہو تو اُس پانی سے سر کو دھونا بواسیر والا آبدست لیا کرے جس کے پیٹ میں درد ہو دم کیا ہوا پانی بوتل میں بھر کر پیٹ پر پھیرنا چاہیئے جس کی آنکھ میں نزلہ اُتر آیا ہو دم کیا ہوا پانی سلائی سے سرمہ کی طرح لگانا چاہیئے یہ نزلہ کا پانی آنکھوں میں مرچوں کی طرح لگا کرتا ہے بعضی بیماریوں میں پاؤں ٹھنڈے ہوجاتے ہیں بوتل کا پانی دم کیا ہوا دونوں پاؤں کے بیچ میں رکھ دیا جائے جن بیماروں کو نیند نہیں آتی تیل کو پانی کی طرح دم کرکے چراغ میں ڈالے اور روئی کو دو تین منٹ منہ سے دم کرے آنکھوں سے نور

بھر کر بتی بنا دیں اور لالٹین سبز میں چراغ جلا دے اس کو بیمار ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے تو نیند آجاوے گی ایک دفعہ کا تیل تین چار مرتبہ کام دے گا۔ بیمار جو دوا یا غذا کھاوے اُس کو بھی منہ یا آنکھوں سے دم کیا کرے۔ بیمار کا بستر رضائی چادر۔ کرتا۔ اور ہر ایک کپڑا جو اس کے استعمال میں ہو دم کر دیا کرے۔ اسی طرح دوسرے تیسرے روز تمام کپڑوں کو دھو کر پاک صاف رکھیں اور ان کو عامل دم کرے۔ اور اگر دوسرے کپڑے مریض بدلنا چاہے تو ان کو دُھلا کر پہنا دے۔

کپڑا دم کرنا

ترکیب کپڑا دم کرنے کی یہ ہے کہ جو چھوٹا کپڑا مثل رومال وغیرہ کے ہو اُس کو ہاتھوں سے دبا کر منہ سے دم کرے اور جو بڑا کپڑا ہو اُس کو لپیٹ کر سامنے رکھے اور ہاتھوں کی اُنگلیوں سے بغیر چھونے کے دور سے یعنی اوپر سے نیچے کی طرف ہاتھ لا دے اور آنکھوں سے بھی نور بھرے۔ درد کی جگہ پٹی اور پھاہا دم کیا ہوا باندھے یا دم کیا ہوا پانی درد کی جگہ مثل تیل کے مالش کرے۔ پھوڑے پھنسی اور بھوت۔ چڑیل۔ اور پرچھائیں کے واسطے کچے تاگوں کا گنڈہ بناتے وقت ہر گرہ پر رجوع دل سے دم کرے۔ کھسرا۔ چیچک والے کو دم کیئے پانی سے نہلا دے گندی جگہ پر پانی نہ گرنے دے۔ جس کو سانپ کاٹے دم کیا پانی پلاوے۔

معالج کے لیے ہدایات

حکیم ڈاکٹر جس مریض کو دیکھنے جائیں بیمار کو دیکھنے سے پہلے بیمار کے پاس پہنچ کر لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْشَاءَ اللّٰہ (خدا تجھ کو پاک کرے یعنی صحت بخشے)

بیماروں کے علاج کرنے والے یَا حَکِیْمُ کا ورد تعداد مقرر کرکے (یعنی جتنا روز نزو پڑھ سکے) پڑھ لیا کرے خدا اس کو حکمت اور طبابت کے علم میں برکت دے دے اور دست شفا عنایت فرما دے کم از کم ان حروف کے عدد ۷۸ ہوتے ہیں بس ۷۸ مرتبہ بعد نماز عشا یا صبح کی نماز کے بعد پڑھا کرے۔ (یہ دوبارہ لکھا گیا آئندہ نہ لکھوایا جائے)

(۳) ایسے ہی یَا نَافِعُ جس کثرت سے ذکر کرے چلتے ۔ پھرتے بیٹھے لیٹے تو پھر جس بیمار پر ہاتھ پھیرے اُس کو شفا ہو گی۔

کسی بیمار کی یہ حالت معلوم کرنی ہو کہ یہ جلدی اچھا ہو جائے گا یا دیر سے آرام ہو گا یا مر جائے گا۔

اس آیت شریفہ کو کاغذ پر لکھے اور ایک طشت میں پانی بھرے اور اس میں وہ آیت لکھا کاغذ ڈالے ۔ اگر اوپر تیرتا رہے تو سمجھنا چاہئے کہ بہت جلدی سے اچھا ہو جائے گا ۔ اور اگر وہ کاغذ درمیان پانی کے رہے تو جاننا چاہئے کہ دیر میں صحت پائیگا ۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کی تہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لیا جائے کہ یہ اچھا نہ ہو گا ۔ اس کی موت کے دن قریب آگئے ہیں ۔ وہ آیت یہ ہے جو کاغذ پر لکھی جاوے ۔ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ مِنْ رَّبِّهِمْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

مجرب عمل: اختراع امام محمد ابو حامد غزالیؒ و مجربہ حکمائے نامدار مرغی کے انڈے پر یہ دعا لکھے اور مریض کے سر کے پاس لے جا کر اُس کو توڑے ۔ اگر اُس میں سے خون نکلے تو مریض کی بیماری زیادہ دن تک رہے گی اور اگر اس خون میں سیاہی بھی ہو تو بیمار جلد مر جائے گا اور اگر انڈے کی زردی و سفیدی میں فرق نہ آیا ہو حالت اصلی پر ہو تو جان لو کہ مریض بہت جلد اچھا ہو جائے [illegible]

مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاَعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ فِيْ هٰذِهِ الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مریض کا احوال: بیمار اچھا ہو گا یا نہیں یا باہر گیا ہوا شخص تندرست ہے یا نہیں ۔ جمعہ کی رات کو جب کہ سب آدمی سو جائیں اس دعا کو کاغذ پر لکھ کر بیمار کے کپڑے میں لپیٹ کر اور ایک کنکر باندھ کر کسی کنوئیں میں ڈال دیا جاوے ۔ اور ڈالنے والا شخص کنوئیں سے کچھ دور خاموشی کے ساتھ بیٹھ جائے اور اپنے کان اندر سے آواز آنے پر لگائے رکھے اگر آواز دف اور ڈھول یا چنگ و رباب کی آوے تو جانو کہ جو شخص کہیں چلا گیا ہے وہ صحیح و سلامت ہے ۔ اور اگر کسی بیمار کی خبر معلوم کرنی ہے تو بیمار اچھا ہو جاوے گا ۔ اور اگر آواز رونے اور نوحہ کی سنی جائے تو جان لو کہ یہ شخص مر گیا ۔ اور اگر بیمار کی خبر دیکھنی ہے تو سمجھ جاؤ کہ وہ اچھا نہیں ہو گا مر جائے گا ۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا قَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ

وامرسٹ ۹۱۱۹ م کردن موسیٰ م م والامرام باسم فلان بن فلان ۔

مقبول دعا: یہ دعا خدائے پاک نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تعلیم فرمائی تھی اور وہ دو رکعت نماز پڑھ کر سجدہ میں پڑھا کرتے تھے ۔ دعا یہ ہے۔

يَا قَدِيْمُ ۔ يَا دَائِمُ ۔ يَا اَحَدُ ۔ يَا وَاحِدُ ۔ يَا صَمَدُ

جس سے مردے زندہ اور کوڑھی و جذامی اچھے ہو جاتے تھے

وہ تو انبیائے پاک تھے اُن کا اعجاز تھا۔ حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس ذکر کو ہمیشہ پڑھا کرے خدا اس کو خرق عادات اور کشف و کرامات عطا فرمائے۔ بزرگان دین کا تجربہ ہے کہ جس نے صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے اُس کا دل ظاہری و باطنی علوم سے منکشف ہو جائے جو دعا مانگے قبولیت کا شرف حاصل کرے اور ہر ایک بیماری کا مریض شفا پاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا سَنَدُ مَنْ لَا سَنَدَ لَہٗ یَا مَنْ اِلَیْہِ الْمُسْتَنَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

دستور العمل

غوثیہ مجرب المجرب حکیم مولوی حاجی سید محمد بدرالحسن صاحب سہسوانی ضلع بدایوں۔ خاندانی اطبا نامور ہوتے ہیں قادریہ چشتیہ سہروردیہ نقشبندیہ۔ اویسیہ سلاسل سے مفتخری کا اعزاز رکھتے ہیں وہ تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر سال شروع ماہ محرم میں یکم دوم اور سوم تاریخ کی رات کو تہجد کے وقت دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد قل ہو اللہ ایک سو ایک بار دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۂ اخلاص ننانوے ۹۹ مرتبہ پڑھے بعد ختم ہو جانے نماز قبل سلام پھیرنے سے پہلے ایک سجدہ اور کرے اُس میں اسم یا اللہ کو ہزار مرتبہ پڑھے جس مریض پر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو۔ مگر بچوں کی بیماریوں اور بلیات وغیرہ کے لیے اسم پاک کو زعفران سے گیارہ بار پرچے کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ اور چینی یا مٹی کے کورے برتن میں جس کو کہ پانی نہ لگا ہو گیارہ بار یا اللہ لکھ کر پلاویں۔ اور مردوں کے لیے بعد نماز اشراق کے گیارہ پرچہ کاغذ پر گیارہ جگہ یہی اسم پاک لکھ کر پلا دیا کریں کل امراض کو شفا ہو جائے

اور جو مرض اطبا کی سمجھ میں نہ آوے تو بعد نماز مغرب اُس بیمار کے نام کے موافق اسم پاک یا اللہ کو لکھ کر اور سر کے نیچے رکھ کر سو رہیں بیماری کی کل کیفیت سوتے ہی معلوم ہو جاتی ہے۔ بعد نماز اشراق ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر پھونکیں تا زندگی بصارت کم نہیں ہوتی ۱۳۳۷ھ کے ایام محرم الحرام میں احقر نے اس عمل غوثیہ کو کیا بفضلہ مفید ثابت ہو رہا ہے کوئی بیمار علاج چھوڑ کر چلا جائے اُس کی نسبت نہیں کہہ سکتا اچھا ہوا یا نہیں۔ جو زیر علاج رہے اچھے ہو گئے۔

بے گناہ کی جلد رہائی

قید میں جانے والوں سے اگر واقعی کوئی قصور سرزد ہوا ہے تو ہرگز اپنی رہائی کے لیے کوئی عمل نہ کرے کیوں کہ گورنمنٹ آلہی (خداوند کریم) بھی نافرمانوں کو سزا دیتی ہے۔ اس احکم الحاکمین کی سزا یہی ہے کہ بُری بُری بیماری جیسے طاعون۔ ہیضہ وغیرہ کی تکلیفوں اور رنج وغیرہ دُکھ درد میں مبتلا کرتا ہے۔ جس کا مفصل حال ہیضہ طاعون کے علاج میں لکھا گیا۔ بلا سبب اور بلا قصور حکام کی غلطی سے سزا ہو گئی ہے اور ناحق سزا پائی ہے تو ان عملیات سے جو عمل کیا جائے جلدی سے رہائی پائے۔

(۱) کوئی سختی ایسی پیش آئی ہو جیسے کوئی مقدمہ فوجداری جس سے آبروریزی ہوتی ہو اور جیل جانے کی سزا ہونے والی ہو اُس سے بری ہونے کے لیے سورۂ یوسف اس ترکیب سے پڑھے بعزت و آبرو بری ہووے بعد کامیابی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت یوسف علیہ السلام کی نیاز دلاوے سورت شریف کی ان آیات پر پہلے سے نشان کر لیا جاوے تاکہ پڑھنے میں غلطی نہ ہووے۔ پہلے یہ درود شریف گیارہ مرتبہ مع بسم اللہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر تین مرتبہ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِيْم
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پڑھ کر پھر سورہ یوسف شروع کرے پہلی آیت کو مبین تک گیارہ مرتبہ
پڑھے اور پھر آگے کو پڑھے جب وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ پر پہنچے
تو صرف اتنی ہی آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ پر پہنچے تو اس آیت کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب ذٰلِكَ
مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ
پر پہنچے تو اس آیت کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ پر پہنچے تو
اس آیت کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ پر پہنچے تو اس کو
بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ
پر پہنچے تو اس کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ پر
پہنچے تو اس کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ پر پہنچے تو اس کو
بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ پر پہنچے گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ
پر پہنچے تو اس کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر جب وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ پر پہنچے
تو اس کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ پر پہنچے تو گیارہ مرتبہ پڑھے
اسی طرح فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اور اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ
کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اور اِنَّهٗ لَا يَايْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ
کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اور يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ کو گیارہ مرتبہ
پڑھے اور اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھے اِنَّ رَبِّيْ
لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ کو بھی گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھر يَا لَطِيْفُ اُلْطُفْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ رَبَّا

وَلَدَيَّ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ کو تین مرتبہ پڑھے پھر جب اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ کو گیارہ مرتبہ پڑھے پھر جب رکوع پر پہنچے تو
وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ سے آخر سورت تک سات مرتبہ پڑھے پھر وہی آیت جو شروع
میں پڑھی تھی لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ سے عَظِيْمٌ تک تین مرتبہ پڑھے اور درود شریف
اوپر کا لکھا ہوا گیارہ بار پڑھ کر نہایت عاجزی اور الحاح وزاری سے دعا مانگے۔ انشاء
اللہ عزت و آبرو سے بچا چھوٹے۔

دعا حضرت صدیق اکبرؓ جو قیدی قید خانہ میں پڑھے جلد رہا ہو جاوے بیمار پڑھے شفا پاوے

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِيْ مَنْ لَّهٗ زَادٌ قَلِيْلٌ	مُفْلِسٌ بِالصِّدْقِ يَاْتِيْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْلُ
دستگیری کر خدایا زاد ہو جس کی قلیل !	ایسے مفلس کی جو آوے در پہ تیرے اے جلیل
ذَنْبُهٗ ذَنْبٌ عَظِيْمٌ فَاغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ	اِنَّهٗ شَخْصٌ غَرِيْبٌ مُذْنِبٌ عَبْدٌ ذَلِيْلٌ
جرم اس کا حد سے گزرا معاف کر اسکی خطا	بندۂ ناچیز ہوں میں اور گنہگار و ذلیل
مِنْهُ عِصْيَانٌ وَّنِسْيَانٌ وَّسَهْوٌ بَعْدَ سَهْوٍ	مِنْكَ اِحْسَانٌ وَّفَضْلٌ بَعْدَ اِعْطَاءِ الْجَزِيْلِ
مرتکب ہوں جرم و غفلت اور نسیانی کا میں	اور ہے تو معدن احسان وہم فضل جزیل
قَالَ يَا رَبِّ ذُنُوْبِيْ مِثْلُ رَمْلٍ لَّا تُعَدُّ	فَاعْفُ عَنِّيْ كُلَّ ذَنْبٍ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ
ہیں خطائیں میری بے حد مثل ریگ بحر و بر	سب گناہوں کو مٹاوے سر سے اے رب جلیل
قُلْ لِنَارٍ بَرْدِيْ يَا رَبِّ فِيْ حَقِّيْ كَمَا	قُلْتَ قُلْ لِنَارُ كُوْنِيْ اَنْتَ لِيْ حَقِّ الْخَلِيْلِ
آگ کو کر حکم ہو گلزار ہمیرا اے خدا	جس طرح سے تو نے فرمایا تھا از بہر خلیل

كَيْفَ حَالِيْ يَا اِلٰهِيْ لَيْسَ لِيْ خَيْرُ الْعَمَلْ | سُوْءُ اَعْمَالِيْ كَثِيْرٌ زَادُ طَاعَاتِيْ قَلِيْلٌ
ہائے کیا گذرے گی ہمیشہ جب عمل اچھے نہیں | ہے بدی حد سے زیادہ اور طاعت ہے قلیل
اَنْتَ وَافِيْ اَنْتَ كَافِيْ فِيْ مُهِمَّاتِ الْاُمُوْرِ | اَنْتَ حَسْبِيْ اَنْتَ رَبِّيْ اَنْتَ لِيْ نِعْمَ الْوَكِيْلُ
یا دنا بھی ہے تو ہی مشکل کشا بھی ہے تو ہی | اور خدائے ما ہے تو ہی ہے اور تو ہی نعم الوکیل
عَافِنِيْ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فَاقْضِ عَنِّيْ حَاجَتِيْ | اِنَّ لِيْ قَلْبًا سَقِيْمًا اَنْتَ مَنْ كَيشْفِي الْعَلِيْلُ
سب مرض میں دے شفا اور حاجتیں سب کر روا | دل مرا بیمار ہے اور تو شفا بخش علیل
هَبْ لَنَا مُلْكًا كَبِيْرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ | رَبَّنَا اِذْ اَنْتَ قَاضٍ وَالْمُنَادِيْ جِبْرَائِيْلُ
ڈر مجھے اس روز کا ہے بخش دینا اے خدا | جب کہ تو قاضی بنے گا اور منادی جبریل
رَبِّ هَبْلِيْ كَنْزَ فَضْلٍ اَنْتَ وَهَّابٌ كَرِيْمٌ | اَعْطِنِيْ مَا فِي الضَّمِيْرِيْ دُلَّنِيْ خَيْرَ الدَّلِيْلِ
بخش دے ہم کو خدایا نام تیرا ہے کریم | مدعا دل کا عطا کر رہنمایم خوش دلیل
اَيْنَ مُوْسٰى اَيْنَ عِيْسٰى اَيْنَ يَحْيٰى اَيْنَ نُوْحُ | اَنْتَ يَا صِدِّيْقُ عَاصٍ تُبْ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ
واں کہاں موسیٰ و عیسیٰ اور کہاں یحییٰ و نوح۔ | یوسفا توبہ کر پیش خداوند جلیل

جنات کی حاضراتی مفقود الخبر کی خبر دینی بیماری وجودی ہو یا آسیبی اسکو بتائی انہیں سے علاج کو کہو شفا ہوتی۔

حکیم سید علی شاہ متوطن پلول کا تحریر کردہ ان کے پیر دستگیر کا عطیہ

جس روز یہ عمل کیا جائے اس روز آسمان پر ابر و غبار نہ ہو۔ جو بچہ پاؤں کے بل ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو اس کو اپنے پاس بٹھا دے اور اگر وہ نہ مل سکے تو جیسا بچہ ملے لیکن اس کی عمر آٹھ سال ہو۔ پہلے اُس کو نہلا دے اور اچھے کپڑے پہنا دے اُس کے کپڑوں پر عطر لگاوے اور یہ آیت شریف فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ

حَدِيْدٌ۔ نری ابراهیم ملکوت السموٰت والارض و لیکون من الموقنین، ایک پرچہ کاغذ پر لکھ کر بچے کے ماتھے پر ایک ڈورے سے باندھ دیوے اس طرح سے کہ سامنے سے پڑھی جا سکے۔

اس کے بعد نیچے لکھا نقش اتنے بڑے کاغذ پر لکھے کہ بچہ کی ہتھیلی پر رکھا رہے نقش کے بیچ میں گول حلقہ بنا وے اور اس میں بڑے بڑے نقطے کالی روشنائی سے بناوے ایسے کہ اُس میں سیاہی چمکتی معلوم دے۔ پھر اُس نقش کو لکھے پرچے کاغذ کو بچے کی داہنی ہتھیلی پر رکھ دیا جائے اور اس بچہ سے کہہ دیا جائے کہ اپنی مٹھی بند نہ کرے اور بچہ اس نقش کو ٹکٹکی باندھے ہوئے نہایت غور سے نقطوں کی طرف دیکھتا رہے یعنی اپنی نظر اُن پر سے بالکل نہ ہٹاوے۔ اور عامل صاحب تعویذ یعنی نقش ہتھیلی پر رکھتے ہی ایک مرتبہ آیت الکرسی اللہ لا الٰہ سے خالدون تک اور یٰسٓ سے مقمحون تک پڑھ کر بچہ کے جسم پر پھونک دیوے پھر چار سو مرتبہ اَطْوُوْدٌ پڑھے یہ سب پڑھ لینے کے بعد عامل بچے سے دریافت کرے کہ تجھ کو نقش کے دائرے میں کیا دکھائی دیتا ہے۔ وہ بتلا دے گا کہ ایک شکل کالی دکھائی دیتی ہے پھر عامل بچہ سے کہلوا دے کہ اس سے کہو کہ اپنے بھائی کو بلا وے جب وہ بھی آ جاوے اور دو صورتیں دکھائی دینے لگیں تو پھر بچہ سے کہلواؤ کہ دونوں میدان کی صفائی کریں جھاڑو دیں جب وہ جھاڑو دے چکیں تو پھر اُن سے کہو کہ ایک دنبہ صحیح و سالم لاویں۔ جب وہ بھی لے آویں تو پھر کہو کہ سات کرسی لا کر بچھاؤ۔ جب وہ بھی لا کر بچھا دیویں تو پھر دنبہ ذبح کرنے کو کہو جب وہ بھی ذبح کر چکیں تو اُس کا گوشت تیار کراؤ جب وہ تیار ہو جاوے تو پھر کہو کہ سات بادشاہ جنات کو لاؤ جب وہ بھی آ جاویں تو اُن کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو جاؤ اور ساتوں کرسیوں پر بیٹھنے کو کہلواؤ جب وہ بیٹھ جاویں تو عامل بھی سلام کر کے بیٹھ جاوے اور وہ گوشت کھانے کو اُن سے کہا جاوے۔ جب وہ کھا لیویں تو پھر

کہلوایا جاوے کہ آج کے دن جس سلطان کی باری ہے وہ موجود ہیں اور جن دوں سلطان تشریف لے جاویں بعدہٗ موجودہ سلطانی کی خدمت میں بچہ سے کہلوایا جاوے کہ آپ کو تکلیف اس لیے دی گئی ہے کہ ہماری یہ مقصد براری ہو جاوے پس اگر کسی چلے جانے والی کی خبر معلوم کرنی ہو تو وہ ظاہر کرو۔ اور اگر کسی بیماری کے متعلق معلوم کرنا ہو کہ اس بیمار کو کیوں آرام نہیں ہوتا وہ دریافت کر دیا اور کوئی خفیہ راز دریافت کرنا ہو وہ بچے سے کہلوا دو وہ بتلائیں گے اور اگر ان سے وہ کام لینا ہو تو ان سے کہو کہ اسکو پورا کریں۔ جو مقصد دلی ہو گا وہ ان سے بر آئے گا۔ یہ حاضرات دن میں کی جائے عمل کئے جانے کے بعد شیرینی کسی پاک حلوائی سے سوا روپیہ کی پہلے سے منگائی ہوئی رکھی ہو دوسری جگہ لے جاکر حضرت علی مرتضیٰ مشکل کشا کی الحمد وغیرہ پڑھ کر دی جاوے اور بچوں کو تقسیم کر کے ان کا دل خوش کیا جاوے۔ گویا کہ عمل ختم ہو گیا موکل کو بھی رخصت کیا جاوے۔

نوٹ: اگر موکل پہلے روز حاضر نہ ہو تو دوسرے اور تیسرے دن یہ عمل پھر کیا جاوے ضرور بالضرور آتے ہیں اگر سرخ رنگ کا موکل نظر آوے تو کل کام بآسانی ہو جائیں گے جس کو یہ عمل کئے جانے کا شوق ہو ضرور کرے اس میں کسی قسم کا خوف نہیں۔



بیقرار دلوں کی اطمینان دلی وسوسوں اور نفسانی خطروں کی درستی رنج وغم کی مبدلی

آج کل جس کو دیکھو اور جس کی سنو اس امر کے شاکی ہیں کہ دن رات تفکرات سے گذرنے طرح طرح کے وسوسے اور خطرے دل میں پیدا ہوتے ہیں ایسے ہی ادھیڑبن اور الجھن سے نماز میں خشوع خضوع نہیں ہوتا جہاں نیت نماز کی سینکڑوں خیالات لایعنی و بے معنی سے یہ باز نہیں رہتا کہ کیا پڑھ رہے ہیں خدا اور خدا کے رسول نے دلوں میں اطمینان اور خیالات پریشان نہ کرنے کے لیے بھی فرمادیا ہے۔ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ہ کوئی عمل نہ کرے تو یہ بدنصیبی ہے۔ مضمون مندرجہ ذیل سے کسی کی پابندی اختیار فرمائیں پھر دیکھیں کیسی بے فکری اور خوشی ہنسی سے زندگی بسر ہوتی ہے۔

وسوسے دور ہوں

حضرت عثمان بن العاصؓ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ شیطان مجھ میں اور میری نماز میں حائل ہو جاتا ہے اور میری قرأت کو مجھ پر مشتبہ کر دیتا ہے حضورؐ نے فرمایا اس شیطان کا نام خنزب ہے جب تم کو یہ وسوسے محسوس ہوں تب تم آعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھو اور تین بار بائیں طرف تھوک دو حضرت عثمانؓ کہتے ہیں کہ جب میں اسے کرتا وسوسہ جاتا رہتا لہٰذا ہر ایک صاحب کو اپنے وسواس دور ہونے کے لیے یہ عمل کرنا چاہیے۔

نیک کام کی رغبت ہو

خیالات شیطانی اور وسوسے لایعنی دور ہونے کو یہ پڑھے وسوسہ دور ہووے اور نیک کام کی خو بدل لگے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ط

عبادت میں دل لگے

جس کا نماز اور عبادت میں دل نہ لگے وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ جتنا زیادہ پڑھے کم از کم سو مرتبہ اور آخر میں ایک مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھے نفع ہو گا کیوں کہ شیطان ذکر الٰہی سن کر بھاگ جاتا ہے اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ راس الذکر ہے اسی سبب سے مشائخ زیادہ تر اپنے مریدوں کو اسی ذکر کی تعلیم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وسوسہ رفع ہونے کے لیے زیادہ نافع علاج ذکر الٰہی کی کثرت ہے اس سے دل اطمینان پاتے اور بےفکری سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ خدا کا فرمان ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ خدا ہی کے ذکر سے دل بے فکر رہتے اور اطمینان پاتے ہیں۔

سکون قلبی کے لیے

ھُوَ الْاَحَدُ قُلْ والے عمل کو زعفران عرق گلاب میں حل کرکے جمعہ کے دن آفتاب نکلتے ہی سات پرچہ کاغذ پر لکھے اور سات روز اس لکھے پرچہ کی گولی بنا کر نگل جایا کرے اوپر سے دل چاہے ایک دو گھونٹ پانی کے پی لیا کرے اطمینان دلی سے زندگی بسر ہوتی ہے۔

اور اس سے زیادہ حالات معلوم کرنے ہوں۔ کتاب کاشف الاسرار۔ اور کلمہ طیبہ منگائیے۔

پریشانی سے بچاؤ کے لیے

سر دار ڈاڑھی کے بال کنگھا کرنے سے مردوں کے اور کنگھی سے عورتوں کے گرانے میں اُن کو جمع کرکے کسی سوراخ میں یا اور کسی حفاظت کی جگہ جمع کر دیا کریں جبکہ بہت سے ہو جائیں زمین کے اندر گاڑ دیا کریں تو وہ مرد و عورت بھی پریشانی اور رنجیدگی سے بچے رہیں۔ جو حفاظت سے نہیں رکھتے اور وہ ہوا میں ہر جگہ اُڑتے رہتے ہیں تو اُن کو بھی ہمیشہ پریشانی رہا کرتی ہے۔

بُرا خواب نہ آئے

جو شخص یہ چاہے کہ مجھے یا میری بیوی بچوں کو بدخوابی نظر نہ آوے یا سوتے میں بُری شکلیں نہ دکھائی دیویں تو ان کو چاہیے کہ وہ خود یا کسی دوسرے سے دم کرا کر سویا کریں اور اگر دن میں کہیں چلیں پھریں تو کوئی اُن سے نقصان نہ دیکھیں صبح کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کر دونوں ہاتھ اپنے بدن پر پھیر لیویں۔ اسی طرح رات کی حفاظت کے لیے بعد نماز عشا سوتے وقت پڑھ کر اور اپنے جسم پر ہاتھ پھیر لیا کریں۔ بچوں پر دوسرا پڑھنے والا پھیر دیا کرے۔ خدا کی طرف سے فرشتے محافظت رکھیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَکِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ۔ یَا رَقِیْبُ۔ یَا وَکِیْلُ۔ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حرز کردم خود را (دوسروں کے لیے دیگر انرا) یا نام اپنی بیوی و بچوں کا لیا جائے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حصار کردم خود را پھر (اسی طرح دیگر انرا) محمد رسول اللہ۔

سارا سال امن رہے

محرّم کا چاند دیکھنے پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھے پھر نمبر دو والی دعا ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور بال بچوں پر دم کرے سال بھر تک سب ہر طرح کی بلاؤں اور آفتوں سے امن و امان میں رہیں۔

شیطان ناکام رہے

محرم الحرام کی چاند رات کو بعد نماز مغرب دو رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے تین مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ پڑھے بعد سلام ہاتھ اٹھا کر اس دعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْاَبَدُ الْقَدِیْمُ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ اَسْئَلُکَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنَ الْبَلَایَا وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُکَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰی ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ

بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ یَا اَبَدُ یَا رَؤُوْفُ یَا رَحِیْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ ۔ اے اللہ تو ایسا ہے جس کی ابتدا ہے نہ انتہا یہ نیا برس ہے تجھ سے مانگتا ہوں میں نگہبانی شیطان راندہ گئے سے اور امان ظالم بادشاہ سے اور ہر شریر کے شر سے اور بلاؤں اور آفتوں سے اور مانگتا ہوں تجھ سے مدد اور انصاف اس نفس پر جو برائی سکھاتا ہے اور مانگتا ہوں مشغولی اس چیز کے ساتھ جو مجھ کو نزدیک کرے تیری طرف اے نیک کار اے مہربان اے رحم کرنے والے اے صاحب بزرگی اور انعام کے ۔

اس نماز کو جو کوئی پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اوپر دو فرشتے موکل کرتا ہے کہ وہ مدد کریں اس کے کار نیک میں اور شیطان لعین کہتا ہے کہ افسوس میں نا امید ہوا اس شخص سے تمام سال کو۔

خاکسار کا ذاتی تجربہ ہے کہ چاند دیکھنے کے بعد چند سال سے بعد اس دعا کو پڑھا کرتا ہے خدا کے فضل سے تمام سال بخیر و خوبی گزرتا ہے۔

دو رکعت نفل نماز

اسی رات میں دو رکعت نفل حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ سے اس طرح منقول ہے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے قُلْ هُوَ اللّٰہُ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام یہ پڑھے۔
سُبُّوْحٌ ۔ قُدُّوْسٌ ۔ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔

حافظہ کی کمزوری کے اسباب

انسان خصوصاً اطفال خورد سال اپنی لاعلمی کے باعث ایسی بدپرہیزی کر لیتے ہیں کہ جن سے یاد نہ رہنے کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے کتنی ہی محنت کرو اور کتنی ہی مار کھاؤ لیکن سبق یاد نہیں ہوتا۔ مندرجہ ذیل غلطیاں ایسی ہیں کہ انسان سے ہو ہی جاتی ہیں۔

مثلاً دھنیا سبز (کوتھمیر) کھانا خوشبو کے طور کثرت سے کچے پتے کھاتے ہیں سیب کھٹے کھانا۔ چوہے کا جھوٹا کھانا۔ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا۔ راستہ میں زندہ جوں کا چھوڑ دینا پھانسی لگنے آدمی کو دیکھنا۔ اونٹوں کی قطار میں چلنا قبروں رکھے ہوئے کا پڑھنا۔ کپڑے سے گھر میں جھاڑو دینا۔ دریا کی طرف ہمیشہ دیکھنا۔ عورت سے ہمبستری کے بعد ناپاکی میں کھانا یا دودھ وغیرہ پی لینا۔ لوبیا یعنی چولے کی پھلی کھانا۔ سوکھا گوشت کھانا۔ دماغی بیماری سے بھی حافظہ کا جو حصہ دماغ کے اندر ہے اس میں ضرر پیدا ہونے سے بھی کند ذہنی ہو جاتی کوئی کام یا بات ہو یاد نہیں رہتی۔ اور ادھر کوئی چیز رکھے ادھر بھول جائے ذہن کی تیزی جاتی رہے۔

حافظہ کی کمزوری کا مجرب علاج

حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام محمدؐ چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھ اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس دن پیوے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ اس نام کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی کر پس اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر اور باطن کو کھول دے گا۔ اور یہ ایک نہایت عجیب راز ہے جو اس رمز کو سمجھے گا وہ اس کا مشاہدہ کرے گا۔

کند ذہنی دور ہو

کند ذہن کے واسطے ایک ہزار مرتبہ حرف ا ریشمی کپڑے پر لکھ کر اس کے سینہ پر باندھیں ذہن اس کا کھل جائے گا۔ اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رکھے گا۔

حافظہ تیز ہو

۷۸۶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پڑھ کر ایک کوزہ پانی پر دم کرے اور یہ پانی پیا جاوے ذہن تیز ہو جاوے جو کچھ یاد کرنا چاہے فر فر حفظ سنائے۔

ایک مجرب عمل

بزرگان دین نے اپنا اپنا تجربہ کردہ ایک عمل راز خفیہ و اسرار

نہفتہ میں ظاہر کیا ہے جس کو حل کر کے عام مخلوق کو فائدہ پہنچایا جاتا ہے۔ تحریر فرماتے ہیں کہ سورہ یٰسٓ میں اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے جو شخص اس کو جان لے اور پانچ دن باوضو لکھے اور پانی میں دھو کر پی جایا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر حکمت کے دروازے کھول دیوے اور بیماریوں کے اسرار سے واقف ہو جائے وہ اسم سورہ یٰسٓ کے وسط میں ہے اور اس کے پانچ کلمے ہیں اور سولہ حروف ہیں چار حروف سقوط ہیں دو حرفوں پر اوپر نقطے ہیں اور دو پر نیچے نقطے ہیں پس معلوم کرو اس اسم پاک کو سوچا جا رہا تھا کہ یٰسٓ میں کون سی آیت ہے کہ مدرسہ اسلامیہ نجارہ کے قاری حافظ محمد ضیاء الدین خان صاحب متوطن مؤناتھ بھنجن ضلع اعظم گڑھ نے سوچ کر سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ کی آیت بتائی کہ آیت سورہ یٰسٓ کے بیچ میں ہے اور سولہ حروف بھی اسی آیت میں ہیں چار حروف جو سقوط ہیں وہ قولاً مِّنۡ رَّبٍّ میں الف اور لام لکھا جاتا ہے۔ وہ پڑھا نہیں جاتا اور رَبٍّ رَّحِیۡمٍ میں الف اور لام نہیں پڑھا جاتا یہ سقوط ہوئے و اور ن دو حروف سے اور دو نقطے اوپر ہیں اور ب اور ی کے دو نقطے نیچے ہوئے اور پانچ کلمے بھی اسی آیت میں ہیں۔ پس یہی با برکت آیت ہے یہ آیت دیکھی جا رہی تھی کہ میر ممتاز علی صاحب کارکن دواخانہ بول اٹھے کہ سلام قولا من رب رحیم ہوگی جو واقعی یہی آیت شریف ہے اس میں اور بھی فوائد ہیں جو پڑھے گا وہ معلوم کرے گا۔ اور دیکھئے مبین۔

اسرارِ الٰہی منکشف ہوں

جس کسی کو علم دینی یا دنیاوی حاصل کرنا ہو اسرار ربانی کے منکشف ہونے کی تمنا رکھتا ۔۔۔۔ ہو تو آدھی رات کے بعد دو رکعت نماز پڑھ کر ۔۔۔۔۔۔ ان اسمائے پاک کو سولہ ہزار سات سو تیس مرتبہ نہایت عاجزی اور خلوص دل سے حرفوں کا خیال رکھ کر ۱۴ روز پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۰ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیۡعُ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ الۡمُتَعَالُ الۡبَاعِثُ

الۡبَدِیۡعُ الرَّافِعُ الۡعَدۡلُ الۡعَزِیۡزُ الرَّقِیۡبُ اِنۡفِعَالُ الۡعَلِیۡمُ الۡعِزُّ الۡعَفُوُّ الۡوَاسِعُ الۡجَمَالُ۔

حافظہ مضبوط ہو

جو شخص چاہے کہ میرا ذہن کھل جائے اور قرآن شریف حفظ ہو جائے تو اس ترکیب کو باقاعدہ کرے انشاء اللہ جو کچھ یاد کرنا چاہے گا وہ یاد کرلے گا اور قرآن شریف کا حافظ ہو جائے گا اور اگر کوئی بچہ ہے تو اس کے ماں اور باپ اور جو کوئی وارث ہو وہ یہ عمل کرے۔ جمعہ کی رات کو بعد آدھی رات کے تہجد کی نماز پڑھے اور دعا مانگے پھر چار رکعت نماز کی نیت کرکے سورہ اَلۡحَمۡدُ کے بعد سورہ یٰسٓ اور دوسری رکعت میں اَلۡحَمۡدُ پڑھ کر سورہ دخان اور تیسری میں سورہ سجدہ اور چوتھی میں تَبَارَکَ الَّذِیۡ پڑھ کر سلام پھیرے اور خدائے پاک کی حمد و ثنا کرے اور درود شریف پڑھے انشاء اللہ ذہن میں تیزی پیدا ہوگی۔ اور حافظ قرآن بھی ہو جاوے گا

یادداشت تیز ہو

جس کا حافظہ اچھا نہ ہو اور قرآن شریف یاد نہ ہوتا ہو تو وہ سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورہ بقر کی پڑھ لیا کرے. جلد اول کی الٓمّٓ سے مُفۡلِحُوۡنَ تک اور آیت الکرسی اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ سے خَالِدُوۡنَ تک۔

سبق جلد یاد ہو جائے

احقر کے نور بصرہ حافظ محمد عتیق القادر زاد اللہ عمرہ و شرح صدرہ جبکہ قرآن شریف کیا کرتے تھے تو جناب اقدس شاہ محمد واحد علی صاحب الوری ادام اللہ وجودہ نے قرآن شریف حفظ کئے جانے کے لیے سبق سے پہلے ۱۴ مرتبہ پڑھنے کو فرمایا تھا بفضلہ تعالیٰ جلد یاد ہو جایا کرتا تھا الحمد للہ اب وہ ہر سال رمضان شریف میں قرآن مجید سناتے ہیں اور طبی کتابیں پڑھ کر [illegible] اندرا طبیہ کالج سے حاذق الحکما [illegible]

سند حاصل کی۔ احقر دوسرے امورات میں منہمک رہتا ہے مگر مطب کرنے بیماروں کو دیکھتے جاتے ہیں سند میں پنجاب حکومت نے میونسپل بورڈ۔ میونسپل کمیٹی میں اگر ملازمت چاہیں تو دینے کا وعدہ کیا ہے۔ دہلی اکثر جانا ہوتا ہے اپنے مکان پر پریشان مریضہ آتے ہیں اُن کا بھی علاج کیا جاتا ہے۔ وہ دعا ہر ایک بچوں کی والدین سبق پڑھانے سے پہلے پڑھا کریں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ عُلُوِّہٖ کَائِنٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ عِلْمِہٖ مُحِیْطٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ عِزِّہٖ لَطِیْفٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ لُطْفِہٖ شَرِیْفٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ فِعْلِہٖ حَمِیْدٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ ذَاتِہٖ قَدِیْمٌ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ مَجْدِہٖ مُنِیْرٌ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط۔

امتحانات میں کامیابی

ممتحن مہربان ہوجائے

جب سبق پڑھنے یا سنانے یا امتحان دینے کا وقت ہو اس کا ورد کیا کرے پہلے اور پیچھے یہ درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط پھر گیارہ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے یَا شَیْخَ عَبْدَ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ ط اور اگر اپنے اُستاد یا امتحان لینے والے کی طرف اسے پڑھ کر پھونک دیا کرے کہ اُسے معلوم نہ ہووے تو وہ بھی مہربان رہے۔

امتحان میں پاس ہوجائے

ہمشیر زادہ محمد یٰسین سلمہ المعین کو زمانہ طالب علمی میں یہ تعویذ لکھ دیا تھا موم جامہ میں بند کرکے ہر وقت اپنے بازو پر باندھے رکھتے تھے اور جب امتحان کے دن کرتے تعویذ [illegible] امتحان دینے سے پہلے پڑھ کر شربت

امتحان کی جاتی تھی۔ بفضلہ تعالیٰ سالانہ امتحان میں کامیابی ہوتی تھی۔

۷۸۶ تعویذ یہ ہے

اللہ جل جلالہ	محمد رسول اللہ	ابوبکر صدیق	عمر فاروق	عثمان ذی النورین
علی المرتضیٰ	فاطمۃ الزہرا	خدیجۃ الکبریٰ	عائشہ الصدیقہ	حسن الرضا
حسین الشہید کربلا	الحسن و العباس	سعد و سعید	المحنو الزبیر	و آبا عبیدہ

بحق یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

اسمائے پاک یہ ہیں۔ اَلْغِیَاثُ یَا غَوْثَ الْاَعْظَمُ اَلْغِیَاثُ ؛ اَلْغِیَاثُ یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ اَلْغِیَاثُ ؛ اَلْغِیَاثُ یَا شَیْخَ مُحْیِ الدِّیْنِ اَلْغِیَاثُ ؛ اَلْغِیَاثُ یَا سَیِّدَ عَبْدَ الْقَادِرِ اَلْغِیَاثُ عزیز مذکور کا کہنا ہے کہ جب میں اس کو اپنے دل میں پڑھا کرتا تھا تو دل میں جوش پیدا ہوتا تھا اور نہایت شوق و ذوق سے تمام سوالات کا جواب دیتا۔ بعد حصول سند مظفر نگر وغیرہ میں کام بندوبست کیا بعدہ ۲۸ء کل بہار ضلع ہمیر پور میں گرداور تحصیل ہوئے بعد ازاں قانون گوئی سے ۳۶ء میں جہانسی ضلع کے اور سب نائب تحصیل داروں کے کام کی نگرانی کا عہدہ پر خدا نے فائز المرام فرمایا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ مع اہل عیال خوش و خورم رکھے۔ اور اُس سے زیادہ مراتب پر متمکن فرمائے۔

چوروں سے حفاظت

گھر میں چور نہ آسکے

اس نقش کو پتھر پر لکھ کر جس مکان کی دیوار میں لگائیں اُس میں کبھی چور نہ آئیں۔

۷۸۶

ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
ح	و	د	ب
د	ب	و	ح

ہر کام ہوجائے

گھروں میں سفید قمری یا جانور رکھا

جاوے کوئی چور یا دشمن نہ آئے جادو کا اثر بھی اُس گھر پر نہ ہونے پائے۔

بحمداللہ ۱۳۹۳ھ میں حج کی ادائیگی کو جانا ہوا تو واپسی پر دو جوڑے قمری ایک سفید دوسرا خاکی اور دو جوڑے کبوتر لائے گئے قمری حق سرہٗ اور کبوتر یاہُو کا ذکر اس قدر جلدی جلدی کرتے ہیں کہ جہاز میں تسبیح کرنے والوں نے شمار کیا تو نہ ہو سکا اس وقت قمریوں کے ۵-۶ جوڑے اور کبوتروں کے ۴۰-۵۰ جوڑے موجود ہیں۔

ہر چیز محفوظ رہے

ایک سفید صاف کپڑا آدھے گز لمبا لے کر اُس پر سات مرتبہ سورہ الحمد اور سات ہی مرتبہ سورہٗ والضحٰی پڑھیں اور ہر ایک مرتبہ سورہ الحمد اور سورہ والضحٰی پڑھ کر تھوڑا سا کپڑا بتی کی طرح لپیٹتے جاویں جب سات مرتبہ پڑھنے سے کپڑا لپٹ جاوے تو اُس کے دونوں سروں پر گرہ لگا دیوے اور کسی اندھیرے مکان میں رکھ دیں جہاں وہ کپڑا رکھا رہے گا وہاں کی ہر چیز محفوظ رہے گی گمشدہ چیز واپس آجاوے گی۔

گمشدہ کی واپسی

بھاگا ہوا واپس آجائے

جس کسی کا کوئی عزیز بھاگ گیا ہو اور کہیں پتہ نہ معلوم ہو تو ال م ر ح م ن کو سات مرتبہ معہ نام اُس شخص سے لکھے اور یہ دعا پڑھ کر اُس لکھے پر دم کرے اور گھر میں دفن کرے اور اوپر ایک بھاری پتھر رکھ دے وہ شخص آجائے گا۔ دعا پڑھنے کی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ اِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ اَنْ تَمْنَعَ ھٰذَا الْعَبْدَ مِنَ الْاٰیَاتِ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ط

گمشدہ کو بلانا

کوئی چلا گیا ہو اور اُس کو بلانا منظور ہو تو سورۂ یٰسٓ اکیس مرتبہ معہ بِسْمِ اللّٰہِ پڑھو اور یہ خیال رکھو کہ وہ چلا آرہا ہے انشاءاللہ تعالیٰ اس روز نہ تو دوسرے تیسرے دن ضرور آجاوے کچھ فاصلے پر ہوگا تو کچھ دنوں کا انتظار کرو۔

گمشدہ مل جائے

نادِ علی کہ جس کو حضور پر نُور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پڑھ کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مدینہ منورہ سے جنگ خیبر میں یاد فرمایا تھا نہایت عجیب اور بابرکت دعا ہے پس جو کوئی کسی گم شدہ کو بلانا چاہے چار سو چالیس مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔

ایک مجرب عمل

بھاگے ہوئے کے جلد واپس آنے کو نہایت مجرب ہے ایک پرچہ کاغذ پر بحقِ شیخ فرید شکر گنج لکھ کر پتھر سے دبا دے جب واپس آجاوے اُسی پتھر برابر شیرینی پر فاتحہ حضرت شیخ فرید الدین علیہ الرحمۃ دلا کر بچوں کو تقسیم کر دے۔

چوری شدہ مال کی دستیابی

مال کی بازیابی

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر سپارہ عمّ بحوالہ حدیث شریف تحریر فرماتے ہیں کہ کسی گم ہوئی چیز پانے کے واسطے سورہ والضحٰی کو ساتھ مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کے پاس والی اپنے سر کے چوگرد پھراوے بعد میں۔ اَصْلَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ فَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ سات مرتبہ پڑھ کر دستک دیوے یعنی ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مارے تو گیا ہوا مال واپس

مل جاوے۔

آزمودہ عمل

نہایت مجرب عمل بارہا تجربہ کیا ہے دو آدمی آمنے سامنے یعنی ایک دوسرے کے مقابل ایک مٹی کا لوٹا لے کر بیٹھ جاویں اور جتنے آدمیوں پر شک ہو اتنے ہی کاغذ کی پرچیوں پر ہر ایک کا نام لکھا جاوے اور اس لوٹے کی ٹونٹی میں ایک پرچی رکھ دے اور وہ دونوں شخص اپنی شہادت کی انگلی سے لوٹے کا کنارہ پکڑ کر اوپر کو اٹھالیں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورہ یٰسین شروع کریں اور مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ تک پڑھیں۔ اگر پہلی ہی پرچی پر لوٹا گھوم جاوے تو جانو وہی چور ہے جس کا نام پرچی میں لکھا ہے اور اگر لوٹا نہ پھرے تو جانو وہ چور نہیں ہے اسی طرح تمام پرچیوں کو رکھے اور سورہ پڑھے ان پرچیوں میں جس کا نام ہے جان لو کہ وہی چور ہے ان پرچیوں میں کسی نام پر نہ گھومے تو جانو چور ان میں نہیں ہے اور آدمیوں کے نام لکھو اور پڑھو۔ چور کا نام ضرور معلوم ہو جاتا ہے۔

(۳) مرغی کے انڈے پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ نِ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ تک لکھ کر خشک ہو جاوے تو تیل چپڑ کر کسی لڑکے کو دیا جاوے اور اس سے کہا جاوے کہ انڈے کی طرف دیکھتا رہے اور سورہ یٰسین پڑھتے رہو اور اس سے دریافت کرتے رہو وہ چور کا پورا حال بتائے گا یہ ایک عجیب راز اور بھید کا عمل ہے ہر کسی سے ظاہر کرنے کا نہیں ہے۔ نااہلوں سے چھپانا چاہیئے کہ وہ ایسے راز کو عام طور سے فاش نہ کریں۔

چور پکڑا جائے

ایک مشک خالی لے کر اس کے اوپر آیۃ الکرسی اور یہ سات نام انبیاء علیہم السلام نوحؑ۔ لوطؑ۔ صالحؑ۔ ابراہیمؑ موسیٰؑ۔ عیسیٰؑ۔ محمدؐ۔ صَلَوٰتُ اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ لکھیں پھر الگ الگ ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر مشک میں پھونکیں اور ہر مرتبہ آیۃ الکرسی کے بعد یہ پڑھتے جائیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَا اَرْسَلْتَ ھٰذَا اَنْ تَنْفَخَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقِ کَمَا نَفَخْتَ ھٰذِہِ الْقِرْبَۃَ۔ جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیویں چور کا پیٹ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سخت پھول جائے گا اور چرایا مال واپس لے کر آوے گا۔

دشمن مہربان ہو جائے

موجودہ زمانہ میں اخلاقی دنیا کا کچھ ایسا رنگ بگڑا ہے۔ جس کو دیکھو اور جس کی سنو ایک دوسرے کی شکایت کر رہا ہے۔ عزیز و اقارب بھائی بندوں کو دیکھئے تو ٹھن رہی ہے ذرا ذرا سی باتوں پر الجھن ہو رہی ہے۔ رشک و حسد نے ایسا ستیاناس کر رکھا ہے۔ کہ ایک کا ایک دشمن جان ہے ایک بھائی چاہتا ہے کہ اس کا نام و نشان نہ رہے۔ دوسرا بھی جڑ بنیاد اکھاڑنے پر طیار رہے۔ اور ہر وقت بر سر پیکار ہے جو بیچارہ کمزور ہے وہ زندہ درگور ہے وہ اس فکر اور تشویش میں رہتا ہے کہ ظالم کے ظلم سے کیسے بچوں اور کیوں کر اس سے رہائی پاؤں کوئی تعویذ دے یا ساحر ملے اس کے ذریعہ نجات حاصل کرے آجکل یہ لوگ ایسے رہ گئے ہیں روپیہ پیسے لے لیا چلتے بنتے ہیں چونکہ نفاق باہمی دین کی خرابی دنیا کی تباہی کا باعث ہے اس لیے ایسے مجربات و عملیات ظاہر کئے جاتے ہیں جس سے اتفاق باہمی قائم رہے۔

انسان کو ایک دوسرے مل جل کر رہنا چاہیئے خاص کر اُن اُمور میں جن کو معاشرت سے ایک گہرا تعلق ہے۔ اپنا ہو یا بیگانہ۔ مسلمان یا غیر مسلمان سب سے کمال لطف اور مہربانی کے ساتھ پیش آنا چاہیئے خندہ پیشانی سے ملنا ملانا انسانی فطرت کا اعلیٰ جوہر ہے۔ آپس میں رحم دلی کا برتاؤ نہایت پسندیدہ طریقہ ہے۔ اس سے بڑے بڑے کام انجام پاتے ہیں رشک و حسد ایسی بُری بلا ہے۔ کتنی ہی تدبیریں کی جائیں لیکن دلی خلش نہیں جاتی پس ایسے شخص کو اپنا دوست بنانے میں یہ تدابیر کام میں لائے جائیں۔

دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

دینوی دشمنوں کی بُرائی دفع کرنے اور ان کے نقصان رسانی سے بچنے کے لیے ہر وقت وضو اور بلا وضو بلا تعداد اور بلا کسی شرائط وغیرہ اس دعا پر مداوُمت کرنی چاہیئے دعا پڑھتے وقت دشمنوں کی صورت کو اپنے خیال میں جما کر ان کے سینہ پر پتھر مارے پہلی مرتبہ تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے بعد میں اس دعا کو اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لیٹتے پڑھے نماز میں نہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

دشمن مغلوب ہو

دشمن کے سامنے یہ دعا پڑھے دشمن مغلوب ہووے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط تَعَذَّرْتُ بِرَبِّ الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَمِيَتِ الْاَبْصَارُ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اس کو پڑھ کر تین بار دور سے اُس کے منہ کے سامنے پھونک مارے پھر اُس کے آگے جاوے تو مہربانی سے پیش آوے۔

دشمن عاجز ہو جائے

دشمنوں میں دوستی ہونے اور اُن کے دفع کرنے کے لیے نادعلی ننگے سر ہو کر ۱۴ مرتبہ پڑھے سامنے دشمن عاجز ہو کر غلام بنے رہتے ہیں۔

دشمن پر غلبہ رہے

یَاخَافِضُ۔ کر پست دشمن کے تئیں ؛ تا نہو رہزن مری رہ میں کہیں۔ چلتے پھرتے ایک دفعہ تو بسم اللہ پڑھ لے بعد میں اس کو دشمن ایک ہو یا زیادہ سب کا خیال کر کے پڑھتا رہے سب سرنگوں اور پست ہو جائیں گے۔

دشمن کے شر سے بچاؤ

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اُس کے شر سے محفوظ رہے۔

دشمن دوست ہو جائے

یہ عمل الحب میں لکھنے سے رہ گیا تھا جو سب کے لیے مجربات سے ہے اور دشمنوں کے دوست ہو جانے کے واسطے بھی تجربہ کردہ ہے جو بلی بالکل سیاہ ہو اس کی مونچھ کے بال اور ہدہد کا دل۔ اور اُلو کی آنکھ۔ اور گیدڑ کے سر کے اوپر کی کھوپری بال صاف کی ہوئی ان چاروں کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بتی جیسی بنا دے اور سرسوں کے تیل میں جلا کر اُن کا کوری چینی پہ کاجل بنایا جاوے اور پھر اُس کو کسی شیشی میں بھر کر رکھے جو کوئی اس کاجل کو اپنی آنکھ میں لگا کر جس کے پاس جاوے آنکھ سے آنکھ ملتے ہی عاشق ہو جائے اور اُس کی محبت کا دم بھرے۔

دشمن کی نگاہوں سے پوشیدہ رہے

ریت بہت سی جمع کر کے اُس پر بیٹھ جاوے اور بسم اللہ پڑھ یہ آیت پڑھے وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ

سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ - پھر شَاھَتِ الْوُجُوْہُ کہہ کر کہے اے موکلو پکڑ لو آنکھیں اور بینائی اُن کی کو اور داخل کر دان کو اندھیروں کے دریا میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ - یہ پڑھ کر خاموش ہو رہے اور کسی سے بات نہ کرے دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے گا اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا خَفِیًّا نَبًا لِلُّطْفِ بِاللُّطْفِ الْخَفِیِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَیْتَہٗ بِخَفِیِّ لُطْفِکَ فَقَدْ خَفِیَ (ترجمہ) میں سوال کرتا ہوں تجھے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر چھپا لے کیوں کہ جس کو تو نے اپنی پوشیدہ مہربانی میں چھپا لیا وہ بے شک چھپ گیا پھر اس کے بعد اُٹھ کر جہاں چاہے جائے سب سے پوشیدہ رہے گا۔

جب کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر جاتی رہے گی۔

کیمیا کی حصولی - دولت کی فراوانی

خدا وندشہا عالم پناہا ۔ حکیم و حاکم و ستار و دانا
کند پیدا ز صنعت ہر کسے زر گدا ہم زود تر گردد تو نگر
نہ نام مفلسی ماند بہ دنیا شود کافور ناداری از نیجا
ہر آنکس کایں نوشت از غور فہمد بسازد سیم و زر چند انکہ خواہد
مگر عہدے ز من واثق بہ بندد کہ رمز من بہ پیش کس نگوید
کند اظہار اگر کس بے اجازت نہ حاصل آید او را جز ندامت

کیمیا حاصل کرنے کے لیے محنت تو خود نہیں کی جاتی - بنانے کے طریقے تو مخلوق خود نہیں سیکھتی اور کہتی ہے کہ اس کا کوئی وجود نہیں - بھلا یہ مقولہ کہیں جھوٹا ہو سکتا ہے

؎ کیمیا و سیمیا و لیمیا ایں نباشد جز نباتِ اولیا

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اَلنَّاسُ مَعَادِنُ کَمَعَادِنِ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ یعنی مومن عارف مثل سونے اور چاندی کے ہیں - پس کوئی علم و فن بلا مشقت کے نہیں آتا - اور جب تک اُستاد شفیق یا پیر کامل نہ بتائے نہیں بنا سکتا - بھلا یہ رسایَن یعنی سونا چاندی بنانا - اور تانبہ رانگ - سیسا - جست کو بدل دینا کوئی آسان کام ہے - کاملوں - فقیروں - جوگیوں سادھوؤں - سناسیوں - گداگروں کی خوشامد کرتے اور ان سے چاہتے ہیں کہ ہماری ہلدی لگے نہ پھٹکری - کیمیا تیار آ جائے - وہ بیچارے خود تو جانتے ہی نہیں - اور اگر جانتے بھی ہیں تو اُن کو ایسی کیا غرض اور ایسی کیا ضرورت جو اپنے ہاتھ سے اپنی دولت بلا کسی وجہ کے دے دیں یا ان کو بتا دیں بزرگوں کا قول ہے ؎

ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد

جو کوئی خدمت ایسی کرے کہ جس سے دل خوش ہو جائے تو البتہ ممکن ہے کیوں کہ اولیا و کامل بہت نرم دل ہوتے ہیں اُن کے فرمانے کی تعمیل ہونے سے خوش ہو جاتے ہیں تو وہ بھی مالا مال کر دیا کرتے ہیں - دینا چاہئے مگر ہے - اس دنیا میں بہت ایسے مکار ہوا کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو کیمیا گر کہتے ہیں۔

خواہشمندوں کی غرض باؤلی ہوا کرتی ہے اُن کے دام میں آ کر اپنا مال و متاع دے دیتے اور وہ لے کر چلتے ہوتے ہیں جیسا کہ اسی قصبہ کے ایک مہاجن پیارے لال پسر گوکل راج کو سنیاسی نے ایسا دھوکہ دیا کہ گھر کا تمام زیور منگا کر گڑھے میں رکھا لیا - موقع پا کر رفو چکر ہوا - ایسے ہی کوٹ قاسم میں عبداللطیف خان وغیرہ کو حکیم سے رملیا بنا - کیمیا بھی ایسی ہی چیز ہے کہ جس کو آتی ہے وہ کہتا ہے مجھ کو نہیں آتی اور جو نہیں جانتا ہے وہ کہتا ہے کہ میں بتا دوں گا - اس کا بھی وہی حال ہے جیسے دست غیب اور تسخیر خلائق و جنات اور موکلات کہ ان علوم کا جاننے والا اگر کسی سے

کہہ دیتا ہے تو اُس کے پاس سے وہ علم جاتا رہتا ہے کیمیا ہے اور ضرور ہے چنانچہ خدائے پاک کا ارشاد ہے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا کہ ہم نے سکھائے حضرت آدم کو کل علم ان میں زمین کے اندر کے معدن یعنی کانوں سے معدنیات نکالے جانے کا بھی ایک علم ہے پھر حضرت آدمؑ نے اپنے بیٹے حضرت شیثؑ کو بتانا چاہا تو کل اولاد کی طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے کہ جو سب سے زیادہ عبادت کرے اُس کو یہ دولت مندی کی کان بتائی جائے گی۔ حضرت شیثؑ نے ۸۰ سال خدا کی عبادت کی اُس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ پر وحی نازل کی کہ یہ علم صنعت ان کو تعلیم کر دو چنانچہ وہ بتائی گئی۔ اسی طرح جب حضرت موسیٰؑ نے خدا سے کلام کیا اور کلیم اللہ کے خطاب سے فائز ہوئے تو علم صنعت بھی مرحمت ہوا اور توریت کو اُس سے مطلا کیا اور خدا سے دعا کی کہ اس علم کو رحمت اور رزق کر بنی اسرائیل کے واسطے حضرت موسیٰ سے قارون نے سیکھا اور اُس سے اپنے خزانے بھرے آیت قرآن شریف شاہد حال ہے۔ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِی الْقُوَّةِ اور دیئے ہم نے اس کو اس قدر خزانے جن کی کنجیاں طاقت والے جوان اُٹھاتے تھے حضرت موسیٰ اُس سے زکوٰۃ طلب فرماتے تھے تو اُس کو خزانے سے رقم کثیر دیتے ہوئے ناگوار گذرتا تھا اور کہتا تھا کہ میں نے اپنی قوت بازو اور اپنے علم سے یہ دولت جمع کی ہے اس کا بھی ذکر قرآن شریف میں آیا ہے قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِیْ حضرت موسیٰ نے اُس کے لیے بددعا کی پس وہ مع خزانوں کے زمین میں دھنس گیا حضرت شیخ سعدی کہتے ہیں ؎

قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت　　نوشیرواں نمرد کہ نام نکو گذاشت

جس کے دولت ہاتھ آئے اس کو چاہیئے کہ غریبوں کو ضرور عطا فرمائے غریبوں کی دستگیری سے اور زیادہ دولتمندی ہوتی ہے۔ کیمیا کے شائق ذکر الٰہی اور عبادت

گذاری میں مصروف رہیں۔ حضرت ابراہیمؑ و حضرت سلیمانؑ اور حضرت داؤدؑ بلکہ کل پیغمبران نے روزی سے بے فکر رہنے اور عبادت الٰہی بجالانے کے واسطے کیمیا بنائی ہے اللہ تعالیٰ ایسی دولت انہیں کو دیتا ہے جن کو اپنا برگزیدہ بناتا ہے تاکہ دنیا میں اُن کو روزی حلال میسر ہو اور دل اُن کے عبادت کے لیئے صاف ہوں بوعلی سینا جو اعلیٰ درجے کے حکیم تھے اور ان کو معلم ثانی کہتے ہیں یہ معلم اول وہ ہوتا ہے جو تمامی علوم و فنون سے واقفیت رکھتا ہو پس معلم اول بقراط اور معلم دوم بوعلی سینا تھے کہ وہ گانے کا علم نہیں جانتے تھے وہ کہتے ہیں کہ اوپر لکھی کل دھاتیں دراصل سونا بننے والی ہیں اور جب تک یہ سونا بننے کی حالت کو نہیں پہنچتی ہیں تب تک یہ مثل ایک بیمار آدمی کے ہیں کوئی بیماری ایسی نہیں ہے جس کا علاج نہیں ہو سکتا۔ البتہ حکیم حاذق ہونا چاہیئے تاکہ مرض کی تشخیص ہو جائے بعض مریض جاہل حکیم سے علاج کراتے ہیں وہ آخر کار پہنچاتے ہیں اسی طرح بعض سیدھے سادھے مفلسی کے سبب یا وہ بعض لوگ کہ خدا نے اُن کو سب کچھ دے رکھا ہے لیکن دنیاوی ہوس نے اُن کو ایسا اندھا بنا دیا ہے کہ اپنی گرہ سے روپیہ خرچ کرتے اور کیمیا بناتے ہیں مگر ناواقفیت کی وجہ سے نہیں بنا سکتے اور یہی کہتے رہتے ہیں کہ ایک آنچ کی کسر رہ گئی۔

حکایت

حکیم افلاطون نے ایک شخص کو پارہ سے چاندی بنانا بتایا وہ شخص تلاش کر کے بوٹی لایا۔ پارہ کٹھالی میں رکھ کر چرخ دیا اور عرق بوٹی کا نچوڑ کر اُس میں ڈالا۔ پارہ ویسا ہی رہا۔ دوبارہ پھر یہی عمل کیا۔ لیکن نہ بنی۔ حکیم نامی کو سچا جان کر اسی طرح کئی بار محنت کی مگر کیمیا نہ تیار ہوئی ایک دن جنگل میں اپنی پریشان حالت سے افلاطون کو برا کہہ رہا تھا کہ افلاطون بھی آنکلا جب اُس کا غصہ کم ہو گیا اور خاموش ہو رہا تو افلاطون سے پوچھنے لگا کہ تم کون ہو۔ اُس نے کہا میں مسافر ہوں۔ شام ہو گئی اجازت دو تو میں یہاں پر سو رہوں۔ اُس نے رضامندی ظاہر کی تو افلاطون

نے کچھ دام دیئے اور کہا میں بھوکا ہوں کچھ کھچڑی پکا کر لا دو۔ بڑی مہربانی ہوگی۔ اُس نے کھچڑی لاکر پکائی اور افلاطون کو کھانے کے لیے دی۔ اس نے کہا یہ تو کچی ہے۔ نہ تم کھاؤ نہ میں کھاؤں۔ اس سے تکلیف ہو جائے گی اور لاؤ۔ اس غریب نے اور لاکر پکائی۔ اس کو جو افلاطون نے دیکھا تو کہا یہ نرم اور پتلی بیماروں کے کھانے کی ہے۔ اب کے تم اور لانے کی تکلیف کرو میں خود پکاؤں گا وہ شخص پھر لایا۔ افلاطون نے پکائی تو کھلی ہوئی ایک ایک چاول علیحدہ علیحدہ دیکھنے سے دل خوش ہوا افلاطون نے اس سے کہا کر کھاؤ کیا مزیدار ہے جب کھا چکے تو اُس نے بھی تعریف کی۔ اس وقت افلاطون بولا کہ کھچڑی تو تجھے پکانی آتی نہیں۔ بھلا کیمیا تو کیا بنا سکے گا۔ صبح کو دوائیں اور سامان لامیں تجھے کیمیا بنواؤں گا وہ دن نکلتے ہی خوشی خوشی سب چیزیں لایا۔ اور پھر پارہ کو کٹھالی میں ڈالا اور آنچ دی اور عراق ڈالنے کا ارادہ کیا۔ افلاطون نے منع کیا کہ ابھی نہیں۔ چرخ کھانے دے وہ کہنے لگا واہ پارہ تیز آگ پر اڑ جائے گا۔ افلاطون نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا جب پارہ نے چرخ کھایا فوراً عرق اُس کٹھالی میں چھوڑ دیا معاً چاندی بن گئی۔ پس پھر تو وہ افلاطون کے پاؤں پر گر پڑا اور کہا تو افلاطون ہی معلوم ہوتا ہے۔ میں نے اب پہچانا میرا قصور معاف کیا جاوے بے شک بنانے کی ترکیب ہی تو ہے۔

عامل کے لیئے ہدایت

کیمیا بنانے کے شائق کو چاہیئے کہ جیسے اور علم و فن کو کسی اُستاد سے سیکھتے ہیں اور عملیات وغیرہ باقاعدہ پڑھتے ہیں تو اُن کا کام پورا ہوتا ہے بلا کسی سے حاصل کیئے کوئی کام کرتے ہیں۔ تو وہ ادھورا ہی رہتا ہے۔ اول تو خدا سے درست بدعا ہے کہ وہ یہ علم اُس پر منکشف کرے اور کسی کامل اُستاد سے ملا دے یا خضر علیہ السلام کہ اُن کو خدا نے اپنے نیک بندوں کی رہنمائی کے لیے حیات جاودانی عطا فرمائی ہے۔ اُن کے

جویاں ہیں کہ وہ ہر کسی کی امداد فرماتے ہیں۔

کیمیاگری کا عمل

یہ عمل نہایت مجرب ہے اور ہزارہا بزرگوں کا آزمودہ ہے اس پر عمل کرنے والا کیمیاگر ہو جاتا ہے۔ پاک صاف ہو کر چالیس روز روزے رکھے اور گوشت و انڈا نہ کھاوے حلال روزی سے افطار کیا کرے بعد نماز عشا مع بسم اللہ سورہ والشمس اور واللیل اور والضحیٰ اور الم نشرح سات سات مرتبہ اور یہ آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ چالیس مرتبہ پڑھے پھر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَتَسْخِيْرِكَ لِكُلِّ شَيْءٍ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا وِتْرُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيَ الْعِلْمَ الَّذِيْ سَتَرْتَهٗ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَكْرَمْتَ بِهٖ كَثِيْرًا مِّنْ عِبَادِكَ يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيْ يَا فَتَّاحُ يَا هَادِيْ وَاَغْنِنِيْ بِهٖ عَمَّنْ سِوَاكَ رَبَّنَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَبِيَدِكَ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ چالیس روز کے بعد خواب میں یا جاگتے میں خدا کسی شخص کو بھیجے گا جو کیمیا سکھا وے گا۔ جس کا دل چاہے تکلیف گوارا کرے۔ بعنایت خدا بالضرور کامیاب ہو جائے۔ اس کے علاوہ خاکسار نیچے وہ تین نسخے بتاتا ہے جو خوش قسمت اس کو بنا وے گا۔ دولتِ دنیا سے مالامال ہو جاوے گا۔ اور انشاء اللہ کبھی بھی ایک آنچ کی کسر نہ دیکھے گا۔ خدا جانتا ہے کہ یہ نہایت آزمودہ ہیں آزمالے جس کا دل چاہتے۔

دولت مندی کا نسخہ

مراد سنگ۔ شنگرف۔ پارہ۔ صاف کیا ہوا۔ ہڑتال

طبقی اعلیٰ درجے کی نہایت چمک دار سنہری رنگ گندک آملہ سار یہ پانچوں دوائیں اچھی طرح پہچان کر ایک ایک تولہ لی جاویں۔ اور ان کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کر سور کے گوشت کی ایک ران کھال اُتار کر لی جاوے اور اُس کا قیمہ کر کے سب دوائیں قیمہ میں ملائی جائیں اور ایک مٹی کی ہانڈی میں گلے کے پاس چاروں طرف چھوٹے چھوٹے سوراخ کر دیئے جائیں تاکہ ان سوراخوں میں سے مکھی اندر چلی جاویں اُس کے منہ پر ڈھکن رکھ کر اوپر بند کر کے سات دن اور سات رات ایسی جگہ رکھی جائے کہ جہاں دن بھر دھوپ میں رکھی رہے۔ سات دن کے بعد ہانڈی کا منہ کھولا جائے۔ ایسے کہ اس کی بُو ناک میں نہ پہنچے جب اس کی بھاپ نکل جائے تب تھوڑی دیر پیچھے اس ہانڈی کے اندر دیکھے اس میں ایک یا دو کیڑے نظر آئیں گے۔ اُس ایک یا دو کیڑے کو اُس ہانڈی میں سے نکال کر ایک انڈے مُرغ کو سفیدی اور زردی سے خالی کر کے اُس میں رکھ دے۔ انڈے کا مُنہ دوسرے انڈے کے چھلکے سے بند کر دیا جائے۔ پھر مونگ کی دال اور چاول کھچڑی سرپوش رکھ کر پکاوے۔ جب چاولوں میں ایک دو کنی گلنے سے رہ جاویں تو کھچڑی کے بیچ میں اس انڈے کو رکھ کر اوپر نیچے کھچڑی ڈال کر انڈا چھپا دیا جائے اور پھر کھچڑی میں پاؤ سیر گھی گرم کر کے دُم دے۔ جب کھچڑی بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو اُس انڈے کو نکال لیا جاوے انڈے کے اندر کیڑوں کا تیل ہو جاوے گا جب ارادہ کیمیا بنانے کا ہو تو ایک پیسہ تانبہ کا خوب ریت مٹی سے صاف کئے ہوئے پر سینک اُس تیل کی لگا کر دوسرا پیسہ اور اُس کے اوپر رکھ کر اُس پر بھی ایک سینک لگا کر کوئلے کی تیز آنچ میں اس پیسے کو رکھ کر اتنا سُرخ کرے کہ وہ آگ جیسا سُرخ رنگ ہو جاوے۔ ٹھنڈا ہونے پر سونا نہ جائے گا اس کو کیمیا کہتے ہیں کیمیا بننے پر خیرات ضرور کیا کرے۔ غریب محتاجوں کو صدقہ دینے سے برکت ہوتی ہے اور ہمیشہ کیمیا بنتی رہتی ہے یہ نسخہ ساون اور بھادوں کے مہینے میں بنا دے۔ اس

موسم میں کیڑے جلدی پیدا ہو جاتے ہیں۔ گوشت ملی ہوئی دوائیں جب ہنڈیا میں ڈالی جائیں تو چوتھے روز کھول کر دیکھ لیا جائے کہ اُس میں کیڑے سے پڑنے لگ گئے یا نہیں۔ جو کوئی کیمیا کا شائق ہو خدا کرے یہ نسخہ بنا دے کیمیا ضرور بن جاوے گی جو اُس کی قدر کرے وہ مال دار ہو جاوے۔ اگر یقین نہ کرے دنیا کے کیمیا گروں کی طرح سے جیسے اس نسخے بھی بدظنی ہو تو جان لے کہ میری قسمت میں نہیں ہے۔

کیمیاگری کا کامیاب نسخہ

اس نسخہ کی تیاری کی تین چار شرطیں ہیں۔ اوّل یہ کہ غیر مذہب کو نہ بتاوے دوسرے بے علم سے چھپاوے تیسرے کسی سے یہ راز ظاہر نہ کرے۔ چوتھے جو بہت خدمت گذار ہو اس سے دریغ نہ کرے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک تولہ سفید سنکھیا چمک دار یا شنگرف دیسی ہو رومی نہ ہو۔ لوہے کے کڑچھے میں رکھ کر چولہے پر چڑھاوے نیچے اس کے بیری کی لکڑی کی آگ جلاوے اور نیم کا مدھ اور وہ عرق جو نیم کے درخت سے ٹپکا کرتا ہے آگ جلانے سے پہلے اس قدر ڈال دے کہ ڈلی سنکھیا یا شنگرف کی ڈوب جائے جب آگ جلنی شروع ہو جاوے تو پھر تھوڑا تھوڑا نیم کا مدھ خاص اس ڈالی پر بطور چوبہ کے ڈالتا رہے اور آگ آہستہ آہستہ جلاتا رہے جب کہ سوا سیر عرق یعنی نیم کا مدھ جل جاوے گا۔ تو وہ ڈلی قائم ہو جاوے گی۔ جس وقت کام کرنا منظور ہو تو ایک سو ایک مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ پھر ایک رتی سنکھیا اور ایک تولہ رانگ میل سے صاف کئے ہوئے کو آگ پر اس قدر گرم کرے کہ چرخ کھانے لگے فوراً اس پر ڈال دے خالص اور اعلیٰ درجہ کی بن جائے گی اور اگر ایک تولہ تانبہ کے صاف شدہ پیسہ کو خوب سرخ کرے جب آگ پر خوب چکر کھانے لگے جس کو چرخ کہتے ہیں

تو ایک رتی اس پر ڈالنے سے نہایت عمدہ چاندی بن جاتی ہے۔ اور اگر شنجرف کو قائم کیا ہے۔ تو ایک تولہ کا پیسہ تانبہ کا لے کر اُس کا میل کچیل رگڑ کر صاف کر لیا جاوے۔ پھر اُس کو آگ پر دھونکنی سے اتنا گرم کیا جاوے کہ چرخ کھانے لگے۔ چکر کھانے پر فوراً ایک رتی سنگرف قائم کی ہوئی تول کر ڈال دے اعلیٰ درجے کا سونا بن جاتا ہے۔ اور اگر چاندی کا سونا بنانا منظور ہو تو ایک تولہ چاندی کا روپیہ جسے پوری لے کر یا اچھی چاندی ہو تو وہ لے کر چرخ دیوے اور ایک ماشہ شنگرف ڈالے تو خالص سونا بن جاوے اور ایک ماشہ شنگرف ایک تولہ رانگ پر چرخ دے کر ڈال دے تو اُس کی چاندی بن جاتی ہے بعض دفعہ ایک ماشہ شنگرف ڈالنے سے چاندی سخت ہو جاتی ہے تو شنگرف ایک ماشہ سے کم ڈالے۔ عمدہ چاندی تیار ہوتی ہے۔ ایک آنچ کی بھی کسر نہیں رہتی۔ کہیں لے جاؤ خالص چاندی بتائی جاوے گی۔ چاندی سے جو سونا بنایا جاتا ہے تو خالص سونے سے کم قیمت کا بنتا ہے۔ یعنی رنگ کسی قدر پھیکا رہتا ہے۔ پس اس میں ماشہ یا دو ماشہ اصلی سونا سونے میں اور اصلی چاندی چاندی میں ملائی جائے تو جس سنار (زرگر) وغیرہ کو دکھاؤ تمیز نہ کر سکے کہ بنایا ہوا ہے۔

اس ترکیب سے جو کچھ بنائے بن جائے گی۔ انشاء اللہ محنت بے فائدہ کبھی نہ جائے گی۔ جب کبھی بنائے غریب محتاج کو ضرور دے۔ اور جب زکوٰۃ کے قابل ہو جاوے تو زکوٰۃ ضرور ادا کرتا رہے اور یہ راز کسی سے ظاہر نہ کرے۔

سفر سے بحفاظت واپسی کے راز

(۱) حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام سفر کرنے والوں کو یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ پڑھ لیا کرو خیریت سے واپس آؤ گے بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

(۲) یہ پڑھنا بھی فرمایا ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَ مِنْ وَعْثَاءِ

السَّفَرِ ترجمہ پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے شیطان الرجیم سے اور سفر کی سختی سے۔

(۳) گھر سے نکلنے کے وقت آیۃ الکرسی پڑھے۔ گھر میں واپس آنے تک ہر ایک برائی سے محفوظ رہے۔

(۴) مکان سے جاتے وقت فقیروں اور غریبوں کو کچھ خیرات کرے تو سلامتی سے اپنے گھر واپس آئے۔

(۵) گھر سے باہر نکلے اُس وقت دروازہ مکان کے داہنی طرف کھڑے کھڑے انگلی سے بلا سیاہی کے لکھے لا الٰہ الا اللہ یہ لکھ کر دروازے کے بائیں طرف کہے کہ واپس آنے پر محمد رسول اللہ لکھوں گا جب واپس آئے تو دروازہ کے بائیں طرف گھر میں جانے سے پہلے محمد رسول اللہ لکھے گھر والے خیریت سے رہیں اور خود بخیریت اپنے گھر واپس آئے۔

(۶) جو شخص سفر کے اندر جنگل اور پہاڑ میں خوف کرے اور ڈر معلوم ہووے تو اس کو چاہیئے کہ یَا حَفِیْظُ جس قدر ہو سکے پڑھا کرے۔ موکل اس کی حفاظت رکھتے ہیں۔

(۷) سفر میں راستہ بھول جاوے تو یَا ہَادِیُ۔ جس قدر پڑھے جلد راستہ مل جائے۔

(۸) جب سفر میں ہو اور راستہ گم شدہ ہو بے حد پریشانی۔ بھوک پیاس کی خواہش بے تاب کرتی ہو تو کہو اپنی زبان سے یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ اَعِیْنُوْنِیْ اے اللہ کے بندو میری مدد کرو میری مدد کرو۔ بس جلدی جلدی جس قدر تعداد سے زیادہ پکارا جاوے۔ مردانِ غیب اُس کی مدد کرتے ہیں۔ خدا نے اُن کو اسی واسطے پیدا کر کے جنگلوں اور پہاڑوں میں پوشیدہ رکھا ہے۔ کہ جب کوئی اُن کو یاد کرتا ہے تو یہ یاد کرنے والے کی مدد کیا کرتے ہیں جیسے اور قطب داونا د اور نقباء و نجباء ابدال وغیرہ وغیرہ اپنا اپنا کام جس پر مقرر ہیں کیا کرتے ہیں۔

دعا کے آداب

خداتعالیٰ نے فرمایا ہے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ۔ کہ مجھ سے مانگو۔ میں قبول کروں گا۔ دوسرا فرمان ہے۔ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ قبول کرتا ہوں میں دعا جب وہ مجھ سے دعا مانگے تیسرا ارشاد ہے۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ کہ جب کوئی پریشان مجھ سے دعا مانگے قبول کرتا ہوں۔ ان آیات سے ثابت ہوا کہ اپنی ضروریات میں خدا سے دعا کرے ضرور قبول ہووے لیکن جیسے ہر کام کے طریقے۔ انجام اور ترکیبیں ہیں۔ ایسے ہی اس کے لیے بھی شرطیں ہیں۔

(۱) کھانا ایسا کھاوے جو ناجائز طریقے سے حاصل نہ کیا ہو۔

(۲) گڑگڑا کر نہایت عاجزی اور رو رو کر اور چھپکے چھپکے دعا مانگے۔ آہستہ کی آواز سے اس کے لیے یہ حکم دیا گیا ہے۔ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً مانگو اپنے رب سے گڑگڑا کر اور چھپکے چھپکے۔

(۳) پاک وصاف ہو کر دعا مانگے۔

(۴) دونوں ہاتھ پھیلا کر بار بار دعا کرے۔

(۵) حضور سردارِ دوجہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور انبیائے پاک صحابہ۔ آئمہ شہدا اولیاء اللہ کے وسیلے سے دعا مانگے۔

(۶) درود شریف پڑھ کر۔ میلاد شریف۔ وعظ شریف۔ ان وقتوں میں دعا مانگے ضرور قبول ہوتی ہے۔

(۱) جمعہ کے رات (۲) جمعہ کے دن (۳) جمعہ کی نماز کے وقت (۴) پچھلی رات (۵) ہر نماز خشوع وخضوع سے پڑھنے کے بعد (۶) اذان اور اقامت کے درمیان میں (۷) قرآن شریف پڑھنے میں (۸) مسجد میں (۹) جب کہ امام ولا الضالین پڑھے

(۱۰) آب زمزم پینے کے بعد (۱۱) جس وقت مرغ اذان دیتا ہے (۱۲) شب قدر (۱۳) عرفہ کے دن (۱۴) رمضان شریف میں (۱۵) مینہ برستے میں اور ان متبرک مقاموں میں دعا مانگے ضرور قبول ہو۔ (۱) حرم شریف مکہ معظمہ (۲) حرم حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (۳) بیت المقدس (۴) خانہ کعبہ کے اندر (۵) چاہ زمزم (۶) سعی صفا ومروہ (۷) زیر میزاب رحمت (۸) مقام ابراہیمؑ کے پیچھے (۹) عرفات (۱۰) مزدلفہ (۱۱) انبیاء واصفیاء اولیاء اللہ کے مزاروں پر۔

ان لوگوں کی دعا جلد قبول ہوتی ہے (۱) جو شخص مظلوم اور نہایت پریشان ہو خواہ وہ کافر ہو یا مسلمان (۲) ماں باپ کی اولاد کے واسطے (۳) نیک اولاد کی اپنے ماں باپ کے لیے (۴) سفر کرنے والے کی (۵) روزہ رکھنے والے کی (۶) مسلمان کی مسلمان کے واسطے (۷) توبہ کرنے والے کی (۸) سونے والا آنکھ کھلتے ہی پہلے کلمہ شریف پڑھے بعد میں دعا مانگے۔

دعاؤں کی قبولیت کے لیے یہ دعائیں نہایت مجرب ہیں (۱) اس دعا سے حضرت عیسیٰؑ مردے زندہ کیا کرتے تھے۔ بہت سے صحابہ کرامؓ خاص کر حضرت مقاتل رضی اللہ عنہ نے بارہا مرتبہ آزمایا ہے۔ خداوند جل وعلا جلد مراد بر لایا۔ صبح کی نماز پڑھ لینے کے بعد اسی جگہ بیٹھا رہے اور ایک سو مرتبہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ پھر جو دعا مانگے جلد اس کا ظہور ہووے اے اللہ کے بندو اس دعا سے جلد اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا کیا کرو۔

جمعرات کی شب

جمعرات کے دن جو رات جمعہ کی ہو آفتاب چھپ جانے

کے بعد نہادے اور مغرب کی نماز پڑھ کر کسی ایسی جگہ بیٹھ جائے کہ کسی سے بات نہ کر سکے۔ جب نمازِ عشاء پڑھ چکے تو وتر کے آخری سجدہ میں یہ دعا سو مرتبہ پڑھے یَا اَللّٰهُ یَا رَبُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِكَ اَسْتَغِیْثُ بعد میں جو دعا ہو مانگے بفضلہ تعالیٰ جلد قبول ہوتی ہے۔

دینی مجالس

میلاد النبی شہدائے کربلا ذکر کرے وعظ کے جلسوں۔ اور دوسرے ذکر اذکار کئے جانے کے بعد ایک شخص یہ الفاظ گریہ وزاری اور آواز سے ادا کرے اور ہر فقرے کے بعد حاضرینِ جلسہ نہایت ادب اور خشوع و خضوع ہلکے آواز سے آمین کہیں انشاء اللہ تعالیٰ سب کی دعا قبولیت درگاہ ربُّ العزت کا شرف حاصل کرے۔ اِلٰهِیْ سَلِّمْنَا۔ وَسَلِّمْ دِیْنَنَا وَاقْبَلْ طَاعَتَنَا۔ وَاحْفَظْ اِیْمَانَنَا۔ وَالسِّعْ رِزْقَنَا۔ وَاَوْصِلْنَا اِلٰی مَقَاصِدِنَا۔ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔

مقبول دُعا

یہ دعا بھی ایسے مبارک موقعوں پر مقبول خدا ہوتی ہے۔ الٰہی جمیع حاجات حل مشکلات مقبول طاعات عفو تقصیرات از دیاد حسنات رفع منکرات بقائے ایمان۔ بقائے رحمٰن شفائے بیماران۔ نجات اسیران۔ خلاصی محبوسان۔ ادائے قرضداران۔ سلامتی راہ مسافران۔ نزولِ باران بروقت دربان۔ ارزانیِ غلہ تجدد، امکان۔ فتح و نصرت لشکرِ سلطان سومنان۔

مقہوری کافران۔ امنیت ملک بر رفع فسادِ مفسدان۔ رفاہیت خلق اللہ بدفع شرِ شیطان۔ آسودگی سیکنان و محتاجان۔ فراغتِ غریبان و مفلسان تندرستی محبان و دوستان۔ سلامتی حاضران و غائبان بطفیل نبی آخرالزمان آل اصحاب و اولیائے اہل عرفان علیہم الصلوٰۃ والغفران برحمتک یا ارحم الراحمین۔

زہر اثر نہ کرے

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو ایک شخص نے زہر ہلاہل کا پیالہ دیا اور کہا کہ اگر ان کلمات کی تاثیر صحیح ہے تو آپ اس کو پی لیجئے۔ اُس وقت بہت سے صحابہ کرام وہاں موجود تھے آپ نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ پڑھ کر پی گئے اور صحیح و سالم وہاں سے کھڑے ہوئے پسینہ آ کر تمام زہر بہہ گیا۔ اُسی روز سے اُس اسم پاک کو تین مرتبہ پڑھ کر جو شخص زہر کھائے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔

زہر ملا کر کھانا۔

یا اور کوئی چیز ایسی ہو جس میں یہ شک گذرے کہ ایسا نہ ہو اس میں کسی نے سنکھیا ملا دیا ہو یا اور کوئی زہریلی شے ملا دی ہو تو وہ کھانا بندر کے آگے رکھ دیا جائے وہ اس کو پہلے سونگھے گا۔ اُس میں زہر ملا ہوگا تو وہ شور اور فریاد کرے گا اور اُس زہریلی اشیاء سے ڈرے گا۔ اور اگر زہر ملا نہ ہوگا تو سونگھ کر کھا جائے گا۔

جس کھانے میں یہ شک ہے کہ زہر ملا ہوا ہے تو اُس کھانے کو مور کے سامنے رکھے وہ اُسی وقت ناچنے لگتا ہے۔

قرض سے سبکدوشی

قرض لینے کے لیے بڑے بڑے وعدے کرتے ہیں عزیز و اقارب۔ دوست احباب اُن کی عاجزی پر دے دیتے ہیں لیکن لینے والوں کو ادائیگی کا مطلق خیال نہیں ہوتا۔ دینے والے وصولی کے تقاضے کرتے وعدے وعید یاد دلاتے تو توبہ میں نرمی سے تو آنا جانا چھوڑ دیتے۔ دوسری قوموں سے لیتے ہیں اُن کو سود دینے کا اقرار

لکھ دیتے ہیں اُن کو نہیں دیتے تو وہ نالش کرتے، جیل بھجواتے، مکان قرق کراتے گھر سے بے گھر کرا دیتے ہیں۔ تب یہ فکر ہوتی ہے کہ کوئی وظیفہ پڑھیں۔ وہ اگر خدا و رسول کے فرمودہ پر عمل کریں تو بفضلہ قرضہ سے سبکدوشی ہو جائے۔

ادائیگی قرض کے لیے

قرضہ کی ادائے گی کا نہایت مجرب صدہا بزرگوار اور اولیائے نامدار کا آزمودہ و مجربہ حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی اکتالیس روز تک شروع ماہ سے یہ درود شریف سو بار روزانہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرضے کی دعا کرے۔ مال میں برکت ہوتی ہے۔

قرضہ جلد ادا ہو

دو رکعت نماز صلوٰۃ الکیمیا۔ جمعرات کی رات سے شروع کی جائے۔ اول رکعت میں الحمد پڑھ لینے کے بعد وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط ستر مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد الحمد کے وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں بھی یہ آیت وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ اوپر والی پوری ستر مرتبہ پڑھے اور دعا مانگے کہ الٰہی میرا قرض ادا ہو جائے اور فراخدستی زیادہ ہووے چالیس روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ان دنوں سے پہلے ہی مراد حاصل ہو جائے۔

چھپا ہوا خزانہ مل جائے

کوئی خزانہ زمین کے نیچے یا کسی تہ خانہ وغیرہ میں ایسا محفوظ ہو کر وہاں سے مال نہ لیا جائے اور لینا منظور ہو تو یہ کیا جائے کہ کاغذ پر یہ نقش اس شکل پر لکھے اور اس کے نیچے یہ عبارت لکھے اور اس کو پڑھتے ہوئے جہاں سے مال نکالنا ہے۔ نکال لیا جاوے کسی قسم کا گزند نہ پہنچے گا۔ آل و اولاد صحیح و سلامت رہے گی جیسے کہ کہا جاتا ہے کہ ایسا مال نکالنے سے پہلا بیٹا مر جاتا ہے۔ غربا و مساکین کو ضرور خیرات دیتا رہے۔

۷۸۶

الف

٣٤	٤١	٣٦
٣٩	٣٧	٣٥
٣٨	٣٣	٤٠

اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلِكُ هَمْهَمْطَاغَيَا يُئِلُ بَطْيَا يُئِلُ الرَّئِيْسُ۔

دفینہ کی جگہ کا تعین

یہ عمل کام میں لایا جاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دفینہ دستیاب ہو جائے۔ اُس میں مال جو کچھ ہو مل جائے حضرت شیخ امام احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ کے مجربات سے ہے۔ سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے پر یہ حروف لکھے۔ اور لکھتے وقت لوبان اور کندر کو جلا کر دھونی کرتا ہے۔ اس کے چاروں طرف یہ آیت معہ زیر و زبر وغیرہ کے لکھے۔ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ش	ی	ن
ی	ن	ش
ن	ش	ی

لکھنے کے بعد اُس کپڑے کو مرغ بالکل سفید رنگ کا ہو اُس کی گردن میں باندھے۔ اور جس مکان میں دفینہ کا گمان ہو یا جادو گڑے ہوئے کی تلاش ہو تو اس مقام پر مرغ کو چھوڑ دے۔ جہاں وہ دفینہ یا جادو گڑا ہوا ہو گا وہاں وہ مرغ کو چھوڑ دے۔ جہاں وہ دفینہ یا جادو گڑا ہوا ہو گا وہاں وہ مرغ پہنچ کر تین دفعہ آواز دے گا اور پنجوں سے کریدے گا یہ دعا پڑھتا رہے اور جو کچھ مال و متاع ہو کھود کر نکال

سے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ یَا شَاکِرُ یَا شَکُوۡرُ یَا شَہِیۡدُ یَا شَدِیۡدُ بِمَا اَدۡعُوۡنَهٗ حُرُوۡفُ الشَّیۡئِ مِنَ الۡاَسۡرَارِ الۡمَخۡزُوۡنَةِ وَالۡاَنۡوَارِ الۡمَکۡنُوۡنَةِ اَنۡ تُسَخِّرَ لِیۡ مَلٰٓئِکَتَکَ الۡکِرَامِ خُدَّامَ ھٰذَا الۡحَرۡفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡئٍ قَدِیۡرٌ۔

موذی جانوروں سے بچاؤ

حشرات الارض نقصان نہ پہنچائیں

اس آیت شریف کے پڑھنے سے حشرات الارض یعنی سانپ بچھو کھنکھجورہ وغیرہ کی تکلیف پہنچنے اور اُن کے کاٹنے سے ہر کوئی محفوظ رہے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنِّیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیۡ وَرَبِّکُمۡ مَا مِنۡ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ۔

سانپ بچھو سے محفوظ رہے

عامل افریقہ نے عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو شکایت لکھ بھیجی کہ سانپ بچھو بہت تکلیف دیتے ہیں۔ تو آپ نے اس کے جواب میں یہ لکھ بھیجا کہ لوگ صبح وشام یہ پڑھ لیا کرو۔ وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰهِ وَقَدۡ هَدٰٮنَا سُبُلَنَا وَلَنَصۡبِرَنَّ عَلٰی مَاۤ اٰذَیۡتُمُوۡنَا وَعَلَی اللّٰهِ فَلۡیَتَوَکَّلُوۡنَ۔

سانپوں کا خاتمہ

جس گھر میں سانپ زیادہ ہوں تو سونے وقت سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ پڑھ لیا کریں تو سانپ مر جاتے ہیں۔

مار گزیدہ کا علاج

سانپ کے کاٹے ہوئے کو جلد اچھا کرے چیل کا پتہ خشک کیا ہوا پانی میں گھوٹ کر مار گزیدہ کی آنکھ میں تین سلائی بھر کر لگائیے۔ زہر کا اثر جاتا رہے لیکن شرط یہ ہے کہ اگر دائیں طرف کاٹا

ہو تو بائیں آنکھ میں لگاوے۔ اور اگر بائیں طرف کاٹا ہو تو داہنی آنکھ میں لگاوے۔

مجرب نسخہ

چیل کو خشک کر کے جس جگہ لٹکا دیں اُس جگہ سانپ بچھو نہ آویں۔

آزمودہ عمل

بچھو کسی مکان یا زمین میں بکثرت ہوں تو وہاں صرف بچھو کو جلاوے۔ یا ہڑتال باریک پسی ہوئی گائے کی چربی میں ملاکر آگ میں جلاوے تو بچھو وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔

بلی سے بچاؤ

کبوتروں کی کابک یا دڑبے میں بھیڑیئے کا سر لٹکا دے یا زمین میں دفن کر دیا جائے تو اُس کی جگہ بلی نہ آوے۔

کیڑے بھاگ جائیں

کیڑے مکوڑے جہاں سے نکالنا چاہے۔ بھاگ جائیں۔ بارہ سینگا جانور کا سینگ جلایا جاوے۔

چیونٹیوں سے بچاؤ

چیونٹی جس جگہ ہوں اُس جگہ نہیں رہتی۔ یہ دعا کاغذ پر لکھ کر چینیٹیوں کے سوراخ پر رکھ کر اوپر سے راکھ اور نمک پانی میں ملاکر ٹپکاوے۔ قَالَتۡ نَمۡلَةٌ یَا نَمۡلَاتُ النَّمۡلِ وَیَا تِطۡعَاتُ الشَّکۡلِ یَبۡلُغُ لَکُمۡ سَیِّدُنَا سُلَیۡمَانُ ابۡنُ دَاوٗدَ عَلَیۡهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَقَالَ لَکُمۡ وَقُوۡلُوۡا فِیۡ اِقۡبَالٍ مِنۡ عَقۡدِہٖ اَشۡکَالٌ۔

مجرب عمل

درختوں پر چیونٹی چڑھتی ہوں تو اُس پر گائے کے پتے کے پانی کو مَل دیا جائے اور اُس پر چیونٹی نہیں چڑھیں گی۔

آزمودہ عمل

جس کھانے میں چیونٹی چڑھ جاتی ہوں۔ تو اس کھانے کو یا اور میٹھی شئے شیرینی وغیرہ کو سانس بند کر کے رکھ دیا کریں۔ چیونٹی نہیں آویں گی۔

سریع الاثر عمل

چیونٹی گندھک اور ہینگ کی دھونی دینے سے بھاگ جاتی ہیں۔

مچھر تنگ نہ کریں

مچھر نہ آویں اور نہ ستاویں۔ انجیر کی چار لکڑی گول لے کر ان پر بکری کا خون تازہ لگا کر گھر کے چاروں کونوں میں ایک ایک لکڑی رکھیں۔ رکھتے وقت یہ دعا پڑھنے چاہئیں۔ اَیُّھَا الْبَرَاغِیْثُ الْسُّوْدُ اِنَّکُمْ مِنْ جُمْلَۃِ الْجُنُوْدِ اُقْسِمُ عَلَیْکُمْ بِالْوَاحِدِ الْمَعْبُوْدِ الَّذِیْ اَھْلَکَ عَادًا وَّثَمُوْدَ اَنْ تَجْمَعُوْا عَلٰی ھٰذَا الْعُوْدِ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْکُمْ وَالِدٌ وَّلَا مَوْلُوْدٌ جس قدر مچھر گھر کے اندر ہوں گے وہ ان لکڑیوں پر جمع ہو جاویں گے۔ پھر ان لکڑیوں کو باہر پھینک دیں۔ ان میں سے کسی کو نہ ماریں۔

مچھر پاس نہ آئیں

اسپند کا غدود غیرہ پر رکھ کر اپنے سر اور پاؤں پر رکھیں تو مچھر پاس نہیں آتے۔

پھر بھاگ جائیں

بکری کے پتہ کے پانی میں روغن زیتون ملا کر چارپائی کے پاؤں پر مَل دیا جائے تو مچھر پاس نہیں آتے۔

کتے کاٹے کا علاج

کتا دیوانہ کسی کو کاٹ کھاوے۔ تو اس عمل کو اس طرح پر کیا جائے صحت پاوے نہایت مجربات سے ہے۔ عمل پڑھنے والا شخص اپنے روبرو کتے کاٹے ہوئے انسان یا حیوان ہو تو کھڑا کرا دے۔ اور سات آدمی اور نمازی اس کے گرداگرد چاروں طرف بیٹھیں اور سات ڈلی گڑ کی لیکر اُن پر سات مرتبہ یہ نام اصحاب کہف پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٰھِیْ بِحُرْمَتِ مَلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنَسْ اَذْرَ نَطْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنُسْ یُوَانِسْ بُوْسَ وَاِسْمُ کَلْبِھِمْ قِطْمِیْرُ ۞ اور ان سات آدمیوں میں سے ایک آدمی کے ہاتھ میں وہ ڈلیاں گڑ کی دی جائیں۔ اسی طرح وہ اپنے پاس والے کو اسی طور سات آدمیوں کو دیتے ہوئے پھر اس پڑھنے والے کو دے دی جائیں۔ وہ اپنے ہاتھ میں لے کر ایک ڈلی کتے کاٹے ہوئے کو کھلا دیوے۔ ایسے ہی چھ

دن تک اسی وقت کھلا دیں۔ انشاء تندرستی حاصل ہووے۔

گیدڑ کاٹے کا علاج

گیدڑ کا کاٹنے والا بھی اسی ترکیب سے اچھا ہو جاتا ہے۔

سانپ کاٹے کا علاج

کیسا ہی کالا سانپ کسی کو کاٹ کھاوے بفضلہٖ تعالیٰ سانپ کے کاٹے سے تو نہ مرے اس آیت کو اکیاسی مرتبہ پہلی رات محرم سے دسویں رات محرم تک روزمرہ بعد نماز عشاء پڑھے ہر دفعہ پڑھ لینے کے بعد اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک لیا کرے سال بھر تک اس عمل کا کرنے والا عامل رہتا ہے۔ جب کہ سانپ کا کاٹا ہوا بیمار خود آوے یا اس کا کوئی آدمی خبر لاوے تو فوراً اس کے منہ پر ایک تھپڑ مارے۔ بفضل خدا اسی وقت بیمار اچھا ہو جاوے۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی وَلِیُبْلِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْہُ بَلَآءً حَسَنًا ۞ اسی طرح ہر سال دس رات عشرہ محرم کو یہ آیت پڑھ لیا کرے۔ ہر سال اس کا عامل رہے۔ جس سال نہ پڑھے اثر جاتا رہے۔ جس کے تھپڑ مارے اس کو یہ نہ معلوم ہو کہ عامل تھپڑ مارے گا۔

زہریلے سانپ کے کاٹے کا علاج

اوپر والا علاج نہ ہو سکے تو یہ بھی مجرب ہے اس کو کام میں لاوے کیسا ہی زہریلا سانپ کاٹے مریض دوبارہ زندگی حاصل کرے۔ ایک دفعہ بسم اللہ پڑھ کر ایک دفعہ درود شریف پڑھے۔ !

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِفَآءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر ۲۱ مرتبہ یہ آیات شفا پڑھے وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ۔ وَھُدًی وَّرَحْمَۃٌ

اَلْمُؤْمِنِيْنَ ـ فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ـ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ـ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ـ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ـ پھر سورہ الحمد ۱۲ مرتبہ پڑھے۔ اور پھر ایک مرتبہ اوپر لکھا درود شریف پڑھے اور پانی سیر دو سیر پر دم کرے۔ اور اپنے علاوہ اور سات نمازیوں سے پھونک دلاوے۔ اور اس پانی میں سے کچھ پانی عمل پڑھنے والا پیوے اور ایک ایک گھونٹ پانی وہ ساتوں نمازی آدمی پیویں۔ ان سب کا جھوٹا سانپ کے کاٹے ہوئے کو پلائے زہر کا اثر دور ہو جائے گا اور مریض بچ جائے گا۔

سانپ بھاگ جائیں

آدم و حوا کے نام گھر کے کونوں میں لکھ دیئے جائیں سانپ بھاگ جائیں۔

سانپوں کا فرار

لوبان کی دھونی اس قدر زیادہ کی جاوے کہ اس کے دھوئیں سے بھاگ جاتے ہیں۔

باغات اور کھیتی کی پیداوار میں اضافہ

غلہ زیادہ پیدا ہو

جو کوئی بسم اللہ شریف کو ایک کاغذ پر ایک سو مرتبہ لکھ کر اپنے کھیت میں دفن کرے تو غلہ بہت زیادہ پیدا ہووے اور تمام آفات سے محفوظ رہے۔

کھیتی کو نقصان نہ پہنچے

چار ٹھیکری پر یہ خاتم مع اسماء رؤس لکھے۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا فَمَا تُوْكَذَالِكَ يَمُوْتُ كَذَا وَكَذَا وَيَمْتَنِعُ نُوْشٍ كَيْهَا بَنُوْشٍ اٰذَرَيَا نُوْشٍ لَبَيَاشٍ عَيْبُوْشٍ عَيْنَا نُوْشٍ كَيْدَرَ نُوْشٍ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا

هُمْ خَامِدُوْنَ ۔ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ مَا رَزَقَهُمْ قَسْوَرَةٌ لبکل۔ اور پھر لوبان کی دھونی دے کر کھیتوں کے چاروں کونوں پر دفن کر دے کوئی پرندہ اور کوئی کیڑا نقصان نہ پہنچا دے۔ اور کوئی کیڑا خاص طور سے کھیتی کو برباد کرتا ہو جیسے کاترا یا چوہا وغیرہ تو اس کا نام کذا کی جگہ لکھ دیا کرے۔

چوہوں سے بچاؤ

زراعت کے کھیتوں میں چوہے پیدا ہو جاتے اور وہ نقصان پہنچاتے ہیں اُن کے دفعیہ کے لیے یہ اسماء دو طریقوں سے لکھے جاتے ہیں ایک کا طریقہ یہ ہے۔ کہ کاغذ پر جمعرات کی صبح کو لکھے اور ایک بانس کی لکڑی میں باندھ کر کھیت کے چاروں طرف چھوڑ کر کھیت کے بیچوں بیچ لکڑی کو گاڑ دیوے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ الٰہی بحرمۃ حضرت بایزید عثمانی از شر موشہائے موجود من رانگدار۔

دوسرا طریقہ یہ ہے۔ اگر چوہے کھیت میں بہت ہی بڑا دن رہتے ہوں تو اس طرح سے کاغذ پر لکھ کر کسی آبخورے مٹی میں رکھ کر اس کا منہ دیوے سے بند کر کے کھیت کے درمیان میں گاڑ دیوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٰہی بحرمۃ بایزید عثمانی

از شر موشہا

نگہدار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یہ حضرت بایزید عثمانی دوسرے بزرگ ہیں حضرت بایزید اور صاحب ہیں۔

(۴) ہینگ کو باغ میں اور کھیتوں وغیرہ میں کسی جگہ ڈال دے تمام موذی جانور مثل چوہا وغیرہ وسید وغیرہ بھاگ جاتے ہیں۔

آفات وبلیات اور وبائی امراض سے بچاؤ

خدا نے انسان کو اس لیے پیدا کیا ہے۔ کہ اس کو پہچانیں اور اسی کی عبادت کریں جن سے منع کیا ہے اُن سے باز رہیں حلال روزی کمانے کی تدابیر اختیار کریں تاکہ تمام سیری سے دینی و دنیوی کام انجام پاتے رہیں لیکن خواہش نفسانی ہر کسی کی ایسی بڑھ گئی ہے۔ کہ جن برائیوں سے روکا گیا ہے اُن کو کرنا اچھا جانتے ہیں جب کہ بادشاہان وقت مخالفت و بغاوت پر رعایا کو سزا دے دیتے ہیں تو کیا اس احکم الحاکمین کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ نافرمانی پر سزا دے پہلے انبیائے کرام کے زمانہ میں جن لوگوں نے نافرمانی اختیار کی عہر ربانی میں مبتلا ہوئے تو اس وقت میں یہ قہر خداوندی نہیں تو اور کیا ہے کہ طاعون۔ ہیضہ۔ انفلوئنزا۔ لنگڑا بخار۔ گردن توڑ بخار۔ چیچک وغیرہ کی تکالیف میں ہزاروں مرد عورت اور بچے راہی بقا ہوئے سینکڑوں مویشی بکرا بکری مرے جن سے اُن کے مالک پریشان ہوئے ہزاروں تدابیر علاج معالجہ کی اختیار کی گئی لیکن کوئی سود مند نہ ہوئی۔ جب توبہ استغفار درگاہ خدا میں پیش کی گئی رفع ہوئی۔ پھر اپنے معافی قصور پر قائم نہ رہے تو زلزلے بارش کی زیادتی و خشک سال کی شکل میں عتاب خداوندی ظہور میں آ رہا ہے اس وقت میں ہر ایک علم کی ترقی ہے علم ہی ایسی شئے ہے کہ اس سے برے بھلے کی تمیز ہوتی ہے جن کاموں سے برائیاں ظہور میں آ دیں ان کو اختیار نہ کریں سب جانتے ہیں کہ نیک کاموں میں بھلائیاں ملتی ہیں پس نیک کام کیا کریں۔ خدا و رسول کے احکام بصدق دل بجا لاتے رہیں تو کبھی کسی ایسی بیماری میں مبتلا نہ ہوں جن کا علاج ہی نہیں۔

وبا سے محفوظ رہے

ہر ایک بلا اور وبا کی دوری کے لیے جواہر القرآن جس میں قرآن شریف کی آیتیں جمع کی ہیں

وہ سات روز کا ورد ہے۔ پڑھا جاوے تو ہر کوئی محفوظ رہے اور بیماری بآسانی رفع جاتی ہے۔

آفات سے محفوظ رہے

میلاد شریف کی محفلیں ہر گھر میں ہونی چاہئیں اور اس میں درود و سلام کثرت سے پڑھا جائے نہایت مجرب عمل ہے۔ خداوند کے محبوب کی خوشنودی خدا کی رضامندی ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے قَالَ لَہُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ یَا نُوْرُ نُوْرِیْ وَیَا سِرِّیْ وَیَا خَزَائِنَ مَعْرِفَتِیْ اَفْدَیْتُ مُلْکِیْ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا مُحَمَّدٍ مِنْ لَدُنِ الْعَرْشِ اِلٰی تَحْتِ الْاَرْضِ کُلُّھُمْ یَطْلُبُوْنَ رِضَائِیْ وَاَنَا اَطْلُبُ رِضَاءَکَ یَا سَیِّدَنَا مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَّاحٌ فَاتِحُ اللّٰہِ فرمایا اس خدائے واحد نے کہ اے نور نور میرے اور اے بھید میرے اور اے خزانے میری معرفت کے فدا کیا میں نے اپنے ملک کو اوپر تیرے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم عرش کے اوپر سے زمین کے نیچے تک کل شئی طلب کرتی ہیں رضا میری اور میں خوشنودی چاہتا ہوں تیری اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کھولنے والے اور جاری کرنے والے اُمورات خدائی کے۔

ہیضہ اور طاعون سے بچا رہے

حضرت غوث اعظم محی الدین ابو محمد سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جس جگہ وبائے ہیضہ یا طاعون ہو اُس بستی کے ہر ایک مکان کے دروازہ پر یہ دعا کاغذ پر لکھ کر چپکا دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ تمام باشندے ان مکانوں کے حفظ و امان میں رہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ یَقُوْلُ لَکِ شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ اُخْرُجِیْ مِنْ بَلَدِیْ ھٰذِہٖ اَمَلِمْ تَحِلِّیْ اِلَی الْجِبَالِ ترجمہ اسے انجا

کی مان فرماتے ہیں تھے کہ شیخ عبدالقادر کہ نکل جا برے اس شہر سے یا چڑھ پہاڑ پر
نومبر ۲۴ء کو طاعون تجارہ میں نمودار ہوا قصبہ ہذا کے ہندو صاحبان کی زیادہ تعداد باہر نکل گئی بعض مسلمان بھی اُن کے ہم خیال نے راہ فرار اختیار کی اوپر والی دعا جلی اور خفی قلم سے لکھی گئی جن مکانوں پر لگائی گئی تمام ساکنین خیریت سے رہے اور جن مسلمانوں نے شریعت اسلام کے خلاف کام کیا یعنی یہ حکم ہو کر جہاں بیماری ہو وہاں نہ جاؤ۔ اور جہاں بیماری ہو وہاں سے مت نکلو اس کی تعمیل نہ کی۔ وہ مبتلائے دیا ہے لیکن عنایت ایزدی تکلیف پاکر اچھے ہوگئے۔ کسی نے دھوبی کی شکل میں سر پر کپڑوں کا گٹھر رکھے ہوئے قصبہ سے باہر جاتے ہوئے دیکھا۔ اور کسی نے بیان کیا کہ لشکر کی شکل میں کچھ بیچ پہاڑ کی طرف جاتے ہوئے دیکھی۔ اور اسی روز سے نہ کوئی بیمار ہوا اور جو بیمار تھے اچھے ہوگئے۔

مصیبت سے محفوظ رہے

اپنے غریب خانہ پر تین رات تک روزانہ گیارہ آدمیوں نے یہ ختم غوثیہ پڑھا اور حلوے پر نیاز دلا کر ہر شخص کو تقسیم کیا۔ اور وہاں ہی بیٹھے کھایا۔ ہر ایک شخص صحت ور رہا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود شریف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِكَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ دو رات بیالیس بیالیس ہزار مرتبہ اور تیسری رات اکتالیس مرتبہ یَا شَیْخ عَبْدَ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ پڑھ کر دعا مانگی اور خدا سے عرض کیا گیا خداوندا اگر دانی بلاراہ۔ زآفتہا نگہداری تو ما را۔

آفت کا علاج

اس درود شریف کے متعلق سونے میں کوئی بزرگ فرماتے ہیں کہ کیوں نہیں پڑھا مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ صبح جو درود شنبہ کا دلائل الخیرات سے پڑھا تو سال میں یہ درود شریف پڑھنے میں

آیا اسی روز سے مسلمانوں نے اس کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھا اسی روز سے بیماری بھی رفع ہوگئی۔ اور پڑھنے والے کے تمام مردمان خانہ بھی خیریت سے رہے وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَتُوْبَ عَلَيَّ وَتُعَافِيَنِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ الْخَارِجِ مِنَ الْاَرْضِ وَنَازِلِ مِنَ السَّمَاءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بِرَحْمَتِكَ وَاَنْ تَغْفِرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَصْحَابِهِ الْاَعْلَامِ اَئِمَّةِ الْهُدٰى وَمَصَابِيْحِ الدُّنْيَا وَمِنَ التَّابِعِيْنَ وَتَابِعِ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

وبا دور ہو

برائے دفع وبا نہایت مجرب ہے صبح شام سات مرتبہ پڑھ کر گھر میں چاروں طرف پھونک دیا کرے ہرگز وبا میں نہ مرے۔ عبداللہ کے پوت آمنہ کے جائے پر بھاگ رہی وبا ہمارے گھر محمد آئے۔

ہیضہ جب کہ شدت سے ہو کاغذ کے پرچہ پر لکھ کر مکان کے دروازہ پر لگا دے مکان کے رہنے والے محفوظ رہیں۔ لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةِ اَلْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ اپنے یہاں جب کبھی پلیگ یا ہیضہ ہوتا رہا بمقابلہ طبی و ڈاکٹری علاج عملیات و اوراد زیادہ مفید ثابت رہے۔ اپنے تجربہ کی بنا پر ۲۷ء ریاست ٹونک میں ہیضہ سنا گیا اور عالیجاہ نواب صاحب بہادر کی ہمدردی رعایا معلوم کی تو اخبار دبدبۂ سکندری رامپور میں حضرت غوث پاک کا ارشاد رجسٹری عالیجاہ ممدوح کی خدمت شریف میں بھیجی گئی۔

کاروبار میں ترقی

اسم محمدؐ کی برکت

حضور علیہ السلام کا یہ اسم پاک کاغذ پر لکھ کر اپنی دوکان پر رکھے تجارت کو بہت فروغ ہو اور دن دوگنی رات چوگنی مال کی فروختگی ہو اس شکل پر لکھے۔ محمدؐ۔

کاروبار میں نفع

جو شخص اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی تجارت میں نفع ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ۔ جمعہ کی نماز کے بعد ستر مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اور بھی زیادہ نفع ہو۔

فراخی رزق کے لئے

اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے اپنی انگلی میں پہنے اللہ تعالیٰ رزق زیادہ عطا فرمائے اور تجارت میں ترقی ہووے۔ اتنی احتیاط رکھے کہ ناپاکی میں نہ لے جاوے کیونکہ یہ قرآن مجید کی آیۃ ہے۔



آمدنی میں اضافہ

تین ہڈی لاکر ایک ایک پر یہ آیت لکھ کر ایک دوکان میں رکھے۔ دوسری مکان میں اور تیسری انگوٹھی پر نسب کرا کر اپنے پاس رکھے۔

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَۃً اَوْ لَھْوَا انْفَضُّوْا اِلَیْھَا وَتَرَکُوْکَ قَائِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰہِ خَیْرٌ مِّنَ اللَّھْوِ وَمِنَ التِّجَارَۃِ وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔

نامردی کا علاج

نامردی دور ہو

نامرد کے واسطے سید السادات حضرت سید جلال الدین بخاری قدس اللہ سرہ نے فرمایا کہ تین دن تک ہر روز ایک دعا لکھے اور پانی میں گھول کر پی جاوے تین دن پینے سے مردمی دیکھے اول روز یہ لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کٓھٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ محمد والہ اجمعین الٰھی بحرمت محمد وعلی وفاطمۃ الحسن والحسین علیھم السلام ان تعافینی من لعنت وتقدر لی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین دوسرے دن یہ لکھے حمعسق یا حمید یا ذوالجلال والاکرام لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ان تعافینی من العنت تقدر لی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین تیسرے دن یہ لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کھیعص یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یا صمد یا فرد ان تعافینی من العنت وتقدر لی علی الجماع وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین۔

اولاد نرینہ کے لیے

حضرت شیخ المشائخ بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ کوئی عورت یہ چاہے کہ مجھے حمل رہے اور بچہ پیدا ہو تو اس کو چاہیئے کہ چھ پیسے کی شیرینی منگا کر نذر کرے پھر یہ تعویذ سات کاغذوں پر لکھے اور سات دن تک حیض آ کر نہا لینے کے بعد ہر روز ایک تعویذ پانی میں گھول کر پیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہووے اگر نہیں ہووے تو قیامت کے دن دامن گیر ہووے۔

س	س	س	س	س	س	س
جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع

حمل قائم رہے

حمل کے واسطے یہ بھی مجرب ہے اس تعویذ کو لکھ کر عورت کے داہنے بازو پر باندھے اعتبار نہ ہو تو پہلے اس کو اس طرح آزمالیوے کہ یہ تعویذ مرغی کے بازو میں باندھ دیوے وہ انڈے دینے لگے۔

ماجوم	ادع	انداھوا	۳ سم ھو جعفر

حمل قرار پائے

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس دعا کو زعفران سے کاغذ پر لکھے حیض سے فارغ ہونے کے بعد عورت کی کمر میں باندھے موم جامہ کر کے تاکہ گندگی سے اثر نہ جاوے حاملہ ہووے۔ جو درخت پھل دلا دے اس پہ باندھے پھل لگے انشاء اللہ تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ

معین

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین۔

بانجھ پن دور ہو

استقرار حمل کے لیے نہایت مجرب ہے ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ اس شکل کو اس جمعرات کے دن جو کہ شروع چاند کے مہینہ میں آتی ہے جس کو نوچندی جمعرات کہتے ہیں کاغذ پر لکھے اور عورت کے گلے میں باندھے اور جو جمعرات کہ مہینے کے بیچ میں آوے اس کی رات کو چومک آٹے کا بنا دے اس میں گھی اور بتی روئی کی ڈال کر جلاوتے وقت عورت اپنے دل میں کہے کہ جب بچہ پیدا ہوگا تو اس کے ہاتھ سے مسجد میں چراغ روشن کرایا جائے گا۔ بفضلہ تعالیٰ بیٹا پیدا ہوگا۔ ۷۸۶ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ حمل علی علی علی علی لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ موسیٰ موسیٰ موسیٰ سلبواھیا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وحدہٗ۔

زچہ و بچہ کی جان سلامت رہے

جن مستورات کے بچے زچگی میں بیمار ہوتے رہتے یا مر جاتے ہوں ان کے تندرست رہنے اور مدت دراز تک زندگی حاصل کرنے کے لیے یہ طریقہ کام میں لائیں۔ جب کہ بچہ پیدا ہونے والا ہو اس سے دو ایک روز پہلے یہ دلونامہ دو کاغذ پر لکھ کر ایک مکان کے صدر دروازہ پر اور دوسرا اس دروازہ پر جہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو لگا دیا جائے۔

زچہ اور بچہ زچگی کے مکان میں حفاظت سے رہیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَۃِ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃُ

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

استقاط حمل نہ ہو

کسی عورت کے ایسا ہو کر حمل سے بچے پیدا ہو جاتے ہیں لیکن کچھ دن کے ہو کر مر جاتے ہوں یہ بیماری بھی ایک قسم کے بسان کی ہے وہ اگر یہ چاہیں کر بچے نہ مریں اور درازئی عمر کو پہنچیں تو ان کو چاہیئے کہ اس بیماری کے دفعیہ کا علاج کریں بچوں کے لائق چھوٹے چھوٹے تین کرتے باریک ململ کے آستین دار صرف ایک سیون کے سلاویں جس کو کھڑی سیون کہتے ہیں گلا ان کا بلا سلا پھٹا ہوا رہے پھر ان میں سے ایک کرتے پر یہ تعویذ دو دو جگہ لکھے جاویں پہلا تعویذ کرتے کی اس جگہ پر لکھا جاوے جو کہ بچے کی داہنی بغل پر آوے اور اسی کے نیچے دوسرا تعویذ لکھا جاوے۔ اسی طرح دو تعویذ بائیں بغل کے نیچے اور دو سینے کے اوپر دو پیٹھ کے اوپر لکھے جاویں ایسے ہی دونوں کرتوں کو لکھ کر رکھا جاوے جس وقت کہ بچہ پیدا ہو جاوے تو اس کو نہلا دھلا کر ان کرتوں میں سے ایک کرتہ جو پہلے لکھا ہے وہ پہنایا جاوے گیارہ دن تک یہ کرتہ بچہ پہنے رہے بارھویں دن دوسرا نہان۔ بچہ کا ہو جانے پر دوسرا کرتہ تیرہ ۱۳ دن

پہنائے رکھیں پھر تیسرا کرتہ سترہ ۱۷ دن تک پہنائے رکھیں اور ان چالیس دن تک زچہ و بچہ زچہ خانہ ہی میں رہیں اکتالیسویں دن زچہ اور بچہ کو نہلا کر اور کپڑے جو میسر ہوں پہناویں اور باہر لاویں بعنایت خداوندی بچہ کی عمر دراز ہوتی ہے حضرت پیر و مرشد کے خاندان میں ان کے آباؤ اجداد کے وقت سے ہزاروں عورتوں کے بچے ان کرتوں کے پہننے سے درازی عمر کے ہوئے۔ اس خاکسار کے بھی تجربہ میں آئے وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۳۰	۱۲۲۵	۱۲۳۳
۱۲۳۲	۱۲۲۹	۱۲۲۷
۱۲۲۶	۱۲۳۱	۱۲۲۸

حمل قائم رہے

حاملہ عورت کے دل پر گھبراہٹ یا خفقان اور ہول دل کی شکایت ہو یا پیٹ یا کمر یا پیڑو میں درد پیدا ہوتا ہو۔ ایسے درد سے حمل ساقط ہو جایا کرتا ہے بس فوراً ایک سفید بڑی رکابی چینی کی لے کر سیاہی سے دعا و سورت اور نقش سورہ مزمل جو نیچے لکھا جاتا ہے لکھے اور پانی سے دھو کر ۴۰ دن لکھ کر پلایا کریں۔ زیادہ وقت نہ ہو تو گیارہ دن صبح نہار منہ روز پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر ایک شکایت سے محفوظ رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

یاغفور یاغفور یاغفور

حصہ تمّت اول

تمام شد

والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر

انکشافِ غیبی

— موسوم بہ —

الحُبّ

— معروف بہ —

مَن موہنی

حصّہ دوم

اس دوسرے حصہ میں مظلوموں کی فریادرسی، ظالموں کی بدانجامی
جادو وسحر کی خلاصی اور ان کی پہچان بتائی ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس حصہ دوم میں جو حالات درج کئے ہیں یہ اگرچہ شرافت انسانی و اخلاق اسلامی کے خلاف ہیں لیکن بہت سے مظلوم ایسے بھی دیکھنے میں آئے ہیں۔ اور ہزاروں نے اپنی بے کسی اور بے بسی کی مجبوریاں ایسی ظاہر کی ہیں کہ ان کی ہمدردی کرنی بھی ایسی ہے کہ جیسے واجب القتل کو خدا نے فی القصاص کا حکم دیا ہے اور دوسری جگہ قرآن شریف میں وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا یعنی برائی کا بدلہ برائی فرمایا ہے۔ حکمران ملک بھی ظالموں اور سرکشوں و باغیوں کو پھانسی دیتے اور دار کھینچتے اور وہ بدکردار اپنے ظلم کی سزا پاتے اور مظلوم اپنی دادرسی حاصل کرتے ہیں۔

سب سے زیادہ عمدگی اور بہتری تو اس میں ہے کہ آیت پُراز لطافت کو ملنے اور خدائی اس حکم کو بجا لاوے وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ (یعنی جو صبر کرتا ہے تو اس کو خدا جزا دیتا ہے) اور دوسرا ارشاد سراپا ارشاد ہے فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ یعنی جو معاف کر دیتا ہے اور صلح کر لیتا ہے اس کو خدا جزا دیتا ہے مگر اس دنیائے فانی میں بہت کم ایسے لوگ ہیں جو صبر اختیار کرتے اور خدا کے یہاں مواخذہ ملنے پر صابر و شاکر رہتے ہیں۔ ظالموں کی عداوت کی مدافعت کے لیے اہل شریعت بھی واجب القتل کا قتل ہو جانا ہی چاہا کرتے ہیں۔ بغیر اس کے ظالم کی خونخواری سے رہائی نہیں پاتے پس ایسے مظلوم کی فریادرسی کے واسطے ان کی بدکرداری کی جزا ضروری ہے۔

ظالم دشمنوں سے نجات کیلئے

دلائل الخیرات | جو مقبول رب الارباب ہے۔ یکشنبہ والے ورد میں حاشیہ

پر درج ہے اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور پُر نور محبوب رب غفور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ باسعادت میں ایک شخص مدینہ منورہ سے سامان تجارت ملک شام کو لے جایا کرتا تھا اور وہاں کا مال مدینہ مطہرہ لاتا تھا۔ کہ ایک مرتبہ راستہ پر نظر میں ایک قزاق گھوڑے پر سوار ملا اور کہنے لگا تیرے پاس جو مال و متاع ہے وہ میں لوں گا اور تجھے ہلاک کروں گا تاجر نے کہا کہ مال لے لے اور مجھے چھوڑ دے اس لٹیرے نے کہا کہ مال تو میرا ہی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی پہلے تجھ کو قتل کروں گا سوداگر بے چارے نے کئی مرتبہ عاجزی سے منت سماجت کی مگر وہ باز نہ رہا۔

جب اس نے دیکھا کہ یہ ظالم مارے بغیر نہ رہے گا تو اس تاجر نے اتنی مہلت مانگی کہ میں نماز ادا کر لوں پھر اپنا کام کیجیو اس نے امان دی تاجر نے وضو کیا اور چار رکعت کی نیت کر کے نماز پڑھی اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَاَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰی خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ تین مرتبہ پڑھی تھی کہ ناگہاں ایک سوار سبز کپڑے پہنے ہوئے ہاتھ میں ایک نور کا حربہ لیے ہوئے آ پہنچا۔ قزاق نے سوار کو دیکھ کر اس کی طرف رُخ کر کے دوڑا۔ سوار غیبی نے قزاق کو گھوڑے سے گرایا اور سوداگر سے کہا کہ اس کو قتل کر کر سوداگر کہنے لگا کہ میں نے آج تک کسی کو نہیں مارا آخر یہ کہ اس غیبی سوار نے اس ظالم کو مار ڈالا۔ اور سوداگر کہنے لگا کہ میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب تو نے پہلی مرتبہ دعا پڑھی میں نے ایک کڑک کی آواز آسمان میں سُنی سمجھا کہ کوئی امر حادث ہونے والا ہے پھر دوسری مرتبہ جب تو نے دعا کی تو دروازے آسمان کے کُھل گئے اور ان سے مثل آگ کے

چنگاری اُڑتی تھی پھر تیسری مرتبہ جب تو نے دعا کی تو حضرت جبرئیل آسمان سے اُترے اور بتلا کی کہ کوئی مظلوم کی خبر لینے والا ہے۔ آخر مجھے حکم ہوا اور تو جان لے کہ یہ دعا جو کوئی اپنی سختی و تکلیف و بلا کی دشمن کے لیے پڑھے حق تعالیٰ اس کی دستگیری کرے گا۔ جب کہ وہ سوداگر واپس مدینہ طیبہ آیا اور حضور پُر نور میں حاضر ہوا۔ اور تمام اپنا ماجرا عرض کیا۔ حضور محبوب ربِ غفور نے فرمایا کہ اسمائے حسنہ میں سے ایک دعا ہے اس سے جو شخص دعا کرے گا ضرور قبول ہوگی۔

حضرت امام بونی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب شمس المعارف میں لکھتے ہیں کہ کوئی ظالم کسی عاجز و غریب اکیلے و تنہا پر ایسا ظلم کرے کہ زندگی اس کی تنگ ہو چکی ہے تو اپنی مجبوری اور بے بسی کی حالت میں اس دعا کو جس قدر ہو سکے نہایت عاجزی سے پڑھے حضرت امام بن ادریس خوارزمی فرماتے ہیں کہ اس دعا کے پڑھنے سے فرشتے کانپ جاتے ہیں اور ایک آواز گرج جیسی ہوتی ہے اور کڑک معلوم دیتی ہے اور ایک سوار نیزہ چھپا ہاتھ میں لیے نمودار ہوتا ہے اور اس ظالم کو ہلاک کرتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِیُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ یَا ذُوالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَالْمُلْکَ الَّتِیْ لَا یُضَامُ یَا مَنْ عَلٰی نُوْرِہٖ اَنْ کَانَ دعَرْشِہٖ اَغِثْنِیْ پڑھ کر تین مرتبہ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ پڑھے اور پھر ایک مرتبہ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

دشمن ہلاک ہو جائے

کسی کے ظلم سے اتنا تنگ ہو کر زندگی دشوار ہو اور اس کے ہلاک ہوئے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا تو بے حد مجبور ہونے پر یہ کرے کہ سیسے کی ایک چوکھونٹی تختی بنا وے اور اس پر یہ وفق بسم اللہ شریف لکھ کر بعد میں اس شخص کا نام لکھے اگر نام میں اس کے محمد ہو تو نام نہ لکھے فرضی نام تجویز کر کے لکھ دے لکھنے کے بعد سرخ لہسن

اور ہینگ کی دھونی دے کر ایسی جگہ دفن کرے جہاں ہمیشہ آگ جلتی رہتی ہو تختی کو آگ سے اس قدر نزدیک دفن نہ کرے کہ جلدی پگھل جاوے کیوں کر اس کے پگھلتے ہی وہ شخص جلدی سے مر جائے گا تو خدا تجھ سے بدلہ لے گا دیر میں پگھلے گا یعنی جس قدر گرم ہو گا وہ ظالم اپنے ظلم سے باز رہے گا اور مہربانی کرے گا۔

وفق یہ ہے

اس وفق میں جہاں فلاں لکھا ہے

بسم	الله	الرحمٰن	الرحیم	فلاں
الله	الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم	الله
الرحیم	فلاں	بسم	الله	الرحمٰن
فلاں	بسم	الله	الرحمٰن	الرحیم

وہاں اس شخص کا نام لکھے

غرضیکہ تختی آگ سے دور دفن کرے تاکہ گرم رہے۔

جس وقت یہ وفق لکھ لیوے تو اس دعا کو سات سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ فُلَانٍ (یہاں نام اس شخص کا لیا جاوے) اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اِنَّہٗ کَانَ یَرْجِعُ عَمَّا ھُوَ فِیْہِ فَاھْدِہٖ وَوَفِّقْہُ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ لَا یَرْجِعُ فَاَنْزِلْ عَلَیْہِ بَلَاءَکَ وَسَخَطَکَ وَغَضَبَکَ وَاَھْلِکَ یَا قَاھِرُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰہُ ایک دفعہ آخر میں اس کا ترجمہ بھی ایک ایک حرف پر دل لگا کر پڑھے۔ اے اللہ تیرے نام پاک سے شروع کرتا ہوں تو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ساتھ نام اللہ کے

جو زندہ اور قائم ہے جس کے واسطے گردنیں جھک گئیں اور آوازیں نرم ہو گئیں اور دل اس کے خوف سے ڈر گئے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ اور ان کی اولاد پر درود اور سلام نازل فرما اور فلاں (نام اس شخص کا لیا جاوے) کی نسبت میری حاجت پوری کر دے۔ اے اللہ تو جانتا ہے کہ اگر وہ اپنی برائی سے باز آ جائے گا تو اس کو ہدایت کر اور توفیق دے اور اگر تو جانتا ہے کہ وہ باز نہ آئے گا پس تو اس پر اپنی بلا اور غصہ اور غضب نازل فرما۔ اے قہر والے۔ اے قدرت والے اے اللہ۔

دشمن کو شدید تکلیف پہنچانا

انسان کے جس اعضا کا نام لیا جائے گا اسی حصہ جسم سے خون بہنے لگے گا۔

ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس آیت فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ نَفْخَۃٌ وَّاحِدَۃٌ وَّ حُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً فَیَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَھِیَ یَوْمَئِذٍ وَّاھِیَۃٌ ط کو سیسے کی تختی پر ایک طرف لکھے اور دوسری طرف نقش جو نیچے لکھا جاتا ہے جب کہ قمر عقرب میں ہو (اس کا پتہ جنتری سے لگے گا اس میں لکھا ہوا ہوتا ہے) شنگرف رومی باریک پیس کر پانی میں گھوٹ کر اس سے لکھے بعد میں اس کا نام اور اس کی ماں کا لکھے۔ پھر اس تعویذ کو کسی چھوٹی یا بڑی نہر کے بہاؤ پر جو مشرق (یورپ) کی طرف بہہ کر جاتی ہو کسی چیز میں بند کر کے سرخ تاگے سے باندھ کر پانی میں ایسے لٹکا دے کہ بہہ نہ جاوے پانی کے اوپر تیز تر رہے۔ اگر بہہ جائے گا تو وہ شخص مر جائے گا اور خدا کے ہاں مظلمہ ہوگا اور سات روز سے زیادہ پانی میں پڑا نہ رہنے دے۔

اور جب اس کا خون روکنا منظور ہو تو اس تختی کو پانی سے نکال کر سیسے کے اوپر سے حروف مٹا دے یا پانی سے دھو ڈالے اور آیۃ الکرسی اور سورہ قل ہو اللہ

اور قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس کاغذ پر لکھ کر اس شخص کو پلا دے۔

نقش یہ ہے جو تختی کے پشت پر لکھا جاتا ہے۔



دشمن برباد ہو جائے

اعداؤں کی مقہوری دشمنوں کی خرابی کے لیے مجرب ہے۔ آدھا مہینہ چاند کا گزر جانے پر جو دن ہفتہ کا آئے اس روز ٹھیک بارہ بجے دشمن کے مکان کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور پڑھتے وقت نمک کی ڈلی منہ میں ڈال لیوے۔ پھر سات مرتبہ یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ سَیِّدِا الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ بِسْمِ اللّٰہِ قَھَّارِیْ بِسْمِ اللّٰہِ جَبَّارِیْ اور پھر یہ اسم دو سو مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ یَا قَاھِرُ بِالْقَھْرِ فِیْ قَھْرِ قَھْرِکَ یَا قَھَّارُ اس کے بعد پھر سات مرتبہ اوپر والا درود پڑھے جب تمام ہو جائے تو دونوں ہاتھ الٹے کر کے

دونوں ہاتھ کی پیٹھ پر تین مرتبہ پھونک دے کر تین ہی مرتبہ زمین پر الٹے ہاتھ دے دے
مارے ہم روز اسی طرح کرے دشمن خوار ہو یا مہربان ہو جائے۔

دشمن کو خوار کرنا

واسطے خواری دشمن اگر اسم یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالطُّرُقِ ایک سو ستر بار پڑھے اور ہر بار دشمن کا نام لیا جائے عجب نہیں کہ اسی وقت یا اسی ہفتہ میں یا مہینہ میں یا زیادہ سے زیادہ اسی سال میں خوار ہو جائے۔

دشمن ذلیل ہو

کورے ٹھیکرے پر سورۂ فیل تمام لکھے اور دو ٹکڑے کر کے ایک دشمن کے گھر میں اور ایک پرانی قبر میں گاڑ دے اس کو ذلت ہوگی۔

دشمن کو بیمار کرنا

اگر ایک آبخورے کے ۶۳ ٹکڑے کر کے ہر ٹکڑے پر سورہ تبت بغیر بسم اللہ کے ایک بار پڑھے اور دشمن کے گھر میں کل ٹھیکریاں ڈالے تباہ و بیمار ہو جائے۔

دشمن کو پریشان کرنا

جس کے دشمن بہت ہوں یہ اسم آدھی رات کو اکتر بار تین دن تک پڑھے اور چولہے کی خاک پر دشمن کے گھر کی طرف اڑا دے اور اس کا نام لیتا جائے یَا قَہَّارُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ یَا قَاہِرُ۔

دشمن کو برباد کرنا

درمیان دو قبروں کے دوپہر کے وقت ۱۱ بار ہر روز پڑھے خوار ہو جائے۔

اَللّٰہُمَّ شَتِّتْ شَمْلَہُمْ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَانْکُسْ اَعْلَامَہُمْ
یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَفَرِّقْ جَمْعَہُمْ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَاَحْبِطْ اَعْمَالَہُمْ
یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَحَوِّلْ اَحْوَالَہُمْ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَطَوِّلْ اٰخِرَانَہُمْ

یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَقَلِّلْ اَعْمَالَہُمْ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَخَرِّبْ بُنْیَانَہُمْ
یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَقَرِّبْ اٰجَالَہُمْ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ وَاشْغَلْہُمْ بِاَبْدَانِہِمْ
یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ فَاَخَذْنٰہُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ بِقُدْرَتِکَ یَا قَدِیْرُ
بِقَہْرِکَ یَا قَہَّارُ اَہْلِکْہُمْ کَاِہْلَاکِ شَدَّادٍ وَاَغْرِقْہُمْ کَاِغْرَاقِ
فِرْعَوْنَ یَا قَہَّارُ بِقَہْرِکَ تَقَہَّرْتَ بِالْقَہْرِ وَالْقَہْرُ فِیْ قَہْرِ قَہْرِکَ
یَا قَہَّارُ۔

دشمن کی ہلاکت کے لیے

یہ ایک نماز ہے جو دشمنوں اور ظالموں اور سرکشوں کی ہلاکت کے لیے پڑھی جاتی ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ نیت کرے دو رکعت نماز کی اس طرح سے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ الْقَتْلِ الْفُلَانِ فلاں کی جگہ نام لیا جائے خواہ ایک ہو یا چند شخص مُتَوَجِّہًا اِلٰی جِہَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پھر تین مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاہِرِ وَہَالِکِ الْاَعْدَاءِ الظَّالِمِ پھر ایک مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ وَمِنْ شَرِّ الْاَعْدَاءِ وَمِنْ غَضَبِ الْجَبَّارِ الْعِزَّۃُ لِلّٰہِ پھر بسم اللہ اور سورہ الحمد پوری پڑھ کر سورہ الم ترکیف تین مرتبہ پڑھے اور رکوع میں جا کر تین مرتبہ پڑھے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْقَہَّارِ اور سجدہ میں تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْجَبَّارِ پڑھے۔ اور پھر دوسری رکعت معہ بسم اللہ اور سورہ الحمد پڑھ کر رکوع اور سجدہ میں وہی اوپر والے الفاظ ادا کرے اور التحیات و دعا پڑھ کر سلام پھیرے بعد سلام سجدہ میں جا کر اکتالیس مرتبہ یہ دعا پڑھے یَا قَاہِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ یَا قَاہِرُ پھر اپنی ٹوپی یا پگڑی سر سے اتار کر زمین پر مارے اور اپنی زبان سے کہے الٰہی فلاں (نام اس شخص کا) کہ ظالم کو مارتا ہوں تیری عظمت قہر قہار سے۔ الٰہی تو اس کو اس دنیا سے اٹھالے لیکن خدا

کا خوف بھی مدنظر رہے۔ اس میں ہی نہیں بلکہ جو عمل دشمنوں کی ہلاکی اور نقصان رسانی کا کیا جاوے ایسی جگہ ہو جہاں کوئی اپنا عزیز نہ آتا ہو۔ اور پڑھنے کے بعد بھی نظر کسی عزیز پر نہ پڑے ہفتہ کا دن اور دوپہر کا وقت ٹھیک اور آخر مہینہ چاند کا ہو۔ اگر شروع مہینے کرے گا خود نقصان اُٹھاوے گا۔

دشمن کا پیشاب بند ہوجائے

دشمن کا پیشاب بند ہوجائے منحوس ساعت ٹھیک دوپہر کے وقت آخر مہینے چاند میں انڈے کے چھلکے پر قلم نیا بنا کر سیاہی سے انا اعطینا لکھے۔ جس کسی مرد یا عورت کا پیشاب بند کرنا ہو اس کا نام اگر مرد ہو تو اس کے باپ کا نام اور اگر عورت ہو تو اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔ اور نوشادر اور حب النقل اور مرچ سیاہ تینوں کو ملا کر آگ پر جلاوے اور اس کا دھواں تعویذ کو دے کر پھر ایک سرخ کپڑے میں لپیٹے اور چولھے میں آگ جلنے سے زیادہ نیچے دفن کرے تاکہ جل نہ جاوے اور دفن کرتے وقت زبان سے کہے کہ فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کا پیشاب بند ہو جاوے ساتویں دن چولھے سے نہ نکالا گیا تو وہ شخص مر جائے گا ترکیب لکھنے اس طرح پر ہے۔

دشمن کی نیند ختم ہوجائے

ا ن ص ل ل ر ب ك و ا ن ح ر
اعطين ا ن ش ا ن ع ل
الكوثر هو ال ا ب ت ر

دشمن کو نیند نہ آئے جس وقت اُلّو مرتا ہے یا اس کو ذبح کیا جاتا ہے تو ایک آنکھ اس کی کھلی رہتی ہے۔ پس وہ کھلی آنکھ جس کے سرہانے رکھ دے یا اپنے ہی پاس رکھے تو اُس کو بالکل نیند نہیں آئے گی۔

دشمنوں میں باہمی لڑائی ہوجائے

دشمنوں کی جماعت میں نااتفاقی پیدا

کرانی ہو تو ان اسماء کو یا بادوح یا طلمیا شوما۔

ایک پتھر کے ٹکڑے پر لوہے کے قلم سے کندہ کرکے آگ کی بھٹی میں اس پتھر کو گرم کرکے کتے کو یہ پتھر مارے اور پتھر پھینکتے وقت یہ آیت پڑھے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَشْعَلَهَا بَیْنَهُمَا الشَّیْطٰنُ یَوْمَئِذٍ یَّتَفَرَّقُوْا پھر ان لوگوں کے بیچ میں پھینک دے جو برائی کرنے پر اور لڑنے مارنے پر آمادہ ہوں۔ اس پتھر کے پھینکنے میں وہ تاثیر پیدا ہو کر وہ مجمع آپس میں لڑ کر منتشر ہوجائے۔

دشمنوں کے مابین عداوت ہوجائے

یہ تعویذ دشمنوں میں بغض و عداوت پیدا کرنے کے لیے بہت آزمودہ ہے مخالف دشمنوں میں کیسی ہی دوستی ہو دشمنی ہو جاتی ہے۔ درخت آکھ کے ۲۱ پتوں پر یہ نقش دوپہر کے وقت آخر مہینہ کے ہفتہ والے روز لکھے اور پتے نقش لکھے ہوئے پر دوسری طرف البغض فلان بن فلاں علی بغض فلان بن فلاں عداوت و نفرت ہو جاوے اور پھر مریخ کی ساعت میں ان کو جلاوے جو پہلے حصہ میں ساعت بتلائی ہے۔ نیچے کا تعویذ یہ ہے۔

دشمن پر غنودگی طاری کرنا

٧٨٦

٧٧٧٨	٧٧٧١	٧٧٧٦
٧٧٧٣	٧٧٧٥	٧٧٧٧
٧٧٧٤	٧٧٧٩	٧٧٧٢

یہ منظور ہو کر دشمن سویا ہی رہے تھوڑی مٹی پرانی قبر کی لے کر سات مرتبہ یہ آیت شریف پڑھے اور اس مٹی پر دم کرے اور دشمن جس وقت سویا ہو اس پر ڈال دے وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِیْدُ ط

دشمن کو برباد کرنا

دشمن کے لیے یہ منظور ہو کہ اس کی دنیوی زندگی تکلیف

سے بسر ہو دو پرانی قبروں کے اندر کی مٹی لادے۔ اور سورۃ یٰسین معہ بسم اللہ ایک بار پڑھے اور اس کا گولا بنا کر دشمن کے مکان کی دیوار پر مارے اس کے رزق کی کمی ہوجاوے گی اور نہایت تنگی سے زندگی اس کی گذرے گی۔

زبان بندی کے لیے

بدگویوں کی زبان ایسی بند ہوجاتی کہ بات تک نہیں کی جاسکتی۔ ہرن کی جھلی لاوے اور ذرا سی مشک وزعفران کو گلاب میں گھوٹے اور اگر کی لکڑی کا قلم بنا وے لکھتے وقت یہ ہی اگر کی لکڑی کی دھونی جلاوے۔ شمس کی ساعت اور اتوار کے دن آخر ماہ میں کاغذ پر لکھے۔ لکھنے کے بعد بھی پھر اگر کی دھونی کا دھواں دیوے اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے عمامے اور پگڑی یا دوپٹہ کے سر سے پر باندھ لے یا ٹوپی میں آگے کی طرف رکھ لیا کرے نا پاکی میں نہ لے جاوے جس کے لیے اس کی زبان بند ہوجائے کسی قسم کا شک ہو تو اس تعویذ کو کسی بکرا بکری کے گلے میں باندھ دیوے اور پھر اس کو ذبح کرے چھری اس کے گلے کو نہ کاٹ سکے جب تک اس کو نہ کھولے لکڑی اگر دیسی دوا فروشوں سے ملتی ہے۔ پہلے یہ طلسم لکھے ورح ۸ ۸ ۷ ااا ط ا ا ۴ ا ۶۸ ا ا لا ۶ اااا

ااا ۶ ا ا ۸ ۸ ھ لا ع ااا ن ن کان ۲۱ ح ا ا

پھر یہ آیات لکھی جائیں۔ اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ عُوْتَ لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی اِنِّیْ لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غَالِبُوْنَ وَعَلَی اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ اَقْبِلْ یَا فُلَانَ بْنَ فُلَانَةَ یہاں پر نام اس کا اور اس کے باپ کا لیا جائے كَمَا اَقْبَلَ الْخَطِیْبُ عَلَی الْمِنْبَرِ وَالسُّلْطَانُ عَلَی الْعَسْكَرِ عَقَدْتُ لِسَانَ مِنْ مُّخَاصِمَةٍ وَلِسَانَ

مؤمنی

كُلِّ نَاطِقٍ لَا یَتَكَلَّمُوْنَ فِیْ حَامِلِ كِتَابِیْ هٰذَا اِلَّا بِخَیْرٍ اَوْ یَصْمُتُوْنَ صُمٌّ صُمٌّ بُكْمٌ بُكْمٌ بُكْمٌ عُمْیٌ عُمْیٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ جَعَلْتُ حَامِلَ كِتَابِیْ هٰذَا مُؤَیَّدًا مَنْصُوْرًا عَلٰی كُلِّ اَحَدٍ كَمَا نَصَرَ اللّٰهُ نَبِیَّهٗ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَلٰٓئِكَةِ وَجِبْرِیْلُ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَمِیْكَائِیْلُ عَنْ شِمَالِهٖ وَاِسْرَافِیْلُ مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِهٖ وَاَسْمَاءُ اللّٰهِ مُحِیْطَةٌ بِهٖ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ مَاهَتْ بَاهَتْ نَاهَتْ حَتْ تَحْتَ الظُّلْمَةِ مَا مُحَمَّدٌ اَهْلَهٗ اَقْبِلْ نَابِیًا مَنْصُوْرًا مُؤَیَّدًا بِالْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط

دشمن کی زبان بندی

برائے عقد اللسان یعنی زبان بندی دشمنوں اور حاسدوں کے واسطے نہایت مجرب ہے اس عمل کو نہایت ہی سخت ضرورت ہو اور بہت ہی کسی سے تکلیف پہنچتی ہو۔ رات دن دشمنوں کی ایذا رسانی سے زندگی تنگی سے بسر ہوتی ہو۔ اس وقت یہ عمل کام میں لایا جائے خواہ مخواہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائی جائے جیسا کہ حضرت شیخ سعدی رحؒ نے فرمایا ہے ؎

نکوئی بابداں کردن چنان است ۔۔۔ کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

ترکیب اس کی اس طرح پر ہے کہ روز چہار شنبہ اور دوشنبہ یعنی بدھ اور پیر کے دن عطارد یا قمر کی ساعت میں کاغذ پر یہ نقش لکھے۔

یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا قَابِضُ یَا اِسْرَافِیْلُ

۳۰۰	۳۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

اور نقش کی پشت پر یعنی دوسری طرف یہ عبارت لکھے بستم زبان ہوش گوش فہم عقل دل وشش

حد و شصت اعضاء بدن فلاں ابن فلاں از بد گفتن و بد خواستن و شر و فساد کردن و تہمت گرفتن و غمازی کردن علیٰ فلاں ابن فلاں بستم بستم بحق ہفت آیتہ صُمٌّ بُکْمٌ و بحق اسم قابض زبان ہمہ دشمنان بستم بستم پھر اس نقش کو لپیٹ کر تعویذ بنا کر اوپر سے موم لپیٹے دشمن اگر کوئی مرد ہے تو نر بکرے سیاہ کی سری لے کر اس کی زبان کے نیچے اور اگر کسی عورت کی زبان بند کرنی ہو تو کالی بکری کی سری لے کر اس کی زبان کے نیچے تعویذ کو رکھے اور پانچ کیل لوہے کی نئی بنی ہو چھوٹی چھوٹی پھلی دار لے کر ان میں سے ایک پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھے اور اپنے دشمن کا نام لیوے اور اگر عامل کسی دوسرے کے واسطے کرتا ہے تو وہ اس دشمن کا نام لیا کرے اور اس کیل کے اوپر دم کرے اور کیل کو بکری کے منہ پر ایسا گاڑے، کہ تعویذ پر کیل نہ لگے لوہے کے ہتھوڑے سے کہ دونوں ہونٹ سے پار ہو جائے۔ کیل گاڑتے وقت ہفت آیت پڑھے جو آخر میں لکھی جاتی ہے اور وہ تعویذ باہر نہ نکل جائے پھر دو کیلوں پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر پھونک دے اور بکری کی ناک کے دونوں سوراخوں کے اوپر جو دائیں اور بائیں طرف پردہ ہے ان میں ایک ایک کیل ٹھونک دے اور گاڑتے وقت وہی ہفت آیت پڑھتا رہے۔ پھر اور کیل لے کر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور نام دشمن کا لے کر اور ہفت آیت پڑھتا ہوا دونوں کانوں میں ٹھوک دے۔ پھر اس سری کو ایک گز باریک کپڑے میں لپیٹ کر دریا ہو تو دریا کے پانی میں ڈال دے دریا نہ ہو تو گہرے تالاب یا بہت نیچے کنویں میں ڈال دے۔ اسی طرح دوسری سری پر دوسری مرتبہ دو شنبہ والے دن کرے جس دشمن کے لیے کیا جاوے گا وہ کچھ بات نہیں کر سکے گا۔ دشمن تو کیا حقیقت رکھتا ہے اس عمل سے چڑھتا ہوا دریا بھی بہنے سے رک جاتا ہے اس عمل کے کرنے سے پہلے موکلوں کی نیاز کسی شب بیع پر دلا کر نماز پڑھنے والے مردوں کو تقسیم کر دی جائے اور

کچھ آپ بھی کھا لیوے اگر عمل کرنے والا یا کرانے والا مالدار ہو تو وہ اپنے مال میں سے روپیہ پیسہ اور کپڑا غریبوں کو خدا کے واسطے ضرور دے دیوے۔ تا کہ آپ بلا سے محفوظ رہے اور اگر مالدار نہیں ہے تو تھوڑا سا ہی روپیہ پیسہ غریب محتاجوں کو دے دے۔ وہ ہفت آیت ہیں۔

۱ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَسْتَقْعُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔

اس نقش کے ہندسے بھرتے وقت بلکہ جو تعویذ بھی لکھا جاوے اپنا سانس روک کر لکھے۔

دشمن خوفزدہ ہو جائے

خشمگیں باشد بر تو حاجب یا کہ شاہ ۔ دار با خود ایں زبان بندی نگاہ

ایں چنیں فرمودہ اند حکمائے روم ۔ گر بگیر د چشم چپ را خود زبوم

چرم آہو ہم بر وئے سر فرانہ ۔ در میان نقرہ کن تعویذ سازنہ

۲۔ غضبناک ہو تجھ پر حاجب یا کہ شاہ ۔ اس زبان بندی کو رکھ اپنے پاس

اس طرح روم کے حکما فرماتے ہیں ۔ الّو کی بائیں آنکھ لاوے

ہرن کے چمڑے میں اس کو لپیٹے ۔ اور چاندی کے تعویذ میں رکھے

ایں اگر در بازوبیت دائم بود ۔ شیر نر از حول تو روبہ شود

ناگہاں در پیش قاہر چوں زردی ۔ سر خرو گردی و با عزت شوی

ترجمہ۔ اس تعویذ کو ہمیشہ اپنے بازو پر باندھے رہے ؛ شیر نر کی آواز سے بھیڑیا جیسے ڈرتا رہے
یکایک اس قاہر شخص کے پاس جا وے ؛ اسی طرح وہ ڈرے اور عزت سے پیش آوے

عمل خواب بندی نیند نہیں آتی

کوئی شخص کسی کے ساتھ ظلم کرتا رہے اور وہ کسی طرح باز نہ رہے تو اُس کے لیے یہ عمل کرے اُسے نیند نہیں آئے گی اُس کے ظلم کا بدلہ یہی کافی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ عقدة نوم فلان بن فلان (اُس ظالم اور اس کے باپ کا نام) الحمد لله عقدت نوم فلان فلان بحق رب العلمين عقدت راسه بحق الرحمٰن عقدة شعره بحق الرحيم۔ عقدة عينه بحق مالك يوم الدين عقدة اُذنيه بحق اياك نعبد عقدة لسانه بحق اياك نستعين عقدة وجهه بحق اهدنا الصراط المستقيم عقدت يديه بحق صراط الذين عقدت قلب بحق انعمت عليهم عقدت فرج يا دبر بحق غير المغضوب عليهم عقدة ساقه بحق ولا الضالين عقد رجيه بحق امين عقد قراره وسكونه من الراس الى الوجلين بالله وبحكم الله عزوجل عقدة النوم فلان بن فلان۔

اگر ظالم کو پریشان کر کے اپنے ظلم بدلہ اسی طرح لے لیا جائے اور زیادہ کوئی تکلیف ہلاکی وغیرہ نہ پہنچاوے۔ اور اگر اُس سے دوستی پیدا کرے کہ وہ ظلم سے باز آجاوے اور صرف اس کی نیند کوئی دن اوچاٹ رہا کرے تو فلان بن فلان جو پہلے لکھا ہے۔ نمبر ایک اس کی آگے یہ اور لکھ دیوے علی حب فلان بن فلاں۔ یعنی اُس کا نام اور اس کے باپ کا نام لکھے۔ اور آخر میں نمبر ۲ فلان بن فلاں سے آگے اپنا اور اپنے باپ کا نام لکھے پھر اس تعویذ کو تہ کرکے پاک زمین پر رکھے اور اس کے اوپر ایک گل میخ یعنی چوڑے سر کی کیل لوہے کی رکھے اور قل اعوذ برب الناس کو پڑھنا شروع کرے تو جس وقت پہلے ناس پر پہنچے تو ہتھوڑے کی ایک ضرب کیل کے اوپر مارے اسی طرح اور پانچوں ناس پر ہتھوڑے کی ضرب لگاوے ان ضرب میں کیل اور تعویذ زمین میں گھس جاوے پھر اُس پر گیارہ مرتبہ یہ پڑھ کر اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمۡ مَّيِّتُوۡنَ پھر جو پڑا ہے کی مٹی سے سوراخ کو بند کر کے اُس پر ایک پتھر رکھ دیا جاوے جب اُس سے صلح ہو جائے یا اُس کی تکلیف دور کرنی منظور ہو تو اُس تعویذ کو نکال کر کسی ہوادار جگہ میں رکھ دیا جاوے صحیح وسالم ہو جاوے یہ عمل وہ کیے جو نماز کا پابند اور قرآن خوان ہو۔

جادو کا بیان

جادو سے بے آئی موت ہلاکت ہوتی موٹھ و گھات چلتی۔ عمر عمر زندہ در گوری سے گذرتی اپنے بچپنے سے سنا جاتا ہے کہ جادو برحق اور کرنے والا کافر۔ اس سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ جادو درحقیقت کوئی علم یا کوئی چیز ہے قرآن شریف اور شرعی کتابوں سے بھی جادو و سحر ثابت ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جادو کیا جانا پہلے حصہ میں لکھا گیا ہے۔ ہندوستان میں ہندؤں کی ذلیل قوموں میں بھی جاہل۔ کولی۔ چمار بھنگی وغیرہ جو یہ نہیں جانتے کہ ہم کسی کو بلا وجہ دکھ دیں گے یا ہلاک کریں گے اس کی کیا سزا پائیں گے محض روپیہ کمانے کے لالچ کو مدنظر رکھتے ہوئے دوسروں کو نقصان پہنچاتے یا مار ڈالتے ہیں اور اس کے لیے ہولی اور دیوالی دسہرہ وغیرہ کی راتوں میں اپنے مذہبی دیوی، دیوتاؤں کو مسان و جہاں کہ ہندو مردے پھونکے جاتے ہیں) میں جاتے، شراب وغیرہ پاس رکھتے ہیں تنتر منتر پڑھ کر اُن کو جگاتے اور ان سے کام لینے کا وعدہ لے کر چلے آتے ہیں بہت سے ایسے مکار ہوتے ہیں کہ جن کو کچھ نہیں آتا اپنے کو شہرت دیتے اور ایک لوہے کا کڑا اپنے ہاتھ میں پہن لیتے ہیں تاکہ دنیا والے یہ جانیں کہ یہ جادو کرتے اور جادو

اُتارتے ہیں۔ غرضمند اُن کے پاس جاتے ہیں۔ کسی نے گیہوں کے دانے منگائے اور اُن کو دیکھ کر جو دل چاہا بہکا دیتے ہیں۔ کسی سے تمباکو کا سلفہ منگا کر پینے یا بیڑی منگاتے اور اُس کو سونگھ کر آل فل بک دیتے۔ جاننے والے ان کے کہنے کا اعتبار کر کے جو وہ بتاتے وہ کام کیا کرتے ہیں کسی کی کسی سے عداوت ہوتی ہے تو ان سے جادو کراتے ایک واقعہ اپنا دیکھا ہوا وہ یہ ہے کہ میرے اخی مکرم قاضی عبدالحی صاحب عرف منّو کو خیال ہوا کہ کسی نے جادو کر دیا ہے جو آئے دن بیمار رہتا ہوں۔ ایک شخص کو بلایا گیا کہ جو اس کام کا استاد بتایا جاتا تھا۔ اُس نے سات قسم کی شیرینی اور شراب اور مٹی کے ٹوٹے ہوئے برتن کا ٹکڑا اور ایک تلوار منگا کر رکھنے کو کہہ گیا۔ رات کو آیا اُس کرٹل میں پُتلہ جو خود بنا کر لایا تھا رکھا زمین مٹی سے لیپ کر اُس پر رکھا اور مٹی کا چراغ جلایا شراب چھڑکتا رہا۔ ایک طرف شیرینی رکھی۔ اور کہنے لگا کہ جس وقت میرے منہ سے ہو ہو کی آواز نکلے تلوار میرے منہ میں دے دینا چنانچہ وہ کچھ ایسے الفاظ پڑھنے لگا جیسے کہ ہندی زبان کے ہوتے ہیں۔ لونا چماری، کالی دیوی، ہنومنت بیر وغیرہ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کہہ کر جب کہ ہو ہو کرنے لگا تلوار اس کے منہ میں دے دی کہنے لگا وہ مارا وہ مارا جادو کرنے والے کو پکڑ لایا۔ اس کی یہی سزا ہے کہ اس کا سر تن سے جُدا کیا جاوے کچھ دیر بعد بے ہوشی جیسی سے اپنے آپ کو ہوش میں لایا اور تلوار کو مُنہ سے نکال کر زمین پر ڈال دیا۔ اور کہنے لگا کہ موذی کا کام تمام کر دیا۔ پانچ روپیہ دوطن کیا جائے گا۔ پانچ روپیہ اور شیرینی اور وہ کرٹل لے کر چلتا ہوا۔ بیماری میں دس بارہ دن بعد تک کچھ افاقہ نظر نہ آیا اور مہینہ سوا مہینہ بعد ریواڑی جا کر رحلت گزیں ہوئے۔ غرضکہ ایسے مکار زیادہ ہیں اور یہ فن ہے ضرور جوبندہ یا بندہ۔ طبّی کتب میں ایک کتاب معدن اکسیر

حکیم امام الدین صاحب پاکپٹنی دیکھنے میں آئی اس کی آخری جلد میں یہ چند طریقے احقر یہاں درج کرتا ہے اور جو صاحب یہ کہتے اور اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں کہ جادو کوئی چیز نہیں یہ اُن کی ناواقفی ہے بندہ کمترین نے لکھ تو دیئے لیکن اپنے برادران دین سے التجا ہے کہ آپ کو اگر کسی سے تکلیف پہنچی ہے تو آپ خدا کے فرمودہ فَمَنْ عُفِیَ لَہٗ پر عمل فرماتے ہوئے ان کو معاف کر دیجئے خدا کی طرف سے ان کو ان کے اعمال بد کی سزا کردنی خویش آمدنی پیش کے مصداق ضرور ملے گی۔ روپیہ حاصل کئے جانے سے بے کسی کو کوئی جان سے مار ڈالے گا وہ دنیا میں پھولا پھلا نہیں رہے گا وہ خود تباہ ہو جائے گا۔ آل اولاد سے پھل نہ پائے گا۔ دنیا کی زندگی چند روزہ ہے آخر مرنا ہے۔ ایسا شخص یہ نہ سمجھے کہ میں کسی کو ضرر پہنچا کر خوش و خورم رہوں گا۔ موت سے پہلے کسی عارضہ میں ایسا مبتلا ہو جائے گا کہ اپنی زندگی تنگ دیکھے گا۔ اور مر جانا بہتر جانے گا۔

کتاب ہذا کا حصہ دوم چوتھی مرتبہ چھپوانے پر ارادہ تو یہ ہوا تھا کہ ایسے عمل لکھے ہی نہ جائیں لیکن جن صاحبان نے پہلی جلدیں خریدی ہیں وہ یہ عملیات نہ دیکھیں گے تو دوسروں کو خریداری سے بدظن کرائیں گے اس لیے پہلی نقل مطابق اصل ہے۔

دشمن کا عضو بیکار کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ میرے دشمن کا کوئی عضو بیکار ہو جائے تو چاہئے کہ مٹی کو پانی میں ایسا گوندھے کر پتلہ اس دشمن کے جسم کا بن جاوے پتلہ بنا کر حروف تشعہ کو اس پر لکھے اور چاقو کے پچھلے حصہ سے جس حصہ کو بیکار کرنا منظور ہو اس پتلہ کا کاٹے وہی اعضا اس شخص کا بیکار ہو جاوے گا۔ لیکن عامل کو خدا سے ڈرنا ضروری ہے ناسبب اور خواہ مخواہ ہرگز تکلیف نہ پہنچاوے جو شخص شریعت کی رو سے واجب القتل ہو اسی کو ضرر پہنچاوے۔ حروف تشعہ یہ ہیں۔ سر۔ کتف راست کتف چپ۔ پہلو راست

پہلو چپ۔ دل۔ ران راست تا قدم۔ ران چپ تا قدم۔ عورت سے مراد عضو مخصوص اور اگر کسی عورت کو تکلیف پہنچانا ہو تو اس کی شرمگاہ کا پتلہ بناوے۔

دشمن کو بیمار کرنا

کسی کو بیماری میں سخت بیمار کرنا ہو تو ہفتہ کے دن زحل کی ساعت میں جسم اُس شخص کا موم کو سیاہی سے کالا کر کے پتلہ بناوے اور پہلی ساعت ہفتہ کے روز یہ طلسم نیل کے پانی سے کاغذ پر لکھے اور جسم کے درمیان میں اُس کو لگا دیوے پھر اس پتلہ کو معہ طلسم عورتوں کے ماہواری کو جہاں آگ جلتی ہو اس کے نیچے دفن کیا جاوے۔ وہ شخص مایوس العلاج بیماری میں بیمار ہو جاوے طلسم یہ ہے سہ ٥ ٥ وہ لعا ومہ لا حا صل دیسہ اح ص ع ٥ ع ص ٥ ٥ کا ما علوا صد اهبہ بہ بہ ۹۔

دشمن کی ہلاکت کے لیے

ہفتہ یا منگل کے دن آخر مہینہ میں مونگ کی دال اور چاول دونوں برابر کر ان کی کھچڑی پکاوے اور کھچڑی کے اوپر دہی ڈال کر گورستان میں جاوے اور تینتیس قبروں میں سے ایک ایک قبر پر ایک ایک لقمہ کھچڑی رکھے اور ہر قبر سے ایک ڈھیلا اُٹھاوے جب کہ ۳۳ ڈھیلے جمع ہو جاویں تو ایک کپڑا کوڑی (جہاں کہ غلاظت بھنگی بھنگن ڈالا کرتے ہیں) کا پڑا ہوا میلا خراب پہلے سے لے آوے اور اسی کی تھیلی بنا کر وہ ڈھیلے اس میں رکھ کر دشمن کی (انگنائی) میں کوئی موقعہ تنہائی دیکھ کر وہ تھیلی دفن کر دی جائے تھوڑے دنوں میں خراب اور تباہ ہو جائے اور اگر جلد نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ پھر یہی عمل کرے دشمن ہلاکی میں مبتلا ہو جاوے۔

دشمن کی بربادی

دشمن کا گھر ویران ہو جاوے جبکہ چاند چھٹی منزل میں ہو یعنی نکلنے کا چھٹا گھنٹہ گذر رہا ہو۔ مردے کی ہڈی دشمن کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے اور یہ کہے کہ یہ گھر ویران ہو جاوے تھوڑے

دنوں ہی گھر تباہ و برباد ہو جائے گا۔

دشمن کی موت

اور پہلی تاریخ میں مردہ گھوڑے کا سر لے کر اس کو چاقو سے خالی کرے اور مردہ کتے کی زبان اور سانپ کا سر اس میں رکھے اور دروازہ مکان دشمن کے دفن کرے جلدی مر جائے۔

جادو کو واپس لوٹانا

کسی طرح یہ معلوم ہو جائے کہ جادو ہوا ہے تو اس عمل کے ذریعہ اس جادو کو اس جادو کرنے والے کی طرف لوٹا دیا جائے۔ لیکن لوٹانے والے کو چاہئے کہ اس منتر کو پڑھ لے۔ تاکہ جو بیر اس منتر کے تابع ہیں وہ اس کے فرمانبردار ہو جائیں جس روز یہ جادو لوٹایا ہو اس دن سورج نکلنے سے پہلے نہاوے دھووے اور کسی ایسی جگہ بیٹھے کہ جہاں اور کوئی دوسرا شخص نہ آوے اور اپنے پاس آگ پر دھوپ جلا کر اس کی دھونی کرتا رہے اور کچھ پھول خوشبودار اور سات قسم کی شیرینی اپنے سامنے رکھے۔ اور جب تک یہ منتر پڑھتا رہے کسی سے بات چیت نہ کرے اور نہ وہاں سے اُٹھے اور گیارہ دفعہ منتر پڑھ کر اپنے بائیں ہاتھ کی انگلی انگوٹھے کے پاس والی پر پڑھ کر پھونک لے اور اپنے چاروں طرف تین لکیریں گول حلقے کی طرح کھینچ لے اور اپنے ماتھے پر سیندور کا ٹیکہ جس کو تلک کہتے ہیں لگائے وہ منتر یہ ہے۔

ہاتھ بسے ہنومنت بسے بھیروں بسے۔ تلا جو ہنومنٹ کا ٹیکہ کرے موہے
جگ سنسار جو آئے مار مار کرتا جو دریکھے پائے لگنا ہنومنت بیر۔ پنجہ
دے رہے بیر چھاتی توڑے۔ اوگنیا بیر مار بھسمنٹ کرے اس کو نرسنگھ
بیر پرگھٹ ڈگامے بھیروں بیر آن پھرتی رہے جو ہمارے اوپر گھاؤ کھائے
الٹ ہنومنت بیر مارے۔ جل باندھوں پھل باندھوں۔ انرنا یا من باندھوں

تن باندھوں باندھوں کٹم اور کایا چیت چیت رہے پرانی ہنومنت کی اگن۔
پانی ہو جائے مہاراج وہراج بابا صاحب ہمت کے پوت وہرم کے
تمہارا ہی آسرا ہے۔

جادو لوٹانے کا عمل

جادو دور ہونے والا جو سامان ہے وہ پہلے سے لاکر رکھ لیا جاوے اور دریا یا ندی کے کنارے سے تھوڑی مٹی لاکر اس کا پتلہ بناوے اور وہ ایک کڑیل یعنی ٹھیکری میں رکھا جائے اور اسی ٹھیکری میں ایک ایک پتہ درخت بڑ۔ پیپل اور گولر اور آم کا بچھادیں اور اس کے اوپر کچھ پھول خوشبودار رکھیں اور اس پتلہ کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالیں اور کل پتلہ پر گیرو پیسکر ملایا جاوے اور سیندور کا ٹیکہ اس پتلہ کے ماتھے پر لگایا جاوے اور کچھ گلگلے اور بڑے بتاشے رکھے جاویں۔ اور تھوڑے آٹے اُرد گندھے ہوئے کا چراغ بنادیں جس کو چومک کہتے ہیں۔ پھر اس میں تھوڑا تیل سرسوں کا اور چار بتی ڈال کر روشن کریں اور پتلہ کو ایک طرف رکھیں اور پتلہ کے آگے ایک بیڑا پان کا رکھا جائے پھر اس ٹھیکری کو سات سات دفعہ بیمار کے اوپر سر سے پاؤں تک اُتار کر آبادی سے باہر گھر سے پورب کے رُخ لے جاکر جنگل میں میدان کے اندر یا۔ دریا ہو تو دریا کے کنارے رکھ آدیں۔ لے جانے والا پیچھے مڑکر نہ دیکھے۔ وہ ٹھیکری لے جانے والا وہی جادو اُتارنے والا ہو۔ جب کہ اس ٹھیکری کو بدن پر سے اُتارے اس وقت اس یہ منتر سات بار پڑھے خواہ کتاب سے دیکھ کر پڑھے یا زبانی منتر یہ ہے سونگ چکر کی پاڈری گل موتیوں کا ہار پدمنی نیکلی لنکا کرے جو ہار تنکا ماتوت سمندر سے سوکھائی چلو۔ چوکی راجہ رامچندر کی دہائی۔ کون بیر چلے۔ گستاخی بیر چلے۔ مستانی بیر چلے سوکھا چلے۔ سوا ہاتھ زمین کو سوکھنت کرتی چلے جل کو سوکھنت کرے۔ تھل کو سوکھنت کرے۔ پانی کو سوکھنت کرے لگانی کو سوکھنت کرے۔ چوڑی کو سوکھنت کرے۔ چڑیل کو سوکھنت کرے۔

بھتنی کو سوکھنت کرے۔ بھوت کو سوکھنت کرے۔ پلید کو سوکھنت کرے، پلید کو سوکھنت کرے مٹی کی گرج چلے۔ شو کا چکر چلے۔ نہیں چلے تو مدد سوکھا کرے نہیں کرے تو ماتا کا چوسا دودھ حرام کرے شبد ساچا چلو منتر ایشر باچا۔ بعد میں کہے کہ جس نے جادو کیا ہے اس پر یہ ٹھیکری لوٹ جائے۔ چالیسویں دن وہ جادو کرنے والا اپنے کئے کی سزا پائے۔

اہل اسلام کو جائز نہیں کہ کفار و مشرکین کے منتروں اور ان کے دیوتاؤں سے مدد چاہیں یہ عقیدہ شریعت کے خلاف ہے خدا جانے ہو یا نہ ہو اور ایمان میں بھی خلل آئے۔ اپنی شریعت اسلامی میں سب کچھ ہے ملاحظہ فرمایئے۔

عمل کی مدت

از علمائے شریعت اور فقرائے طریقت برائے رُوجادو یعنی جادو جس نے کیا ہے اُس پر لوٹا دیا جائے اور جس پر کیا ہے وہ اچھا ہو جائے۔ اور جس نے کیا ہے وہ مر جائے۔ اکیس دن تک اکیس اکیس مرتبہ عمل پڑھے اور پانی پر دم کرے اور جادو جس پر ہوا ہے اس کو پلاوے بعنایت خداوندی و رسول صمدی بیمار اچھا ہو جائے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا۔

جادو کیے جانے کی اقسام اور شناخت

جادو کیے جانے کی پانچ قسم ہیں (۱) یہ کہ پتلہ آٹے یا مٹی کا بنا کر اس میں سوئی چبھوتے ہیں اور منتر پڑھ کر دیوی دیوتا کو بلاتے ہیں اور اُن سے مدد لیتے ہیں جس کسی کو مبتلا کرنا ہوتا ہے۔ اس کے مکان میں موقع پاکر گاڑ دیتے ہیں جس پر کیا جاتا ہے وہ بے چارہ ایسی حالت میں رات دن رہتا ہے کہ جسم میں جا بجا ہوئی جیسی چبھتی اور چونٹیاں جیسی چلا کرتی ہیں اور تمام بدن میں آگ جیسی بھکی رہتی ہے اور اسی میں چل

بستا ہے۔

دوسری قسم

یہ ترکیب کی جاتی ہے کہ ایک کڑیل مٹی کا جس کو ٹھیکری بھی کہتے ہیں لے جاتی ہے اور اس میں ہر قسم کے شیرینی اور پھول اور پتلہ اس شخص کی شکل کا بنا کر اور اس میں سوئی چبھو کر رکھتے ہیں اور اس میں مٹی کا چراغ کڑوے تیل کا جلا کر پانی میں چھوڑ دیتے ہیں اس جادو سے وہ شخص جس پر کیا گیا ہے وہ ہمیشہ مثل آب رواں رہا کرتا ہے اور اس کو ہر وقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ میں پانی میں بہا جاتا ہوں۔ میرا دل ڈوبا رہتا ہے اور جسم میرا ایسا ہو رہا ہے جیسے برف اور سردی سے بدن کانپتا ہے۔

تیسری قسم

دیوالی و دسہرہ کی رات میں کہ یہ راتیں بیر و مسان اور بھیروں اور ہنومان وغیرہ کے جگانے اور ان کو اپنے قبضہ میں لانے کی ہوا کرتی ہیں۔ ان راتوں میں ان کی آمدورفت بہت ہوتی ہے پس ایسے لوگ جو جادو سحر کیا کرتے ہیں۔ وہ ان کی دعوت کرتے ان کو بلاتے ہیں اور پھر اُن سے سال بھر کام لیا کرتے ہیں۔ ان کی جھپٹ میں جو کوئی انسان خواہ مرد ہو یا عورت یا کوئی بچہ آجاتا ہے تو وہ دکھ تکلیف میں مبتلا رہا کرتا ہے۔ کسی کا کوئی دشمن ہو کرتا ہے۔ تو جادوگر خود اپنے علم کو تازہ کرنے کے لیے ان کو ہلاک کر دیا کرتے ہیں۔ کوئی دشمن نہیں ہوتا تو کسی درخت پر موٹھ چلاتے ہیں وہ ہرا بھرا درخت جلد خشک ہو جاتا ہے۔ اور کوئی دنیا کا اندھا اپنے تھوڑے فائدے کی خاطر دوسروں کو اتنا نقصان پہنچاوے کہ اس کو مار ڈالنا چاہے تو وہ ایسے شخصوں کے پاس پہنچتا ہے اور اُن سے اس کے مار ڈالنے کی خواہش ظاہر کرتا ہے یہ اپنے تھوڑے لالچ میں روپیہ پیسہ لینے کے عوض دوسرے کی قیمتی جان کو نیست و نابود کر دیتے ہیں۔ اور اس کے لیے یہ ترکیب کی جاتی ہے کہ وہ چوکی اٹھاتے ہیں اور اس میں کچھ میعاد مقرر کرتے ہیں کہ اُس کے اندر وہ

شخص جس پر جادو کیا ہے ان دنوں تک دکھ تکلیف اُٹھا کر مر جاتا ہے وہ چوکی یہ کہلاتی ہے کہ مٹی کے گھڑے کو توڑ کر ٹھیکری کڑیل جیسا لیتے اور اس میں پتلہ وغیرہ رکھتے اور چراغ جلاتے اور اپنے دیوتاؤں کو بلاتے اور ان کے ذریعہ اُن کو اڑاتے ہیں اور اس دشمن کے مکان تک پہنچاتے ہیں۔ اگر وہ کہیں راستہ وغیرہ میں ہوتا ہے تو اس پر گرتی ہے اور اُس کے اڑانے اور پہنچنے کے وقت مکان میں ہوتا ہے تو مکان کی چھت یا صحن وغیرہ میں گرتی اور ٹوٹتی ہے۔ بس اسی روز سے کہیں بدن میں درد ہوتا ہے یا کلیجہ پر ٹکیہ جیسی معلوم ہوتی ہے۔ خون منہ یا پاخانہ کی راہ آتا ہے ہر وقت بدن جلا دل بجھا اور آہ ناز کرتا رہتا ہے۔

چوتھی قسم

کسی کھلانے پلانے کی چیز پر اپنے منتر تنتر پڑھتے ہیں خاص کر ثابت لونگ کے جوڑے پر جادو کر کے کسی کھانے وغیرہ میں کھلا دیتے ہیں تو وہ کھانے والا اپنے آپ کو مردہ جانا کرتا ہے اس کے دل پر یہ ہی ذہن نشین ہو جاتا ہے کہ تو مر جائے گا۔ یا کوئی ایسی بیماری لاعلاج رہنے لگے گی کہ کوئی دوا مفید ثابت نہ ہوگی۔

پانچویں قسم

جادوگر اپنے منتر سے کالی لونا چماری یا اور اپنے کسی بیر مسان کے ذریعہ (کہ ان کم بختوں کا کام ہی انسان کو نقصان پہنچانے کا ہے) کہ فلاں شخص فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کو ایسا دکھ پیدا ہووے کہ اسی میں اس کی جان جاتی رہے پس وہ بیچارہ جس پر جادو کیا ہے کہیں اس کے کندھے بھاری رہتے ہیں کبھی اس کی پیٹھ کے اوپر دونوں شانوں کے درمیان درد ہوتا یا بوجھ سا رکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ خواب میں جوگی و بیراگی بندر و لنگور اور خوفناک شکلیں نظر آیا کرتی ہیں۔ تشخیص پوری نہ ہونے اور علاج کسی ماہر فن اور طبیب حاذق اور کامل ولی اللہ سے نہ کرایا جائے تو ایک نہ ایک دن ہلاک ہو جاتا ہے۔

بدکردار عورت کو تکلیف پہنچانا

جو عورت بہت ستاتی اور تکلیف پہنچاتی دل کو نجیدہ کرتی اور کسی طور سے باز نہ رہتی ہو تو اس سے بدلہ لینے کے لیے یہ عمل کرے۔ اس کا خون حیض جاری ہو جاوے جب یہ عمل کرنا منظور ہو تو ایک لیموں کاغذی اور ایک کانٹا سیہ جانور کا لاکر اپنے پاس رکھے پچھلے مہینے کی کسی رات کو آسمان کے نیچے کھڑا ہو دے اور اپنا خیال عداوت و بغض عورت سے کر کے منتظر ستارہ ٹوٹنے کا رہے۔ جس وقت کہ آسمان پر ستارہ ٹوٹے فوراً قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ کے قاف کو حلق کے اندر سے نکالے اور جلدی سے وہ کانٹا آدھے لیموں کے اندر چھوڑ دے اور زبان سے کہے کہ عورت کا خون حیض جاری کیا میں نے باذن اللہ تعالیٰ اسی وقت حیض کا خون جاری ہو جائے۔ کتنا ہی علاج کیا جائے ہرگز بند نہ ہووے پھر اس لیموں کو کسی ایسی جگہ رکھ دے کہ جب اسے اچھا کرنا ہو تو اس لیموں کو کسی ایسی جگہ رکھ دے کہ جب اسے اچھا کرنا ہو تو اس لیموں کے اندر سے وہ کانٹا نکال لیا جائے فی الفور خون کتنا ہی آتا ہو تا ہو بند ہو جاتا ہے۔

بدکردار مرد کو نامرد بنانا

دھنیہ خشک گگڑی کے بیج، خس کے بیج اسی کے بیج، انار کی کلی، سماق، رائی بھنگ کے پتے، برادہ صندل سرخ ہر ایک کا وزن برابر لیا جائے ان کو خوب باریک پیس کر گلاب کے پتوں کو کوٹ کر عرق نکالا جائے۔ پسی دواؤں کو ملا کر چنے کے برابر گولی بنا کر سایہ میں خشک کر کے ان گولیوں کو ایسا بند کریں کہ ہوا نہ لگے جب کسی مرد کو نامرد کرنا منظور ہو تو کسی بہانہ سے اسبغول کے لعاب میں گھس کر مرد کے عضو مخصوص لگانے کو دی جائے ایک ہفتہ میں تین دن تین گولی کا لیپ

کیا جائے قوت مردمی بالکل جاتی رہے اور اگر عضو مخصوص پر نہ لگاوے تو کئی دن تک پیڑو کے پیچھے دونوں گردوں پر لگاوے۔ نسل بالکل منقطع ہو جائے۔

قوت مردمی ختم کرنا

مرد کی منی پانی جیسی پتلی ہو جاوے۔ عورت سے ہمبستری سے دل ہی نہ چاہے۔ سداب کے بیج ساڑھے تیرہ ماشہ۔ سوسن کی جڑ نو ماشہ، کلی انار ایک تولہ چھ ماشہ۔ خس جس کی ٹٹی بنائی جاتی ہے اس کے بیج نو ماشہ نیلوفر کے بیج ساڑھے تین ماشہ ان سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ایک جگہ ملا کر رکھ چھوڑیں ساڑھے چار ماشہ سکنجبین سرکہ دو تولہ میں ملا کر سات دن کھلاوے منی پانی جیسی ہو جائے۔ قوت مردمی مرد میں بالکل نہ رہے۔

ہر مقابلے میں کامیابی و فتح

کسی سے کشتی لڑنی ہو یا پٹے بازی کرنی ہو یا کہیں دشمنوں میں گھر گیا ہو یا کوئی تلوار و بندوق تیر و تبر یا لٹھ وغیرہ کا مقابلہ ہو تو یہ دعا پڑھے ہر کسی دشمن کی ضرب سے بچا رہے اور فتحیابی حاصل کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ بَلْ ھُمْ فِیْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ

إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصٰى شَيْءٍ عَدَدًا رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا لَا يَتَكَلَّمُوْنَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۔ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِيْنٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

کشتی جیتنا

کشتی لڑتے وقت جو پہلوان یہ کلمے حضرت غوث پاک پڑھے وہ دوسرے پہلوان کے مقابلے میں فتحیابی حاصل کرے ناپاکی کی حالت میں نہ پڑھے۔

اَلْغِيَاثُ يَا غَوْثُ الْاَعْظَمُ اَلْغِيَاثُ۔ اَلْغِيَاثُ يَا غَوْثُ الثَّقَلَيْنِ اَلْغِيَاثُ اَلْغِيَاثُ يَا شَيْخ مُحْيِ الدِّيْنِ اَلْغِيَاثُ۔ اَلْغِيَاثُ يَا سَيِّد عَبْدُ الْقَادِرِ اَلْغِيَاثُ۔

دشمن کو شکست دینا

دشمن کے مقابلہ ہونے پر یہ عمل کرے تین پتھر لیوے۔ ان میں سے پہلے ایک پتھر لے کر اپنی دائیں طرف پھینکے اور یہ پڑھے حَسْبِيَ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اور دوسرا پتھر بائیں طرف پھینکے اور کہے اَللّٰهُ يَغْلِبُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اور تیسرا پتھر اپنے آگے کی طرف پھینکے اور پڑھے لَا يَقِفُ لِاَمْرِ اللّٰهِ شَيْءٌ پھر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھ کر اپنے سینے وغیرہ پر دم کرے۔

گھوڑ دوڑ میں کامیابی

آزمودہ عمل گھوڑ دوڑ کے گھوڑے کی گردن میں بھیڑیے کی آنکھیں ایسی ترکیب سے لٹکاوے کہ کوئی دیکھ نہ سکے۔ پس وہ گھوڑ دوڑ میں سب سے آگے نکل جاوے اور ذرا نقصان نہ ہووے۔

مؤثر عمل گوہ جانور کی ہتھیلی گھوڑ دوڑ کے وقت جس گھوڑے کی پیشانی پر باندھیں کوئی گھوڑا اُس سے آگے نہ جائے۔

کامیابی کا تعویذ یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر گھوڑے کی ایال یا گلے میں ایسے باندھے کہ کسی کو نظر نہ آوے۔ کسی کی نظر نہ لگے۔ اور جن کے ساتھ دوڑائے سبقت لے جائے۔ اور نام سوار کا ہو جائے۔ کسی بیماری میں بیمار ہو تو صحت پائے۔

	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ		
الٰهی بحرمتہ براق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	الٰهی بحرمتہ دلدل شاہ مردان علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	الٰهی بحرمت نور امام حسن رضی اللہ عنہ	الٰهی بحرمت ذوالجناح امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ
الٰهی بحرمت کمند نوح پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت خنگ پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت نقرہ اسحاق پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت چال سلیمان پیغامبر علیہ السلام
الٰهی بحرمت دلہ ابراہیم پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت سمند موسیٰ پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت سبز خر داؤد پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت نیلہ یعقوب پیغامبر علیہ السلام
الٰهی بحرمت کھونگ دانیال پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت ابرش شست پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت مشکی ادریس پیغامبر علیہ السلام	الٰهی بحرمت زردہ یوسف پیغامبر علیہ السلام

بحق اسپان این پیغمبران زمان وخواجہ علیہ الصلوٰۃ والسلام
این اسپ را حافظ و ناصر از چشم مردن و آفات دوران محفوظ ماند بمنہٖ وکرمہٖ۔

مرغوں اور تیتروں کی لڑائی میں کامیابی

مرغوں اور تیتروں کی لڑائی میں جس مُرغ اور تیتر کے گلے میں یا حافظ لکھ کر باندھے بازی لے جائے۔

جیتنے کا نسخہ

مرغ کا خصیہ لڑنے والے جانور کے گلے میں باندھے دوسرا جانور اس سے بازی نہ جیتے۔

سفر میں حفاظت

جہاز یا کشتی میں سوار ہونے سے پہلے یا سوار ہوتے وقت اس دعا کو پڑھے وہ دریائی سفر سے صحیح سلامت اپنے مقام پر پہنچے بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِكُ يَا مَنْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَخَائِفَةٌ وَالْجِبَالُ الشَّامِخَةُ خَاشِعَةٌ وَالْبِحَارُ الزَّاخِرَاتُ خَاضِعَةٌ اِحْفَظْنِیْ اَنْتَ خَیْرُ حَافِظًا وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖۤ اِذْ قَالُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا وَّعَلٰى جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس کو پڑھے اگر اس کی سواری جہاز یا کشتی ڈوب جائے یا پڑھنے والا اس میں مر جائے تو اُس کا خونبہا میرے ذمہ ہے۔
۱۳۵۴ھ حج کی ادائیگی کے لیے خدا نے یہ سفر اختیار کرایا جہاز کی روانگی کے وقت نشان شدہ آیت شریف پڑھی ساتوں آدمی کی بخیریت واپسی ہوئی۔

کشتی کا سفر محفوظ رہے

حضرت امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے نانا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمایا کرتے تھے کہ جب کشتی میں سوار ہونا چاہو تو یہ آیتیں پڑھ لیا کرو بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ پھر کشتی کے آگے کی طرف منہ کر کے کھڑا ہووے اور داہنی طرف اشارہ کر کے کہے (حضرت) ابوبکرؓ اور بائیں طرف بھی اشارہ کرے اور (حضرت عمرؓ) کہے اور آگے کی طرف اشارہ کر کے کہے (حضرت) عثمانؓ اور اپنے دل پر اشارہ کر کے کہے (حضرت) علیؓ بعد میں یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ سُعِیْنَا كٓهٰیٰعٓصٓ كُفِیْنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْنَا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔

بھنور سے نجات

جہاز یا کشتی بھنور میں آجائے تو اُس وقت ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے نجات حاصل ہووے خواہ چند آدمی مل کر پڑھیں یا ایک ہی شخص پڑھے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَغْفِرُ لَنَا جَمِیْعَ الزَّلَّاتِ وَتُكَفِّرُ عَنَّا جَمِیْعَ الْخَطِیْئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَاۤ اَقْصَى الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ

الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔

عامل حضرات کیلئے خاص ہدایات

آج کل لوگوں کی یہ حالت دیکھی کہ وہ ایسے عملیات بلا واقفیت حاصل کئے اور ان کے طریقوں کو جانے بغیر کرنے لگتے ہیں۔ جیسے جنات کی تسخیر یا اپنے روبروان کی حاضری ہو جائے اور جو کام چاہیں وہ ان سے لیے جائیں وہ ایک ایسی غیر جنس قوم ہے کہ وہ انسان کی تابعداری پسند نہیں کرتے کیوں کہ ان کی آزادی میں خلل آجاتا ہے جب کوئی ان کو تسخیر کرنا چاہتا ہے تو وہ اس کو ہر طرح سے ڈراتے ہیں تاکہ وہ ایسے عمل کرنے سے باز رہے جب وہ یہ دیکھتے ہیں کہ نہیں مانتا تو اس کو ایسا باؤلا کر دیتے ہیں کہ وہ شخص گوگوبر تیبنے لگتا ہے۔ نالیوں گندگیوں میں پڑا رہتا ہے۔ کوئی ہاتھوں سے لنجا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جلالی عمل کی ناواقفی باؤلا بنادیتی ہے کسی کام کا نہیں رکھتی۔ جس کی نسبت عام مخلوق کہنے لگتی ہے کہ اس کا وظیفہ لوٹ گیا۔ جو یہ بے جا حرکتیں کرتا ہے جس کسی کی ایسی حالت ظہور میں آرہی ہوں۔ ان کو اپنی درستی مزاج کے لیے اگر اس قدر ہوش ہو کر خود نہا دھو کر اور پاک کپڑے پہن کر شروع ماہ میں عشاء کی نماز کے بعد جمعرات کی رات کو تنہائی میں یہ درود شریف پڑھے اور اگر اس میں اس قدر حواس درست نہ ہوں تو کوئی دوسرا شخص نہلا دھلا کر کپڑے پہنا کر اپنے پاس بٹھائے یا لٹائے اور وہ ۷م رات تک ایک سو پنتیس ۱۳۵ مرتبہ پڑھا کرے اور اس پر بعد ختم دم کرے اور پانی دم کیا ہوا رات دن پلایا جاوے۔ تمام حالتیں اس کی درست ہو جائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْمَخْلُوْقَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَشْجَادِ الْمَوْجُوْدَاتِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ اللَّوْحِ وَالدَّوَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ سَوَاکِنِ الْاَرْضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا خُلِقَ بِالْمَبْدِیَاتِ وَالنِّھَایَاتِ مِنَ الْمَعْدُوْمَاتِ وَالْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ اَزَلِ اَزَلِہٖ وَاَوْسَطِ حَشْرِہٖ وَاٰخِرِ بَقَائِہٖ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

مئی ۳۸ء میں ایک صاحب ساکن گلی قاسم جان دہلی دوسرے آدمی کی پیٹھ پر چڑھ کر دن کے ساڑھے گیارہ بجے احقر کے پاس آئے بندہ اندر کھانا کھا رہا تھا باہر ذکریا سے جو اپنی ہمراہ ہے دریافت کیا سید محمد کرم حسین کہاں ہیں اس نے کہا یہاں ہی ہیں آپ بیٹھئے ابھی کھانا کھانے کے بعد بیرونی حصہ میں تشریف لائیں گے۔ میں آیا ملاقات ہونے ہی یہ فرمائش ہوئی کہ مجھے تسخیر جنات کا عامل کرا دیجئے مجھے بہت شوق ہے جواب دیا کہ آپ کے مزاج میں بڑی جلدی ہے۔ یہ کام بہت دشوار ہے ایسی روائتیں اور ایک دم ایسا سوال عقل مندی سے بعید ہے تو پھر کہنے لگے ہمزاد ہی کی تابعداری ہو جائے۔ اس کے جواب میں یہ کہا گیا کہ ان امورات کے حاصل کئے جانے کو کیا یہی وقت ہے۔ میں نے ابھی کھانا کھایا ہے دوپہر ہو گیا ہے رات کا جاگا ہوا ہوں جب تک لیٹ نہ لوں اور تھوڑی غنودگی نہ آجائے بات بھی نہیں کی جاسکتی مگر وہ اپنا مدعا ہی کہتے رہے آخر یہ کہنا پڑا کہ آپ دوسرے پر سوار ہو کر آئے آپ کا جسم بیکار معلوم ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں آپ کوئی سا کام نہیں کر سکتے۔ ناراض ہو کر تشریف لے گئے۔ بھلا خیال تو فرمایئے کہ ایسے صاحب اگر کوئی عمل خود کر نہیں سکتے تو کیوں نہ خرابی دیکھیں۔

بدخوابی کا علاج

جب کہ سونے کے واسطے لیٹے تو تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ پڑھ کر تین مرتبہ اس آیت کو پڑھے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ پھر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ بدخوابی نہ ہوگی اور نہ سوتے میں ڈر اور کچھ خوف معلوم ہوگا۔

بارانِ رحمت کا نزول

جب کہ مینہ نہ برسے تو جان لو اور یقینی طور پر مان لو کہ انسان کی بداعمالیوں کا نتیجہ ہے اور بارش ایک ضروری چیز ہے کہ اس سے تمام مخلوق یعنی انسان و حیوان چرند پرند کو ضرورت ہے غلہ وغیرہ کی پیداواری اس سے ہوتی ہے گویا زندگی سب کی اسی پر ہے بارش نہ ہونے سے اناج پیدا نہیں ہوتا تو مخلوق بھوکی مر جاتی ہے۔ لہٰذا اس خدائے پاک نے اپنے حبیب لبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ انسان کو بتایا کہ جب ہماری ایسی ناراضگی دیکھو تو اس آیت شریف پر غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا پر عمل کرنے لگو یعنی توبہ کیا کرو اور استغفار پڑھا کرو ہم اپنے آسمان سے موسلادھار مینہ برسائیں گے۔ چنانچہ اس کے لیے استسقا کی نماز ادا کرنے کا حکم ہوا ہے کہ تمام مسلمان مل کر مع اپنے لڑکوں اور بوڑھوں اور جانوروں کے پاپیادہ جنگل کی طرف جائیں اور اپنے ہمراہ کسی کافر کو نہ لے جائیں پھر ان سب میں جو شخص بزرگ صالح عابد و زاہد ہو قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر خدا جل علیٰ سے پانی برسانے کی دعا مانگے اور نہایت عاجزی اور گریہ وزاری سے پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا نَّافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْفُقَرَآءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَآ اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ۔

ترجمہ۔ اے اللہ برسا دے پانی: تکلیف کا دور کرنے والا۔ فائدہ دے نقصان نہ کرے جلدی برسے دیر نہ کرے۔ اے اللہ اپنے بندوں اور جانوروں کو پانی پلا دے اور اپنی رحمت کو بھیج۔ اور اپنے مردے شہروں کو زندہ کرے۔ اے اللہ تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو غنی ہے اور ہم سب فقیر ہیں۔ بھیج ہم پر بارانِ رحمت اور اس سے ہم کو قوت دے اور ہماری زندگی کا سامان کر۔

یہ دعا بھی حدیث شریف میں آئی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَآ اَنْزَلْتَ عَلَيْنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا مُّرِيْعًا نَّافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ تَاْتِيْ عُمُرًا النَّبَاتَ اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ۔

اللہ ہی کے لیے ہیں کل تعریفیں کہ جو پالنے والا ہے تمام جہان کا مہربان اور رحم والا دنیا و آخرت میں مالک روز قیامت کا نہیں ہے کوئی معبود سوائے خدا کے کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اے اللہ تو ہی ہے اللہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے تو غنی ہے اور ہم محتاج ہیں نازل کر ہمارے اوپر مینہ کو اور کر اس چیز کو کہ بھیجی ہے ہمارے اوپر سبب توانائی اور پہنچا زمانہ دراز تک۔ اے اللہ دے ہم کو مینہ فریاد پہنچنے والا سیراب کرنے والا

خوشگوار حاصل زمین کو پیدا کرنے والا فائدہ دینے والا نقصان نہ دینے والا جلد آنے والا دیر نہ کرنے والا پیدا کرنے والا کھیتوں کا اے اللہ پانی برسا دے اپنے بندوں کے لیے اور چوپایوں کے لیے رحمت اپنی نازل کر اور زندہ کر اپنے مردہ شہروں کو۔

ہر کوئی شخص یہ استغفار پڑھا کرے اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنْ جَمِیْعِ الْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ وَمِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا وَّخَطَاً ظَاھِرًا وَّبَاطِنًا قَوْلًا وَّفِعْلًا فِیْ جَمِیْعِ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ وَخَطَرَاتِیْ وَاَنْفَاسِیْ کُلِّھَا دَائِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا مِّنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِہِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاہُ الْکِتٰبُ وَخَطَّہُ الْقَلَمُ وَعَدَدَ مَآ اَوْجَدَتْہُ الْقُدْرَۃُ وَخَصَّصَتْہُ الْاِرَادَۃُ وَمِدَادَ کَلِمَاتِ اللّٰہِ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْہِ رَبِّنَا وَجَمَالِہٖ وَکَمَالِہٖ وَکَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی

اس کا ترجمہ بھی پڑھتا رہے تو خوب عاجزی سے دعا ہوتی ہے جو جلد قبولیت کے درجے کو پہنچتی ہے۔

ترجمہ۔ خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور رحم کرنے والا ہے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اللہ بہت بڑا سے کہ جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔ گناہوں کا بخشنے والا ہے بڑی بزرگی اور جلال والا ہے اور توبہ کرتا ہوں میں اپنے تمام گناہوں اور کل خطاؤں سے اور اُن گناہوں سے جو میں نے جان کر کیے یا غلطی سے کیے۔ یا علانیہ اور پوشیدہ کیے زبان سے اور عمل سے تمام حرکتوں اور سکونوں اور وسوسوں اور سانسوں سے ہمیشہ ہمیشہ ہوتے رہے ہیں۔ جس گناہ کو میں جانتا ہوں اور گناہ کو کہ میں نہیں جانتا

اور وہ تیرے علم میں ہے اور وہ کتاب (میرے اعمالنامہ) میں لکھا جا چکا ہے اور تیرے قلم نے لکھ دیا ہے اور گنتی اس کی تجھی کو معلوم ہے اپنے جلال اور اپنے کمال سے معاف فرما دے اور مجھ کو ویسا بنا دے جس کو کہ تو پسند کرے۔

۲۔ ہر ایک بچہ اور بڑا ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا کرے۔

استغفار اور دعا جو احادیث شریف سے ظاہر کی گئی ہیں اُن کے بعد یہ نظم ایک صاحب پڑھے اور دوسرے مسلمان آمین کہیں۔

اے اللہ بہر غفاری نزولِ آب باراں کر ۔۔۔ کرم کی کر نظر باری نزولِ آب باراں کر
اے مولا تیرے بندے ملتجی اس طرح تجھ سے ہیں ۔۔۔ بصد آہ و بکا زاری نزولِ آب باراں کر
تیری درگاہ بے پرواہ میں بہر اماں خواہی ۔۔۔ نگوں سر ہے جہاں ساری نزولِ آب باراں کر
گناہوں کی پشیمانی بڑھتی جاتی ہے اب حد سے ۔۔۔ تو رکھ شرم اے باری نزولِ آب باراں کر
بلا پانی بلا دانہ ہوئی مخلوق سب ویران ۔۔۔ تڑپتی خلق ہے ساری نزولِ آب باراں کر
سب ہی انسان اور حیوان پریشاں حال ہیں سارے ۔۔۔ نہ نیندی ہے نہ بیداری نزولِ آب باراں کر
و چارہ جنگلوں میں ہے نہ کھیتوں میں ہے دانا اب ۔۔۔ چرندوں پر ہے دشواری نزولِ آب باراں کر
گلستان اور گلشن کی بیابان اور جنگل کی ۔۔۔ بلا پانی ہوئی خواری نزولِ آب باراں کر
کبوتر بلبل و قمری و چڑیاں خاک پر تڑپیں ۔۔۔ کریں سب آہ اور زاری نزولِ آب باراں کر
دکھا بدلی چھپا تارے سنا اب رعد کے کڑکے ۔۔۔ عیاں بجلی ہو ہر باری نزولِ آب باراں کر
خطائیں بخش دے یا رب خطاوار و نکمے اور نکمے پر ۔۔۔ تو فرما چشمِ غفاری نزولِ آب باراں کر
اے مولا خالق عالم طفیل نالہ آدم ۔۔۔ ہوں نالے ندیاں جاری نزولِ آب باراں کر
برائے نوح پیغمبر بچا طوفانِ عصیاں سے ۔۔۔ گنہگاروں کو اے باری نزولِ آب باراں کر
برائے صبر ایوبؑ با اشک چشم یعقوبؑ ۔۔۔ دلوں سے دھو سیہ کاری نزولِ آب باراں کر

کلیم اللہؑ ذبیح اللہؑ روح اللہؑ کے صدقہ سے — ہو چشمہ فیض کا جاری نزولِ آبِ باراں کر
برائے حضرتِ خضرؑ اور بیٹے الیاسؑ عالی جاہ — زمین سرسبز ہو ساری نزولِ آبِ باراں کر
خلیل اللہؑ کا صدقہ محمدؐ کے تصدق سے — بنے گلشن ہر اک کیاری نزولِ آبِ باراں کر
برائے حضرتِ صدیق اکبرؓ وزپئے عادل عمرؓ — نگاہِ رحم کر باری نزولِ آبِ باراں کر
بذوالنورین عثمان ہم علی مشکل کشا حیدرؓ — ہو پانی کی دھواں دھاری نزولِ آبِ باراں کر
برائے سید الشہداء خاتونِ جناں یا رب — نہ دکھلا قحط کی خواری نزولِ آبِ باراں کر
بحقِ آئمہ اربع بحقِ تبع تابعین سے — بحقِ عالم وقاری نزولِ آبِ باراں کر
بحقِ غوثِ اعظم دور ہو مخلوق کے سر سے — یہ دشواری یہ لاچاری نزولِ آبِ باراں کر

سنہ ۱۹۲۸ء کے موسم برسات میں پہلے تو کچھ بارش ہوئی جس میں زمینداروں اور کسانوں نے غلہ بویا بعد میں بارش کی ایسی کھینچ ہوئی کہ تمام مخلوق پریشان ہو گئی ہر جگہ نماز استسقاء اور دعاء استغفار پڑھی گئی۔ خیر خیرات ہوئی دلیے پکائے غربا کو کھلائے اپنے قصبہ میں تمام نیک کاموں کے علاوہ سید فضل علی صاحب کے یہاں میلاد شریف کی محفل منعقد ہوئی۔ بعد ختم پنج آیت اور یہ نظم پڑھی گئی تمام حاضرین آمین آمین کہتے رہے۔ شانِ ایزدی کہ چوتھے پانچویں روز سے متواتر بارش ہوئی اور دو تین مرتبہ بڑے زور کا مینہ برسا جس سے تمام زراعت پیشہ نہال ہو گئے اور ان کی کھیتی باڑی کی امید ہو گئی کہ باجرے کی اچھی پیداوار ہو جائے گی۔

حصہ دو تمام شد

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

انکشافِ غیبی

موسوم بہ

الحُبّ

معروف بہ

مَن موہنی

حصّہ سوم

ترجمہ مقصود الطالبین

اس تیسرے حصہ میں اوپری پرائی جن و پری اور بھوت و چڑیل کے ستانے کی شناخت اور ان کا علاج نیز دوسرے عملیات کا اندراج ہے

۷۸۶

ترجمہ رسالہ مقصود الطالبین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد خدا جل و علی و نعت سرور انبیاء و منقبت اولیائے باصفا فقیر حقیر سید محمد عرف سید شمس الحق قادری دہلوی عفی اللہ عنہ پسر سید عباد اللہ بلخی خلف میر سید یعقوب بلخی رحمہما اللہ تعالیٰ مرید رہنمائے طریقت واصل بحر احدیث حضرت شہید شاہ محمد غوث قادری غازی پوری زمانی قدس اللہ سرہٗ پیر مرشد قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین مقبول بارگاہِ احدیث مقرب درگاہ صمدیت سید السادات حضرت سید شاہ آل احمد عرف اچھے صاحب قادری مارہروی ضلع ایٹہ مرقدہ اللہ نورہٗ۔ کتاب ہٰذا کے اندر جو عملیات علوی و سفلی و اسمائے الٰہی و حاضرات جنات و عمل تسخیرات و فتوحات دینی و دنیوی درج ہیں ان کی اجازت میں اپنے برادر دینی و راسخ الیقین شیخ عنایت اللہ خان عرف مفتی عنایت علی خان ساکنہ ریواڑی محلہ مفتی واڑہ ضلع گوڑگانوہ کو دیتا ہوں عند اللہ و عند الرسول کام میں لاویں اور دوسروں کو فائدہ پہنچاویں نفع پانے والے دعائے خیر سے یاد فرماویں اور نام اس رسالہ مقصود الطالبین ہے و باللہ التوفیق و خیر الرفیق۔

بندہ احقر سید محمد کرم حسین متوطن تجارہ نے تجربہ کیا ہے کہ انسان کو کچھ ایسی بیماریوں کی بھی تکلیف ہوا کرتی ہے کہ حکیم اور ڈاکٹروں سے کتنا ہی علاج کرایا جائے لیکن سرمو فرق نہیں ہوتا۔ وہ بیماریاں ہیں اثر اسرار جنوں و بھوتوں پریوں

چڑیلوں کی کہ۔ عورتیں جنوں اور دیوؤں کی ہیں کسی کو اچھا نہیں دیکھتے ہیں تو اس پر مسلط ہو جاتی ہیں یا اس گروہ میں سے کسی کو کسی انسان سے تکلیف پہنچ جاتی ہے تو ان میں بدطینت ہوتے ہیں وہ انسان کو کہیں چلتا پھرتا دیکھ پاتے ہیں تو تکلیف پہنچایا کرتے ہیں اور خوفناک شکل میں دکھائی دیتے ہیں مردوں کو اکثر اور عورتوں کو زیادہ ڈراتے ہیں جن کا کچھ حال اول حصّہ میں لکھ دیا ہے۔

بہت ایسے کمبخت ہندو مسلمان ہوتے ہیں کہ ان کو اپنے کسی بھائی یا اور عزیز و اقارب سے کسی طرح رنج پہنچ جاتا ہے تو اس کو جادو سحر کرا کر تکلیف میں مبتلا کر دیتے ہیں یا کسی جادوگر سے موٹھ چلواتے یا مروا دیتے ہیں ہر ایک حکیم و ڈاکٹر اور جھاڑ پھونک کرنے والے ایسے مریضوں کا علاج نہیں کر سکتے اس لیے ایسی مفید کتاب کا ترجمہ ہو جانا نہایت مفید سمجھا گیا۔ اس کتاب سے ہر کوئی علاج نہ کر سکے گا تو کم از کم اس کو یہ تو معلوم ہو جائے گا کہ مجھ کو یہ دکھ تکلیف ہے۔ بس کسی رہبر اور عامل و کامل کے حضور میں حاضر ہو کر اپنے مرض کا حال بتا سکے گا۔

ضرورت مندوں کی ضرورت دیکھ کر مفتی صاحب مرحوم کے فرزند ارجمند شیخ عبد اللہ عرف مفتی محمد صدیق صاحب کہ قاضی زادگان تجارہ کے نواسوں میں تھے ان کو وظائف پڑھنے اور تعویذات لکھنے کا بہت شوق تھا ان سے تمامی مقاصد کی اجازت حاصل کی بلکہ یہ کتاب اپنے بزرگوں کی یادگار قائم رہنے کے لیے مرحمت فرمائی کیوں کہ ایسے کام بغیر اجازت کے پورے نہیں ہوتے پس فارسی زبان سے اردو میں ترجمہ کیا اور چھپوا دیا۔ یہ خاکسار ہر کسی کو خدا کے واسطے بلا کسی لالچ ان عملیات و تعویذات اور جھاڑ پھونک وغیرہ کی اجازت دیتا ہے کہ اپنے کام میں لاویں اور دوسروں کو نفع پہنچاویں اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ط خدا اجازت دہندہ کی مغفرت فرمائے۔

اس کتاب کے جس کسی عمل سے کوئی صاحب فیض حاصل کرنا چاہیں ان کو چاہیے کہ کچھ شیرینی بطور تبرک کسی مسلمان حلوائی سے لاکر یا اپنے مکان میں حلوا بنوا کر اس پر سورہ الحمد معہ بسم اللہ و قل ہو اور درود شریف پڑھ کر اور ان سب بزرگوں کی روح کے لیے بطریق فاتحہ خدا سے ثواب طلب کریں اُن حضرات کی روح شاد ہوگی تو یہ بھی خدا سے دعا کریں گے جلدی سے دینی دنیوی مقاصد بر آئیں گے۔

سید کرم حسین

اصل کتاب:

جسمانی امراض کی شناخت کرنے کا بیان

اوپری پرائی یعنی جن بھوتوں کی تکلیف وہی ہے یا کسی کی نظر لگی یا کر بیماری جسمی ہے۔ یہ ایک نہایت مخفی اور پوشیدہ راز ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس سے کل رنج و غم اور حزن والم معلوم ہو جاتے ہیں اور پھر آسانی سے ان کا علاج ہو جاتا ہے۔

مجرب عمل

سات تار ریشمی یا سوت کے نیلے یا سیاہ رنگ سے برابر کریں پھر ان کو ملا لیا جائے اور اس قدر لمبے ہوں کہ مرد عورت کے قد سے ایک دو بالشت زیادہ رہیں پھر جس مرد یا عورت کی بیماری یا آسیب زدگی یا سحر و جادوگری معلوم کرنی ہو اُس کو دیوار کے سہارے ایسا کھڑا کیا جائے کہ دونوں پاؤں کے تلوے دیوار کے برابر رہیں سر اور قد بھی جسم کا دیوار سے ملا ہوا سیدھا رہے اُن تاروں کو صاف کر لیا جاوے تاکہ کوئی گانٹھ یا جھڑی نہ رہے جس سے ناپا جائے مرد یا عورت اپنے داہنے ہاتھ کی انگلی گول حلقے کے موافق کر کے اس ڈورہ کو انگلی کے حلقے میں پکڑے اگر تکلیف والا شخص مرد ہو تو اس کے داہنے پاؤں کے انگوٹھے اور عورت ہو تو بائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگلی کے بیچ میں ڈورے کا سرا پکڑ لیا جائے اور دوسرا سرا ڈورے کا ماتھے کے اوپر جہاں کہ بال نکلتے ہیں کوئی دوسرا شخص اچھی طرح اس ڈورے کو کھینچ کرتا ہے اور اس جگہ پر گرہ لگا دی جاوے جو شخص یہ عمل کرے اس کے پاس لے جاوے وہ شخص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سات دفعہ معہ بسم اللہ سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے اور اس ڈورہ پر پھونک دے اس کے بعد سات

مرتبہ معہ بسم اللہ سورہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پڑھ کر دم کرے اسی طرح سورہ قل ہو اللہ اور سورہ تبت اور سورہ قل یا ایہا الکفرون اور سورہ لایلف اور الم ترکیف اور الحمد پڑھے اور دم کرے پھر تین مرتبہ آیت الکرسی وَهُوَ الْعَظِيْمُ تک معہ بسم اللہ پڑھے اور دم کرے پھر گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا جَمِيْعُ اَحْضِرُوْا اٰهْزَ التَّوْرٰةِ اَخْبِرُنِیْ وَالْاِنْجِيْلَ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِيْمِ۔ وَصَغَارُ رَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ پھر تین مرتبہ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ پڑھ کر دم کرے پھر چار مرتبہ یہ اسم معہ موکلوں کے نام لے کر پڑھے یَا جِبْرَئِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ يَا رَفْتَمَائِيْلُ يَا تَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ اور دم کرے اور تین دفعہ یہ اسم جبروتی پڑھے يَا خَافِضُ نَخْفَضَنْتُ بِالْخَفْضِ وَالْخَفْضُ فِيْ خَفْضِكَ يَا خَافِضُ اور دم کرے پھر اس ڈورے کو بیمار کے جسم سے ناپے اگر جسم کے برابر ہے تو پھر تین مرتبہ معہ بسم اللہ کے سورہ مزمل پڑھے اور دم کرے اور پھر ناپے اگر ایک انگل ڈورہ لمبا ڈیں گرہ پر سے بڑھ جاوے تو سمجھ لیا جائے کہ کسی چیز پر نظر ہو گئی ہے جس سے یہ بیماری ہوئی پس نظر لگ جانے کا علاج کرے اور اگر دو انگل بڑھ جائے تو سمجھ لو کہ آسیب بادشاہ جن وکفنار کہ خواص بادشاہ جن ہے کہ ہندی میں ان کو چھلپا کہتے ہیں یہ قسم جنوں کی عورتوں کی ہے اور اگر تین انگل بڑھ جائے تو آسیب بھوت چڑیل کا ہے اور اگر چار انگل بڑھ جائے تو آسیب خبیث کا ہے۔ دودھ وہی یا شکرانہ دیا یا پلاؤ کے اور جمعہ کے دن ہوا ہے۔ اور انہوں نے

ہو کی

تکلیف دی ہے اور اگر پانچ انگل بڑھ جائے تو نظر خبیث کی لگی ہے اور اگر ۶ انگل زیادہ ہوا ہے تو آسیب بادشاہ جن وکفنار و بھوت چڑیل نے تسلط کیا ہے اور اگر سات انگل ڈورہ بڑھ گیا ہے تو آسیب سردار خبیث کا ہو گیا ہے اور لشکر کثیر بھوتوں اور چڑیلوں نے بیمار کو دبا رکھا ہے اور آٹھ انگل زیادہ ہووے تو آسیب بادشاہ جنات خبیث بہت زبردست کا اثر ہے۔

پہلے عمل ڈورہ کے بڑھنے کا بتلایا ہے اور اب ڈورہ کے کم ہو جانے کی پہچان بتلائی جاتی ہے

اگر ایک انگل ڈورہ ناپنے سے کم ہو جائے تو نذر دیو کی سمجھنی چاہیئے اور اگر دو انگل ڈورہ کم ہو جائے تو آسیب بادشاہ جنات اور پریوں کا اثر ہو گیا ہے اور اگر تین انگل کم ہو جاوے تو سمجھنا چاہیئے کہ کسی دشمن نے از راہ عداوت جادو کر دیا ہے۔

اور اس کی نشانی بیمار میں یہ معلوم ہوں گی بدن پر چیونٹی سی چلتی معلوم ہوتا سوئی سی چبھنا دل پر سختی تکیہ جیسی نظر آنا رات کو یا دن میں نیند آجاوے تو بندریا سیاہ کتا یا عورت سیاہ رنگ یا سرخ کپڑے پہنے ہوئے یا جوگی و بیراگی جیسی شکل دکھائی دینا۔ عورت مرد بری صورت کے خواب میں نظر آنا۔ اور کبھی کبھی پاخانہ یا منہ کے راہ خون آنا اور جگر کی جگہ پہلی تاریخ کا چاند جیسی سختی معلوم ہونا کندھوں پر بوجھ رہنا ہاتھ پاؤں ٹوٹنا یہ سب علامتیں جادو کی ہیں۔ اس سے فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ کسی نے جادو کر دیا ہے اور اگر چار انگل کم ہو جاوے تو بھی جادو سمجھنا چاہیئے کہ دل پہ چوکی لگا دلوئی یا چوکی ہنومنت یا چوکی بیر مسان کی بٹھائی ہے۔

اور اگر پہلے ناپ پر ڈورہ مذکور ایک انگل کم ہو جاوے اور دوسری ناپ میں پانچ انگل کم ہو وے تو آسیب دیو کا ہے۔

آسیب دیو۔ و پری اور جن۔ سحر و جادو ہر کسی عامل اور جھاڑ پھونک تعویذ گنڈا کرنے والوں کے علاج معالجہ سے آرام ہونا امر محال ہے۔ خصلت دیو و پری جن و بھوت کی ایسی ہے کہ اصل جان ان کی وجود ظاہری یعنی انسان کے بدن میں ظاہر طور سے معلوم نہیں ہوا کرتی۔ اور ایسے ہی جادو ہے کہ اس کی علامتوں سے پہچاننے والے پہچان سکتے ہیں سب اس کا نہیں معلوم ہو سکتا۔ کسی کے مارنے کے واسطے جادو کیا جاتا ہے۔ تو اس کی چوکی اُڑائی جاتی ہے اور بیمار کئے جانے کے لیے طلسم تیار کیا جاتا ہے وہ کنوئیں اور پہاڑوں دریاؤں جنگلوں اور کوہ قاف و قعر سمندر میں ڈالا جاتا ہے۔ تو بیماری لقوہ۔ فالج اور ایسی ہی اور بیماری سردی یعنی ہاتھ پاؤں میں درد مونڈھوں اور کندھوں میں بھاری پن ہوا کرتا ہے اور جو پتلا بنا کر زمین میں گاڑا جاتا ہے یا ہوا میں لٹکایا جاتا ہے جس کے نام پر یہ عمل کیا ہوتا ہے اس کو بیماری ہول دلی خفقان مالیخولیا کی ہو جاتی ہے۔ وحشت زدہ اور جنونی جیسا پھر کرتا ہے اپنی نظر سے بیمار کو خود تکلیف اور ایذا پہنچتی ہے۔ جو عامل ناتجربہ کار ہوتا اور وہ اپنے زعم میں حاضرات اور فتیلہ وغیرہ کے ذریعہ ان کو حاضر کر لیتے اور تلوار سے مار ڈالتے تو اس سے جو کچھ قطرے زمین پر گرتے ہیں ان ہر ایک قطروں سے ایک ملعون اسی ملعون کی صورت کا پیدا ہو جاتا ہے اور جو عامل کامل ہوتے ہیں وہ موکلوں کے ذریعے یا حاضرات کر کے جنوں اور بادشاہ جنات وغیرہ کو پکڑ کر جلا دیتے ہیں۔ تو بیماری ہر ایک بیمار کی رفع ہو جاتی ہے مگر یہ کام بڑے عامل کامل فقیر زبردست صاحب باطن و صاحب کشف کا ہے کہ اپنے کشف کے ذریعہ حال اس ملعون سے معلوم کر کے موکلوں سے زور سے بادشاہ

جنات و پریاں دیو و ساحران و جادوگران معلوم کر لیا کرتے ہیں کہ طلسم ان ملعونوں کا فلاں جگہ گڑا ہوا ہے۔ یا فلاں کوئیں اور ندی یا دریا میں پڑا ہوا ہے پس وہ عامل کامل اسی جگہ سے اگر زمین میں گڑا ہوگا تو اکھاڑ کر اسی جگہ سے دکھا دیں گے دریا میں ہوگا تو اکھاڑ کر اسی جگہ سے دکھا دیں گے دریا میں ہوگا تو دریا میں سے نکال کر ظاہر کرا دیں گے۔

عامل کامل ایسے مریضوں کا علاج اسم اعظم کے ذریعہ سے کیا کرتے ہیں اسم اعظم کی برکت سے موکل اس کے اس طلسم کو توڑ دیا کرتے ہیں اور ملعون جل کر خاک ہو جاتے ہیں اور موکلوں کو حکم دیا جاتا ہے کہ خاک اس کی دریائے شور میں ڈال آویں تاکہ نشان باقی نہ رہے۔

جب کہ ڈورہ بارہ انگل یا چودہ انگل کم ہو وے اس پر آسیب غول بیابانی سمجھنا چاہئیے یہ آسیب بہت کم ہوتا ہے پہچان ایسے بیمار کی یہ ہے کہ مریض ہر وقت خاموش رہے اور کسی سے بات کرنا پسند نہ کرے نہ پانی پیوے نہ کھانا کھاوے اگر کھاوے تو مٹی زمین کی یا پتے درخت خشک و تر کے اور کبھی آواز دیتا ہے۔ جیسے آواز ہاتھی یا اونٹ۔ گھوڑے و گدھے کی گیدڑ و ریچھ وحشی درندوں و پرندوں و سانپ کی۔

جب کہ لشکر غول بیابانی کا نکلتا ہے تو آندھی سرخ آیا کرتی آسمان بھی سرخ ہو جاتا۔ آفتاب دکھائی نہیں دیتا ستارے دن میں دکھلائی دینے لگتے ہیں تو جانو کہ اس وقت لشکر غول بیابانی کا نکلا ہے۔ بچوں اور عورتوں کو اس وقت ضرور بچائے رکھنا چاہئیے جو ان کی جھپیٹ میں آجاتا ہے حال اس کا ایسا ہو جاتا ہے جیسا کہ اوپر لکھا گیا۔ اس غول بیابانی کا ایک بادشاہ جن ہے اس کا عادل شاہ بیابانی ہے عامل کامل حاضرات کے ذریعہ اس بادشاہ کو بلائے اور کہے

فلاں شخص پر آسیب ہے اپنی توجہ سے اس کو دفع کرو۔ بہت جلد وہ مریض تندرست ہو جاتا ہے۔

عمل حاضرات

اگر کسی پر سحر و جادو یا کسی بیماری کا پہچاننا منظور ہو کہ کیا خلل ہے جو ایسی تکلیف ہو رہی ہے تو یہ حاضرات کا عمل اسی طرح کیا جاوے کہ مریض کو سامنے بٹھایا جاوے اور عامل پہلے سات پھول خوشبودار منگا کر رکھ لے اور یہ تعویذ بڑے کاغذ پر لکھے اور جس آدھے خانہ میں سیاہی ہے اس میں تیز سی کالی سیاہی لگاوے جب وہ خشک ہو جاوے اسی قدر سیاہ حصہ پر کوئی سا عطر خوشبودار یا تیل چمیلی لگاوے تاکہ سیاہی چمکنے لگے۔ پھر عامل صاحب اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھے اور پھولوں پر پھونکتا رہے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا مَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاَرۡوَاحِ وَالشَّیَاطِیۡنَ اُحۡضِرُوۡا یَا اَصۡحَابَ الۡجِنِّ وَالشَّیَاطِیۡنَ وَاَصۡحَابَ السِّحۡرِ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ط بعد میں وہ پھول مریض کو دیوے کہ وہ اُن کو خوب زور زور سے سونگھے اور سیاہی اپنی آنکھوں سے بغور دیکھے اور عامل پوچھتا رہے جب کہ جسم بھاری ہونے لگے اور کچھ الفاظ غیر متعلقہ بیان کرے تو جان لیوے کہ آسیب جسم میں بھر گیا۔ بعضوں کو سیاہی کی چکناہٹ میں ہیبت ناک صورت دکھائی دے گی اس وقت اپنی زبان سے کہے کہ اس غریب کو کیوں تکلیف دی ہوئی ہے۔ بہتر ہے کہ آپ چلے جائیے ورنہ حضرت سلیمانؑ کے فرمودہ پر ایسی ہی ایذا تم کو دی جاوے گی اس پر بھی جانے کا اقرار نہ کرے تو وہ نادِ علی جو آگے لکھی ہے پڑھے فوراً رخصت ہو جاوے گا۔ اور اپنی تمام تکالیف سے اچھا ہو جاوے گا اگر کسی نے جادو کیا ہے تو بتا دے گا۔ اور جادو کی یہ نشانی ظاہر ہوں گی۔

بدن پر چیونٹی سی چلیں اور سوئی جیسی چبھیں کندھے بھاری ہوں تو جانیں کہ جادو ہے۔ اور اگر بیمار کو اپنے پاس بلا کر عزیمت بادشاہ

۲۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۴	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۳۰	۳۲۱

ملک تیعطوس یا دوسرا عزیمت بِحَقِّ یَا بُدُّوۡحُ یَا بُدُّوۡحُ بادشاہ و موکلان دنیا یہی عمل اوپر لکھا چند مرتبہ پڑھے اور کہے جو کچھ کہ آسیب ہو یا اور کچھ بلا ہو جلدی بیمار کے بدن میں حاضر ہو حاضر ہو جب کہ وہ حاضر ہو جاوے تو پوچھے کہ تم کون ہو اور کیوں آئے ہو۔ پس وہ مریض کی زبان سے جواب دے گا اور بتلا دے گا کہ کیوں آیا ہے اور تکلیف دیتا ہے جب وہ جواب دے چکے تو کہا جاوے کہ اب اس کا پیچھا چھوڑ دو اور چلے جاؤ۔ نہ جائے تو نادِ علی پڑھے جو آگے لکھی ہے۔

سریع الاثر عمل

دوسرا عمل امتحان کا یہ ہے۔ کہ ایک بڑا طباق مٹی کا یا بڑا کرڑیل مٹی کا لیوے۔ مٹی کا طباق ہو تو اس کے اندر اور اگر کرڑیل ہو تو اس کے باہر کی طرف اوپر والی پیٹھ پر یہ اسم لکھے۔ عَلَیۡقًا بَلِیۡقًا اَنۡتَ تَعۡلَمُ مَافِیۡ قُلُوۡبِھِمۡ تَلِیۡقًا اَدۡ کَا اَنۡدُ کَا بِلِیۡسِیۡ بِلِیۡسِیۡ بِلَیۡسِیۡ اَدۡمَطۡھَتَّ ھُشَا یُھُشَا سُوۡاھَا ط جو آسیب جن و پری دیو و بھوت۔ چڑیل خبیث مساں۔ سحر۔ جادو و نظر ہر بلا ہے کہ بدن میں فلاں بیٹے فلاں کے دخل کئے ہوئے ہے اور آزار پہنچا رہا ہے یا موکلان بحق ہاذا الاسماء اس ملعون کو حاضر کرو اور دکھلاؤ پھر اس طباق کو یا کرڑیل ہو تو اس کو کوئلہ کی آنچ میں جلاوے پھر اس کو دیکھے اگر حروف سفید ہو جاویں تو جانو جادو ہوا ہے اس کا علاج کر لویں

اور اگر ویسے کے ویسے سیاہ رہیں تو جانو کہ بیماری جسمی ہے کسی حکیم طبیب سے
علاج کرایا جاوے۔

نادِ علی کے خواص

نادِ علی معہ دعا تو یہ بزرگانِ دین نے آزما کر لکھی ہے اس سے جس آدمی یا جن کو بلانا چاہو وہ آجاوے اور
تمام حاجتیں برآتی ہیں۔ اور بلائیں و سختی دفع ہوتی ہیں دشمن مغلوب ہو جاتے ہیں
چالیس روز روزمرہ پانی سے غسل کر کے چار سو چالیس بار پڑھے۔
اَللّٰهُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مُعْتَمَدِیْ نَادِ عَلِیًّا
مُظْهِرُ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ
سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ اور پھر
دس مرتبہ یہ دعا پڑھے یَا اَبَا الْغَیْثِ اَغِثْنِیْ وَیَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ بِمُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ
الطَّاهِرِیْنَ الْغَیْثُ اَغِثْنِیْ تین مرتبہ یَا عَلِیُّ اَدْرِكْنِیْ بِحَقِّ یَا مُحَمَّدَ وَاٰلِهٖ
وَاَوْلَادِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

حاجات روائی کے لیے

نادِ علی معہ دعا مرقومہ میں سرِ عظیم اور دُرِ مکنون ہے اور اگلے مشائخ نے فرمایا ہے کہ ناد
علی تمام حاجتوں کے برآنے اور مقاصد دلی حاصل ہونے کے واسطے سوا لاکھ مرتبہ
ایک آدمی اکتالیس دن میں یا کئی آدمی جمع ہو کر ایک دن میں یا تین دن میں پڑھ لیویں
جس بیماری و دکھ تکلیف اور جن اور بھوت اور اسرار جادو و سحر کا اچھا ہونا منظور
ہو وہ رفع ہو جاوے اور جو دلی حاجت ہو وہ برآوے۔

آزمودہ عمل برائے علاج

یہ طریقہ بھی نہایت مجرب ہے ننگے سر ہو کر ۱۳ مرتبہ یا بارہ مرتبہ دشمنوں کے
دفع ہونے اور بیماری خفقان و ہول دلی اور سودا کی بیماری جذام کوڑھ و برص

وغیرہ اور اثر اسرار و آسیب جادو جن و بھوت پلید کے دفع کرنے کے لیے پڑھے
اور پانی پر دم کر کے پلا دیا جاوے چالیس روز میں آرام ہو جاوے۔

نادِ علی کے نقوش

نادِ علی کے ذیل نمبر ایک نقش کو یشب پتھر کی تختی پر کندہ کرا کر ان بیماروں کو جو اوپر لکھے ہیں گلے میں ڈالے
آرام پاوے۔
نمبر ۲ کے نقش نادِ علی کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر گلے میں
باندھے کل بیماریوں کو فائدہ پہنچاوے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(۱)

نادِ عَلِیًّا	العجائب مظهرا	تجده	عونالك
فی النوائب	کل	هم	وغم
سینجلی	بنبوتك	یامحمد	بولا
یتك	یاعلی	یاعلی	یاعلی

(۲)

بسم الله الرحمن الرحیم	الله الله الله الله الله الله	محمد محمد محمد محمد محمد محمد	علی علی علی علی علی علی
نادعلیا	العجائب مظهرا	تجده	عونالك
فی النوائب	کل	هم	وغم
سینجلی	بنبوتك	یامحمد	بولا
یتك	یاعلی	یاعلی	یاعلی

یہ دوسرا نقش بچہ کے سوتے
میں چونک پڑنے اور ڈرنے کے واسطے کہ کسی اثر اسرار سے ہو کاغذ پر لکھے اور اس
کے گلے میں ڈالے تو رونا اور ڈرنا موقوف ہو جائے۔
پہلا عزیمت یا بکتانوش بادشاہ جنات سے کوئی کام لینا ہو تو یہ عمل پڑھے
تشریف لاوے جو کام ہو کسی جن سے کرا دیوے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ
یَا بَادْشَاهِ بَكْتَانُوْشِ مَلِكِ الْحَبْشِ وَالْعَرَبِ وَالْعَجَمِ بِحَقِّ اَبُوْ جَمْهُوْرٍ فِیْ
اَخُوْكَ اَخُوْكَ اَیْ تَاجُ الْمَلِكِ اَنْتَ نَجِیًّا نَجِیًّا سَاعَةً سَاعَةً

كَحُوْلَتَ كَحُوْلَتَ حَطْمًا حَطْمًا مَيْسَرَ اَمِيْسَ اَعَجْلَةَ عَجْلَةَ يَا شَاهِ
بَكْتَانُوْشُ اُحْضَرُوْا اُحْضَرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ اُحْضَرُوْا
اُحْضَرُوْا مِنْ جَانِبِ الشِّمَالِ وَالْجُنُوْبِ اُحْضَرُوْا مِنْ جَانِبِ الْاَ
يَمِنِ وَالْاَيْسَرِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ - یا موکلان
عزیمت حاضر شو حاضر شو ہر روز تین تین بار درود شریف اول و آخر پڑھے اور اکتالیس بار ایک وقت مقرر کر کے پڑھے

بادشاہ جناب کو حاضر کرنا

دوسرا عزیمت بادشاہ ملک قیقطوش کے بلانے کا عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ
جَيْنًا جَيْنًا طُوْسًا طُوْسًا طُوْسًا حاضر متیں حاضر متیں حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو اے بادشاہ ملک قیقطوش حاضر ہو اے سفید دیو یا دَاوُدُ جِنِّيْ يَا بَيْكَ غَابُوْرِيْ يَا لُوْنَا بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام جلدی حاضر ہو حاضر ہو اس عزیمت کو اکتالیس مرتبہ یا اکیس مرتبہ پڑھے۔

پری زاد کی حاضری

تیسرا عزیمت پری زادوں کے حاضر کرنے کے لیے روزانہ چالیس روز تک ستر مرتبہ بلند آواز سے رات کو علیحدہ مکان میں اچھے کپڑے روزمرہ پڑھتے وقت پہن لیا کرے اور کپڑوں پر عطر خوشبودار لگاتار ملا کرے اور پھول خوشبودار اپنے پاس رکھے
عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِحَقِّ اَوَاهًا اَوَاهًا اَمَا كَحَكَاذُ کو دو مرتبہ کہے كَحِيْمَاذُ دو مرتبہ پڑھے اَرْحَمَا تَرْحَمَا بِحَقِّ اَوَامَطْ بَهْتُ سُوَاهَايَا مَوَكَّلَانِ بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام حاضر ہو حاضر ہو حاضر ہو جس وقت کہ موکل حاضرات میں جس پری کو چاہیے کہ معہ اس کے لشکر کے بلاوے حاضر ہووے اور اگر اثر جادو کا ہووے پادشاہ پریوں سے ساحر و جادوگر اور دیو بادشاہ سے جادو

